الشرف الواضح

شرح اُردو

النحو الواضح

ثانویہ

کامل

مُصنّف: علی الجارم و مصطفٰے امین

مُترجم: ابو حمزہ محمد شریف

MANTABA-E-REHMANIA

الشرف الواضح

شرح اُردو

النّحو الواضح (ثانویہ)

جلد اول

مُصنّف: علی الجارم و مُصطفٰے امین

مُترجم: ابُوحمزہ مُحمّد شریف

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

Marfat.com

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ---------- الشرف الواضح شرح اردو النحو الواضح (جزء)

مترجم: ---------- ابو حمزہ محمد شریف

ناشر: ---------- مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ---------- لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

سن اشاعت: ---------- نومبر 2011

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

فہرست مضامین

اَلْمُجَرَّدُ وَالْمَزِيْدُ (۱) اَبْوَابُ الْمُجَرَّدِ	۷
(۲) مَزِيْدُ الثُّلاثِي	۱۴
(۳) مَزِيْدُ الرُّبَاعِي	۱۷
بَعْضُ خَصَائِصِ الْفِعْلِ الثُّلاثِي	۲۶
اَلْإِبْدَالُ وَالْإِعْلاَلُ (۱) قَلْبُ الْاَلِفِ وَالْيَاءِ وَاوًا	۳۶
(۲) قَلْبُ الْوَاوِ يَاءً	۴۳
(۳) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ هَمْزَةً	۵۵
(۴) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ أَلِفًا	۶۷
(۵) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ تَاءً	۷۴
اَلْإِبْدَالُ	۷۹
اَلْإِعْلاَلُ بِالتَّسْكِيْنِ	۸۵
اَلْمِيْزَانُ الصَّرْفِيُّ (۱)	۹۶
اَلْمِيْزَانُ الصَّرْفِيُّ (۲)	۱۰۰
اَسْمَاءُ الْاَفْعَالِ	۱۱۲
اَلْفِعْلُ الْمُعْتَلُّ وَاَحْكَامُهُ (۱) اَلْمِثَالُ	۱۱۸
(۲) اَلْاَجْوَفُ	۱۲۰
(۳) اَلنَّاقِصُ	۱۲۳
تَوْكِيْدُ الْفِعْلِ (۱) اَحْكَامُ تَوْكِيْدِ الْفِعْلِ	۱۳۴
(۲) طَرِيْقَةُ تَوْكِيْدِ الْاَفْعَالِ	۱۴۳
نِعْمَ وَبِئْسَ	۱۵۰

Marfat.com

فِعْلاَ التَّعَجُّبِ	١٥٧
تَانِيْثُ الْفِعْلِ لِلْفَاعِلِ	١٦٥
نَائِبُ الْفَاعِلِ (إِذَا كَانَ ظَرْفًا اَوْ جَارًا وَمَجْرُوْرًا اَوْ مَصْدَرًا)	١٧١
اَلْمُبْتَدَأُ وَالْخَبَرُ (١) اَلْمُبْتَدَأُ إِذَا كَانَ نَكِرَةً	١٧٨
(٢) مَوَاضِعُ حَذْفِ الْمُبْتَدَاءِ وَجُوْبًا	١٨٥
(٣) مَوَاضِعُ حَذْفِ الْخَبَرِ وَجُوْبًا	١٩٤
(٤) مَوَاضِعُ تَقْدِيْمِ الْمُبْتَدَاءِ عَلَى الْخَبَرِ وُجُوْبًا	٢٠٣
(٥) مَوَاضِعُ تَقْدِيْمِ الْخَبَرِ وُجُوْبًا	٢١٤
(٦) سَدُّ الْفَاعِلِ اَوْ نَائِبِهِ مَسَدَّ الْخَبَرِ	٢٢٣
إِنْ وَمَا وَلاَ وَلاَتَ الْمُشَبَّهَاتُ بِلَيْسَ	٢٣٢
زِيَادَةُ الْبَاءِ فِى خَبَرِ لَيْسَ وَمَا	٢٤١
أَفْعَالُ الْمُقَارَبَةِ وَالرَّجَاءِ وَالشُّرُوْعِ	٢٤٩
تَخْفِيْفُ إِنَّ وَاَنَّ وَكَاَنَّ وَلٰكِنَّ	٢٦١
كَفُّ إِنَّ وَاَخَوَاتِهَا عَنِ الْعَمَلِ	٢٧١
"لَا" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ	٢٨١
لَا سِيَّمَا	٢٩٣
مَا يَنُوْبُ عَنِ الْمَصْدَرِ فِى بَابِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ	٣٠٣
اَلْإِضَافَةُ (١) اَلْإِضَافَةُ الْمَعْنَوِيَّةُ وَاللَّفْظِيَّةُ	٣١٣
(٢) اَلْمُضَافُ إِلٰى يَاءِ الْمُتَكَلِّمِ	٣١٩
(٣) مَا يُضَافُ إِلَى الْجُمْلَةِ وُجُوْبًا وَجَوَازًا	٣٢٢

Marfat.com

اَلْمُجَرَّدُ وَالْمَزِيْدُ

مجرد اور مزید کا بیان

(۱) اَبْوَابُ الْمُجَرَّدِ

(مجرد کے ابواب کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	نَصَرَ (اس نے مدد کی)	يَنْصُرُ (وہ مدد کرتا ہے / کرے گا)
۲	ضَرَبَ (اس نے مارا)	يَضْرِبُ (وہ مارتا ہے / مارے گا)
۳	فَتَحَ (اس نے کھولا)	يَفْتَحُ (وہ کھولتا ہے / کھولے گا)
۴	فَرِحَ (وہ خوش ہوا)	يَفْرَحُ (وہ خوش ہوتا ہے / خوش ہوگا)
۵	كَرُمَ (اس نے اکرام کیا)	يَكْرُمُ (وہ اکرام کرتا ہے / کرے گا)
۶	حَسِبَ (اس نے گمان کیا)	يَحْسِبُ (وہ گمان کرتا ہے / کرے گا)
۷	طَمْأَنَ (سکون کرنا)	يُطَمْئِنُ (سکون کرتا ہے / کرے گا)

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَفْعَالُ الْمَاضِيَةُ السِّتَّةُ الْاُوْلٰى ثُلَاثِيَّةٌ مُجَرَّدَةٌ، وَأَوَّلُ كُلٍّ مِّنْهَا مَفْتُوْحٌ، أَمَّا ثَانِيَةٌ فَهُوَ إِمَّا مَفْتُوْحٌ وَإِمَّا مَكْسُوْرٌ وَإِمَّا مَضْمُوْمٌ، وَيُؤْخَذُ مِنَ الْاَمْثِلَةِ أَنَّ الْحَرْفَ الثَّانِيَ فِي الْمَاضِي كَانَ مَفْتُوْحًا كَانَ هٰذَا الْحَرْفُ فِي الْمُضَارِعِ مَضْمُوْمًا أَوْ مَكْسُوْرًا أَوْ مَفْتُوْحًا، وَإِنْ كَانَ الثَّانِي الْمَاضِي مَكْسُوْرًا فَإِنَّ هٰذَا الْحَرْفَ فِي الْمُضَارِعِ مَفْتُوْحًا أَوْ مَكْسُوْرًا وَلَا يَكُوْنُ مَضْمُوْمًا، وَإِنْ كَانَ ثَانِيْهِ مَضْمُوْمًا كَانَ هٰذَا الْحَرْفُ مَضْمُوْمًا فِي مُضَارِعِهٖ لَيْسَ غَيْر.

Marfat.com

ماضی کے افعال میں سے پہلے چھ افعال ثلاثی مجرد ہیں، اوران میں سے ہرایک کا پہلا حرف مفتوح ہے جبکہ اس کا دوسرا حرف یا تو مفتوح ہے یا مکسور ہے یا مضموم ہے، اور جب مثالوں میں سے ماضی کے دوسرے حرف کولیا جائے جو کہ مفتوح ہے تو یہی حرف مضارع میں مضموم یا مکسور یا مفتوح پایا جاتا ہے، اور اگر ماضی کا دوسرا حرف مکسور ہوتو یہی حرف یقیناً مضارع میں مفتوح یا مکسور ہوگا لیکن مضموم کبھی نہ ہوگا، اور اگر ماضی میں دوسرا حرف مضموم ہوگا تو اس کے مضارع میں بھی مضموم ہوگا جبکہ اس کے علاوہ میں نہیں۔

وَالْاَفْعَالُ الَّتِیْ فِی الْاَمْثِلَةِ مُرَتَّبَةٌ عَلٰی حَسْبِ کَثْرَتِهَا، فَاَفْعَالُ بَابِ نَصَرَ أَکْثَرُ مِنْ أَفْعَالِ بَابِ ضَرَبَ، لِذَا سُمِّیَ بَابُ نَصَرَ بِالْبَابِ الْاَوَّلِ، وَبَابُ ضَرَبَ بِالْبَابِ الثَّانِی وَهٰکَذَا.

اور جو افعال مثال میں ہیں وہ اپنی کثرت کے اعتبار سے ترتیب دیئے گئے ہیں، پس نَصَرَ کے باب والے افعال ضَرَبَ کے افعال سے زیادہ ہیں تو اسی وجہ سے نَصَرَ کے باب کا نام پہلا باب رکھا گیا ہے اور ضَرَبَ کے باب کا نام دوسرا باب رکھا گیا ہے اور ایسے ہی دوسرے ابواب کے ترتیب کے لحاظ سے نام ہیں۔

اَمَّا الْمِثَالُ السَّابِعُ فَرُبَاعِیٌّ مُجَرَّدٌ، وَلَیْسَ لَهُ مَعَ مُضَارِعِهٖ إِلَّا صُوْرَةٌ وَاحِدَةٌ وَهِیَ ضَمُّ حَرْفِ الْمُضَارِعَةِ وَکَسْرِ مَا قَبْلَ آخِرِ الْمُضَارِعِ.

جبکہ ساتویں مثال جو ہے وہ رباعی مجرد ہے، اوراس کے مضارع کی ایک ہی صورت ہے اس کے علاوہ کوئی دوسری صورت نہیں ہے اوراس کے مضارع کی صورت یہ ہے کہ حرف مضارع کا ضمہ اور آخر سے ماقبل حرف کا کسرہ ہوتا ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱) اَلْفِعْلُ الْمُجَرَّدُ قِسْمَانِ، ثُلَاثِیٌّ وَرُبَاعِیٌّ، فَالثُّلَاثِیُّ لَهُ مَعَ مُضَارِعِهٖ سِتَّةُ أَبْوَابٍ هِیَ:

Marfat.com

فعل مجرد دو قسم پر ہے، ثلاثی اور رباعی، پس ثلاثی کے اپنے مضارع کی وجہ سے چھ ابواب ہیں، اور وہ یہ ہیں:

(۱) نَصَرَ، يَنْصُرُ (۲) ضَرَبَ، يَضْرِبُ (۳) فَتَحَ، يَفْتَحُ

(۴) فَرِحَ، يَفْرَحُ (۵) كَرُمَ، يَكْرُمُ (۶) حَسِبَ، يَحْسِبُ

اَمَّا الرُّبَاعِيُّ الْمُجَرَّدُ فَلَهُ وَزْنٌ وَاحِدٌ، وَهُوَ أَنْ يَّكُوْنَ مُضَارِعُهُ مَضْمُوْمَ حَرْفِ الْمُضَارِعَةِ وَمَكْسُوْرَ مَا قَبْلَ الْآخِرِ.

جبکہ رباعی مجرد کا صرف ایک ہی وزن ہے اور وہ یہ ہے کہ اس کے مضارع میں حرف مضارع مضموم اور آخر سے ماقبل مکسور ہوتا ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنْ بَابَ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ:

آنے والے افعال میں سے ہر ایک فعل کا باب بیان کریں۔

جَمَعَ يَجْمَعُ	صَرَفَ يَصْرِفُ	قَبِلَ يَقْبَلُ	حَكَمَ يَحْكُمُ
نَشَرَ يَنْشُرُ	حَرَصَ يَحْرِصُ	هَرَبَ يَهْرُبُ	سَهُلَ يَسْهُلُ
ذَهَبَ يَذْهَبُ	صَعُبَ يَصْعُبُ	غَضِبَ يَغْضَبُ	لَقِيَ يَلْقَى

حل:

۱	حَكَمَ يَحْكُمُ، هَرَبَ يَهْرُبُ، نَشَرَ يَنْشُرُ	یہ باب نَصَرَ يَنْصُرُ سے ہیں
۲	صَرَفَ يَصْرِفُ، حَرَصَ يَحْرِصُ	یہ باب ضَرَبَ يَضْرِبُ سے ہیں
۳	جَمَعَ يَجْمَعُ، ذَهَبَ يَذْهَبُ	یہ باب فَتَحَ يَفْتَحُ سے ہیں
۴	قَبِلَ يَقْبَلُ، غَضِبَ يَغْضَبُ، لَقِيَ يَلْقَى	یہ باب فَرِحَ يَفْرَحُ سے ہیں
۵	سَهُلَ يَسْهُلُ، صَعُبَ يَصْعُبُ	یہ باب كَرُمَ يَكْرُمُ سے ہیں

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

(ا) هَاتِ الْمَاضِيَ لِكُلِّ مُضَارِعٍ مِمَّا يَأْتِيْ وَاذْكُرْ بَابَهٗ ، وَضَعْ أَرْبَعَةَ اَفْعَالٍ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ:

آنے والے ہر فعل مضارع کی ماضی لائیے اور اس کا باب ذکر کیجئے اور چار فعلوں کو جملہ مفیدہ میں بیان کیجئے۔

يَرْسُمُ	يَكْسِرُ	يَسْأَلُ	يَمْشِيْ
يَشْكُرُ	يَغْفِرُ	يَعْظُمُ	يَنْزِلُ

حل:

دیئے گئے افعال مضارعہ کی ماضی مع ابواب درج ذیل ہے۔

رَسَمَ، شَكَرَ، عَظَمَ	یہ باب نَصَرَ يَنْصُرُ سے ہیں
كَسَرَ، مَشَى، غَفَرَ، نَزَلَ	یہ باب ضَرَبَ يَضْرِبُ سے ہیں
سَئَلَ	یہ باب فَتَحَ يَفْتَحُ سے ہے

دیئے گئے افعال کی مدد سے مفید جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) يَسْئَلُ السَّائِلُ لِلْاِسْتِفَادَةِ.

(۲) يَكْسِرُ الْوَلَدُ جَنَاحَ حَمَامَتِهٖ.

(۳) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ.

(۴) يَغْفِرُ اللّٰهُ التَّائِبِيْنَ مِنَ الذُّنُوْبِ.

(ب) اُذْكُرْ مُضَارِعَ كُلِّ فِعْلٍ مِمَّا يَأْتِيْ ، ثُمَّ ضَعْهُ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ.

آنے والے ہر فعل کا فعل مضارع کر کریں پھر اس کو مفید جملے میں استعمال کریں۔

تَرْجَمَ	خَرَجَ	شَرِبَ	فَصُحَ	دَخْرَجَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے افعال میں سے ہر ایک کا مضارع درج ذیل ہے۔

يُتَرْجِمُ	يَخْرُجُ	يَشْرَبُ	يَفْصُحُ	يُدَحْرَجُ

جملے:

(۱) يُتَرْجِمُ الْمُتَرْجِمُ فِى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

(۲) يَخْرُجُ الْمُهَنْدِسُ مِنَ الْبَيْتِ.

(۳) يَشْرَبُ الْقِطُّ اللَّبَنَ.

(۴) يَفْصُحُ الْاَعْجَمِيُّ فِى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.

(۵) يُدَحْرِجُ الْوَلَدُ الْحَجَرَ اِلَى الْوَادِىْ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

كَمْ صُوْرَةً لِلْمَاضِىْ اِذَا كَانَ الْمُضَارِعُ مَضْمُوْمَ الثَّانِىْ؟ وَكَمْ صُوْرَةً لَهٗ اِذَا كَانَ الْمُضَارِعُ مَفْتُوْحَ الثَّانِىْ أَوْ مَكْسُوْرَهٗ ؟ مَثِّلْ لِجَمِيْعِ ذٰلِكَ فِى جُمَلٍ تَامَّةٍ:

ماضی کی کتنی صورتیں ہیں جبکہ مضارع کا دوسرا حرف مضموم ہو اور کتنی صورتیں ہیں جبکہ مضارع کا دوسرا حرف مفتوح یا مکسور ہو ان تمام کی جملہ تامہ کی صورت میں مثال پیش کیجئے۔

حل:

تَكُوْنُ صُوْرَتَانِ فِى الْمَاضِىْ اِذَا كَانَ الْمُضَارِعُ مَضْمُوْمَ الثَّانِىْ ، اَلصُّوْرَةُ الْاُوْلٰى يَكُوْنُ الْحَرْفُ الثَّانِىْ فِى الْمَاضِىْ مَفْتُوْحًا ، يَنْصُرُكُمْ زَيْدٌ، نَصَرَ خَالِدٌ. اَلصُّوْرَةُ الثَّانِيَةُ يَكُوْنُ الْحَرْفُ الثَّانِىْ فِى الْمَاضِىْ مَضْمُوْمًا، يُكْرِمُ زَيْدٌ ضَيْفَهٗ، كَرُمَ حَامِدٌ، وَتَكُوْنُ صُوْرَةٌ وَاحِدَةٌ اِذَا كَانَ الْمُضَارِعُ مَفْتُوْحَ الثَّانِىْ اَوْ مَكْسُوْرَهٗ فَهِىَ الصُّوْرَةُ اِذَا كَانَ الْحَرْفُ الثَّانِى مَفْتُوْحًا فِى الْمَاضِى

Marfat.com

يَضْرِبُ زَيْدٌ عَمْرًا بِالسَّوْطِ ، يَمْنَعُ الْوَالِدُ وَلَدَهُ عَنِ الذَّنْبِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

كَوِّنْ خَمْسَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِّنْهَا عَلٰى مُضَارِعٍ مِنْ بَابِ نَصَرَ وَضَرَبَ وَفَتَحَ وَفَرِحَ وَكَرُمَ عَلَى التَّرْتِيْبِ:

پانچ ایسے جملے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک بالترتیب باب نَصَرَ، ضَرَبَ ، فَتَحَ ، فَرِحَ اور كَرُمَ کے مضارع پر مشتمل ہو۔

حل:

(۱) اَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ
(۲) يَرْضِمُ الْفَلَاحُ الْاَرْضَ
(۳) يَمْنَعُ الطَّبِيْبُ عَنْ اَكْلِ الْخُبْزِ
(۴) تَسْمَعُ كَلَامِیْ
(۵) تَكْرُمُ الْبِنْتُ مُعَلِّمَتَهَا

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ وَبَيِّنْ بَابَ كُلِّ فِعْلٍ بِهِمَا:

آنے والے دو شعروں کی تشریح کریں اور ان میں موجود ہر فعل کا باب بیان کریں۔

لَوْ عَرَفَ الْاِنْسَانُ مِقْدَارَهُ ۔۔۔ لَمْ يَفْخَرِ الْمَوْلٰى عَلٰى عَبْدِهٖ

"اگر انسان اپنی حیثیت واصلیت کو پہچان لے تو آقا اور غلام پر نہ فخر کرے"

أَمْسِ الَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قُرْبِهٖ ۔۔۔ يَعْجِزُ اَهْلُ الْاَرْضِ عَنْ رَدِّهٖ

"وہ کل جو کسی کے پاس سے گزر گیا زمین پر رہنے والے اس کو لوٹانے سے بے بس ہیں"

حل:

پہلے شعر کی تشریح:

اس شعر میں ہر انسان کو اس بات سے گویا آگاہ کیا گیا ہے کہ انسان بذات خود کوئی چیز نہیں ہے اور نہ اس چیز کی کوئی حیثیت اور مقام ہے کہ جس بوند سے پیدا کیا گیا ہے اور نہ

Marfat.com

ہی اس کی اس وقت کوئی حیثیت ہوگی جب یہ مر کر مٹی ہو جائے گا، تو ان دونوں چیزوں کے اعتبار سے تمام انسان بالکل برابر ہیں کسی کو کسی پر کوئی فوقیت نہیں خمیر سب کا ایک ہی ہے لیکن اللہ کے ہاں صاحب مرتبہ وہی شخص ہے جو متقی ہے، ورنہ کسی کو دوسرے پر فخر اور بڑائی کرنے کا حاصل نہیں ہے۔

دوسرے شعر کی تشریح:

اس شعر میں وقت کی رفتار اور انسان کی بے بسی کو ذکر کیا گیا ہے کہ جو کل کا دن گزر گیا ہے اگر تمام دنیا کے لوگ اس کو واپس لانے کی کوشش کریں تو کبھی واپس نہ لا سکیں گے اور اپنی کوشش اور محنت و مشقت میں بے بس اور عاجز ہو جائیں گے، کیونکہ بعض چیزیں ایسی ہیں کہ جو ایک دفعہ کے بعد پھر کبھی واپس نہیں آتیں۔ جیسے منہ سے نکلی ہوئی بات، بندوق سے نکلی ہوئی گولی اسی طرح گزرا وقت بھی۔

افعال کی تحقیق:

عَرَفَ یہ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ہے، جو کہ دوسرا باب کہلاتا ہے۔ لَمْ یَفْخَرْ، یہ باب فَتَحَ یَفْتَحُ سے ہے، جو کہ تیسرا باب ہے۔ مَرَّ یہ باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے ہے جو کہ پہلا باب ہے۔ یَعْجِزُ یہ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ہے جو کہ دوسرا باب ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۲) مَزِيْدُ الثُّلاثِيّ

ثلاثی مزید فیہ کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	أَحْسَنَ الصَّانِعُ عَمَلَهُ	کاریگر نے اپنے کام کو اچھے انداز میں کیا
	كَرَّمَتِ الشُّعُوبُ نَابِغِيْهَا	قبیلے والوں نے اپنے برگزیدہ لوگوں کو عزت دی
	حَاسَبَ السَّيِّدُ الْخَادِمَ	آقا نے نوکر کا محاسبہ کیا
	اِنْصَرَفْنَا إِلٰى أَعْمَالِنَا	ہم اپنے کاموں کی طرف واپس ہوئے
	اِشْتَمَلَ الْكِتَابُ عَلَى فَوَائِدَ	کتاب فوائد پر مشتمل تھی
۲	اِصْفَرَّ وَجْهُ الْمُذْنِبِ	گناہ گار کا چہرہ زرد ہوگیا
	تَبَارَى الطَّلَبَةُ فِي الْعَدْوِ	طلباء نے دوڑ میں مقابلہ کیا
	تَقَدَّمَ فَنُّ الطَّيَرَانِ	ہوائی جہازوں کے فن کی ترقی کی
	اِسْتَعْلَمَ النَّاسُ الْخَبَرَ	لوگوں نے خبر معلوم کرلی
۳	اِحْلَوْلَى الْعِنَبُ	انگور میٹھا ہوگیا
	اِجْلَوَّذَ الْحِصَانُ	گھوڑے نے دوڑ لگائی
	اِخْضَارَ الزَّرْعُ	کھیتی سرسبز ہوگئی

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

إِذَا رَجَعْتَ إِلَى الْاَصْلِ الثُّلاثِيِّ لِكُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ السَّابِقَةِ. عَرَفْتَ اَنَّ هٰذِهِ الْاَفْعَالَ زِيْدَ عَلَيْهَا حَرْفٌ اَوْ اَكْثَرُ، وَزِيَادَةُ الْكَلِمَةِ إِمَّا بِتَضْعِيْفِ حَرْفٍ اَصْلِيٍّ فِيْهَا، وَإِمَّا بِإِضَافَةِ حَرْفٍ مِنْ حُرُوْفِ الزِّيَادَةِ إِلٰى اُصُوْلِهَا، وَحُرُوْفُ الزِّيَادَةِ جُمِعَتْ فِي كَلِمَةِ "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا".

Marfat.com

جب آپ گذشتہ افعال میں سے ہر ایک فعل کی اصل ثلاثی میں توجہ کریں تو آپ بخوبی یہ بات پہچان لیں گے کہ ان افعال میں سے ہر ایک فعل پر ایک حرف یا زیادہ حروف کو زائد کیا گیا ہے، اور حروف کی زیادتی یا تو ان میں حرف اصلی کو دوگنا کرنے کے ساتھ ہوئی ہے یا حروف زائدہ میں سے کسی حرف کو ان کے اصل حروف میں زائد کیا گیا ہے، اور حروف زائدہ کو جب ایک کلمہ میں جمع کیا گیا تو وہ "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا" ہوگیا۔

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى الطَّائِفَةِ الْأُوْلٰى مِنَ الْاَمْثِلَةِ رَاَيْتَ اَنَّ اَفْعَالَهَا الثُّلاثِيَّةَ زِيْدَ عَلَيْهَا حَرْفٌ وَاحِدٌ: هُوَ الْهَمْزَةُ، اَوِ التَّضْعِيْفُ، أَوِ الْاَلِفُ، وَلاَ يَخْرُجُ الثُّلاثِيُّ الْمَزِيْدُ عَلَيْهِ حَرْفٌ عَنْ صُوْرَةٍ مِنْ هٰذِهِ الصُّوَرِ الثَّلاثِ.

اور جب آپ دی گئی مثالوں میں موجود پہلے گروپ کی طرف غور کریں تو آپ دیکھیں گے کہ ان کے افعال ثلاثیہ پر ایک حرف زائد کیا گیا ہے، وہ ہمزہ ہے یا حرف کو دوگنا کیا گیا ہے یا الف کو زائد کیا گیا ہے، اور ثلاثی مزید فیہ کہ جس پر کوئی حرف ہے ان تینوں صورتوں میں سے کسی ایک صورت سے بھی نہیں نکلا، یعنی ایک صورت ضرور پائی گئی ہے۔

اَمَّا اَفْعَالُ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ فَثُلاثِيَّةٌ زِيْدَ عَلٰى كُلِّ فِعْلٍ مِنْهَا حَرْفَانِ، وَاِذَا رَجَعْتَ اِلٰى مُجَرَّدِ كُلِّ فِعْلٍ. تَعَرَّفْتَ الْحَرْفَيْنِ الزَّائِدَيْنِ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ لِلثُّلاثِيِّ الْمَزِيْدِ بِحَرْفَيْنِ اِلَّا الصُّوَرَ الْخَمْسَ الَّتِيْ تَرَاهَا فِي الْاَمْثِلَةِ.

جبکہ دوسرے گروپ کے افعال ثلاثی ہیں جن میں سے ہر ایک پر دو حرف زائد کیے گئے ہیں، اور جب آپ ان میں سے ہر فعل کے مجرد پر توجہ کریں تو آپ اس پر دو حروف زائدہ کو پہچان جائیں گے وہ ثلاثی مزید کہ جس میں صرف دو حرف ہی زائد کیے جاتے ہیں اس کی صرف وہی پانچ صورتیں جو کہ آپ مثالوں میں دیکھ چکے ہیں۔

Marfat.com

وَبِتَأَمُّلِ اَفْعَالِ الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ تَعْلَمُ أَنَّهَا ثُلاَثِيَّةٌ زِيْدَ عَلَيْهَا ثَلاَثَةُ اَحْرُفٍ، وَلِلثُّلاَثِيِّ مَعَهَا صُوَرٌ اَرْبَعٌ.

اور تیسرے گروپ میں موجود افعال کے اندر غور وفکر کرنے سے آپ اس بات کو جان لیں گے کہ ان پر تین حرف زائد کئے گئے ہیں اور ان کے ساتھ ثلاثی کی چار صورتیں ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(٢) مَزِيْدُ الثُّلاَثِيِّ اَنْوَاعٌ ثَلاَثَةٌ.

ثلاثی مزید فیہ کی تین اقسام ہیں۔

(ا) مَزِيْدٌ بِحَرْفٍ هُوَ الْهَمْزَةُ اَوِ التَّضْعِيْفُ أَوِ الْاَلِفُ.

ثلاثی مزید بیک حرف اور وہ ایک حرف ہمزہ ہے یا تو تضعیف ہے یا الف ہے۔

(ب) مَزِيْدٌ بِحَرْفَيْنِ هُمَا الْهَمْزَةُ وَالنُّوْنُ، اَوِ الْهَمْزَةُ وَالتَّاءُ، اَوِ الْهَمْزَةُ وَالتَّضْعِيْفُ، اَوِ التَّاءُ وَالْاَلِفُ، اَوِ التَّاءُ وَالتَّضْعِيْفُ.

ثلاثی مزید بدو حروف اور وہ دو حرف ہمزہ اور نون ہیں یا ہمزہ اور تاء ہیں یا ہمزہ اور تضعیف (دو حروف ہم جنس) ہیں یا تا اور الف ہیں یا تاء اور تضعیف ہیں۔

(ج) مَزِيْدٌ بِثَلاَثَةِ اَحْرُفٍ هِيَ الْهَمْزَةُ وَالسِّيْنُ وَالتَّاءُ، اَوِ الْهَمْزَةُ وَالْوَاوُ وَالتَّضْعِيْفُ، اَوِ الْهَمْزَةُ وَالْوَاوُ الزَّائِدَةُ الْمُضَعَّفَةُ، اَوِ الْهَمْزَةُ وَالْاَلِفُ وَالتَّضْعِيْفُ.

ثلاثی مزید فیہ بسہ حروف اور وہ تین حرف ہمزہ، سین اور تاء ہیں، یا ہمزہ واؤ اور تضعیف ہیں یا ہمزہ اور واؤ زائدہ مضعفہ ہیں یا ہمزہ الف اور تضعیف ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۳) مَزِيْدُ الرُّبَاعِيِّ

رباعی مزید فیہ کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	تَبَعْثَرَ الْوَرَقُ تَدَهْوَرَ سِعْرُ الْقُطْنِ	ورق اُلٹ پلٹ ہوگیا روئی کا بھاؤ گر گیا
۲	اِحْرَنْجَمَ التَّلَامِيْذُ فِي فِنَاءِ الْمَدْرَسَةِ اِفْرَنْقَعَ الْمُزْدَحِمُوْنَ	شاگرد (طلباء) مدرسے کے میدان میں جمع ہوئے ہجوم کرنے والے منتشر ہوگئے
۳	اِشْمَعَلَّ الْعُمَّالُ فِي طَلَبِ الرِّزْقِ اِقْشَعَرَّ الْحَارِسُ مِنَ الْبَرْدِ	مزدوروں کے روزی کے طلب کرنے میں مقابلہ کیا سردی کی وجہ سے چوکیدار نے بال کھڑے کرلئے

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

مُجَرَّدُ الْاَفْعَالِ الَّتِيْ فِي الْاَمْثِلَةِ هُوَ بَعْثَرَ وَدَهْوَرَ، ثُمَّ حَرْجَمَ وَفَرْقَعَ، ثُمَّ شَمْعَلَ وَقَشْعَرَ، وَهٰذِهِ رُبَاعِيَّةٌ مُجَرَّدَةٌ زِيْدَ عَلَيْهَا فِي الْفِعْلَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ حَرْفٌ وَاحِدٌ هُوَ التَّاءُ وَلَيْسَ لِلرُّبَاعِي الْمَزِيْدِ عَلَيْهِ حَرْفٌ إِلَّا هٰذِهِ الصُّوْرَةَ، وَزِيْدَ عَلَى الْاَفْعَالِ الْاُخْرٰى حَرْفَانِ هُمَا الْهَمْزَةُ وَالنُّوْنُ فِي اِحْرَنْجَمَ وَافْرَنْقَعَ، وَالْهَمْزَةُ وَالتَّضْعِيْفُ فِي اِشْمَعَلَّ وَاقْشَعَرَّ. وَلَيْسَ لِلرُّبَاعِي الْمَزِيْدِ بِحَرْفَيْنِ إِلَّا هَاتَانِ الصُّوْرَتَانِ.

وہ افعال جو کہ مثالوں میں موجود ہیں ان کے افعال مجردہ بَعْثَرَ، دَهْوَرَ، پھر حَرْجَمَ اور فَرْقَعَ، پھر شَمْعَلَ اور قَشْعَرَ ہیں۔ اور یہی رباعی مجرد کے ابواب

Marfat.com

ہیں کہ جن میں پہلے دو فعلوں میں ایک حرف کو زائد کیا گیا ہے اور وہ حرف تاء ہے، اور رباعی مزید فیہ میں کوئی حرف زائد نہیں ہے، مگر اسی صورت میں دوسرے افعال میں دو حرف زائد کئے گئے ہیں وہ دونوں حرف ہمزہ اور نون ہیں اِحْرَنْجَمَ اور اِقْرَنْقَعَ میں اور ہمزہ اور تضعیف ہے اِشْمَعَلَّ اور اِقْشَعَرَّ میں اور رباعی مزید فیہ کی دو حرف کے زائد کرنے کے ساتھ کوئی اور صورت نہیں ہے، سوائے ان دو صورتوں کے۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۳) مَزِيْدُ الرُّبَاعِيِّ نَوْعَانِ:

رباعی مزید فیہ دو قسم پر ہے۔

(ا) مَزِيْدٌ بِحَرْفٍ هُوَ التَّاءُ فِي اَوَّلِهٖ.

رباعی مزید بیک حرف اور وہ حرف تاء ہے جو کہ اس کے شروع میں ہوتا ہے۔

(ب) مَزِيْدٌ بِحَرْفَيْنِ هُمَا الْهَمْزَةُ وَالنُّوْنُ اَوِ الْهَمْزَةُ وَالتَّضْعِيْفُ.

رباعی مزید بدو حرف اور وہ دو حرف ہمزہ اور نون ہیں یا ہمزہ اور تضعیف ہیں۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ا (مشق نمبر ا)

بَيِّنْ فِي الْحِكَايَةِ الْآتِيَةِ الْاَفْعَالَ الْمُجَرَّدَةَ وَالْمَزِيْدَةَ، وَحُرُوْفَ الزِّيَادَةِ فِي كُلِّ فِعْلٍ، ثُمَّ اكْتُبْهَا بِعِبَارَةٍ مُخَالِفَةٍ لَهَا فِي اللَّفْظِ مُوَافِقَةً لَهَا فِي الْمَعْنٰى:

آنے والی حکایت میں مجرد اور مزید کے افعال کو بیان کریں اور ہر فعل میں حروف زائدہ کی نشاندہی کریں پھر اس عبارت کے مقابلے میں ایسی عبارت لکھیں کہ جو لفظوں میں برعکس اور معنی میں موافق ہو۔

حَكٰى يَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ قَالَ: بِتُّ عِنْدَ الْمَأْمُوْنِ فَأَنْتَبَهَ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَتَوَهَّمَ اَنِّي

Marfat.com

نَائِمٌ وَقَدْ عَطِشَ فَلَمْ يَسْتَدْعِ الْغُلاَمَ لِئَلاَّ اسْتَيْقَظَ، وَقَامَ يَتَمَشَّى هَادِئًا فِي خُطَاهِ، فلمَّا شَرِبَ رَجَعَ وَهُوَ يُخْفِي صَوْتَهُ، وَأَخَذَهُ سُعَالَهُ، فَرَأَيْتُهُ يَجْمَعُ كُمَّهُ فِي فَمِهِ، كَيْ لاَ اَسْمَعَ سُعَالَهُ، وَانْبَثَقَ الْفَجْرُ وَقَدْ تَنَاوَمْتُ، فَتَمَهَّلَ قَلِيْلاً، ثُمَّ تَحَرَّكْتُ، فَقَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ يَا غُلاَمُ، نَبِّهْ أَبَا مُحَمَّدٍ، فَصِحْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، شَاهَدْتُ بِعَيْنِيْ جَمِيْعَ مَا كَانَ اللَّيْلَةَ، وَبِذٰلِكَ جَعَلَكُمُ اللّٰهُ عَلَيْنَا سَادَةً.

حل:

تَعْيِيْنُ الْاَفْعَالِ الْمُجَرَّدَةِ وَالْمَزِيْدَةِ مِنَ الْعِبَارَةِ السَّابِقَةِ.

دی گئی عبارت میں موجود مجرد اور مزید کے افعال کی تعیین۔

اَفْعَالُ الثُّلاَثِي الْمُجَرَّدِ:

ثلاثی مجرد کے افعال:

حَكَى	يَحْيَى	بِتُّ	عَطِشَ	قَامَ
شَرِبَ	رَجَعَ	اَخَذَ	رَاَيْتُ	يَجْمَعُ
كَيْ لاَ اَسْمَعَ	فَقَالَ	فَصِحْتُ	كَانَ	جَعَلَ

اَفْعَالُ الثُّلاَثِي الْمَزِيْدِ:

ثلاثی مزید کے افعال:

اِنْتَبَهَ (ہمزہ، ت)	تَوَهَّمَ (ت اور تضعیف)	فَلَمْ يَسْتَدِعْ (ہمزہ، س، ت)
لِئَلاَّ اسْتَيْقَظَ (ہمزہ، س، ت)	يَتَمَشَّى (ت، تضعیف)	يُخْفِي (ہمزہ)
اِنْبَثَقَ (ہمزہ، نون)	فَتَمَهَّلَ (ت، تضعیف)	تَنَاوَمْتُ (ت اور الف)
تَحَرَّكْتُ (ت، تضعیف)	نَبِّهْ (تضعیف)	شَاهَدْتُ (الف)

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

بَيِّنْ اَحْرُفَ الزِّيَادَةِ فِي كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ، وَضَعْ ثَلاَثَةً مِنْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ.

Marfat.com

آنے والے افعال میں سے ہر فعل میں موجود حروف زائدہ کو بیان کریں اوران میں سے تین افعال کومفید جملوں میں استعمال کریں۔

اِسْتَطَالَ	اِنْتَظَمَ	اِنْتَقَلَ	اَجَازَ	تَقَرَّبَ
اِرْبَدَّ	تَقَاضَی	قَاسَمَ	حَرَّمَ	اِعْشَوْشَبَ

حل:

ثلاثی مزید کے افعال اوران کے حروف زائدہ۔

اِسْتَطَالَ (ہمزہ،س،ت) اِنْتَظَمَ (ہمزہ،ت) اِنْتَقَلَ (ہمزہ،ت) اَجَازَ (ہمزہ قطعی) تَقَرَّبَ (ت،تضعیف،را) اِرْبَدَّ (ہمزہ،تضعیف دال) تَقَاضَی (ت،الف) قَاسَمَ (الف) حَرَّمَ (تضعیف را) اِعْشَوْشَبَ (ہمزہ واؤ،تضعیف ش)۔

جملے:

(۱) اِنْتَقَلَ زَیْدٌ مِنَ الْبَاکِسْتَانِ اِلٰی اَفْرِیْقَةَ.

(۲) اَجَازَنِیْ اَبِیْ لِلشَّرِکَةِ فِی الْحَفْلَةِ.

(۳) حَرَّمَ اللّٰهُ شُرْبَ الْخَمْرِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ وَ مُسْلِمَةٍ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳).

اِجْعَلْ کُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِیَةِ مَزِیْدًا بِحَرْفٍ، ثُمَّ ضَعْ ثَلَاثَةَ اَفْعَالٍ مَزِیْدَةٍ فِی جُمَلٍ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کوایک حرف زائد کر کے مزید فیہ بنائیں پھر تین افعال کومفید جملوں میں استعمال کریں۔

حَضَرَ	سَمِعَ	شَهِدَ	فَرِحَ	خَرَجَ

حل:

دیئے گئے ثلاثی مجرد کے افعال سے مزید کے افعال درج ذیل ہیں۔

Marfat.com

اَحْضَرَ	اَسْمَعَ	اَشْهَدَ	اَفْرَحَ	اَخْرَجَ

جملے:

(۱) اَحْضَرَ السَّارِقُ الْمَالَ اَمَامَ الْقَاضِی .

(۲) اَشْهَدَ الْكَافِرُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ .

(۳) اَخْرَجَ الْمُسْلِمُوْنَ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ .

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِجْعَلْ كُلَّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ مَزِيْداً بِحَرْفَيْنِ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کو دو حرفوں کے اضافے کے ساتھ مزید بنائیں۔

رَفَعَ	قَتَلَ	طَوٰی	خَضِرَ	بَعُدَ

حل:

دیئے گئے ثلاثی مجرد کے افعال دو حروف کے اضافے کے ساتھ ثلاثی مزید کی شکل میں درج ذیل ہیں۔

اِرْتَفَعَ	تَقَاتَلَ	اِخْتَصَرَ	تَبَاعَدَ	اِنْطَوٰی

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

اَعْلِقْ بِكُلِّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ كُلَّ مَا تَعْلَمُ اَنَّهٗ يَقْبَلُهٗ مِنْ اَحْرُفِ الزِّيَادَةِ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کے ساتھ حروف زائدہ میں سے جو آپ جانتے ہیں اضافہ کر کے مجرد سے مزید بنائیں۔

ضَرَبَ	فَتَحَ	كَرُمَ	سَئَلَ	رَضِیَ

حل:

دیئے گئے تمام افعال ممکنہ حروف زائدہ کے اضافہ کے ساتھ درج ذیل ہیں۔

Marfat.com

ضَرَبَ سے ضَرَّبَ، ضَارَبَ، اَضْرَبَ، تَضَرَّبَ، تَضَارَبَ، اِضْطَرَبَ، اِسْتَضْرَبَ.

فَتَحَ سے فَتَّحَ، تَفَتَّحَ، اِنْفَتَحَ، فَاتَحَ، تَفَاتَحَ، اِفْتَتَحَ، اِسْتَفْتَحَ.

كَرُمَ سے كَرَّمَ، كَارَمَ، اَكْرَمَ، تَكَرَّمَ، اِسْتَكْرَمَ.

سَئَلَ سے سَائَلَ، اَسْئَلَ، تَسَاءَ لَ.

رَضِيَ سے اَرْضٰى، تَرَضّٰى، تَرَاضَى، اِرْتَضٰى، اِسْتَرْضٰى.

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

بَيِّنْ اَحْرُفَ الزِّيَادَةِ فِى كُلِّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ، وَضَعْ ثَلَاثَةً مِّنْهَا فِى جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

آنے والے افعال میں سے ہر فعل میں موجود حروف زائدہ کو بیان کریں اور پھر ان میں سے کوئی سے تین فعلوں کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

اِحْدَوْدَبَ	تَدَحْرَجَ	اِدْلَهَمَّ	تَزَلْزَلَ
اِشْرَأَبَّ	اِشْمَاَزَّ	تَأَلَّقَ	

حل:

دیئے گئے افعال اور ان میں موجود حروف زائدہ درج ذیل ہیں۔

اِحْدَوْدَبَ (ہمزہ، دال مقرر اور واؤ) تَدَحْرَجَ (ت اور دال) اِدْلَهَمَّ (ہمزہ اور میم مقرر) تَزَلْزَلَ (ت) اِشْرَأَبَّ (ہمزہ اور ب مقرر) اِشْمَاَزَّ (ہمزہ اور زا مقرر) تَأَلَّقَ (ت اور لام مقرر).

جملے:

(۱) اِدْلَهَمَّ الظَّلَامُ (۲) اِحْدَوْدَبَ الظَّهْرُ (۳) تَأَلَّقَ الْبَرْقُ،

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

(۱) كَوِّنْ ثَلاثَ جُمَلٍ يَبْتَدِئُ كُلٌّ مِنْهَا بِفِعْلٍ ثُلاثِيٍّ مَزِيْدٍ بِالْهَمْزَةِ، ثُمَّ بِالْاَلِفِ ثُمَّ بِالتَّضْعِيْفِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک جملہ ثلاثی مزید فیہ کے ہمزہ، الف اور پھر تضعیف کے ساتھ ہو۔

حل:

مطلوبہ جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) اَخْبَرَنِیْ عَنْکَ (۲) قَاتَلَ الْمُجَاهِدُ (۳) مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ

(۲) كَوِّنْ جُمْلَتَيْنِ اُوْلاهُمَا مَبْدُوْءَةٌ بِفِعْلٍ مَزِيْدٍ بِحَرْفَيْنِ، وَالْاُخْرٰى بِفِعْلٍ مَزِيْدٍ بِثَلاثَةِ اَحْرُفٍ.

ایسے دو جملے بنائیے کہ ان میں سے پہلا ایسے فعل سے شروع ہو رہا ہو کہ جس میں دو حرف زائدہ ہوں اور دوسرا جملہ ایسے فعل سے شروع ہو رہا ہو کہ جس میں تین حرف زائد ہوں۔

حل:

وہ جملہ کہ جو ایسے فعل سے شروع ہو رہا ہو کہ جس میں دو حرف زائد ہوں وہ درج ذیل ہے۔

اَجْتَهِدُ فِیْ دُرُوْسِیْ.

وہ جملہ کہ جو ایسے فعل سے شروع ہو رہا ہو کہ جس میں تین حرف زائد ہوں وہ درج ذیل ہے۔

اَسْتَنْصِرُ بِکَ فِیْ هٰذَا الْعَمَلِ الصَّعْبِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

بَيِّنِ الْاَفْعَالَ الْمُجَرَّدَ وَالْمَزِيْدَةَ وَاَحْرُفَ زِيَادَتِهَا فِی الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ، ثُمَّ اشْرَحْهُمَا:

آنے والے مجرد اور مزید کے افعال کو ان کے حروف زائد سمیت بیان کریں جو کہ دو

Marfat.com

شعروں میں موجود ہیں پھران شعروں کی تشریح بھی کریں۔

تَسَامَحْ وَلاَ تَسْتَوْفِ حَقَّکَ کُلَّهُ وَاَبْقِ فَلَمْ یَسْتَوْفِ قَطُّ کَرِیْمُ

''آپ کچھ نرمی اور درگذر سے کام لیں اور مکمل طور پر اپنا حق نہ وصول کریں بلکہ کچھ باقی رہنے دیں اس لئے کہ کسی مہربان آدمی نے کبھی سارے کا سارا حق نہیں وصول کیا''

وَلاَ تَغْلُ فِی شَیْءٍ مِنَ الْاَمْرِ وَاقْتَصِدْ کِلاَ طَرَفَیْ قَصْدِ الْاُمُوْرِ ذَمِیْمُ

''اور کسی چیز میں مبالغہ مت کر جو کہ کسی خاص معاملے سے متعلق ہو اور اعتدال اختیار کر کیونکہ امور کے دونوں اطراف کا ارادہ کرنا عیب ہے''

اشعار میں موجود ثلاثی مجرد کے افعال:

لاَ تَغْلُ یہ نہی واحد مذکر مخاطب کا صیغہ ہے اور باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے ناقص واوی ہے، اور اس کا مادہ غ، ل ، و ہے۔

اشعار میں موجود ثلاثی مزید کے افعال:

تَسَامَحْ: باب تَفَاعُل سے امر حاضر واحد مذکر کا صیغہ ہے اور حروف زائدہ سے ت اور الف ہیں۔

لاَ تَسْتَوْفِ: یہ باب اِسْتِفْعَال سے نہی حاضر واحد مذکر کا صیغہ ہے، اور حروف زائدہ ہمزہ، سین اور ت ہیں۔

لَمْ یَسْتَوْفِ: یہ باب اِسْتِفْعَال سے نفی جحد بہ لم واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے، اور اس میں حروف زائدہ ہمزہ، س اور ت ہیں۔

اَبْقِ : یہ باب اِفْعَال سے امر حاضر واحد مذکر کا صیغہ ہے اور اس میں حروف زائدہ شروع میں ہمزہ قطعی ہے۔

اِقْتَصِدْ: یہ باب اِفْتِعَال سے امر حاضر واحد متکلم کا صیغہ ہے اور اس میں حروف زائدہ ہمزہ اور ت ہے۔

Marfat.com

پہلے شعر کی تشریح:

اس شعر میں صاحب حق کو یہ ترغیب دی گئی ہے کہ جب تو کسی سے اپنا حق لینے لگے تو سارا مت وصول کر بلکہ اس میں سے کچھ چھوڑ دے۔ دینے والے کے پاس باقی رہنے دے کیونکہ مہربان اور معزز آدمی کی صفت یہ ہے کہ وہ کبھی سارا وصول نہیں کرتا بلکہ کچھ نہ کچھ چھوڑ دیتا ہے۔

دوسرے شعر کی وضاحت:

اس شعر میں اس بات کو بیان کیا گیا ہے کہ تو معاملات میں کسی چیز میں حد سے مت بڑھ یعنی غلومت کر بلکہ میانہ روی اختیار کر اس لئے کہ معاملات کے اندر دونوں طرفیں (بہت زیادہ کرنا یا بہت ہی کمی کرنا) معیوب تصور کی جاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بَعْضُ خَصَائِصِ الْفِعْلِ الثُّلاَثِی
فعل ثلاثی مزید فیہ کی چند خصوصیات

اَلْاَمْثِلَةُ:

	قَضَی (اس نے پورا کیا)		سَارَ (وہ چلا)
	یَقْضِی (وہ پورا کرتا ہے/ کرے گا)		یَسِیْرُ (وہ چلتا ہے/ چلے گا)
	دَضَی (وہ گذرا)		بَاعَ (اس نے بیچا)
۱	یَمْضِی (وہ گزرتا ہے/ گزرے گا)	۲	یَبِیْعُ (وہ بیچتا ہے/ بیچے گا)
	دَعَا (اس نے بلایا)		جَارَ (اس نے ظلم کیا)
	یَدْعُوْ (وہ بلاتا ہے/بلائے گا)		یَجُوْرُ (وہ ظلم کرتا ہے/ کرے گا)
	دَنَا (وہ قریب ہوا)		صَاغَ (اس نے پگھلایا)
	یَدْنُوْ (وہ قریب ہوتا ہے/ہوگا)		یَصُوْغُ (وہ پگھلاتا ہے/ پگھلائے گا)
	مَدَّ (اس نے کھینچا)		وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا)
	یَمُدُّ (وہ کھینچتا ہے/ کھینچے گا)		یَعِدُ (وہ وعدہ کرتا ہے/ کرے گا)
	شَقَّ (اس نے پھاڑا)		وَجَدَ (اس نے پایا)
۳	یَشُقُّ (وہ پھاڑتا ہے/پھاڑے گا)	۴	یَجِدُ (وہ پاتا ہے/پائے گا)
	عَفَّ (وہ باز رہا)		وَصَفَ (اس نے خوبی بیان کی)
	یَعِفُّ (وہ باز رہتا ہے/رہے گا)		یَصِفُ (وہ خوبی بیان کرتا ہے/ کرے گا)
	خَفَّ (وہ ہلکا ہوا)		
	یَخِفُّ (وہ ہلکا ہوتا ہے/ہوگا)		

Marfat.com

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَفْعَالُ الْمَاضِيَةُ بِالطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى نَاقِصَةٌ مَفْتُوْحَةٌ اَلْحَرْفُ الثَّانِي، اَصْلُ اَلِفِهَا يَاءٌ أَوْ وَاوٌ، وَيُعْرَفُ هٰذَا الْاَصْلُ مِنَ الْمُضَارِعِ أَوِ الْمَصْدَرِ فَالْيَاءُ فِي "يَقْضِي" مَثَلاً تَدُلُّ عَلٰى أَنَّ الْاَلِفَ فِي "قَضٰى" اَصْلُهَا يَاءٌ، وَيُشَاهَدُ عِنْدَ قَرْنِ كُلِّ مَاضٍ بِمُضَارِعِهٖ اَنَّمَا اَصْلُ اَلِفِهٖ يَاءٌ يَكُوْنُ مِنْ بَابِ ضَرَبَ، وَمَا اَصْلُ الْاَلِفِهٖ وَاوٌ يَكُوْنُ مِنْ بَابِ نَصَرَ، وَلَوْ اَنَّكَ تَتَبَّعْتَ اَفْعَالاً كَثِيْرَةً مِنَ النَّاقِصِ مَفْتُوْحُ الثَّانِي لَرَاَيْتَ ذٰلِكَ مُطَّرِداً.

پہلے گروپ میں موجود ماضی کے افعال ناقص ہیں اور ان کا دوسرا حرف مفتوح ہے، اس کے الف کی اصل یاء ہے یا واؤ ہے، یہ اصل مضارع یا مصدر سے پہچانی جاسکتی ہے، پس یَقْضِی میں یاء ہے جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قَضٰی میں جو الف ہے اس کی اصل یاء ہے، اور ہر ماضی کو مضارع کے ساتھ ملانے کے وقت یہ مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ جس الف کی اصل یاء ہو وہ ضَرَبَ کے باب سے ہوگا، اور جس الف کی اصل واؤ ہو وہ نَصَرَ کے باب سے ہوگا۔ بیشک بہت سے افعال میں جو کہ ناقص سے ہوں اور دوسرا حرف مفتوح ہو تو ان میں آپ غور وخوض کریں تو ضرور ان کو اسی کے مطابق ہی دیکھیں گے۔

وَبِالطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ اَفْعَالٌ مَاضِيَةٌ جَوْفَاءُ مَفْتُوْحَةُ الثَّانِي، لِاَنَّ اَصْلَ سَارَ (سَيَرَ) وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُقَالُ فِي بَقِيَّةِ الْاَفْعَالِ، وَإِذَا تَأَمَّلْتَ اَلِفَ كُلِّ اَجْوَفَ هُنَا رَاَيْتَهَا مُنْقَلِبَةً عَنْ يَاءٍ أَوْ وَاوٍ، وَيُشَاهَدُ عِنْدَ مُقَابَلَةِ كُلِّ مَاضٍ بِمُضَارِعِهٖ، اَنَّ الْاَجْوَفَ مَفْتُوْحُ الثَّانِي. اِذَا كَانَتْ اَلِفُهٗ مُنْقَلِبَةً عَنْ يَاءٍ كَانَ مِنْ بَابِ ضَرَبَ، وَاِنْ كَانَتْ مُنْقَلِبَةً عَنْ وَاوٍ كَانَ مِنْ بَابِ نَصَرَ، وَهٰذِهٖ قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ اَيْضًا.

اور دوسرے گروپ میں موجود افعال ماضی کے ہیں جو کہ اجوف سے ہیں ان کا دوسرا حرف مفتوح ہے، اس لئے کہ سَارَ کی اصل سَيَرَ ہے، اور اسی کی مثل باقی

Marfat.com

افعال میں کہا جائے گا۔اور جب تو اجوف کی ہر الف میں غور کرے تو اس کو تو یاء سے یا واؤ سے بدل ہوا دیکھے گا اور اس کا مشاہدہ ہر ماضی کو مضارع کے ساتھ تقابل کرنے کے وقت ہوسکتا ہے، یقیناً اجوف کا دوسرا حرف مفتوح ہوتا ہے جس وقت اس کا الف یاء سے بدلا ہوا ہو تو وہ ضَـرَبَ کے باب سے ہوگا اور اگر واؤ سے بدلا ہوا ہو تو وہ نـصـر کے باب سے ہوگا۔اور ہر جگہ یہی قاعدہ مطابقت رکھنے والا ہوگا۔

وَبِالطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ اَفْعَالٌ مَاضِيَةٌ مُضَعَّفَةٌ مَفْتُوْحَةُ الثَّانِي ، لِاَنَّ اَصْلَ مَدَّ (مَدَدَ) وَكَذٰلِكَ يُقَالُ فِيْمَا بَعْدَهٗ، وَعِنْدَ تَأَمُّلِ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ يُرَى بَعْضُهَا مُتَعَدِّيًا كَمَا فِي الْفِعْلَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ، وَبَعْضُهَا لَازِماً كَمَا فِي الْفِعْلَيْنِ التَّالِيَيْنِ لَهُمَا، وَعِنْدَ النَّظْرِ إِلٰى كُلِّ مَاضٍ وَمُضَارِعِهٖ، يُمْكِنُ اَنْ يَسْتَنْبِطُ اَنَّ الْمُضَعَّفَ الْمَفْتُوْحَ الثَّانِيْ إِذَا كَانَ مُتَعَدِّيًا كَانَ مِنْ بَابِ نَصَرَ، وَإِذَا كَانَ لَازِماً كَانَ مِنْ بَابِ ضَرَبَ، وَهٰذِهٖ قَاعِدَةٌ تَقَعُ عَلَى الْكَثِيْرِ الْغَالِبِ.

اور تیسرے گروپ میں فعل ماضی مضاعف ہے جس کا دوسرا حرف مفتوح ہے اس لئے کہ مَدَّ کی اصل مَدَدَ ہے،اور اسی طرح ہی کہا جائے گا اس کے متعلق جو اس کے بعد ہو، اور ان افعال میں غور وفکر کرنے کے وقت بعض افعال متعدی دکھائی دیں گے جیسا کہ پہلے دو فعلوں میں ہے اور بعض لازم دکھائی دیں گے جیسا کہ ان کے بعد متصل دو فعلوں میں ہے۔اور ہر ماضی اور اس کے مضارع کے طرف غور وفکر کرنے کے وقت ممکن ہے کہ اس بات کا استنباط بھی ہو کہ مضاعف کا دوسرا حرف مفتوح ہوتا ہے جب وہ متعدی ہو تو نَصَرَ کے باب سے ہوگا اور جب وہ لازم ہو تو وہ ضَرَبَ کے باب سے ہوگا،اور یہی قاعدہ بہت سے مقامات پر واقع ہوتا ہے۔

وَبِالطَّائِفَةِ الْاَخِيْرَةِ اَفْعَالٌ مَاضِيَةٌ مِنْ نَوْعِ الْمِثَالِ الْوَاوِيِّ، وَهِيَ مَفْتُوْحَةُ الْحَرْفِ الثَّانِي، وَبِالرُّجُوْعِ إِلٰى مُضَارِعِهَا وَتَتَبُّعِ غَيْرِهَا مِنْ اَشْبَاهِهَا نَرٰى اَنَّهَا

Marfat.com

كَثِيْرًا مَّا تَكُوْنُ مِنْ بَابِ ضَرَبَ.

اور آخری گروپ میں موجود افعال ماضیہ مثال واوی کی قسم سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ دوسرے حرف کا مفتوح ہوتا ہے، اور اس کے مضارع کی طرف توجہ کرنے سے اور اس کے علاوہ اس کے مشابہ افعال میں غور وفکر کرنے سے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بہت سارے ایسے ہیں کہ جو ضَرَبَ کے باب سے تعلق رکھتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۴) اَلْمَاضِی الْمَفْتُوْحُ الثَّانِی:

وہ ماضی جس کا دوسرا حرف مفتوح ہو:

(ا) اِنْ كَانَ نَاقِصًا يَائِيًّا، اَوْ اَجْوَفَ يَائِيًّا، فَهُوَ مِنْ بَابِ ضَرَبَ، وَاِنْ كَانَ نَاقِصًا وَاوِيًّا ،اَوْ اَجْوَفَ وَاوِيًّا ، فَهُوَ مِنْ بَابِ نَصَرَ.

اگر ناقص یائی ہو یا اجوف یائی ہو تو وہ ضَرَبَ کے باب سے ہوگا، اور اگر وہ ناقص واوی ہو یا اجوف واوی ہو تو وہ نَصَرَ کے باب سے ہوگا۔

(ب) وَاِنْ كَانَ مُضَعَّفًا ، فَاِنْ كَانَ مُتَعَدِّيًا ، فَهُوَ مِنْ بَابِ نَصَرَ كَثِيْرًا ، وَاِنْ كَانَ لَازِمًا ، فَهُوَ مِنْ بَابِ ضَرَبَ غَالِبًا.

اور اگر مضاعف ہو اور متعدی ہو تو وہ اکثر اوقات نَصَرَ کے باب سے ہوگا، اور اگر لازم ہو تو پس وہ ضَرَبَ کے باب سے ہی ہوگا۔

(ج) وَاِنْ كَانَ مِثَالاً وَاوِيًّا ، فَهُوَ مِنْ بَابِ ضَرَبَ غَالِبًا. (۱)

اور اگر مثال واوی ہو تو وہ اکثر ضَرَبَ کے باب سے ہوگا۔

(۱) من خصائص الثلاثی ایضا ان کل فعل من باب فتح لا بد ان یکون وسطه او آخره حرف حلق و حروف الحلق هی الهمزة والخاء والحاء والعین والغین والهاء.

ثلاثی کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ فتح کے ہر باب میں ضروری ہے کہ اس درمیان یا آخر والا کلمہ حرف حلقی میں سے ہوگا اور حروف حلقی همزه، حاء، خاء، عین، غین اور هاء ہیں۔

Marfat.com

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

بَيِّنْ بَابَ كُلِّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ مَعَ ذِكْرِ السَّبَبِ ، ثُمَّ ضَعْ ثَلَاثَةً مِّنْهَا فِي جُمَلٍ تَامَّةٍ:

آنے والے افعال میں سے، ہر فعل کا باب بیان کریں نیز سبب بھی ذکر کریں پھر ان میں سے کوئی سے تین فعلوں کو جملوں میں استعمال کریں۔

وَرَدَ	شَدَّ	هَدَى	شَذَّ	نَوَى
قَسَا	شَاعَ	دَنَا	وَشَمَ (۱)	فَازَ

حل:

فعل	باب	سبب
وَرَدَ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	مثال واوی ہیں دوسرا حرف مفتوح ہے
شَدَّ	نَصَرَ يَنْصُرُ	مضاعف ثلاثی متعدی ہے
هَدَى	ضَرَبَ يَضْرِبُ	یائے اصلی الف سے بدل کر آئی ہے
شَذَّ	نَصَرَ يَنْصُرُ	مضاعف ثلاثی متعدی ہے
نَوَى	ضَرَبَ يَضْرِبُ	یائے اصلی الف سے بدل کر آئی ہے
قَسَا	نَصَرَ يَنْصُرُ	الف واؤ سے بدل کر آئی ہے
شَاعَ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	الف یاء سے بدل کر آئی ہے
دَنَا	نَصَرَ يَنْصُرُ	الف واؤ سے بدلی ہوئی ہے
وَشَمَ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	مثال واوی دوسرا حرف مفتوح ہے
فَازَ	نَصَرَ يَنْصُرُ	الف واؤ سے بدل کر آئی ہے

(۱) الوشم غرز الابرة في الجلد مع مادة ذات لون لتترك اثرا فيه.

(وشم کہتے ہیں کہ سوئی کسی رنگدار سیال مادہ میں ڈبو کر جلد میں چبھونا کہ اس جلد میں اس رنگ کا اثر باقی رہ جائے)

Marfat.com

جملے:

دیئے گئے افعال کا جملوں میں استعمال:

(۱) وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ (۲) شَذَّ رَجُلٌ عَنِ الْجَمَاعَةِ (۳) شَاعَ الْخَبَرُ فِي الْعَالَمِ

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

بَيِّنِ اللَّازِمَ وَالْمُتَعَدِّي مِنْ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالَ الْآتِيَةِ، وَاذْكُرْ بَابَهٗ ثُمَّ اسْتَعْمِلْ ثَلَاثَةً فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

آنے والے افعال میں سے لازم اور متعدی کے اعتبار سے ہر فعل کو اس کے باب کے ساتھ الگ الگ ذکر کریں اور ان میں سے تین کو جملوں میں رکھیں۔

هَدَّ	قَلَّ	قَرَّ	ضَمَّ	رَقَّ	قَصَّ	شَخَّ

حل:

دیئے گئے افعال کی لازم اور متعدی کے اعتبار سے تعیین۔

لازم		متعدی
شَخَّ		قَصَّ
قَلَّ		قَرَّ
رَقَّ		هَدَّ
		ضَمَّ

جملے:

دیئے گئے افعال کا جملوں میں استعمال۔

(۱) شَخَّ الشَّابُّ قَبْلَ الْوَقْتِ (۲) قَصَّ زَيْدٌ عَلَيْكَ الْخَبَرَ

(۳) قَلَّ الْمَاءُ فِي الْحَوْضِ

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

هَاتِ مُضَارِعَ كُلِّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنْ بَابَ كُلٍّ مِّنْهَا مَعَ ذِكْرِ السَّبَبِ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کا مضارع بنائیں اور ان میں سے ہر ایک کا باب سبب کے ساتھ ذکر کریں۔

قَادَ	قَضٰى	غَزَا	شَادَ	عَفَا

حل:

دیئے گئے افعال سے مضارع مع باب وسبب درج ذیل ہیں۔

ماضی	مضارع	باب	سبب
قَادَ	يَقُوْدُ	نَصَرَ يَنْصُرُ	ماضی میں الف اصل میں واؤ تھی
قَضٰى	يَقْضِي	ضَرَبَ يَضْرِبُ	ماضی میں الف اصل میں یاء تھی
غَزَا	يَغْزُوْ	نَصَرَ يَنْصُرُ	ماضی میں الف اصل میں واؤ تھی
شَادَ	يَشِيْدُ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	ماضی میں الف اصل میں یاء تھی
عَفَا	يَعْفُوْ	نَصَرَ يَنْصُرُ	ماضی میں الف اصل میں واؤ تھی

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

يُقَالُ "حَلَّ التِّلْمِيْذُ الْمَسْئَلَةَ" وَ "حَلَّ لِلْمَرِيْضِ الْفِطْرُ فِي رَمَضَانَ" فَمَا مُضَارِعُ كِلَيْهِمَا؟ وَمَا بَابُهَا؟ مَعَ بَيَانِ السَّبَبِ.

کہا جاتا ہے "حَلَّ التِّلْمِيْذُ الْمَسْئَلَةَ" اور "حَلَّ لِلْمَرِيْضِ الْفِطْرُ فِي رَمَضَانَ" تو ان دونوں کا مضارع کیا ہے اور اس باب مع سبب کے بیان کریں۔

Marfat.com

حل:

دیئے گئے افعال کا مضارع اور باب مع سبب درج ذیل ہے۔

"حَلَّ التِّلْمِيْذُ الْمَسْئَلَةَ" (شاگرد نے مسئلہ کرلیا) میں حل یہ باب نَصَرَ سے ہے، اور اس کا مضارع یَحِلُّ آتا ہے، اس کا سبب یہ ہے کہ متعدی ہے، جبکہ "حَلَّ لِلْمَرِيْضِ الْفِطْرُ فِي رَمَضَانَ" (مریض کے لئے رمضان کھانا کھل گیا) میں حَلَّ باب ضَرَبَ سے ہے اور اس کا مضارع یحل آتا ہے اور فعل لازم ہے جو کہ اس کا سبب ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

يُقَالُ "هَوَى النَّجْمُ" وَ"هَوِيَ الطِّفْلُ اُمَّهُ" فَمَا مُضَارِعُ كِلَيْهِمَا؟ وَمَا بَابُهُمَا؟ مَعَ بَيَانِ السَّبَبِ.

کہا جاتا ہے "هَوَى النَّجْمُ" اور "هَوِيَ الطِّفْلُ اُمَّهُ" تو ان دونوں کا مضارع کیا ہے اور ان دونوں کا باب مع سبب بیان کریں۔

حل:

دیئے گئے جملوں میں موجود فعل کا معنی اور باب مع اس کے سبب درج ذیل ہیں۔

"هَوَى النَّجْمُ" (ستارہ گر گیا) اور "هَوِيَ الطِّفْلُ اُمَّهُ" بچے نے اپنی ماں کو پسند کیا یعنی محبت کی، اب ان دونوں جملوں کے فعل کی تفصیل یہ ہے کہ هَوَى النَّجْمُ میں هَوٰى کا باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ہے کیونکہ یہ لازم ہے جبکہ هَوِيَ الطِّفْلُ اُمَّهُ میں هَوِيَ کا باب فَرِحَ يَفْرَحُ ہے کیونکہ یہ متعدی ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

ضَعْ فِعْلاً مِنْ كُلِّ نَوْعٍ مِنَ الْاَنْوَاعِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ.

آنے والی انواع میں سے ہر نوع کا ایک فعل جملہ مفید میں رکھیں۔

(ا) مُضَارِعٌ مُضَعَّفٌ مُتَعَدٍّ (ب) مَاضٍ نَاقِصٌ مِنْ بَابِ نَصَرَ

Marfat.com

مضارع مضاعف متعدی — باب نَصَرَ سے ناقص کی ماضی

(ن) مِثَالٌ مِنْ بَابِ ضَرَبَ — (ض) مَاضٍ اَجْوَفُ مِنْ بَابِ ضَرَبَ

باب ضَرَبَ سے مثال — باب ضَرَبَ سے اجوف کی ماضی

حل:

جملے:

(۱) مضارع مضاعف متعدی کی مثال (اَهَدُّ جِدَارَ بَيْتِيْ)

(۲) ماضی ناقص باب نصر سے جملہ (دَنَا زَيْدٌ اِلٰى صَدِيْقِهٖ)

(۳) مثال باب ضرب سے جملہ (وَشَمَ زَيْدٌ يَدَهٗ)

(۴) ماضی اجوف باب ضرب سے جملہ (نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ)

اَلتَّمْرِيْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ، وَبَيِّنْ بَابَ كُلِّ فِعْلٍ فِيْهِمَا، مَعَ ذِكْرِ السَّبَبِ.

آنے والے دو شعروں کی تشریح کریں اور ان دونوں میں موجود ہر فعل کا باب اس کے سبب کے ساتھ ذکر کریں۔

صَدِيْقِيْ مَنْ يَرُدُّ الشَّرَّ عَنِّيْ — وَيَرْمِيْ بِالْعَدَاوَةِ مَنْ رَمَانِيْ

''میرا دوست مجھ سے شر کو دور کرتا ہے اور اس شخص پر دشمنی کی وجہ سے پتھر پھینکتا ہے جس نے مجھ پر پتھر پھینکا''

وَيَصْفُوْلِيْ اِذَا مَا غِبْتُ عَنْهُ — وَاَرْجُوْهُ لِنَائِبَةِ الزَّمَانِ

''اور وہ میری خوبی بیان کرتا ہے جب میں اس سے غائب ہو جاؤں اور میں اس سے متبادل زمانے کی امید رکھتا ہوں''

حل:

دیئے گئے اشعار میں فعل اور ان کے ابواب مع سبب کے درج ذیل ہیں۔

Marfat.com

فعل	باب	سبب
يَرُدُّ	نَصَرَ يَنْصُرُ	متعدی ہے
يَرْمِيْ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	الف یاء سے بدل کر آئی ہے
رَمَا	ضَرَبَ يَضْرِبُ	الف یاء سے بدل کر آئی ہے
يَصْفُوْ	نَصَرَ يَنْصُرُ	الف واؤ سے بدل کر آئی ہے
غِبْتُ	ضَرَبَ يَضْرِبُ	الف یاء سے بدل کر آئی ہے
اَرْجُوْ	نَصَرَ يَنْصُرُ	الف واؤ سے بدل کر آئی ہے

پہلے شعر کی تشریح:

اس شعر میں شاعر اپنے دوست کی خوبی اور اپنے ساتھ محبت کو بیان کر رہا ہے کہ میرا دوست میرے لئے جان قربان کرنے کو تیار ہے کیونکہ وہ مجھ سے ہر طرح کے شر کو دور کرتا ہے اور دشمنوں کی طرح اس شخص کو پتھر مارتا ہے جس نے مجھے پتھر مارا تھا۔

دوسرے شعر کی تشریح:

اس شعر میں شاعر اپنے دوست اور محبوب کی خوبی بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ جب میں کئی دن تک اس سے نہ مل سکوں تو وہ میرے خلاف نفرت ظاہر نہیں کرتا بلکہ ہر ایک کے سامنے میری خوبیاں ہی بیان کرتا ہے، اور میں بھی صرف اسی کو ہی زمانے کا متبادل سمجھتا ہوں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اَلْإِبْدَالُ وَالْإِعْلَالُ

ابدال اوراعلال کا بیان

(۱) قَلْبُ الْاَلِفِ وَالْيَاءِ وَاوًا

الف اور یاءکو واؤ سے بدلنے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	شَاهَدَ السَّائِحُوْنَ الْهَرَمَ (سیاحوں نے ہرم دیکھے)	شُوهِدَ الْهَرَمُ (ہرم دیکھے گئے)
	حَاكَمَ الْقَاضِي الْمُتَّهَمَ (قاضی نے متہم پر حکم لگایا)	حُوكِمَ الْمُتَّهَمُ (متہم حکم لگایا گیا)
	سَامَحَ الْحَلِيْمُ الْمُذْنِبَ (بردبار نے گناہ گار سے تسامح کیا)	سُومِحَ الْمُذْنِبُ (گناہ گار سے تسامح کیا گیا)
۲	أَيْنَعَ الثَّمَرُ (پھل پک گیا)	فَالثَّمَرُ مُونِعٌ (پھل پکا ہوا ہے)
	أَيْسَرَ التَّاجِرُ (تاجر مالدار ہوگیا)	فَالتَّاجِرُ مُوسِرٌ (تاجر مالدار ہے)
	أَيْقَنْتُ بِالْخَبَرِ (میں نے خبر پر یقین کرلیا)	فَأَنَا مُوقِنٌ بِهِ (میں اس پر یقین کرنے والا ہوں)

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَفْعَالُ فِي الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى مَبْنِيَّةٌ لِلْمَعْلُوْمِ مُشْتَمِلَةٌ عَلٰى اَلِفٍ زَائِدَةٍ، وَفِي الْاَمْثِلَةِ الْمُقَابَلَةِ لَهَا تَرَى الْاَفْعَالَ نَفْسَهَا مَبْنِيَّةً لِلْمَجْهُوْلِ، وَتَرَى اَنَّ هٰذَا الْبِنَاءَ سَبَبُ ضَمِّ اَوَائِلِهَا، ثُمَّ اِنَّكَ لَا تَجِدُ الْاَلِفَ الَّتِيْ كَانَتْ فِي اَفْعَالِ الْقِسْمِ الْاَوَّلِ، وَتَجِدُ مَكَانَهَا وَاوًا، وَاِذَا بَحَثْتَ عَنْ سَبَبٍ لِهٰذَا التَّغْيِيْرِ

Marfat.com

لَاتَرَى إِلَّا حَدُوْثُ الضَّمِّ قَبْلَ الْاَلِفِ، وَكَذٰلِكَ شَأْنُ كُلِّ اَلِفٍ يَطْرَأُ الضَّمَّ عَلٰى مَا قَبْلَهَا، فَاِنَّهَا تُقْلَبُ وَاوًا.

پہلے گروپ میں موجود افعال مبنی للمعلوم ہیں اور الف زائدہ پر مشتمل ہیں، اور ان کے مقابلے میں موجود افعال مبنی للمجہول ہیں اور تو دیکھتا ہے کہ یہی بناء ان کے شروع میں ضمہ کا سبب بنی پھر یقیناً آپ وہ الف نہیں دیکھتے جو کہ پہلی قسم کے افعال میں تھی آپ اس کی جگہ پر واؤ کو پاتے ہیں اور جب آپ اس کی تحقیق سے متعلق بحث کریں تو آپ الف سے پہلے ضمہ کے علاوہ کچھ نہیں پائیں گے اور بالکل یہی حال ہر اس الف کا ہے جو کہ اس کے ماقبل پر ضمہ کو برداشت کرتا ہے کیونکہ وہ واؤ سے بدلا گیا ہے۔

وَالْاَفْعَالُ فِى الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ بِهَا يَاءٌ مَفْتُوْحٌ مَا قَبْلَهَا، وَإِذَا رَجَعْتَ إِلَى الْاَمْثِلَةِ الْمُقَابَلَةِ لَهَا لَا تَجِدُ هٰذِهِ الْاَفْعَالَ، بَلْ تَجِدُ اِسْمَ فَاعِلٍ لِكُلٍّ مِنْهَا، ثُمَّ اِنَّكَ لَاتَرَى فِى اِسْمِ الْفَاعِلِ الْيَاءَ الَّتِىْ كَانَتْ فِى فِعْلِهٖ، بَلْ تَجِدُ مَكَانَهَا وَاوًا، وَإِذَا تَسَاءَلْتَ عَنِ السَّبَبِ لَمْ تَرَ إِلَّا اَنَّ الْيَاءَ بَعْدَ اَنْ كَانَتْ فِى الْفِعْلِ سَاكِنَةً بَعْدَ فَتْحٍ اَصْبَحَتْ فِى اِسْمِ الْفَاعِلِ سَاكِنَةً بَعْدَ ضَمٍّ، وَلِهٰذَا قُلِبَتْ وَاوًا، وَكَذٰلِكَ كُلُّ يَاءٍ فِى غَيْرِ هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ تَقَعُ سَاكِنَةً بَعْدَ ضَمٍّ.

اور وہ افعال جو دوسرے گروپ میں ہیں ان میں یاء کا ماقبل مفتوح ہے، اور جب آپ ان کے مقابلے میں موجود مثالوں کی طرف توجہ کرتے ہیں تو وہاں ان افعال کو نہیں دیکھ پاتے بلکہ ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک اسم فاعل ہے پھر آپ اس اسم فاعل میں وہ یاء بھی نہیں دیکھتے جو کہ اس کے فعل میں تھی، بلکہ آپ اس کی جگہ پر واؤ کو پاتے ہیں اور جب آپ سبب سے متعلق سوال کریں تو وہاں آپ کچھ نہیں دیکھیں گے سوائے اس کے کہ جو یا فعل میں ساکن تھی فتحہ کے بعد اسم فاعل میں ساکن ہوگئی ضمہ کے بعد اور اسی طرح ہی ہے ہر وہ یاء جو کہ ان

Marfat.com

مثالوں کے علاوہ میں واقع ہوتو وہ ضمہ کے بعد ساکن ہوگی۔

فَاَنْتَ تَرَی مِنَ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ اَنَّ حَرْفاً وُضِعَ بَدْلَ حَرْفٍ، فَوُضِعَتِ الْوَاوُ بَدْلَ الْاَلِفِ فِی الْاَمْثِلَةِ الْاُوْلٰی، وَبَدْلَ الْیَاءِ فِی الْاَمْثِلَةِ الثَّانِیَةِ، وَهٰذَا یُسَمّٰی اِبْدَالاً، وَلَمَّا کَانَ الْحَرْفُ الْمُتَغَیِّرُ حَرْفَ عِلَّةٍ صَحَّ اَنْ یُسَمّٰی اِعْلَالاً اَیْضًا.

گذشتہ مثالوں میں آپ دیکھ چکے ہیں کہ ایک حرف کے بدلے ایک حرف کو رکھا گیا ہے، پس پہلی مثالوں میں الف کے بدلے واؤ کو رکھا گیا ہے، اور دوسری مثالوں میں واؤ کو یاء کے بدلے رکھا گیا ہے اور اسی کا نام ابدال رکھا جاتا ہے اور جب کوئی تبدیل شدہ حرف حرفِ علت ہوتو صحیح یہ ہے کہ اس کا نام بھی اعلال رکھا جائے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۵) اَلْاِبْدَالُ جَعْلُ حَرْفٍ مَکَانَ آخَرَ، وَاِذَا کَانَ الْحَرْفُ الْمُتَغَیِّرُ حَرْفَ عِلَّةٍ یُسَمّٰی اِعْلَالاً اَیْضًا. (۱)

ابدال کہتے ہیں کہ ایک حرف کی جگہ پر کوئی دوسرا حرف رکھنا اور جب کوئی تبدیل ہونے والا حرف، حرف علت ہوتو اس کا نام اعلال بھی رکھا جاتا ہے۔

(۱) یعد قلب الهمزة حرف علة اعلالا کما اذا اجتمع همزتان و کانت الثانیة ساکنة فانها تقلب مدا من جنس حرکة الاولی نحو آمن أومن ایمانا.

(۶) اِذَا وَقَعَتِ الْاَلِفُ بَعْدَ ضَمٍّ تُقْلَبُ وَاوًا.

جب الف ضمہ کے بعد واقع ہوجائے تو وہ واؤ سے بدل جاتی ہے۔

(۷) اِذَا وَقَعَتِ الْیَاءُ سَاکِنَةً بَعْدَ ضَمٍّ تُقْلَبُ وَاوًا.

جب یائے ساکنہ ضمہ کے بعد واقع ہوجائے تو وہ واؤ سے بدل جاتی ہے۔

تَمْرِیْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِیْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

اِبْنِ لِلْمَجْهُوْلِ کُلَّ فِعْلٍ مِمَّا یَأْتِیْ وَبَیِّنْ مَا یَحْدُثُ فِیْهِ مِنَ الْاِعْلَالِ وَسَبَبِهِ:

Marfat.com

آنے والے ہر فعل کو فعل مجہول میں بدلیں اور اس میں جو اعلال واقع ہوا ہے اس کو بمع سبب کے بیان کریں۔

زَاحَمَ	قَابَلَ	نَافَسَ	صَادَرَ
صَاحَبَ	بَادَرَ	جَاهَدَ	

حل:

فعل معلوم سے فعل مجہول کی طرف تحویل اور سبب کا بیان۔

زُوحِمَ	قُوبِلَ	نُوْفِسَ	صُوْدِرَ
صُوْحِبَ	بُوْدِرَ	جُوْهِدَ	

ان تمام مذکور افعال میں پہلے حرف کی حرکت کا ابدال ہوا تو مجہول بنانے کے لئے ضمہ دیدیا ، پھر ہر فعل میں مضموم حرف کے بعد الف ساکنہ واقع تھی تو اس کو اپنے ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ ساکن سے بدل ڈالا تو فعل معلوم سے فعل مجہول بن گیا ، اور ماضی مجہول کے قاعدہ کے مطابق واؤ کے بعد آنے والے حرف کی حرکت کا بھی کسرہ سے ابدال ہوا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

هَاتِ الْمُضَارِعَ ثُمَّ الْفَاعِلَ مِنَ الْفِعْلَيْنِ الْآتِيَيْنِ، وَبَيِّنْ مَا يَحْدُثُ فِي كُلٍّ مِّنْهُمَا مِنَ الْإِعْلَالِ:

آنے والے دونوں فعلوں کا پہلے مضارع بنائیں پھر اسم فاعل بنائیں اور بعد میں ان دونوں میں ہونے والی تعلیل کو بیان کریں۔

اَيِسَ ، اَيْتَمَ

Marfat.com

حل:

ماضی	مضارع	اسم فاعل	تعلیل
اَیْبَسَ	یُوْبِسُ	مُوْبِسٌ	مضارع میں یاء کو ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے بدلا دیا تو یُوْبِسَ ہوگیا اور اسم فاعل میں ایسے ہی ہوا
اَیْتَمَ	یُوْتِمُ	مُوْتِمٌ	اس میں بھی تعلیل بالکل اَیْبَسَ کی طرح ہے

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

بَیِّنِ الْوَاوَ الْاَصْلِیَّةَ وَالْوَاوَ الْمُنْقَلِبَةَ عَنْ حَرْفٍ آخَرَ فِی الْکَلِمَاتِ الْآتِیَةِ :
آنے والے کلمات میں واؤ اصلیہ اور کسی دوسرے حرف سے منقلب ہونے والی واؤ کو بیان کریں۔

اَوْصَی	حُوْرِبَ	مُوْقِدٌ	مُوْقِظٌ

حل:

واؤ اصلیہ اور منقلبہ کا ذکر درج ذیل ہے۔
اَوْصٰی میں واؤ اصلی ہے۔
حُوْرِبَ میں واؤ منقلبہ ہے جو کہ حَارَبَ کی الف سے بدل کر آئی ہے۔
مُوْقِدٌ میں واؤ اصلی ہے۔
مُوْقِظٌ میں واؤ منقلبہ ہے جو کہ اَیْقَظَ کی یاء سے بدل کر آئی ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِبْنِ الْاَفْعَالَ الْآتِیَةَ لِلْمَعْلُوْمِ، وَاذْکُرْ سَبَبَ ذِهَابِ اِعْلَالِهَا:
آنے والے افعال کو افعال معلومہ کی طرف تبدیل کریں اور ان کی تعلیل کے سبب کے چلے جانے کو ذکر کریں۔

ضُوْرِبَ	قُوْجِیَ	عُوْمِلَ	غُوْلِبَ
حُوْسِبَ	قُوْسِمَ	عُوْقِبَ	عُوْجِلَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے افعال کی معروف کی طرف تبدیلی اور سبب کے ختم ہونے کا بیان۔

ضَارَبَ	فَاجَأَ	عَامَلَ	غَالَبَ
حَاسَبَ	قَاسَمَ	عَاقَبَ	عَاجَلَ

مندرجہ بالا تمام افعال کا تعلق باب مُفَاعَلَةٌ کی ماضی سے ہے جس کا الف ماضی مجہول بناتے وقت ماقبل مضموم ہونے کی وجہ سے واؤ ساکنہ سے بدل جاتا ہے لیکن جب یہ ماضی مجہول کا سبب ختم ہو جائے تو الف دوبارہ اصلی حالت میں واپس آ جاتا ہے ان سب افعال میں ایسے ہی ہوا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِّنْهَا عَلٰى فِعْلٍ قُلِبَتْ فِيْهِ الْاَلِفُ وَاوًا، وَثَلَاثًا اُخْرٰى تَشْتَمِلُ عَلٰى فِعْلٍ بِهٖ وَاوٌ اَصْلِيَّةٌ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل پر مشتمل ہو جس میں الف واؤ سے بدلی گئی ہو اور تین فعل دوسرے ایسی طرز کے کہ ان کی واؤ اصلی ہو۔

حل:

تین ایسے جملے کہ جن میں واؤ الف سے بدل کر آئی ہے۔

(۱) خُوْدِعَ ابْنُ عَمِّكَ فِي السُّوْقِ (۲) عُوْقِبَ زَيْدٌ فِي مَرْكَزِ الْبُوْلِيْسِ.

(۳) قُوْتِلَ الْكَافِرُ فِي الْحَرْبِ.

تین ایسے جملے کہ جن میں واؤ اصلی ہے۔

(۱) مَنْ يُوْقِظُكَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ (۲) مَنْ يُوْقِدُ الْمِصْبَاحَ فِي الْمَسْجِدِ.

(۳) مَنْ يُوْضِحُ هٰذَا الْاِجْمَالَ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۶ (مشق نمبر۶)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ ثُمَّ بَيِّنْ مَا فِي الْفِعْلَيْنِ الْمَاضِيَيْنِ مِنْ إِعْلَالٍ.

دونوں شعروں کی تشریح کریں اور ماضی کے دونوں فعلوں کی تعلیل کو بیان کریں۔

Marfat.com

إِذَا نُوْدِيَ لِلْخَيْرِ فَكُنْ أَوَّلَ سَبَّاقِ

"جب خیر کے لئے آواز لگائی جائے تو تُو سب سے پہلے اس میں سبقت کرنے والا ہو"

وَإِنْ عُوْدِيْتَ فَاسْتَعْصِمْ بِآدَابٍ وَ اَخْلَاقِ

"اور تجھ سے بار بار کوئی بات پوچھی جائے تو آداب اور اخلاق کو مضبوطی سے پکڑ"

حل:

دیئے گئے شعروں کی تشریح:

پہلے شعر میں شاعر مخاطب کو اس بات کی ترغیب دے رہا ہے کہ جب مطلقاً کسی بھلائی کے کام کی آواز لگائی جارہی ہو تو اس میں تو سب سے پہلے سبقت کر اور بھلائی کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے۔

دوسرے شعر میں شاعر مخاطب سے کہہ رہا ہے کہ جب آپ سے لوگ بار بار کسی چیز کا سوال کریں اگرچہ طبیعت اس وقت تنگ ہوجاتی ہے مگر تو آداب اور اخلاق کا دامن ہرگز نہ چھوڑ بلکہ اس کو مضبوطی سے تھامے رکھ۔

دیئے گئے شعروں میں موجود افعال کی تعلیل کا بیان:

نُوْدِيَ: اصلی میں نَادٰی تھا تو جب اس سے ماضی مجہول بنائی گئی تو حرف اول کو ضمہ دینے کے بعد اس کے بعد جو الف تھی اس کو واؤ سے بدل دیا گیا۔

كُنْ: اصل میں اُكْوُنْ تھا تو واؤ پر ضمہ ثقیل تھا اس کا ماقبل صحیح ساکن تھا نقل کر کے ماقبل کو دیدیا تو اُكُوْنْ ہوگیا پھر واؤ کو التقائے ساکنین کی وجہ سے گرادیا تو اُكُنْ ہوگیا، پھر شروع میں ہمزہ جو کہ امر کا تھا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گرادیا تو كُنْ ہوگیا۔

عُوْدِيْتَ: اصل میں عَادَيْتَ تھا پھر جب اس سے ماضی مجہول بنائی گئی تو شروع میں ہمزہ لائے تو مابعد الف کو واؤ سے بدل دیا، باقی ماضی کے قانون کے تحت دال کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا تو عُوْدِيْتَ ہوگیا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۲) قَلْبُ الْوَاوِ يَاءً

واؤ کو یاء سے بدلنے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	يَسُوْدُ الْمَرْءُ بِأَدَبِهِ آدمی اپنے ادب کی وجہ سے ہی بزرگ اشرف (سردار) بنتا ہے لِكُلِّ امْرِءٍ مَّا نَوَى ہر آدمی کے لئے وہی ہے جو اس نے نیت کی يَهُوْنُ الْعَمَلُ (کام آسان ہوتا ہے)	فَكُنْ سَيِّداً پس تو سردار بن جا فَالْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ پس اعمال نیتوں سے ہیں فَالْعَمَلُ هَيِّنٌ (پس کام آسان ہے)
۲	أَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ آزاد آدمی نے جو وعدہ کیا اس کو پورا کیا تُوْزَنُ الْاُمُوْرُ بِالْعَقْلِ کام عقل کے ساتھ تولے جاتے ہیں اَوْرَقَ الشَّجَرُ (درخت نے پتے نکالے)	فَأَنْجِزِ الْمِيْعَادَ (وعدہ کو پورا کر) لِاَنَّهُ خَيْرُ مِيْزَانٍ اس لئے کہ وہ بہترین ترازو ہے فَزَانَهُ الْإِيْرَاقُ پس خوبصورت بنادیا درخت کو پتوں کے نکلنے نے
۳	يَعْدُو الْمَرْءُ عَلٰى أَخِيهِ آدمی اپنے بھائی پر حملہ کرتا ہے يَسْمُو الْوَطَنُ بِأَبْنَائِهِ وطن اپنے نوجوانوں کی وجہ سے بلند ہوتا ہے وَيَعْلُو بِرِجَالِهِ اور وہ اپنے افراد سے ہی ترقی کرتا ہے	وَأَنْدَمُهُمَا الْعَادِي اور ان دونوں کو دشمن نے پشیمان کر دیا إِذَا كَثُرَ فِيْهِمُ السَّامِي جب ان میں شان والے زیادہ ہو جائیں إِلٰى قِمَّةِ الشَّرَفِ الْعَالِي بہت بلند و بالا چوٹیوں تک

Marfat.com

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ إِلٰى اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى تَجِدُ اَفْعَالًا ثَلَاثَةً هِيَ : يَسُوْدُ، وَنَوَى، وَيَهُوْنُ وَكُلٌّ مِّنْهَا مُشْتَمِلٌ عَلٰى وَاوٍ، وَلٰكِنَّكَ إِذَا نَظَرْتَ إِلَى الْاَمْثِلَةِ الْمُقَابَلَةِ لَهَا لَا تَجِدُ هٰذِهِ الْوَاوَ فِي سَيِّدٍ وَنِيَّةٍ وَهَيِّنٍ، مَعَ اَنَّهَا مِنْ مَادَّةِ الْاَفْعَالِ فَلَا بُدَّ اَنْ يَّكُوْنَ سَيِّدٌ اَصْلُهٗ سَيْوِدٌ ، وَنِيَّةٌ اَصْلُهَا نَوِيَةٌ، وَهَيِّنٌ اَصْلُهَا هَيْوِنٌ، فَاَصُوْلُ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ قَدِ اجْتَمَعَ فِي كُلٍّ مِّنْهَا الْوَاوُ وَالْيَاءُ ، وَالْاُوْلٰى مِنْهَا سَاكِنَةٌ فَقُلِبَتِ الْوَاوُ يَاءً وَاُدْغِمَتِ الْيَاءُ فِي الْيَاءِ وَكَذٰلِكَ يُصْنَعُ بِكُلِّ كَلِمَةٍ تُشْبِهُ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ، وَمِنْ ذٰلِكَ اِسْمُ الْمَفْعُوْلِ مِنْ نَحْوِ : قَضٰى وَرَمٰى ، فَإِنَّكَ تَقُوْلُ فِيْهِ مُقْضِيٌّ وَمَرْمِيٌّ، وَالْاَصْلُ مَقْضُوْيٌ وَ مَرْمُوْيٌ.

آپ پہلے گروپ کی مثالوں کی طرف توجہ کریں تو آپ تین قسم کے افعال کو پائیں گے وہ يَسُوْدُ، نَوَىَ اور يَهُوْنُ ہے اوران میں سے ہر ایک واؤ پر مشتمل ہے، اور لیکن جب آپ ان کے مقابل مثالوں میں توجہ کریں تو آپ یہی واؤ سَيِّدٌ اور نِيَّةٌ اور هَيِّنٌ باوجود اس کے کہ وہ افعال کے مادہ سے ہی ہیں پس ضروری ہے کہ سَيِّدٌ کی اصل سَيْوِدٌ ہو اور نِيَّةٌ کی اصل نَوِيَةٌ ہو اور هَيِّنٌ کی اصل هَيْوِنٌ ہو، میں نہیں پائیں گے، پس ان کلمات کی اصل تحقیقات جمع ہو گئیں ہیں واؤ اور یاء ان میں سے ہر ایک میں اور ان دونوں میں سے پہلی ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل دیا گیا اور پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا، اور ایسے ہی ہر اس کلمے میں کیا جاتا ہے جو کہ ان کلمات کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے، اور اسی وجہ سے قَضٰى اور رَمٰى جیسے افعال کے اسم مفعول میں بھی یہی ہوتا ہے تو یقیناً مَقْضِيٌّ اور مَرْمِيٌّ جن کلمات میں ہوں گے ان کی اصل مَقْضُوْيٌ اور مَرْمُوْيٌ ہے۔

خُذِ الطَّائِفَةَ الثَّانِيَةَ تَجِدْ بِكُلِّ مِثَالٍ فِعْلًا بِهٖ وَاوٌ وَلٰكِنَّكَ فِي الْاَمْثِلَةِ الْمُقَابَلَةِ لَا تَجِدُ هٰذِهِ الْوَاوَ فِي الْكَلِمَاتِ : مِيْعَادٌ وَمِيْزَانٌ وَإِيْرَاقٌ وَتَجِدُ مَكَانَ الْوَاوِ

Marfat.com

يَاءً ، فَلَابُدَّ اَنْ يَّكُوْنَ اَصْلُ هٰذِهِ الْيَاءِ وَاوًا، وَاَنَّ اَصْلَ الْكَلِمَاتِ : مِوْعَادٌ مِوْزَانٌ اِوْرَاقٌ، وَلٰكِنْ لَمَّا كَانَتِ الْوَاوُ فِيْهَا سَاكِنَةً وَمَا قَبْلَهَا مَكْسُوْرًا قُلِبَتْ يَاءً ، وَكَذٰلِكَ تُقْلَبُ يَاءً كُلُّ وَاوٍ سَاكِنَةٍ بَعْدَ كَسْرٍ.

آپ دوسرے گروپ کولیں تو آپ ہر مثال میں ایسے فعل کو پائیں گے کہ اس کے ساتھ واؤ ہوگی اور لیکن آپ اس کے مقابلہ میں موجود مثالوں میں موجود کلمات مِیْعَادٌ، مِیْزَانٌ اور اِیْرَاقٌ میں نہیں پائیں گے بلکہ واؤ کی جگہ یاء کو پائیں گے، پس ضروری ہے کہ اس یاء کی اصل واؤ ہو اور یقیناً کلمات کی اصل مِوْعَادٌ، مِوْزَانٌ اور اِوْرَاقٌ ہے، اور لیکن جب ان میں واؤ ساکن تھی اور اس کا ماقبل مکسور تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا گیا اور اسی طرح ہی ہر ہواؤ ساکن جو کہ کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل دی جاتی ہے۔

وَفِی الْاَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ تَرَی الْاَفْعَالَ : یَعْدُوْ یَسْمُوْ یَعْلُوْ وَهِیَ وَاوِیَّةٌ وَلٰكِنَّكَ فِی الْاَمْثِلَةِ الَّتِیْ اَمَامَهَا لَا تَجِدُ الْوَاوَ فِی الْعَادِیْ وَالسَّامِیْ وَالْعَالِیْ، وَمِنْ ذٰلِكَ یُمْكِنُ اَنْ تَسْتَنْبِطَ اَنَّ اَصْلَهَا الْعَادِوْ وَالسَّامِوْ وَالْعَالِوْ، وَاَنَّهٗ لِوُقُوْعِ الْوَاوِ مُتَطَرِّفَةً بَعْدَ كَسْرٍ قُلِبَتْ یَاءً ، وَكَذٰلِكَ كُلُّ وَاوٍ تَجْمَعُ هٰذَیْنِ الشَّرْطَیْنِ.

اور تیسرے گروپ میں موجود مثالوں کے افعال کو آپ دیکھیں گے کہ وہ یَعْدُوْ، یَسْمُوْ ، یَعْلُوْ ، یہ سب واوی ہیں، اور لیکن آپ ان مثالوں کی مقابلے میں موجود مثالوں کے اندر مثلاً اَلْعَادِیْ، اَلسَّامِیْ اور اَلْعَالِیْ میں واؤ کو نہیں دیکھ پاتے اور اس وجہ سے ممکن ہے کہ آپ استنباط کریں کہ ان کی اصل اَلْعَادِوْ، اَلسَّامِوْ اور اَلْعَالِوْ ہے، اور آپ کا یہ استنباط ہر ایک کلمہ میں واؤ کے کسرہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے ہے اور ہر واؤ ایسے ہی جس میں یہ دونوں شرطیں ہوں۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ:

(۸) تُقْلَبُ الْوَاوُ يَاءً.

واؤ کو یاء کر دیا جاتا ہے۔

(ا) إِذَا اجْتَمَعَتْ هِيَ وَالْيَاءُ فِي كَلِمَةٍ وَكَانَتِ الْأُوْلٰى مِنْهُمَا سَاكِنَةً.

جب واؤ اور یاء ایک ہی کلمہ میں جمع ہو جائیں اور ان دونوں میں سے پہلا ساکن ہو۔

(ب) إِذَا وَقَعَتْ سَاكِنَةً بَعْدَ كَسْرٍ.

جب ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو۔

(ج) إِذَا وَقَعَتْ مُتَطَرِّفَةً بَعْدَ كَسْرٍ.

جب کنارے پر کسرہ کے بعد واقع ہو۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

اُذْكُرْ اَصْلَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ بِالرُّجُوْعِ إِلَى الْفِعْلِ، وَبَيِّنْ مَا حَدَثَ فِيْهَا مِنَ الْإِعْلَالِ.

آنے والے کلمات میں ہر ایک کلمہ کی اصل کو فعل کی طرف لوٹانے کے ساتھ ذکر کریں اور اس میں جو اعلال ہوا اس کو بھی بیان کریں۔

خَلِيٌّ (اَلْخَلِيُّ اَلْخَالِي مِنَ الْهَمِّ)	مِيْرَاثٌ	اِيْرَادٌ
اَلدَّانِي	اَلْقَاسِي	مَيِّتٌ

حل:

دیئے گئے کلمات کی اصل کا ذکر درج ذیل ہے۔

خَلِيٌّ: یہ خَلَا (جو کہ اصل میں خَلَوَ تھا واؤ مفتوحہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف

Marfat.com

سے بدلا تو خَلاَ ہوگیا) سے ہے جو کہ فعل ماضی ہے اور خَلِیٌّ اصل میں خَلَوِیٌّ تھا تو واوَ کے نیچے کسرہ ثقیل تو اس کو نقل کر کے ماقبل صحیح ساکن کو دیا تو خَلِوْیٌ ہوگیا تو اب واوَ اور یاء اکٹھے ہوگئے اور ان میں سے اول ساکن تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا تو خَلِیْیٌ ہوگیا اب دو یاء اکٹھی ہوگئیں تو ان کا ادغام کر دیا تو خَلِیٌّ ہوگیا۔

مِیْرَاثٌ : اصل میں مِوْرَاثٌ تھا، اس کا فعل ماضی وَرِثَ آتا ہے، تو واوَ ساکنہ کسرہ کے بعد واقع ہوئی تو اس کو یاء سے بدل دیا تو مِیْرَاثٌ ہوگیا۔

اِیْرَادٌ: اصل میں اِوْرَادٌ تھا اس کی ماضی اَوْرَدَ آتی ہے تو اس میں واوَ ساکن ماقبل مکسور تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا تو اِیْرَادٌ ہوگیا۔

اَلدَّانِی اور اَلْقَاسِی: دونوں اصل میں اَلدَّانِوُ اور اَلْقَاسِوُ تھے۔ (جن کی ماضی دَنَا اور قَسَا جو کہ اصل میں دَنَوَ اور قَسَوَ آتی ہے) تو واوَ پر ضمہ ثقیل ہونے کیوجہ سے گرا دیا تو اب واوَ دونوں میں ساکن ہوگئی اور اس سے پہلے کسرہ تھا تو واوَ کو یاء سے بدل دیا تو اَلدَّانِی اور اَلْقَاسِی ہوگیا۔

مَیِّتٌ: اصل میں مَیْوِتٌ تھا تو واوَ پر کسرہ تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا تو اب دو یاء اکٹھے ہوگئے تو دونوں کا ادغام کر دیا تو مَیِّتٌ ہوگیا یہ بالکل سَیِّدٌ کی طرح ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

مَصْدَرُ کُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِیَةِ عَلٰی مِثَالِ "اَکْرَمَ" فَهَاتِهِ وَبَیِّنْ مَا حَدَثَ فِیْهِ مِنَ الْاِعْلَالِ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل اَکْرَمَ کی مثال پر ہے۔ پس ہر ایک کا مصدر بنائیں اور اس میں جو تعلیل ہو اس کو بیان کریں۔

أَوْلَمَ	أَوْقَدَ	أَوْعَزَ	أَوْجَزَ
أَوْمَأَ	أَوْصَلَ	أَوْقَعَ	أَوْقَدَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے افعال کے مصادر درج ذیل ہیں۔

اَوْلَمَ کا مصدر اِیْلَامٌ، اَوْقَدَ کا مصدر اِیْقَادٌ، اَوْعَزَ کا مصدر اِیْعَازٌ، اَوْجَزَ کا مصدر اِیْجَازٌ، اَوْصَلَ کا مصدر اِیْصَالٌ، اَوْقَعَ کا مصدر اِیْقَاعٌ اور اَوْفَدَ کا مصدر اِیْفَادٌ ہے۔

ان تمام میں مِیْعَادٌ کی طرح ہی تعلیل ہوئی ہے کیونکہ سب افعال کے مصادر میں واؤ ساکن ماقبل کسرہ تھا تو واؤ کو یاء سے بدل دیا گیا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

هَاتِ اِسْمَ الْمَفْعُوْلِ لِكُلِّ فِعْلٍ مِّنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنْ مَا حَدَثَ فِيْهِ مِنَ الْاِعْلَالِ.

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کا اسم مفعول لائیں اور جو اس اعلال کے اعتبار سے واقع ہو اس کو بیان کریں۔

رَمٰی	شَفٰی	بَرَی
نَسِیَ	لَقِیَ	کَفٰی

حل:

دیئے گئے افعال سے اسم مفعول کی بناء اور اعلال کا ذکر درج ذیل ہے۔

رَمٰی سے اسم مفعول مَرْمِیٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَرْمُوْیٌ بروزن مَضْرُوْبٌ تھا واؤ اور یاء جمع ہو گئیں ان میں سے اول ساکن تھا تو اس کو یاء سے بدل دیا سَیِّدٌ کے قانون کے تحت پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مَرْمُیٌّ ہو گیا، پھر یاء کی مناسبت کی وجہ سے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو مَرْمِیٌّ ہو گیا۔

شَفٰی سے اسم مفعول مَشْفِیٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَشْفُوْیٌ تھا۔

بَرَی سے اسم مفعول مَبْرِیٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَبْرُوْیٌ تھا۔

Marfat.com

نَسِيَ سے اسم مفعول مَنْسِيٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَنْسُوْیٌ تھا۔
لَقِيَ سے اسم مفعول مَلْقِيٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَلْقُوْیٌ تھا۔
كَفَى سے اسم مفعول مَكْفِيٌّ آتا ہے جو کہ اصل میں مَكْفُوْیٌ تھا۔
باقی ان سب کا اعلال بالکل اسی طرح ہے جس طرح مَرْمِيٌّ میں ہوا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر ۴)

اُذْكُرْ مَا فِي الْمَصَادِرِ الْآتِيَةِ مِنْ إِعْلَالٍ.
آنے والے مصادر میں کیا تعلیل ہے ذکر کریں۔

طَيٌّ (فِعْلُهٗ طَوَى)	غَيٌّ (فِعْلُهٗ غَوَى)	لَيٌّ (فِعْلُهٗ لَوَى)

حل:

دیئے گئے مصادر میں تعلیل کا بیان۔
طَيٌّ اصل میں طَوْیٌ تھا تو اس میں واؤ اور یاء طرف میں واقع تھیں اور ان میں سے اول ساکن تھا تو اس واؤ کو یاء سے بدل دیا اور پھر دو یاء اکٹھے ہو گئے تو دونوں کا آپس میں ادغام کر دیا تو طَيٌّ ہو گیا اس کے علاوہ غَيٌّ اور لَيٌّ میں بھی تعلیل کا بالکل اس طرح ہے جس طرح کہ طَيٌّ میں ہوئی ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

مَصْدَرُ كُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ عَلٰى مِثَالِ "اِسْتِغْفَارٍ" فَهَاتِهِ، وَاذْكُرْ نَوْعَ الْاِعْلَالِ الَّذِيْ يَحْدُثُ بِهٖ، وَسَبَبَهٗ.
آنے والے افعال میں سے ہر فعل کا مصدر اِسْتِغْفَارٍ کی مثال پر ہے پس ہر فعل سے اس کا مصدر لائیں اور اعلال کی اس نوع کو ذکر کریں جو کہ واقع ہوئی ہے اور اس کا سبب بیان کریں۔

اِسْتَوْعَبَ	اِسْتَوْقَفَ	اِسْتَوْرَدَ	اِسْتَوْحَشَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے افعال سے ہر ایک مصدر اور اعلال نوع اور سبب کا ذکر درج ذیل ہے۔

اِسْتَوْعَبَ کا مصدر اِسْتِیْعَابٌ ،اِسْتَوْقَفَ کا مصدر اِسْتِیْقَافٌ، اِسْتَوْزَدَ کا مصدر اِسْتِیْرَادٌ اور اِسْتَوْحَشَ کا مصدر اِسْتِیْحَاشٌ آتا ہے۔اب اس میں جو اعلال واقع ہوا ہے وہ یہ ہے کہ فعل کے ف کلمہ کے مقابلہ میں واؤ ساکن تھی اور اس کا ماقبل مکسور تھا تو اسی سبب کی وجہ سے واؤ کو یاء کر دیا اور پھر لام کلمہ سے قبل الف کو لائے جو کہ باب اِسْتِفْعَالٌ کے مصدر کی علامت ہے، تو اس طرح ہر فعل اِسْتِغْفَارٌ کے وزن پر اعلال کے بعد واقع ہوا۔ اور اس میں اعلال کی نوع جو کہ واقع ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ ہر ایسی واؤ جو کہ ساکن ہو اور اس سے پہلے کسرہ ہو تو اس کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔سب افعال کے مصادر میں ایسے ہی ہوا ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ٦ (مشق نمبر٦)

هَاتِ اِسْمَ الْفَاعِلِ مُعَرَّفًا بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ لَمَّا يَأْتِي، وَإِذَا حَدَثَ بِهِ إِعْلَالٌ فَاشْرِحْهُ.

نیچے دیئے گئے افعال سے اسم فاعل معرف باللام کو لائے اور جو اس میں اعلال پیدا ہوا اس کی تشریح کریں۔

بَدَا	رَنَا	شَبَكَا	طَفَا (اَلشَّيْءُ فَوْقَ الْمَاءِ لَمْ يَرْسُبْ)
خَلَا	عَفَا	صَفَا	

حل:

دیئے گئے تمام افعال سے اسم افعال معرف باللام کی بناء اور اس میں ہونے والی تعلیل کی وضاحت کا ذکر درج ذیل ہے۔

بَدَاٌ سے اسم فاعل بَادٍ آتا ہے جو کہ اصل میں بَادِوٌ تھا واؤ طرف میں واقع ہوئی اور اس کا

Marfat.com

ماقبل مکسور تھا تو واؤ کو یاء سے بدل ڈالا تو بَادِیٌ ہوگیا۔ اب اس کو معرف باللام کرنے کے لئے شروع الف لام تعریف کا لائے اور آخر سے تنوین کو گرادیا بَادِیٌ سے اَلْبَادِیُ ہوگیا۔ اسی طرح سب افعال میں تعلیل ہوگی، یہاں پر صرف ان کے اسم فاعل کو معرف باللام کر کے لکھا جاتا ہے۔

رَنَا سے رَانِوٌ سے رَانِیٌ سے اَلرَّانِی.
شَکَا سے شَاکِوٌ سے شَاکِیٌ سے اَلشَّاکِی.
طَفَا سے طَافِوٌ سے طَافِیٌ سے اَلطَّافِی.
خَلاَ سے خَالِوٌ سے خَالِیٌ سے اَلْخَالِی.
عَفَا سے عَافِوٌ سے عَافِیٌ سے اَلْعَافِی.
صَفَا سے صَافِوٌ سے صَافِیٌ سے اَلصَّافِی.

باقی اسم فاعل کے کلمے میں الف لام کے بعد والے حرف کا مشدد ہونا اور بعض میں مشدد نہ ہونا یہ حروف شمسی اور قمری کی وجہ سے ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

بَیِّنْ مَا بِهٖ إِعْلاَلٌ وَمَا لَیْسَ بِهٖ إِعْلاَلٌ مِنَ الْکَلِمَاتِ الْآتِیَةِ مَعَ ذِکْرِ السَّبَبِ.

آنیوالے کلمات میں یہ بات بیان کریں کہ اعلال کن ہوا ہے اور کن میں نہیں ہوا مع سبب۔

اَلْقَاضِی	اَلدَّاعِی	مِیْلاَدٌ	اِیْسَارٌ
اِیْقَاظٌ	وَفِیٌّ	بَیِّنٌ	مَهْدِی

حل:

دیئے گئے کلمات کی کیفیت مع سبب کے درج ذیل ہے۔

اَلْقَاضِی، وَفِیٌّ، بَیِّنٌ میں سے اَلْقَاضِی اصل میں قَاضِیٌ تھا شروع الف لام کو لائے تو تنوین کو حذف کر دیا تو اس کی یاء جو کہ حذف کر دی گئی تھی واپس آ گئی۔

وَفِیٌّ اور بَیِّنٌ میں دو یاؤں کا ادغام کیا گیا ہے۔

Marfat.com

اَلدَّاعِی اصل میں دَاعِ تھا تو الف لام جب شروع میں لائے تو تنوین کو آخر سے گرا دیا گیا تو وہ یا جو کہ واؤ سے بدلی ہوئی تھی وہ واپس آ گئی، تو اَلدَّاعِی ہو گیا۔

مِیلَادٌ، اِیسَارٌ، اِیقَاظٌ ان سب میں واؤ ساکن تھی اور اس سے ماقبل ضمہ تھا تو ماقبل کسرہ کی وجہ سے واؤ کو یاء سے بدل دیا۔ مَهْدِیٌّ میں اعلال بالکل مَرْمِیٌّ کی طرح ہے جس کی مکمل تفصیل کے ساتھ تعلیل اسی سبق کی تمرین ۳ میں گزر چکی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

لیکن اتنی بات ضرور یاد رکھیں کہ یہ مَهْدُوٌّ اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

هَاتْ ثَلَاثَةَ اَمْثِلَةٍ لِاسْمِ الْمَفْعُوْلِ مِنَ النَّاقِصِ الْيَائِي الثُّلَاثِي، وَثَلَاثَةً لِاسْمِ الْفَاعِلِ مِنَ النَّاقِصِ الْوَاوِي الثُّلَاثِي، وَبَيِّنْ مَا بِهَا جَمِيْعًا مِنْ إِعْلَالٍ.

ناقص یائی ثلاثی سے اسم مفعول کی تین مثالیں لائیں اور تین مثالیں ناقص واوی ثلاثی سے اسم فاعل کی لائیں اور ان تمام میں جو اعلال ہو اس کو بھی بیان کریں۔

حل:

(۱) ناقص یائی ثلاثی سے اسم مفعول کی تین مثالیں:

(۱) مَخْشِیٌّ: اصل میں مَخْشُوْیٌ تھا، واؤ اور یاء طرف میں واقع ہوئیں ان میں اول ساکن واؤ تھی تو اس کو یاء سے بدل دیا پھر یاء کی مناسبت کی وجہ سے ماقبل کو ضمہ کے کسرہ سے بدل دیا اب دو یاء اکٹھے ہو گئے تو ادغام کر دیا تو مَخْشِیٌّ ہو گیا۔

(۲) مَرْعِیٌّ: اصل میں مَرْعُوْیٌ تھا، واؤ یاء طرف میں واقع تھیں اول ساکن تھی تو یاء سے بدل دیا پھر دوبارہ اکٹھی ہو گئیں، پھر یاء کی مناسبت کی وجہ سے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا اور پھر دونوں یاؤں کا ادغام کر دیا، تو مَرْعِیٌّ ہو گیا۔

(۳) مَسْبِیٌّ: اصل میں مَسْبُوْیٌ تھا باقی تعلیل مندرجہ بالا طریقے سے ہوئی ہے۔

(۲) ناقص واوی ثلاثی سے اسم فاعل کی تین مثالیں درج ذیل ہیں:

(۱) رَاجٍ: اسم فاعل اصل میں رَاجِوٌ تھا، تو واؤ لام کلمہ کے مقابلے میں واقع ہوئی اس کا

Marfat.com

ماقبل مکسور تھا تو کسرہ کی وجہ سے واؤ کو یاء سے بدل دیا تو رَاجِیٌ ہوگیا، پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا تو اس کو گرا دیا تو رَاجِیْ ہوگیا، پھر التقائے ساکنین کی وجہ سے تنوین اور یاء کے درمیان، اول مدہ تھا تو اس کو گرا دیا رَاجٍ ہوگیا۔

(۲) خَالٍ: اصل میں خَالِوٌ تھا، باقی تعلیل مذکورہ ہی چلے گی۔

(۳) عَافٍ: اصل میں عَافِوٌ تھا، باقی تعلیل مذکورہ ہی چلے گی۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۹ (مشق نمبر ۹)

اِشْرَحِ الْبَیْتَیْنِ الْآتِیَیْنِ وَبَیِّنِ الْکَلِمَاتِ الَّتِیْ قُلِبَتْ فِیْهَا الْوَاوُ یَاءً.

آنے والے دونوں شعروں کی شرح کریں اور ان کلمات کو بیان کریں جن میں واؤ کو یاء سے بدلا گیا ہے۔

مَا اَنْضَرَ الرَّوْضَ اِبَّانَ الرَّبِیْعِ وَقَدْ سَقَاهُ مَاءُ الْغَوَادِیْ فَهُوَ رَیَّانُ

"کس چیز نے تروتازہ کر دیا باغ کو ربیع کے ابتدائی ایام میں سیراب کیا اس کو بادلوں کے پانی نے پس وہ بادل ریان ہے جو کہ پانی سے بھرا ہوا ہے"

غَنَّتْ بِلَالٌ بِلَّةَ لَحْنًا فَاَطْرَبَنِیْ کَاَنَّمَا هِیَ فِی الْعِیْدَانِ عِیْدَانُ

"گانا گایا اس کے باغ کی بلبلوں نے سُر کے انداز میں پس اس گانے نے مجھ کو خوش کر دیا گویا کہ وہ دونوں عیدوں میں سے میری عید ہے"

حل:

مذکورہ دونوں اشعار میں رَیَّانُ اور عِیْدَانُ دو کلمے ایسے ہیں کہ جن میں واؤ کو یاء سے بدلا گیا ہے۔

(۱) رَیَّانُ: اصل میں رَیْوَانُ تھا تو واؤ یاء اکٹھے ہوئے تو ان میں واؤ کو ساکن ہونے کی وجہ سے یاء سے بدل کر ادغام کر دیا تو رَیَّانُ ہوگیا۔

(۲) عِیْدَانُ: یہ تثنیہ ہے اس کی واحد عِیْدٌ آتی ہے، جو کہ اصل میں عَیْوِدٌ تھا واؤ پر کسرہ ثقیل تھا اس کو نقل کر کے ماقبل کو دیا بعد چھین لئے اس کی فتحہ کے اور واؤ کو یاء سے بدل دیا

Marfat.com

تو عِیْدٌ ہوگیا اور تثنیہ عِیْدَ انِ ہوگیا۔

اشعار کی تشریح:

پہلے شعر میں شاعر باغ کو سرسبز دیکھ کر تعجب سے کہہ رہا ہے کہ ربیع کے ابتدائی دنوں میں اس کو کس چیز نے سیراب کر کے سرسبز اور تروتازہ بنا دیا ہے۔ پھر خود کہتا ہے یقیناً اس کو بادلوں نے پانی دیا ہے جس کا نام ریان بادل ہے۔

دوسرے شعر میں وہ کہتا ہے کہ بلبلوں نے اس انداز میں سریلے گانے کی طرز لگائی کہ مجھے اس گانے نے خوش کر دیا گویا کہ میری یہی دو عیدیں بن گئیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۳) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ هَمْزَةً

واؤ اور یاء کو ہمزہ سے بدلنے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

	إِذَا دَعَاكَ الْمُضْطَرُّ فَاسْتَجِبِ الدُّعَاءَ
	جب پکارے تجھے کوئی بے قرار پس تو دعا قبول کر
۱	كَانَ عُمَرُ إِذَا قَضَى عَدَلَ فِي الْقَضَاءِ
	حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کوئی فیصلہ کرتے تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے
	وَإِذَا وَفَى كَانَ مِثَالاً فِي الْوَفَاءِ
	اور جب وعدہ پورا کرتے تو تو وہ وعدہ پورا کرنے میں ایک مثال تھے
	إِذَا سَادَ أَحَدٌ بِمَالِهِ، فَكُنْ سَائِداً بِأَدَبِكَ
	جب کوئی اپنے مال کی وجہ سے بزرگ یا سردار بن جائے تو تُو اپنے ادب کی وجہ سے سردار بن جا
۲	لَا تَسْأَمْ إِذَا حَالَ حَائِلٌ دُوْنَ مَا تَطْلُبُ
	مت تنگدل ہو کہ جب حائل ہو جائے کوئی حائل ہونے والا بغیر اس کے جو تو طلب کرتا ہے
	إِذَا حَادَ حَائِدٌ عَنِ الْحَقِّ فَأَرْشِدْهُ (جب کوئی حق سے ہٹ جائے تو تُو اس کی راہنمائی کر)
	اَلتَّارِيْخُ صَحِيْفَةٌ أَوْ صَحَائِفُ كُلُّهَا عِظَةٌ
	تاریخ ایک صحیفہ ہو یا کئی صحیفے ہوں تو سب کے سب نصیحت ہیں
۳	بِمِصْرَ مَلْجَأٌ لِلْعَجَائِزِ لَا تَدْخُلْهُ إِلَّا عَجُوْزٌ فَقِيْرَةٌ
	شہر میں بوڑھی عورتیں لوگوں کا ٹھکانہ ہے پس تو اس میں مت داخل ہو مگر کوئی بوڑھی غریب عادت
	اِجْتَهِدْ عِنْدَ كِتَابَتِكَ الرَّسَائِلَ أَنْ يَكُوْنَ غَرَضُ الرِّسَالَةِ جَلِيًّا
	اپنے خطوط لکھنے کے وقت کوشش کر کہ خط کی غرض صاف واضح ہو

Marfat.com

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَشْتَمِلُ اَمْثِلَةُ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى عَلٰى اَفْعَالٍ نَاقِصَةٍ اَلِفُهَا مُنْقَلِبَةٌ عَنْ وَاوٍ اَوْ يَاءٍ، وَهِيَ دَعَا وَقَضٰى وَرَفٰى، وَلٰكِنَّا لَا نَرٰى هٰذِهِ الْوَاوَ اَوِ الْيَاءَ فِي الْكَلِمَاتِ: دُعَاءٌ وَقَضَاءٌ وَرَفَاءٌ، مَعَ اَنَّهَا مِنْ مَادَّةِ الْاَفْعَالِ نَفْسِهَا فَلَا بُدَّ اَنْ تَكُوْنَ دُعَاءٌ اَصْلُهَا دُعَاوٌ وَقَضَاءٌ اَصْلُهَا قَضَايٌ وَرَفَاءٌ اَصْلُهَا رَفَايٌ، وَلٰكِنَّ حَرْفَ الْعِلَّةِ حَيْثُمَا جَاءَ مُتَطَرِّفًا وَقَبْلَهُ اَلِفٌ زَائِدَةٌ قُلِبَ هَمْزَةً. وَهٰذَا تَرَاهُ لَوِ اسْتَقْرَيْتَهُ مُطَّرِدًا.

پہلے گروپ میں موجود مثالیں ایسے افعال ناقصہ پر مشتمل ہیں کہ جن میں الف واؤ اور یاء سے بدلی ہوئی ہے، اور وہ دَعَا، قَضٰى اور رَفٰى ہے، اور لیکن ہم یہ واؤ یا یاء دُعَاءٌ، قَضَاءٌ، رَفَاءٌ کے کلمات میں نہیں دیکھتے باوجود اس کے کہ وہ انہی افعال کے مادہ سے ہیں۔ پس ضروری ہے کہ دُعَاءٌ کی اصل دُعَاوٌ ہو اور قَضَاءٌ کی اصل قَضَايٌ ہو اور رَفَاءٌ کی اصل رَفَايٌ ہو اور لیکن جب کبھی حرف علت طرف میں آ جائے اور اس سے قبل الف زائدہ ہو تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا جاتا ہے اور یہ بات تو دیکھ لے گا اگر تو اس کو طرف میں ساکن کر دے۔

وَاَمْثِلَةُ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ تَشْتَمِلُ عَلٰى اَفْعَالٍ جَوْفَاءَ، اَصْلُ اَلِفِهَا وَاوٌ اَوْ يَاءٌ وَهِيَ سَاكَ وَحَالَ وَحَاكَ، وَتَشْتَمِلُ الْاَمْثِلَةُ اَيْضًا عَلٰى اِسْمِ الْفَاعِلِ لِكُلِّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ وَيُشَاهِدُكَ اَنَّ وَاوَ الْفِعْلِ اَوْ يَاءَهُ لَمْ تَبْقَ فِي اسْمِ فَاعِلِهِ، وَاَنَّ هَمْزَةً حَلَّتْ مَحَلَّهَا، لِاَنَّ "سَائِلٌ" اَصْلُهُ سَايِلٌ، وَ"حَائِلٌ" اَصْلُهُ حَاوِلٌ وَ"حَائِكٌ" اَصْلُهُ حَايِكٌ فَالْهَمْزَةُ مُنْقَلِبَةٌ عَنْ وَاوٍ اَوْ يَاءٍ.

اور دوسرے گروپ کی مثالیں اجوف کے افعال پر مشتمل ہیں ان کے الف کی اصل واؤ یا یاء ہے، اور سَاكَ، حَالَ اور حَاكَ ہیں، اور مثالیں ان افعال میں سے ہر فعل کے اسم فاعل پر بھی مشتمل ہیں، اور اس بات کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ فعل

Marfat.com

کی واؤ یا یاء اس کے اسم فعل میں باقی نہیں رہی ہے، اور ہمزہ نے اس کی جگہ لے لی، اس لئے کہ بیشک عَائِدٌ کی اصل عَاوِدٌ اور خَائِلٌ کی اصل خَاوِلٌ اور خَائِدٌ کی اصل خَایِدٌ ہے، پس ہمزہ واؤ یا یاء سے بدلا ہوا ہے۔

وَفِي أَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ تَرَى فِي كُلِّ مِثَالٍ مُفْرَدًا وَجَمْعَهُ عَلَى صِيغَةِ مُنْتَهَى الْجُمُوعِ، وَإِذَا بَحَثْتَ فِي الْمُفْرَدَاتِ رَأَيْتَهَا مُؤَنَّثَةً ثَالِثُ أَحْرُفِهَا حَرْفُ مَدٍّ زَائِدٌ، وَتَجِدُ أَنَّ هٰذَا الْحَرْفَ قُلِبَ هَمْزَةً فِي جُمُوعِهَا.

اور تیسرے گروپ کی مثالوں میں ہر مثال کو مفرد اور اس کی جمع کو منتہی الجموع کے صیغہ کے وزن پر دیکھتے ہیں، اور جب ہم مفردات میں تحقیق کی نظر ڈالتے ہیں تو ہم اس کو ایسا مؤنث دیکھتے ہیں کہ اس کے حروف میں سے تیسرا حرف مدہ زائدہ ہے، اور آپ یہ بات پاتے ہیں کہ ان کی جمع کے اندر اس حرف کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۹) تُقْلَبُ الْوَاوُ وَالْيَاءُ هَمْزَةً إِذَا تَطَرَّفَتْ إِحْدَاهُمَا بَعْدَ أَلِفٍ زَائِدَةٍ.

واؤ اور یاء کو ہمزہ سے بدل دیا جاتا ہے جبکہ ان میں سے کوئی ایک الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہو۔

(۱۰) تُقْلَبُ الْوَاوُ وَالْيَاءُ هَمْزَةً فِي اسْمِ فَاعِلِ الْأَجْوَفِ الثُّلَاثِيِّ الَّذِي وَسْطَهُ أَلِفٌ.

واؤ اور یاء کو ہمزہ سے بدل دیا جاتا ہے جو کہ اجوف ثلاثی کے اسم فاعل میں ہو اور اس کے وسط میں الف ہو۔

(۱۱) حَرْفُ الْمَدِّ الزَّائِدِ فِي مُفْرَدٍ مُؤَنَّثٍ يُقْلَبُ هَمْزَةً إِذَا وَقَعَ فِي الْجَمْعِ بَعْدَ أَلِفِ صِيغَةِ مُنْتَهَى الْجُمُوعِ.

حرف مدہ زائدہ مفرد مؤنث میں ہمزہ سے بدل دیا جاتا ہے جب یہ جمع میں الف کے بعد واقع ہو اور وہ صیغہ منتہی الجموع کے وزن پر۔

Marfat.com

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

اُذْكُرْ اَصْلَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنْ مَا حَدَثَ فِيْهَا مِنَ الْإِعْلَالِ وَسَبَبِهِ.

آنے والے کلمات میں سے ہر ایک کلمہ کی اصل کو ذکر کریں اور اس میں جو اعلال واقع ہوا ہے اس کو بمع سبب کے بیان کریں۔

جَلَائِل	صَفَا	قَائِمٌ	اَعْدَاءٌ
نَائِمٌ	عَرَائِسُ	شَفَاءٌ	سَحَائِبُ
نِسَاءُ	اَنْحَاءٌ	مَائِلٌ	قَصَائِدُ

حل:

دیئے گئے کلمات کی اصل اور ان کی تعلیل مع سبب درج ذیل ہیں۔

جَلَائِلُ: اصل میں جَلَائِلُ تھا، یاء واقع ہوئی الف جمع کے بعد اقع ہوئی تو اس کو شَرَائِفُ کی طرح ہمزہ سے بدل دیا۔

صَفَاءٌ: اصل میں صَفَاوٌ تھا واؤ طرف میں واقع ہوئی اور اس کا ماقبل الف زائدہ تھا اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو صَفَاءٌ ہوگیا۔

قَائِمٌ: اصل میں قَاوِمٌ تھا واؤ واقع ہوئی ثلاثی اجوف کے اسم فاعل کے الف کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو قَائِمٌ ہوگیا۔

اَعْدَاءٌ: اصل میں اَعْدَاوٌ تھا واؤ واقع ہوئی الف جمع منتہی الجموع کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو اَعْدَاءٌ ہوگیا۔

نَائِمٌ: اصل میں نَاوِمٌ تھا واؤ واقع ہوئی اجوف ثلاثی کے اسم فاعل کے الف کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو نَائِمٌ ہوگیا۔

Marfat.com

عَرَائِسُ: اصل میں عَرَایِسُ تھا تو یاء واقع ہوئی صیغہ جمع منتہی الجموع کے الف کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو عَرَائِسُ ہوگیا۔

شَفَاءٌ: اصل میں شَفَاوٌ تھا یا شَفَایٌ تھا، تو واؤ یا یاء واقع ہوا لف زائدہ۔ کے بعد طرف میں اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو شَفَاءٌ ہوگیا۔

سَحَائِبُ: اصل میں سَحَایِبُ تھا تو یاء واقع ہوئی الف جمع منتہی الجموع کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو سَحَائِبُ ہوگیا۔

نِسَاءٌ: اصل میں نِسَایٌ تھا تو ی واقع ہوئی الف زائدہ کے بعد طرف میں تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو نِسَاءٌ ہوگیا۔

اَنْحَاءٌ: اصل میں اَنْحَاوٌ تھا واؤ واقع ہوئی الف جمع کے بعد طرف میں تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو اَنْحَاءٌ ہوگیا۔

مَائِلٌ: اصل میں مَایِلٌ تھا یاء واقع ہوئی الف فاعل کے بعد ثلاثی کے اجوف میں تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو مَائِلٌ ہوگیا۔

قَصَائِدُ: اصل میں قَصَایِدُ تھا یا واقع ہوئی الف جمع کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو قَصَائِدُ ہوگیا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

بَیِّنْ مَا بِهٖ إِعْلَالٌ وَمَا لَیْسَ بِهٖ إِعْلَالٌ مِنَ الْکَلِمَاتِ الْآتِیَةِ مَعَ ذِکْرِ السَّبَبِ.

آنے والے کلمات میں یہ بات بیان کریں کہ کس کلمے میں اعلال ہے اور کس میں اعلال نہیں ہے اور سبب کو بھی ساتھ ہی ذکر کریں۔

اَنْبَاءٌ	شِرَاءٌ	بَائِعٌ	مَسَائِلُ	فَضَائِلُ
اِنْشَاءٌ	وَسَائِلُ	اَرْزَاءٌ (۱)	عَدَّاءٌ (۲)	

(۱) الرزء المصیبة (۲) عداء کثیر العدوای الجری.

Marfat.com

حل:

اعلال شدہ کلمات کی تعیین اور سبب کا بیان۔

(۱) بَائِعٌ: اصل میں اجوف سے اسم فاعل بَایِعٌ تھا تو یاء مکسور واقع ہوئی الف فاعل کے بعد اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو بَائِعٌ ہو گیا۔

(۲) مَسَائِلُ: اصل میں مَسَایِلُ تھا تو یاء مکسور واقع ہوئی الف مفاعل کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو مسائل ہو گیا۔

(۳) فَضَائِلُ: اصل میں فَضَایِلُ تھا تو یاء مکسور واقع ہوئی الف جمع کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو فضائل ہو گیا۔

(۴) وَسَائِدُ: میں تعلیل بعینہٖ فَضَائِلُ کے ہوئی ہے۔

باقی اَفْیَاءٌ، شِوَاءٌ، اَنْشَاءٌ، اَوْفَاءٌ، عَدَاءٌ میں تعلیل نہیں ہوئی۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق تمرین ۳)

مِنَ الْمُحْتَمَلِ اَنْ یَّکُوْنَ بِالْاَسْمَاءِ الْاٰتِیَةِ اِعْلَالٌ، وَمِنَ الْمُحْتَمَلِ اَلَّا یَکُوْنَ بِهَا اِعْلَالٌ، فَمَا اَفْعَالُهَا فِی الْحَالَیْنِ؟ وَمَا مَعْنٰی کُلِّ فِعْلٍ؟

آنے والے اسماء میں سے کون سے اعلال کا احتمال رکھتے ہیں اور کون سے نہیں رکھتے دونوں حالتوں میں ان کے افعال کیا ہیں، اور ہر فعل کا معنی کیا ہے۔

ثَائِرٌ	جَائِرٌ	سَائِلٌ	زَائِرٌ

حل:

دیئے گئے اسماء میں تعلیل کا احتمال درج ذیل ہے

اسماء	احتمال	معنی
ثَائِرٌ	ثَأَرَ سے	خون کا مطالبہ کرنا یا قاتل کو قتل کرنا
	ثَوَرَ سے	غضب ناک ہونا، آپے سے باہر ہونا

Marfat.com

جَائِرٌ	جَئَرَ سے	گڑگڑانا
	جَوَرَ سے	کسی پر ظلم کرنا
سَائِلٌ	سَئَلَ سے	سوال کرنا
	سَوَلَ سے	مانگنا
زَائِرٌ	زَأَرَ سے	شیر کا دھاڑنا
	زَوَرَ سے	زیارت کرنا

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِجْمَعِ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ عَلٰى صِيْغَةِ مُنْتَهَى الْجُمُوْعِ، وَبَيِّنْ مَا يَحْدُثُ فِيْهَا مِنَ الْإِعْلَالِ، مَعَ ذِكْرِ السَّبَبِ.

آنیوالے اسماء کی جمع منتہی الجموع کے صیغہ پر جمع بنائیں اور اس میں تعلیل ہو اس کو مع سبب کے بیان کریں۔

قِلَادَةٌ	نَجِيْبَةٌ	غَمَامَةٌ
خَمِيْلَةٌ (١)	قَلُوْصٌ (٢)	حَلُوْبَةٌ (٣)

(١) الشجر المجتمع الكثيف (٢) الناقة الشابة (٣) الناقة الحلوبة التي تحلب.

حل:

دیئے گئے اسماء کی جمع منتہی الجموع کا ذکر تعلیل اور سبب کے درج ذیل ہے۔

اسماء	جمع منتہی الجموع	تعلیل	سبب
قِلَادَةٌ	قَلَائِدُ	میں ہمزہ یاء سے بدلا ہوا ہے	یاء مکسورہ الف جمع کے بعد
نَجِيْبَةٌ	نَجَائِبُ	میں ہمزہ یاء سے بدلا ہوا ہے	یاء مکسورہ الف جمع کے بعد
غَمَامَةٌ	غَمَائِمُ	میں ہمزہ یاء سے بدلا ہوا ہے	یاء مکسورہ الف جمع کے بعد
خَمِيْلَةٌ	خَمَائِلُ	میں ہمزہ یاء سے بدلا ہوا ہے	میں ہمزہ یاء سے بدلا ہوا ہے

Marfat.com

قَلُوْصٌ	قَلَائِصُ	میں ہمزہ واؤ سے بدلا ہوا ہے	یاء مکسورہ واؤ جمع کے بعد
حَلُوْبَةٌ	حَلَائِبُ	میں ہمزہ واؤ سے بدلا ہوا ہے	یاء مکسورہ واؤ جمع کے بعد

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

هَاتِ اِسْمَ الْفَاعِلِ لِكُلِّ فِعْلٍ مِمَّا يَأْتِي ، وَبَيِّنْ مَا فِيْهِ مِنْ إِعْلَالٍ وَسَبَبِهِ .

آنے والے ہر فعل سے اسم فاعل کا صیغہ لائیں اور اس میں جو اعلال واقع ہو اس کو مع سبب کے ذکر کریں۔

حَامَ	سَاحَ	رَامَ	زَالَ	خَابَ
قَالَ	صَانَ	شَانَ	عَابَ	عَادَ

حل:

دیئے گئے افعال سے اسم فاعل اور تعلیل مع سبب درج ذیل ہے۔

فعل	اسم فاعل	اعلال وسبب
حَامَ	حَائِمٌ	اصل میں حَاوِمٌ تھا واؤ مکسور واقع ہوئی الف فاعل کے بعد تو ہمزہ سے بدل دیا
سَاحَ	سَائِحٌ	اصل میں سَايِحٌ تھا یاء مسکور الف فاعل کے بعد ہوئی تو ہمزہ سے بدل دیا
رَوَمَ	رَائِمٌ	اصل میں رَاوِمٌ تھا واؤ مسکور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدل دیا
زَالَ	زَائِلٌ	اصل میں زَاوِلٌ تھا واؤ مسکور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدل دیا
خَابَ	خَائِبٌ	اصل میں خَاوِبٌ تھا تو واؤ مسکور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدلی گئی

Marfat.com

قَالَ	قَائِلٌ	اصل میں قَاوِلٌ تھا واؤ مکسور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدلی گئی
صَانَ	صَائِنٌ	اصل میں صَاوِنٌ تھا واؤ مسکور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدلی گئی
شَانَ	شَائِنٌ	اصل میں شَاوِنٌ تھا واؤ مکسور الف فاعل کے بعد واقع ہوئی تو ہمزہ سے بدلی گئی
عَابَ	عَائِبٌ	اصل میں عَايِبٌ تھا یاء مسکور واقع ہوئی الف فاعل کے بعد تو اس کے ہمزہ سے بدل ڈالا
عَادَ	عَائِدٌ	اصل میں عَاوِدٌ تھا واؤ مکسور واقع ہوئی الف فاعل کے بعد تو ہمزہ سے بدل دیا

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر٦)

مَصَادِرُ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ عَلٰى مِثَالِ "إِكْرَامٌ" فَكَيْفَ تَصُوْغُهَا ؟ وَإِذَا حَدَثَ فِيْهَا إِعْلَالٌ فَاذْكُرْهُ وَبَيِّنْ سَبَبَهُ.

آنے والے افعال کو اِکْرَامٌ کی مثال پر تو کیسے ڈھالے گا اور اعلال واقع ہو تو اس کو ذکر کر اور اس کے سبب کو بھی بیان کریں۔

أَجْرَى	أَهْدَى	أَمْضَى	أَفْضَى
أَثْرَى	أَعْطَى	أَقْصَى	اَعْلَى

حل:

دیئے گئے افعال کی اِکْرَامٌ کے وزن پر تحویل اور تعلیل مع سبب کے درج ذیل ہے۔

اَجْرَى سے اِجْرَايٌ سے اِجْرَاءٌ ی طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو اِجْرَاءٌ ہوگیا۔

Marfat.com

اِهْدَیَ سے اِهْدَایٌ سے اِهْدَاءٌ، ی طرف میں الف زائد کے بعد واقع ہوئی تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو اِهْدَاءٌ ہوگیا۔

اَمْضَی سے اِمْضَایٌ سے اِمْضَاءٌ، اَقْضَی سے اِقْضَایٌ سے اِقْضَاءٌ.

اَثْرَی سے اِثْرَایٌ سے اِثْرَاءٌ، اَعْطَی سے اِعْطَایٌ سے اِعْطَاءٌ.

اَقْصَی سے اِقْصَایٌ سے اِقْصَاءٌ، اَعْلَی سے اِعْلَایٌ سے اِعْلَاءٌ.

ان تمام افعال میں اِجْرَاءٌ کی طرح تعلیل ہوگی اور سبب سب کا ایک ہی ہے کہ ی واقع ہوئی طرف میں الف زائدہ کے بعد تو اس کو ہمزہ سے بدلنا ضروری ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

فِیْ کُلِّ کَلِمَةٍ مِنَ الْکَلِمَاتِ الْآتِیَةِ إِعْلَالَانِ فَمَا هُمَا؟ وَمَا سَبَبُهُمَا؟

اِسْتِیْلَاءٌ (فعله اِسْتَوْلٰی) اِسْتِقَاءٌ (فعله اِسْتَوْقٰی) اِسْتِیْصَاءٌ (فعله اِسْتَوْصٰی)

آنے والے کلمات میں سے ہر ایک میں دو تعلیلیں کون کون سی ہیں اور ان دونوں کا سبب کیا ہے؟

حل:

دیئے گئے کلمات کی تعلیلوں اور اسباب کا ذکر درج ذیل ہے۔

اِسْتِیْلَاءٌ، اِسْتِیْقَاءٌ اور اِسْتِیْصَاءٌ: اصل میں اِسْتِوْلَایٌ، اِسْتِوْقَایٌ اور اِسْتِوْصَایٌ تھے، تو ان میں سے ہر ایک دو دو تعلیلیں بالکل ایک طرح اس طرح کہ ہر کلمہ میں واوٌ ساکن ماقبل مکسور وسط میں واقع ہوئی اور آخر میں ی الف زائدہ کے بعد (طرف میں) واقع ہوئی تو واوٌ ساکنہ کو ماقبل کسرہ کے سبب سے یاء سے بدل دیا۔ اور یاء جو کہ طرف میں تھی اس کو الف زائدہ کے بعد واقع ہونے کے سبب سے ہمزہ سے بدل دیا تو اِسْتِیْلَاءٌ اِسْتِیْقَاءٌ اور اِسْتِیْصَاءٌ ہوگیا۔

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ٨ (مشق نمبر ٨)

كَوِّنْ ثَلاثَ جُمَلٍ بِكُلِّ مِنْهَا اِسْمَ فَاعِلٍ لِلْاَجْوَفِ الثُّلاثِي، وَثَلاثًا اُخْرٰى بِكُلِّ مِنْهَا جَمْعَ تَكْسِيْرٍ (عَلٰى صُوْرَةِ فَعَائِلُ).

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک اجوف ثلاثی کا اسم فاعل ہو اور دوسرے تین جملے ایسے بنائیں جو کہ جمع تکسیر کے فَعَائِلُ کے وزن پر ہوں۔

حل:

اجوف ثلاثی سے اسم فاعل کے تین صیغے:

(۱) جَاءَ فَائِزٌ: اصل میں فَاوِزٌ تھا، تو واؤ اجوف ثلاثی کے اسم فاعل میں واقع ہوئی تو اس کو ہمزہ سے بدل ڈالا تو فَائِزٌ ہو گیا۔

(۲) هٰذَا بَائِعٌ: اصل میں بَايِعٌ تھا تو یاء واقع ہوئی اجوف ثلاثی کے اسم فاعل میں تو اس کو ہمزہ سے بدل دیا تو بَائِعٌ ہو گیا۔

(۳) اَيْنَ كَائِنٌ: اصل میں كَاوِنٌ تھا اس میں تعلیل فَائِزٌ کی طرح ہوئی ہے۔

(۲) جمع تکسیر فَعَائِلُ کی صورۃ پر تین صیغے:

(۱) تُلْتُ الْجَوَائِزَ (۲) لَقِيْتَ الْقَوَائِمَ (۳) مَرَرْتُ بِالْفَوَائِتِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ٩ (مشق نمبر ٩)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ وَبَيِّنِ الْكَلِمَاتِ الَّتِيْ قُلِبَتْ فِيْهَا الْوَاوُ اَوِ الْيَاءُ هَمْزَةً.

آنے والے دو شعروں کی تشریح کریں اور ان کلمات کو بیان کریں کہ جن میں واؤ یا یاء کو ہمزہ سے بدلا گیا ہے۔

هَوَاجِرُ الْاَيَّامِ فِي ظِلَالِكُمْ اَصَائِلُ (۱)

"دنوں کی سختیاں تمہارے سایوں کی موجودگی میں راحت اور نعمت ہیں"

(۱) الهاجرة نصف النهار عند اشتداد الحر والاصائل كأنه جمع اصلية وهي الوقت من بعد العصر الى المغرب ويريد بهو اجر الأيام شدائدها وبالاصائل أوقات الراحة والنعيم.

Marfat.com

مَـا فِـی الـرَّجَـاءِ بَـعْدَكُـمْ وَلَا الْبَـقَـاءَ طَـائِـلُ

"نہیں ہے کوئی فائدہ تمہارے بعد امید میں اور نہ لمبا عرصہ زندہ رہنے میں"

اشعار کی تشریح:

"مندرجہ بالا دونوں اشعار کی تشریح کا خلاصہ یہ ہے کہ شاعر اپنے محبوب سے کہتا ہے کہ اگرچہ یہ دن اپنی گرمی اور تمازت کی وجہ سے بہت سخت ہیں لیکن تیرا میرے سامنے ہونا میرے لئے سایوں کی طرح راحت اور نعمت ہے، دوسرے شعر میں کہتا ہے کہ جب تک تو زندہ ہے تو میری زندگی ہے ورنہ تیرے بعد جینے کی امید رکھنا اور باقی رہنا فضول ہے اس زندگی کا کوئی فائدہ نہیں ہے"

کلمات کا حل:

ان دونوں شعروں میں اَصَائِلُ اور طَائِلٌ دو کلمے اصل میں اَصَایِلُ اور طَاوِلٌ تھے، تو ان دونوں میں واؤ اور یاء الف جمع اور الف فاعل کے بعد واقع ہو گئیں تو ان کو ہمزہ سے بدل دیا تو اَصَائِلُ اور طَائِلٌ ہو گیا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۴) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ أَلِفًا

واؤاور یاءکوالف سے بدلنے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

كَانَ أَبُو بَكْرٍ يَقُولُ الْحَقَّ إِذَا قَالَ. (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جب بھی کچھ فرماتے تو حق ہی فرماتے۔)

وَلَا يَمِيْلُ عَنْهُ إِذَا الْجَبَلُ مَالَ. (اور نہیں تجاوز کرے گا اس سے کوئی جب پہاڑ جھک جائے۔)

وَيَدْعُوْ لِلْخَيْرِ إِذَا دَعَا. (اور وہ خیر کی طرف ہی بلاتا ہے جب بلائے۔)

وَيَرْمِي فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ إِذَا رَمٰى.

اور وہ اللہ کے راستے میں ہی تیر اندازی کرتا ہے جب بھی تیر اندازی کرے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْفِعْلُ "قَالَ" فِي الْمِثَالِ الْاَوَّلِ اَجْوَفُ مُضَارِعُهُ "يَقُوْلُ" وَالْفِعْلُ مَالَ فِي الْمِثَالِ الثَّانِي مُضَارِعُهُ "يَمِيْلُ" فَاَيْنَ الْوَاوُ فِي الْمَاضِي الْاَوَّلِ وَاَيْنَ الْيَاءُ فِي الْمَاضِي الثَّانِي؟ لَا بُدَّ اَنْ تَكُوْنَ الْاَلِفُ فِي اَحَدِهِمَا مُنْقَلِبَةً عَنْ وَاوٍ، وَفِي الْآخَرِ مُنْقَلِبَةً عَنْ يَاءٍ وَاَنَّ اَصْلَ قَالَ "قَوَلَ" وَمَالَ "مَيَلَ" فَوُجِدَتِ الْوَاوُ وَالْيَاءُ مُتَحَرِّكَتَيْنِ بَعْدَ فَتْحَةٍ فَقُلِبَتَا اَلِفاً. وَكَذٰلِكَ الشَّأْنُ فِي اَلِفِ كُلِّ اَجْوَفَ.

پہلی مثال میں قَالَ کا فعل اجوف ہے اس کا مضارع يَقُوْلُ ہے اور فعل مَالَ جو کہ دوسری مثال میں ہے اس کا مضارع يَمِيْلُ ہے، تو پہلی ماضی میں واؤ کہاں ہے؟ اور دوسری ماضی میں یاء کہاں ہے؟ ہوسکتا ہے کہ ان دونوں میں سے ایک واؤ بدل کر الف ہوگئی ہو اور دوسرے میں یاء بدل کر الف ہوگئی ہو اور یقیناً قَالَ کی اصل قَوِلَ اور مَالَ کی اصل مَيِلَ ہے۔ پس واؤ اور یاء دونوں فتحہ کے بعد متحرک پائی

Marfat.com

گئیں تو الف سے بدل دی گئیں، اور یہی حال ہر اجوف کے الف میں ہے۔

وَإِذَا نَظَرْتَ الْمِثَالَيْنِ الْاَخِيْرَيْنِ رَاَيْتَ الْفِعْلَيْنِ: دَعَا وَرَمَى، وَالْاَوَّلُ مُضَارِعُهٗ يَدْعُوْ، وَالثَّانِى مُضَارِعُهٗ يَرْمِى، وَمِنْ ذٰلِكَ تَحْكُمُ اَنَّ اَصْلَ الْاَوَّلِ دَعَوَ، وَاَصْلُ الثَّانِى رَمَىَ، فَوَقَعَتِ الْوَاوُ وَالْيَاءُ مُتَحَرِّكَتَيْنِ بَعْدَ فَتْحَةٍ فَقُلِبَتَا اَلِفًا. وَمِمَّا تَقَدَّمَ يَسْتَنْبِطُ اَنَّ الْوَاوَ وَالْيَاءَ تُقْلَبَانِ اَلِفًا اِذَا تَحَرَّكَتَا وَانْفُتِحَ مَا قَبْلَهُمَا.

اور جب آخری دو مثالوں کی طرف نظر ڈالیں تو آپ دو فعلوں دَعَا اور رَمَا کو دیکھتے ہیں اور پہلے کا مضارع يَدْعُوْ اور دوسرے کا مضارع يَرْمِى ہے اور اسی وجہ سے آپ حکم لگا سکتے ہیں کہ پہلے کی اصل دَعَوَ اور دوسرے کی اصل رَمَىَ ہے۔ تو واؤ اور یاء فتحہ کے بعد متحرک واقع ہو گئیں تو ان دونوں کو الف سے بدل دیا گیا، اور ان چیزوں میں جو کہ پہلے گزر چکی ہیں یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ واؤ اور یاء دونوں جب متحرک ہوں اور ان کا ماقبل مفتوح ہو تو وہ الف سے بدل جاتی ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(١٢) اِذَا تَحَرَّكَتِ الْوَاوُ وَالْيَاءُ وَكَانَ مَا قَبْلَهُمَا مَفْتُوْحًا تُقْلَبَانِ اَلِفًا.

جب واؤ اور یاء متحرک ہوں اور ان دونوں کا ماقبل مفتوح ہو تو دونوں الف سے بدل جاتے ہیں۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ١ (مشق نمبر ١)

مَا اَصْلُ كُلِّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ؟ وَمَا فِيْهَا مِنْ إِعْلَالٍ؟ وَمَا سَبَبُهٗ؟

آنے والے کلمات میں سے ہر ایک کلمہ کی کیا اصل ہے اور ان میں کیا تعلیل ہے؟ اور اس کا سبب کیا ہے؟

بَرَى	حَامَ	قَضَى	عَامَ
اَعْلٰى	سَرٰى	رَنَا (رنا الى الشيء ادام النظر اليه)	سَهَا

Marfat.com

حل:

دیئے گئے کلمات کی اصل، تعلیل اور سبب درج ذیل ہے۔

حَامَ ، عَامَ: اصل میں حَوَمَ ، عَوَمَ تھے دونوں میں واؤ مفتوح تھی اور اس کا ماقبل بھی مفتوح تھا تو اسی سبب کی وجہ سے واؤ کو الف سے بدل دیا تو حَامَ اور عَامَ ہو گئے۔

رَنَا، سَهَا: اصل میں رَنَوَ اور سَهَوَ تھے واؤ مفتوحہ کلمہ کے آخر میں واقع ہوئی اور اس کا ماقبل مفتوح تھا تو اس واؤ کو سبب کے پائے جانے کی وجہ سے الف سے بدل ڈالا۔

بَرٰی ، قَضٰی ، اَعْلٰی ، سَرٰی : یہ اصل میں بَرَیَ ، قَضَیَ ، اَعْلَیَ اور سَرَیَ تھے، تو یاء ہر کلمہ کے آخر میں واقع ہوئی جس کا ماقبل مفتوح تھا تو اسی سبب کی وجہ سے اس یاء کو الف مقصورہ سے بدل ڈالا تو بَرٰی ، قَضٰی ، اَعْلٰی اور سَرٰی ہو گیا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ٢ (مشق نمبر٢)

اَلْاَفْعَالُ الْآتِیَةُ مِنْ بَابِ فَرِحَ، فَهَاتِ مُضَارِعَهَا، وَاِنْ كَانَ بِهٖ اِعْلَالٌ فَبَیِّنْهُ .

آنے والے افعال فَرِحَ باب سے ہیں پس ان کا مضارع بنائیں اگر ان میں اعلال ہے تو اس کو بیان کریں۔

رَوِیَ	خَشِیَ	عَرِیَ	عَمِیَ	نَسِیَ	حَمِیَ

حل:

دیئے گئے افعال کا مضارع اور تعلیل درج ذیل ہے۔

رَوِیَ ، خَشِیَ ، عَرِیَ، عَمِیَ ، نَسِیَ ، حَمِیَ کا مضارع دراصل یروی، یخشی، یَعْرَیُ ، یَعْمَیُ ،یَنْسَیُ اور یَحْمَیُ تھا۔لیکن ان سب میں یاء ماقبل مفتوح پائی گئی تو ان سب میں تعلیل کر دی گئی کہ یاء کو الف سے بدل دیا گیا تو یَرْوٰی ، یَخْشٰی ، یَعْرٰی ، یَعْمٰی ، یَنْسٰی اور یَحْمٰی ہو گیا۔

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

هَاتِ اِسْمَ الْمَفْعُوْلِ مُعَرَّفًا بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ مِمَّا يَأْتِى، وَاِنْ حَدَثَ بِهٖ اِعْلَالٌ فَاشْرِحْهُ.

آنے والے افعال مضارعہ سے اسم مفعول معرف باللام لائیے اور اگر اس میں کوئی اعلال واقع ہو تو اس کو بیان کریں۔

يَشْتَرِى	يَفْتَرِى	يَشْتَهِى	يَكْتَرِى	يَمْتَطِى

حل:

دیئے گئے افعال مضارعہ سے اسم مفعول معرف باللام اور تعلیل کا ذکر درج ذیل ہے۔

مُشْتَرِیٌ، مُفْتَرِیٌ، مُشْتَهِیٌ، مُكْتَرِیٌ اور مُمْتَطِیٌ اسم مفعول کے صیغے ہیں تو ان سب کے آخر میں یاء پر ضمہ ثقیل تھا تو اس کو گرا دیا تو اب مُشْتَرِيْنَ، مُشْتَهِيْنَ، مُكْتَرِيْنَ اور مُمْتَطِيْنَ ہوا۔ تو اب تمام کلمات کو معرف باللام بنانے کے لئے شروع میں الف لام کو لائے تو آخر سے تنوین کو گرا دیا گیا تو اس طرح اَلْمُشْتَرِى، اَلْمُفْتَرِى، اَلْمُشْتَهِى، اَلْمُكْتَرِى، اور اَلْمُمْتَطِى ہو گیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اَلْقَاضِى وَالْغَازِى يَجْمَعَانِ عَلَى الْقُضَاةِ وَالْغُزَاةِ، بَيِّنْ اَصْلَ الْاَلِفِ فِى الْجَمْعَيْنِ، وَاذْكُرْ مَا حَدَثَ فِيْهَا مِنَ الْاِعْلَالِ.

قَاضِى اور غَازِ قُضَاةٌ اور غُزَاةٌ کے وزن پر جمع کہلاتے ہیں۔ دونوں جمع کے کلموں میں الف کی اصل کو بیان کریں اور اس میں جو اعلال ہوا ہے اس کو بھی بیان کریں۔

حل:

اَلْقَاضِى اور اَلْغَازِى کی جمع اَلْقُضَاةُ اور اَلْغُزَاةُ میں الف کی اصل اور اعلال کا بیان درج ذیل ہے۔

Marfat.com

اَلْقُضَاةُ اور اَلْغُزَاةُ اصل میں قَضَيَةٌ اور غَزَوَةٌ بروزن رَمَيَةٌ اور دَعَوَةٌ تھے، تو واؤ اور یاء کو ماقبل مفتوح ہونے کے سبب کی وجہ سے الف سے بدل ڈالا تو قُضَاةٌ اور غُزَاةٌ ہوگیا۔ پھر زکوٰۃٌ وغیرہ کے ساتھ التباس سے بچنے کے لئے دونوں کے ف کلمہ کو ضمہ دیدیا تو قُضَاةٌ اور غُزَاةٌ ہوگیا۔ پھر شروع الف لام کو لاکر دونوں کلموں کو معرف باللام کیا تو آخر سے تنوین کو گرادیا تو اَلْقُضَاةُ اور اَلْغُزَاةُ ہوگیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

بَيِّنِ الْاَلِفَ الزَّائِدَةَ وَالْمُنْقَلِبَةَ عَنْ اَصْلٍ فِى الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ مَعَ ذِكْرِ السَّبَبِ.

آنے والے کلمات میں اصل کے لحاظ سے الف زائدہ اور الف منقلبہ بیان کریں اور سبب کو بھی ذکر کریں۔

قَايَلَ	مِرْقَاةٌ	مُجَامِلُ	اِعْتَدٰى	مِبْرَاةٌ

حل:

دیئے گئے کلمات میں اصل کے اعتبار سے الف زائدہ اور الف منقلبہ کی تعیین اور سبب کا ذکر درج ذیل ہے۔

(۱) قَايَلَ: میں الف باب مفاعلہ کی علامت ہونے کی وجہ سے ہے ورنہ ثلاثی کے اعتبار سے زائد ہے۔

(۲) مِرْقَاةٌ: اصل میں مِرْقَوَةٌ تھا تو واؤ متحرک ماقبل مفتوح تھا تو اس کو الف سے بدل ڈالا تو مِرْقَاةٌ ہوگیا۔

(۳) مُجَامِلٌ: میں الف باب مفاعلہ کا اسم فاعل ہونے کی وجہ سے بطور علامت کے ہے۔

(۴) اِعْتَدٰى: اصل میں اِعْتَدَىَ تھا تو یاء طرف میں واقع ہوئی اور ماقبل مفتوح تھا اس کو الف سے بدل ڈالا تو اِعْتَدٰى ہوگیا۔

(۵) مِبْرَاةٌ: اصل میں مِبْرَيَةٌ تھا تو یاء درمیان میں واقع ہوئی تو ماقبل مفتوح ہونے کے سبب کی وجہ سے الف سے بدل ڈالا تو مِبْرَاةٌ ہوگیا۔

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر٦)

هَاتِ ثَلاَثَةَ اَفْعَالٍ آخِرُهَا اَلِفٌ، ثُمَّ ثَلاَثَةً وَسَطُهَا اَلِفٌ، وَبَيِّنْ اَصْلَ كُلِّ مَا فِيْهِ إِعْلاَلٌ.

تین ایسے فعل لائیں کہ ان کے آخر میں الف ہو پھر تین ایسے کہ ان کے درمیان میں الف ہو اور ہر ایک کی اصل اور اس میں ہونے والے اعلال کو بھی ذکر کریں۔

حل:

افعال اور ان کی اصل میں اعلال درج ذیل ہے۔

عَدَا ، عَفَا اور تَلاَ یہ تینوں بالترتیب اَلْعَدْوُ، اَلْعَفْوُ اور اَلتِّلاَوَةُ سے ہیں جبکہ یہ تینوں فعل اصل میں عَدَوَ، عَفَوَ اور تَلاَ تھے واؤ کلمہ کے آخر میں واقع ہوئی اور ماقبل مفتوح ہونے کے سبب کی وجہ سے الف سے بدل دی گئی تو عَدَا ، عَفَا اور تَلاَ بن گیا۔

عَادَ، بَاعَ اور قَالَ یہ تینوں بالترتیب اَلْعَوْدُ، اَلْبَيْعُ اور اَلْقَوْلُ سے ہیں، جبکہ یہ افعال اصل میں عَوَدَ، بَيَعَ اور قَوَلَ تھے، تو ان کے درمیان واؤ اور یاء ماقبل مفتوح واقع ہوئیں تو اس سبب کی وجہ سے واؤ اور یاء کو الف سے بدل دیا تو عَادَ، بَاعَ، اور قَالَ ہوگیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ٧ (مشق نمبر٧)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ، ثُمَّ عَيِّنِ الْكَلِمَاتِ الَّتِيْ حَصَلَ فِيْهَا إِعْلاَلٌ وَنَوْعَهُ.

آنے والے دو شعروں کی تشریح کریں اور جن کلمات میں اعلال واقع ہو ان کی تعیین کر کے اس کی نوع کو بیان کریں۔

إِذَا سَاءَ فِعْلُ الْمَرْءِ سَاءَتْ ظُنُوْنُهُ وَصَدَّقَ مَا يَعْتَادُهُ مِنْ تَوَهُّمِ

''جب آدمی کا کوئی کام اسے غمگین کردے تو اس کے گمان بھی غمگین کرنے والے بن جاتے ہیں اور سچ سمجھتا ہے وہ اس چیز کو جو وہم کرنے کی وجہ سے عادی بنادے''

Marfat.com

وَعَادَى مُحِبِّيْهِ بِقَوْلِ عُدَاتِهِ وَاَصْبَحَ فِی لَیْلٍ مِنَ الشَّکِّ مُظْلِمِ

"اور جھگڑا کیا اس نے اپنے محبت کرنے والوں سے اپنے دشمنوں کے بقول اور وہ اندھیری رات میں صبح کا شک کرنے والا ہوگیا"

اشعار کی تشریح کا خلاصہ:

یہ ہے کہ اس میں شاعر ایک آدمی کی ذہنی کیفیت اور حالت کو بیان کر رہا ہے کہ جب کسی آدمی سے کوئی کام برا ہو جائے تو اس کے گمان بھی بُرے ہی ہو جاتے ہیں، اور پھر اس کو وہم و گمان میں جو چیز پیدا ہو وہ اسی کو سچ سمجھنے لگتا ہے اور اس طرح وہ اپنے گمان کی پیروی کرنے کا عادی بن جاتا ہے۔

دوسرے شعر میں یہ بتا رہا ہے کہ اپنے دشمنوں کے کہنے کے مطابق اس نے اپنے محبت کرنے والوں سے لڑائی کی اور وہ ان دشمنوں کی باتوں میں آ کر تاریک رات میں صبح کا شک کرنے والے بن گیا یعنی وہ غلط کو درست سمجھنے لگ گیا۔

کلمات کا حل:

ان دو شعروں میں یہ دو کلمات ایسے ہیں کہ جن میں اعلال واقع ہوا ہے۔ یَعْتَادُ اور عَادِی۔ یہ اصل میں یَعْتَوِد اور عَادَیَ تھے، تو واؤ اور یاء کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا گیا تو یَعْتَادُ اور عَادِی ہوگیا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۵) قَلْبُ الْوَاوِ وَالْيَاءِ تَاءً

واؤ اور یاء کو تاء سے بدلنے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

وَصَلَ اس نے جوڑا	اِوْتَصَلَ وہ جڑ گیا	اِتَّصَلَ وہ جڑ گیا
وَعَظَ اس نے نصیحت کی	اِوْتَعَظَ اس نے نصیحت قبول کی	اِتَّعَظَ اس نے نصیحت قبول کی
يَسَرَ وہ کام آسان ہوا	اِيْتَسَرَ اس نے جوا کھیلا	اِتَّسَرَ اس نے جوا کھیلا

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

لَدَيْنَا فِعْلٌ ثُلَاثِيٌّ اَوَّلُهُ وَاوٌ اَوْ يَاءٌ ، مَثَلُ وَصَلَ وَيَسَرَ، وَاَرَدْنَا اَنْ نَبْنِيَ مِنْهُ عَلٰى صِيْغَتِهٖ "اِفْتَعَلَ" اَلَمْ يَكُنِ الْقِيَاسُ اَنْ نَقُوْلَ اِوْتَصَلَ وَ اِيْتَسَرَ؟ نَعَمْ هٰذَا هُوَ الْقِيَاسُ، وَلٰكِنَّ الْعَرَبَ لَمْ تَقُلْ هٰذَا بَلْ قَالَتْ : اِتَّصَلَ وَاِتَّسَرَ، بِقَلْبِ الْوَاوِ وَالْيَاءِ تَاءً وَإِدْغَامُ هٰذِهِ التَّاءِ فِي تَاءِ اِفْتَعَلَ، وَهٰذَا الْاِعْلَالُ كَمَا حَصَلَ فِي الْفِعْلِ الَّذِيْ عَلٰى صِيْغَتِهٖ اِفْتَعَلَ، يَحْصُلُ فِي مَصْدَرِهٖ وَمُشْتَقَاتِهٖ، كَاِتِّصَالٍ وَمُتَّصِلٍ۔

ہمارے پاس ثلاثی کے تین فعل ایسے ہیں کہ ان کے شروع میں واؤ اور یاء ہے، مثلاً وَصَلَ اور يَسَرَ اور ہم نے ارادہ کیا کہ ان سے اِفْتَعَلَ کے صیغہ کے وزن پر بناء کریں، کیا یہ قیاس نہیں ہوگا کہ ہم کہیں اِوْتَصَلَ اور اِيْتَسَرَ ۔ جی ہاں یہی قیاس ہے، لیکن اہل عرب نے اس طرح نہیں کہا بلکہ انہوں نے واؤ اور یاء کو تاء

Marfat.com

سے کے ساتھ بدل کر پھر اس تاء کو باب افتعال کی تاء میں ادغام کرنے کے بعد اِتَّصَلَ اور اِتَّسَرَ کہا۔ اور یہ اعلال بالکل اسی طرح ہے کہ جس طرح اس فعل میں حاصل ہوا جو کہ افتعل کے وزن پر ہے وہ اپنے مصدر اور اپنے مشتقات اِتِّصَالٌ اور مُتَّصِلٌ کی طرح حاصل ہوتا ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱۳) إِذَا وَقَعَتِ الْوَاوُ اَوِ الْيَاءُ قَبْلَ تَاءِ "الْإِفْتِعَالِ" وَمَا تَصَرَّفَ مِنْهُ تُقْلَبُ تَاءً.

جب واؤ اور یاء باب افتعال کی تاء سے پہلے واقع ہو جائے اور اس سے کوئی مانع موجود نہ ہو یعنی وہ واؤ اور یاء اصلی ہوں کسی سے بدل کر نہ آئی ہوں، تو اس کو تاء سے بدل دیا جاتا ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

اِبْنِ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ عَلٰى صِيْغَةِ "اِفْتَعَلَ" وَبَيِّنْ مَا حَدَثَ فِيْهَا مِنَ الْاِعْلَالِ.

آنے والے افعال کی اِفْتَعَلَ کے صیغہ پر بناء کریں اور اس میں جو اعلال ہو اس کو بیان کریں۔

وَصَفَ	وَعَدَ	وَسَمَ (وُسِمَ الشَّيْءُ جُعِلَ لَهٗ عَلَامَةٌ)	وَشَمَ	وَزَنَ

حل:

دیئے گئے افعال کی اِفْتَعَلَ کے صیغہ پر بنا اور اعلال کا ذکر درج ذیل ہے۔

وَصَفَ سے اِوْتَصَفَ ہو پھر واؤ کو یاء کیا ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سبب سے تو اِيْتَصَفَ ہوا پھر باب افتعال کے ف کلمہ میں یاء واقع ہوئی تو اس کو تاء سے بدل دیا تو اِتْتَصَفَ ہو گیا، اب دو تاء اکٹھے ہوئے تو ان کا ادغام کر دیا تو اِتَّصَفَ ہو گیا۔ بالکل اسی طرح تعلیل

Marfat.com

باقی تمام افعال میں ہوگی جیسا کہ درج ذیل ہے۔

وَعَدَ سے اِوْتَعَدَ سے اِیْتَعَدَ سے اِتْتَعَدَ سے اِتَّعَدَ ہوا۔

وَسَمَ سے اِوْتَسَمَ سے اِیْتَسَمَ سے اِتْتَسَمَ سے اِتَّسَمَ ہوا۔

وَشَمَ سے اِوْتَشَمَ سے اِیْتَشَمَ سے اِتْتَشَمَ سے اِتَّشَمَ ہوا۔

وَزَنَ سے اِوْتَزَنَ سے اِیْتَزَنَ سے اِتْتَزَنَ سے اِتَّزَنَ ہوا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

بَیِّنْ اَصْلَ کُلِّ کَلِمَةٍ مِمَّا یَأْتِی، وَمَا حَدَثَ فِیْهَا مِنَ الْاِعْلَالِ.

آنے والے ہر کلمہ کی اصل بیان کریں اور ان میں جو اعلال ہوا ہے وہ بیان کریں۔

مُتَکَلٌ	اِتَّسَعَ	اِتِّجَاهٌ	اِتَّشَحَ	اِتِّضَاعٌ	اِتِّهَامٌ

حل:

دیئے گئے کلمات کی اصل اور ان میں ہوانے والے اعلال کا ذکر درج ذیل ہے۔

مُتَکَلٌ: یہ باب افتعال سے اسم مفعول ہے اصل میں مُوْتَکَلٌ تھا، تو باب افتعال کے ف کلمہ میں واوَ واقع ہوئی تو مصدر میں تو واوَ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَکَلَ ہوگیا۔

سب کلمات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مُتَکَلٌ اصل میں مُتْتَکَلٌ اصل میں مُوْتَکَلٌ اصل میں وَکَلَ تھا۔

اِتَّسَعَ اصل میں اِتْتَسَعَ اصل میں اِوْتَسَعَ اصل میں وَسْعَ تھا۔

اِتِّجَاهَ اصل میں اِتْتِجَاهَ اصل میں اِوْتِجَاهَ اصل میں وَجَهَ تھا۔

اِتَّشَحَ اصل میں اِتْتَشَحَ اصل میں اِوْتَشَحَ اصل میں وَشَحَ تھا۔

اِتِّضَاعَ اصل میں اِتْتِضَاعَ اصل میں اِوْتِضَاعَ اصل میں وَضْعَ تھا۔

اِتِّهَامٌ اصل میں اِتْتِهَامَ اصل میں اِوْتِهَامَ اصل میں وَهَمَ تھا۔

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

بَيِّنْ كُلَّ إِعْلَالٍ فِي كَلِمَةِ اِتَّقَى (مُجَرَّدُهَا وَقَىَ).
اِتَّقَی کے کلمہ میں ہر اعلال کو بیان کریں اس کا مجرد وَقَیَ ہے۔

حل:

اِتَّقَی کا اعلال درج ذیل ہے۔
وَقَی سے اِوْتَقَی سے اِتْتَقَی سے پھر اِتَّقَی ہوا۔ اعلال کی تفصیل اس طرح ہے کہ وَقَی کو باب افتعال میں لے گئے تو اِوْتَقَی ہوا اب واؤ باب افتعال کے ف کلمہ میں واقع ہوئی تو اس کو تاء سے بدل دیا تو اِتْتَقَی ہوا اب دو تاء اکٹھے ہوئے اول ساکن تھا تو دونوں کا ادغام کر دیا تو اِتَّقَیَ ہوا، پھر آخر میں یاء ماقبل مفتوح تھا اس کو الف سے بدل دیا تو اِتَّقَیٰ ہو گیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِبْنِ ثَلَاثَةَ اَفْعَالٍ مِنْ نَوْعِ الْمِثَالِ عَلٰى اِفْتَعَلَ، ثُمَّ هَاتِ الْمَصْدَرَ وَاسْمَ الْفَاعِلِ مِنْ كُلِّ فِعْلٍ، وَاشْرَحْ مَا فِي إِحْدٰى هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنَ الْإِعْلَالِ.
افتعل کے وزن پر مثال کی قسم میں سے تین فعل بنائیں پھر ان میں سے ہر ایک کا مصدر اور اسم فاعل ہر فعل سے لائیں اور ان کلمات میں سے کسی ایک کا اعلال بیان کریں۔

حل:

مثال سے افتعل کے وزن پر تین افعال کی بناء درج ذیل ہے۔

فعل ثلاثی	باب افتعال کی صورتیں	مصدر	اسم فاعل
وَجِلَ سے اِوْتَجَلَ	اِتْتَجَلَ، اِتَّجَلَ	اَلْاِتِّجَالُ	مُتَّجِلٌ
وَعَدَ، اِوْتَعَدَ	اِتْتَعَدَ، اِتَّعَدَ	اَلْاِتِّعَادُ	مُتَّعِدٌ
وَعَظَ، اِوْتَعَظَ	اِتْتَعَظَ، اِتَّعَظَ	اَلْاِتِّعَاظُ	مُتَّعِظٌ

Marfat.com

مذکورہ تمام افعال میں اعلال اس طریقے سے ہوا۔ مثال ثلاثی کے فعل کو افتعل کے وزن پر لے گئے اور واؤ کو تاء کر دیا دو تاء اکٹھے ہوئے تو ان کا ادغام کر دیا۔ تو مذکورہ بالا صورتوں میں باب افتعال کے افعال حاصل ہو گئے اس کے بعد ان سے ہی مصدر اور اسم فاعل کے کلمات بنائے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

اِشْرَحِ الْبَیْتَ الْآتِیَ وَبَیِّنْ مَا فِی کَلِمَةِ "مُتَّقِدٌ" مِنَ الْاِعْلَالِ.

آنے والے شعر کی شرح کریں اور مُتَّقِدٌ کے کلمہ میں جو اعلال ہوا ہے اس کو بیان کریں۔

یَا رُبَّ صَدْرٍ عَلَیَّ مُتَّقِدٍ اَطْفَأْتُهٗ بِالسَّمَاحِ وَالْکَرَمِ

"اے شخص حال یہ ہے کہ میرا بہت دفعہ سینہ بھڑک اٹھتا ہے تو میں اس آگ کو نرمی اور محبت کے ساتھ بجھا دیتا ہوں"

حل:

مُتَّقِدٌ اصل میں ثلاثی سے وَقَدَ تھا تو جب اس کو باب افتعال میں لائے تو اِوْتَقَدَ ہوا پھر باب افتعال کے ف کلمہ میں واؤ کے واقع ہونے کی وجہ سے اس کو تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَدَ سے اِتَّقَدَ ہوا پھر اس سے مضارع یَتَّقِدُ آیا اور اس سے اسم فاعل مُتَّقِدٌ بنا اور حرف جر کی وجہ سے آخر میں تنوین حالت جر میں آ گئی تو مُتَّقِدٍ ہو گیا۔

شعر کی تشریح:

اس شعر میں شاعر اپنے سینے کی کیفیت کو بیان کر رہا ہے کہ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ میرا سینہ محبت کی وجہ سے بھڑک اٹھتا ہے لیکن میں اس آگ کو نرمی اور محبت کے ساتھ بجھا دیتا ہوں تا کہ میرے دل کی دنیا کو جلا کر راکھ نہ کر دے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اَلْاِبْدَالُ

ابدال کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

ل	ب	ج
دَعَا (اس نے بلایا)	اِدْتَعٰی (اس نے دعویٰ کیا)	اِدَّعٰی (اس نے دعوی کیا)
ذَکَرَ (اس نے ذکر کیا)	اِذْتَکَرَ (اس نے یاد کیا)	اِذَّکَرَ (اس نے یاد کیا)
زَحَمَ (اس نے تنگی کی)	اِزْتَحَمَ (اس نے تنگی کی)	اِزَّحَمَ (اس نے تنگی کی)
د	ط	ر
صَحِبَ (وہ ساتھی بنا)	اِصْتَحَبَ (وہ اس کا ہمراہی ہوا)	اِصْطَحَبَ (وہ اس کا ہمراہی ہوا)
ضَرَبَ (اس نے مارا)	اِضْتَرَبَ (وہ متحرک ہوا)	اِضْطَرَبَ (وہ متحرک ہوا)
طَلَعَ (وہ طلوع ہوا)	اِطْتَلَعَ (اس نے اطلاع پائی)	اِطَّلَعَ (اس نے اطلاع پائی)
ظَلَمَ (اس نے ظلم کیا)	اِظْتَلَمَ (اس نے ظلم برداشت کیا)	اِظْطَلَمَ (اس نے ظلم برداشت کیا)

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

بِقِسْمِ (ل) اَفْعَالٌ ثُلاَثِيَّةٌ مَبْدُوْءَةٌ بِدَالٍ اَوْ ذَالٍ اَوْ زَای، وَفِی قِسْمِ (ب) تَرَی الْاَفْعَالَ نَفْسَهَا بَعْدَ بِنَائِهَا عَلٰی صِيْغَةِ "اِفْتَعَلَ"، وَلٰكِنَّكَ إِذَا نَظَرْتَ إِلَی الْاَفْعَالِ بِقِسْمِ (ج) لَمْ تَجِدْ تَاءَ اِفْتَعَلَ وَرَأَيْتَ مَكَانَهَا دَالاً، وَمِنْ ذٰلِكَ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَسْتَنْبِطَ اَنَّ كُلَّ فِعْلٍ ثُلاَثِيٍ اَوَّلُهُ دَال اَوْ ذَال اَوْ زَای، إِذَا بُنِیَ عَلٰی اِفْتَعَلَ تُبْدَلُ تَاءُ اِفْتَعَلَ دَالاً، وَمَثَلُ اِفْتَعَلَ مَصْدَرُهُ وَمُشْتَقَاتُهُ.

Marfat.com

گروپ (ل) میں افعال ثلاثیہ دال، ذال یا زا سے شروع کئے گئے ہیں اور گروپ (ب) میں آپ انہی افعال کو بناء کے بعد اِفْتَعَلَ کے صیغہ پر دیکھتے ہیں۔ اور لیکن جب آپ گروپ (ج) کے افعال کی طرف توجہ کریں تو آپ وہاں اِفْتَعَلَ کی تاء کو نہیں پاتے بلکہ آپ اس کی جگہ پر دال کو دیکھتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے آپ اس بات پر قدرت رکھتے ہیں کہ آپ اس چیز کا استنباط کریں کہ بے شک ہر فعل ثلاثی کے شروع پر بناء کی جاتی ہے تو اِفْتَعَلَ کی تاء کو دال بنا دیا جاتا ہے اور اِفْتَعَلَ کی طرح اس کا مصدر اور اس کے مشتقات ہیں۔

وَبِقِسْمِ (د) اَفْعَالٌ ثُلاثِيَّةٌ مَبْدُوءَةٌ بِصَاد اَوْ ضَاد اَو طَاء اَوْ ظَاء وَفِيْ قِسْمِ (د) تَرَى الْاَفْعَالَ نَفْسَهَا بَعْدَ بِنَائِهَا عَلٰى "اِفْتَعَلَ"، وَلٰكِنَّكَ حِيْنَمَا تَنْظُرُ إِلٰى هٰذِهِ الْاَفْعَالِ بِقِسْمِ (د) لَا تَجِدُ تَاءَ اِفْتَعَلَ بَلْ تَجِدُ مَكَانَهَا طَاءً، وَمِنْ ذٰلِكَ تَحْكُمُ بِاَنَّ كُلَّ فِعْلٍ ثُلاثِيٍ اَوَّلُهُ صاد اَوْ ضاد اَوْ طَاءً اَوْ ظَاءً، إِذَا بُنِيَ عَلٰى اِفْتَعَلَ تُبْدَلُ فِيْهِ تَاءُ اِفْتَعَلَ طَاءً، وَمِثْلُ اِفْتَعَلَ فِي ذٰلِكَ وَمَصْدَرُهُ وَمُشْتَقَاتُهُ.

اور گروپ (دال) میں افعال ثلاثیہ صاد، ضاد، طا یا ظا سے شروع کئے گئے ہیں۔ اور گروپ (ھ) میں آپ انہی افعال کو ان کی بناء کے بعد اِفْتَعَلَ کے وزن پر دیکھتے ہیں، جب بھی آپ ان افعال کی طرف گروپ واؤ میں توجہ کریں تو آپ اِفْتَعَلَ کی تاء نہیں پاتے بلکہ اس کی جگہ آپ طاء کو پاتے ہیں، اسی وجہ سے آپ یہ حکم لگا سکتے ہیں۔ ہر وہ فعل ثلاثہ کہ جس کے شروع میں صاد، ضاد، طا یا ظا ہو تو جب اس کی اِفْتَعَلَ کے وزن پر بناء کی جائے ان کو اِفْتَعَلَ کی تاء سے بدل دیا جاتا ہے، اور اس تبدیلی میں اِفْتَعَلَ کی مثل اس کا مصدر اور مشتقات بھی ہیں۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۴) إِذَا كَانَ اَوَّلُ الثُّلاثِيِّ دَالاً اَوْ ذَالاً اَوْ زَاءً وَبُنِيَ عَلٰى اِفْتَعَلَ تُبْدَلُ تَاءُ

Marfat.com

اِفْتَعَلَ دَالاً، وَمِثْلُ ذٰلِکَ يَحْصُلُ فِی مَصْدَرِ اِفْتَعَلَ وَ مُشْتَقَاتِهٖ.

جب کسی ثلاثی کے شروع میں دال، ذال، زا ہو اور اس کی اِفْتَعَلَ کے وزن پر بناء کی جائے تو اِفْتَعَلَ کی تاء کو دال سے بدل دیا جاتا ہے اور یہی صورت و کیفیت اِفْتَعَلَ کے مصدر اور اس کے مشتقات میں ہوتی ہے۔

(۱۵) إِذَا كَانَ اَوَّلُ الثُّلاثِيِّ صَادًا اَوْ ضَادًا اَوْ طَاءً اَوْ ظَاءً وَبُنِيَ عَلٰى اِفْتَعَلَ، تُبْدَلُ تَاءُ اِفْتَعَلَ طَاءً، وَمِثْلُ ذٰلِکَ يَحْصُلُ فِی مَصْدَرِهٖ وَمُشْتَقَاتِهٖ.

جب کسی ثلاثی کے شروع میں صاد، ضاد یا طا، ظا واقع ہو اور اس کی اِفْتَعَلَ کے وزن پر بناء کی جائے تو اِفْتَعَلَ کی تاء کو طاء سے بدل دیا جاتا ہے اور اسی کی مثل ہی اس کے مصدر اور اس کے مشتقات میں ہوتا ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

كَيْفَ تَأْتِی بِصِيْغَةِ اِفْتَعَلَ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ ؟

آنے والے افعال سے اِفْتَعَلَ کے وزن پر صیغہ کیسے آئے گا؟

زَادَ	دَانَ	زَجَرَ	صَلَحَ	خَدَمَ	زَانَ

حل:

دیئے گئے افعال کی اِفْتَعَلَ کے وزن پر بناء۔

زَادَ	اِزْتَادَ	اِزْدَادَ
دَانَ	اِدْتَانَ	اِدَّانَ
زَجَرَ	اِزْتَجَرَ	اِزْدَجَرَ
صَلَحَ	اِصْتَلَحَ	اِصْطَلَحَ

Marfat.com

خَدَمَ	اِخْتَدَمَ	اِخْتَدَمَ
زَانَ	اِزْتَانَ	اِزْدَانَ

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

مَا مُجَرَّدُ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ ؟ وَمَا اَحْرُفِ الزِّيَادَةِ الَّتِىْ بِهَا ؟

آنے والے افعال کے افعال مجردہ کیا ہیں، اوران میں کون سے حروف زائد کیے گئے ہیں۔

اِضْطَغَنَ (الضغن الحقد)	اِصْطَنَعَ	اِصْطَبَرَ	اِطَّرَدَ	اِصْطَحَبَ

حل:

دیئے گئے افعال کی مجرد کی طرف تحویل اور حروف زائدہ کی پہچان۔

مزید	مجرد	حرف زائد
اِضْطَغَنَ	ضَغَنَ	ط
اِصْطَنَعَ	صَنَعَ	ط
اِصْطَبَرَ	صَبَرَ	ط
اِطَّرَدَ	طَرَدَ	ط
اِصْطَحَبَ	صَحَبَ	ط

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

فِى الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ إِبْدَالٌ وَإِعْلَالٌ، فَبَيِّنْ كِلَيْهِمَا مَعَ ذِكْرِ الْاَسْبَابِ.

آنیوالے کلمات میں ابدال اوراعلال ہے تو ان دونوں کواسباب کے ساتھ ہی ذکر کریں۔

اِزْدِهَاءٌ	اِصْطِلَاءٌ	اِزْدَرَى	مُصْطَفٰى	اِصْطَافَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے کلمات میں ابدال اور اعلال کا اسباب کے ساتھ ذکر درج ذیل ہے۔

اِزْدِهَاءُ: اصل میں اِزْدِهَای تھا تو یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی تو اس سبب کی وجہ سے اس کو ہمزہ سے بدل دیا گیا۔

اِصْطِلاَءُ: اصل میں اِصْطِلاَیَ تھا تو یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی تو اس سبب کی وجہ سے اس کو ہمزہ سے بدل دیا گیا۔

اِزْدَرٰی: اصل میں اِزْدَرَیَ تھا تو یاء واقع ہوئی طرف میں اور اس کا ماقبل مفتوح تھا تو اس کو الف سے بدل دیا گیا۔

مُصْطَفَیَ: اصل میں مُصْطَفَیَ تو یاء واقع ہوئی واقع ہوئی طرف میں ماقبل مفتوح تھا تو اس کو الف سے بدل ڈالا۔

اِصْطَافَ: اصل میں اِصْطَوَفَ تھا واؤ کلمہ کے درمیان میں واقع تھی ماقبل مفتوح تو الف سے بدل دیا۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

هَاتِ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ تَشْتَمِلُ عَلٰى إِبْدَالٍ لَيْسَ غَيْرٌ، ثُمَّ ضَعْ كُلَّ وَاحِدَةٍ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ.

چار کلمات ایسے لائیں کہ جن میں صرف ابدال ہی ہو پھر ان میں سے ہر ایک کو مفید جملہ میں استعمال کریں۔

حل:

دیئے گئے سوال کے مطابق ابدال پر مشتمل کلمات یہ ہیں۔

(۱) مَنْ يَطَّلِعُ عَلٰى حَالِيْ (۲) مَنْ يَّضْطَرِبُكَ

(۳) اِصْطَلَحَ رِجَالُ الْقَوْمِ (۴) اِصْطَعَمَ الرَّجُلُ اَمَامَ الشُّرْطِيْ

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

اِشْرَحِ الْبَيْتَ الْآتِي وَبَيِّنْ مَا فِي كَلِمَةِ "الْمُضْطَرّ" مِنْ إِبْدَالٍ.
آنے والے شعر کی تشریح کریں اور اَلْمُضْطَرِّ کے کلمہ میں جو ابدال ہوا ہے اس کو بیان کریں۔

إِذَا لَمْ يَكُنْ إِلَّا الْأَسِنَّةَ (۱) مَرْكَبٌ فَمَا حِيْلَةُ الْمُضْطَرِّ إِلَّا رُكُوْبُهَا
"جب کوئی سواری نہ ہو سوائے تیروں کے پھل کے تمام اطراف میں پس نہیں ہے کوئی حیلہ مجبور اور بے بس آدمی کے لئے مگر ان پر سواری کرنے کا حیلہ"

(۱) الا سنة جمع سنان و طرف الرمح.

شعر کی تشریح:

اس شعر کے اندر شاعر اس شخص کے لئے حیلے اور بے بسی کا ذکر کر رہا ہے جب کسی آدمی پر ہر طرف سے تیر ہی تیر برس رہے ہوں اور اس کے پاس کوئی سواری نہ ہو کہ جس کے ذریعے وہ دفاع کرے تو اس مجبور اور بے بس آدمی کیلئے انہی تیروں کے پھل کے کناروں پر سواری کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں ہے یعنی اب انہی تیروں کو اپنے جسم میں پیوست ہونے دے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اَلْاِعْلَالُ بِالتَّسْكِيْنِ

اعلال بالسکون کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	يَدُوْمُ الْوُدُّ بِالْمُجَامَلَةِ خوش معاملگی سے محبت ہمیشہ باقی رہتی ہے
۲	يَزِيْدُ سُكَّانُ مِصْرَ كُلَّ عَامٍ مصر میں اقامت کرنے والے ہر سال بڑھ رہے ہیں
۳	اَلْقُطْنُ الْمِصْرِيُّ لَهُ الْمَقَامُ الْاَوَّلُ مصری روئی میں اول درجے کا مقام ہے
۴	اِعْمَلِ الْوَاجِبَ رَغْبَةً لَا مَخَافَةً فریضہ کوشوق سے ادا کرنہ کہ خوف سے
۵	اِجْعَلْ مَالَكَ مَبْذُوْلًا وَعِرْضَكَ مَصُوْنًا خرچ کراس چیز کو جو تیرے پاس ہے
۶	اِجْتَنِبْ مَا يَرَاهُ الْعُقَلَاءُ مَعِيْبًا ہراس چیز سے پرہیز کر جس کو عقلمند لوگ معیوب (عیب والا) دیکھیں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

آنے والے جملوں میں سے ہر ایک جملے پر ان کو داخل کریں، ایک مرتبہ اس کو مَا کافہ کے ساتھ ملا ہوا اور ایک مرتبہ مَا زائدہ سے جدا استعمال کریں، اور ان کلمات کے آخر میں دونوں حالتوں کا اعراب ظاہر کریں۔

(۱) اَلْقَمَرُ مُضِیٌٔ (۴) اَلْبِنَاءُ شَاهِقٌ (۷) اَلْمِصْبَاحُ مُتَّقَدٌ
(۲) اَلثَّوْبُ نَظِیْفٌ (۵) اَلسَّفِیْنَۃُ سَائِرَۃٌ (۸) اَلْجَمَلُ قَوِیٌّ
(۳) اَلنِّیْلُ فَائِضٌ (۶) اَلذُّبَابُ مُضِرٌّ (۹) اَلْفِیْلُ ضَخْمٌ

حل:
دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں میں تبدیلی۔

Marfat.com

(۱) اِنَّ الْقَمَرَ مُضِیٌٔ ، اِنَّمَا الْقَمَرُ مُضِیٌٔ.

(۲) اِنَّ الثَّوْبَ نَظِیْفٌ ، اِنَّمَا الثَّوْبُ نَظِیْفٌ.

(۳) اِنَّ النِّیْلَ فَائِضٌ ، اِنَّمَا النِّیْلُ فَائِضٌ.

(۴) اِنَّ الْبِنَاءَ شَاهِقٌ ، اِنَّمَا الْبِنَاءُ شَاهِقٌ.

(۵) اِنَّ السَّفِیْنَةَ سَائِرَةٌ ، اِنَّمَا السَّفِیْنَةُ سَائِرَةٌ.

(۶) اِنَّ الذُّبَابَ مُضِرٌ ، اِنَّمَا الذُّبَابُ مُضِرٌ.

(۷) اِنَّ الْمِصْبَاحَ مُتَّقَدٌ ، اِنَّمَا الْمِصْبَاحُ مُتَّقَدٌ.

(۸) اِنَّ الْجَمَلَ قَوِیٌّ ، اِنَّمَا الْجَمَلَ قَوِیٌّ.

(۹) اِنَّ الْفِیْلَ ضَخْمٌ ، اِنَّمَا الْفِیْلُ ضَخْمٌ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

اَدْخِلْ "لَیْتَمَا" عَلٰی کُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِیَةِ وَاَضْبِطْ اَوَاخِرَ الْکَلِمَاتِ بِالشَّکْلِ وَبَیِّنْ مَا یَجُوْزُ فِی ضَبْطِ اِسْمِهَا.

آنے والے جملوں میں سے ہر ایک جملے پر لَیْتَمَا داخل کریں اور کلمات کے آخر کو اعراب کے لحاظ سے ضبط کریں اور جو ان کے اسم میں ضبط جائز ہے اس کو بیان کریں۔

(۱) اَلسَّمَآءُ مُصِحِّیَةٌ (۴) اَلرَّبِیْعُ قَرِیْبٌ (۷) اَلْعِتَابُ نَافِعٌ

(۲) اَلْهَوَآءُ مُعْتَدِلٌ (۵) اَلْمَالُ کَثِیْرٌ (۸) اَلصِّحَةُ دَائِمَةٌ

(۳) اَلْمَهْرُ مُذَلَّلٌ (۶) اَلصَّدِیْقُ مُهَذَّبٌ (۹) اَلْبُسْتَانُ مُثْمِرٌ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں کے شروع میں لیتما کا استعمال۔

(۱) لَیْتَمَا السَّمَآءُ / اَلسَّمَآءُ مُصِحِّیَةٌ.

(۲) لَیْتَمَا الْهَوَآءُ / اَلْهَوَآءُ مُعْتَدِلٌ.

(۳) لَیْتَمَا الْمَهْرُ / اَلْمَهْرُ مُذَلَّلٌ.

Marfat.com

(۴) لَيْتَمَا الرَّبِيْعُ / اَلرَّبِيْعُ قَرِيْبٌ.

(۵) لَيْتَمَا الْمَالُ / اَلْمَالُ كَثِيْرٌ.

(۶) لَيْتَمَا الصَّدِيْقُ / اَلصَّدِيْقُ مُهَذَّبٌ.

(۷) لَيْتَمَا الْعِتَابُ / اَلْعِتَابُ نَافِعٌ.

(۸) لَيْتَمَا الصِّحَةُ / اَلصِّحَةُ دَائِمَةٌ.

(۹) لَيْتَمَا الْبُسْتَانَ / اَلْبُسْتَانُ مُثْمِرٌ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

(۱) كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ الثَّلاثَ الْاُوْلٰى مِنْهَا عَلٰى "إِنَّ" اَلْمُتَّصِلَةُ بِمَا الزَّائِدَةِ وَالثَّلاثُ الثَّانِيَةُ عَلٰى "اَنَّ" اَلْمُتَّصِلَةُ بِمَا الزَّائِدَةِ اَيْضًا ، وَاَشْكِلْ اَوَاخِرَ الْكَلِمَاتِ.

چھ جملے ایسے بنائیں کہ ان میں پہلے تین جملوں میں اِنَّ مَا کافہ کے ساتھ متصل ہو اور دوسرے تین جملوں میں اِنَّ بھی مَا کافہ کے ساتھ متصل ہو اور کلمات کے آخر کے اعراب کو ظاہر کریں۔

(۲) كَوِّنْ سِتَّ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ الثَّلاثُ الْاُوْلٰى مِنْهَا عَلٰى "كَاَنَّ" اَلْمُتَّصِلَةُ بِمَا الزَّائِدَةِ وَالثَّلاثُ الثَّانِيَةُ عَلٰى "لٰكِنَّ" اَلْمُتَّصِلَةُ بِهَا اَيْضاً ، وَاَشْكِلْ اَوَاخِرَ الْكَلِمَاتِ.

چھ جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے پہلے تین جملوں میں كَاَنَّ مَا زائدہ کے ساتھ متصل ہو اور دوسرے تین جملوں میں لٰكِنَّ بھی مَا کافہ کے ساتھ متصل ہو اور کلمات کے آخر کے اعراب کو ظاہر کریں۔

(۳) كَوِّنْ ثَلاثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى "لَيْتَ" اَلْمُتَّصِلَةُ بِمَا الزَّائِدَةِ، وَبَيِّنْ مَا يَجُوْزُ فِي ضَبْطِ اِسْمِهَا.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک جملہ میں لَيْتَ مَا کافہ کے ساتھ متصل ہو اور

Marfat.com

اس کے اسم کو جس طرح ضبط کرنا جائز ہو بیان کریں۔

نوٹ:

مندرجہ بالا تمرین کے تینوں سوالوں میں مطلوبہ جملے پہلی پانچوں تمرینات میں تقریباً گزر چکے ہیں۔

تَمْرِيْنٌ فِي الْاَعْرَاب ۷ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ

إِنَّمَا ثَمَرَةُ الْعِلْمِ اَلْعَمَلُ.

إِنَّمَا ..... إِنَّ حَرْفُ تَوْكِيْدٍ، وَمَا كَافَّةٌ عَنِ الْعَمَلِ.

ثَمَرَةُ ..... مُبْتَدَأٌ مَرْفُوْعٌ.

اَلْعِلْمُ ..... مُضَافٌ إِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ.

اَلْعَمَلُ ..... خَبَرُ الْمُبْتَدَإِ مَرْفُوْعٌ.

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ.

آنے والے جملوں کی ترکیب کریں۔

(۱) إِنَّمَا الْبَشَاشَةُ حَبْلُ الْمَوَدَّةِ.

(۲) وَجَدْتُ اَنَّمَا صَدَاقَةُ الْجَاهِلِ تَعَبٌ.

(۳) اَلْإِخْوَانُ كَثِيْرُوْنَ وَلٰكِنَّمَا الْاَوْفِيَاءُ قَلِيْلُوْنَ.

(۴) لَيْتَمَا الْغَايَاتُ تُبْلَغُ بِالْاَمَانِيِّ.

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب۔

(۱) إِنَّمَا الْبَشَاشَةُ حَبْلُ الْمَوَدَّةِ

اِنَّمَا ملغہ عمل العمل اَلْبَشَاشَةُ مبتداء حَبْلُ مضاف اَلْمَوَدَّةِ مضاف الیہ، دونوں ملکر

Marfat.com

خبر الخ.

(۲) وَجَدْتُ اِنَّمَا صَدَاقَةُ الْجَاهِلِ تَعَبٌ.

وَجَدْتُ فعل بافاعل، اِنَّمَا ملغہ عن العمل ، صَدَاقَةُ الْجَاهِلِ ،مضاف مضاف الیہ دونوں ملکر مبتداء، تَعَبٌ خبر، دونوں ملکر بتاویل نکرہ مفعول بہ ہوا فعل کا الخ.

(۳) اَلْاِخْوَانُ كَثِيْرُوْنَ وَلٰكِنَّمَا الْاَوْفِيَاءُ قَلِيْلُوْنَ.

اَلْاِخْوَانُ مبتداء كَثِيْرُوْنَ خبر مبتداء خبر ملکر الخ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّمَا ملغہ عن العمل اَلْاَوْفِيَاءُ مبتداء قَلِيْلُوْنَ خبر الخ.

(۴) لَيْتَمَا الْغَايَاتُ تُبْلَغُ بِالْاَمَانِيِّ.

لَيْتَمَا ملغہ عن العمل اَلْغَايَاتُ مبتداء، تُبْلَغُ فعل مجہول هِيَ ضمیر مستتر نائب فاعل، بِالْاَمَانِيِّ بَا حرف جار اَلْاَمَانِيِّ مجرور، جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے، فعل مجہول کے لئے، نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ ہوکر محلاً مرفوع خبر۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ وَاَعْرِبِ الْاَوَّلَ مِنْهُمَا.

آنے والے دو شعروں کی وضاحت کریں اور ان میں سے ہر پہلے کا اعراب ظاہر کریں۔

إِنَّمَا الدُّنْيَا هِبَاتٌ وَعَوَارٍ مُسْتَرَدَّه

"یہ دنیا تو بس گویا ہواؤں کی مثل ہے جو کہ مستعار لی گئی اور جلد لوٹا لی جائے گی"

شِدَّةٌ بَعْدَ رَخَاءٍ وَرَخَاءٌ بَعْدَ شِدَّة

"سختی کے بعد نرمی ہے اور نرمی کے بعد سختی ہے یعنی تنگی کے بعد خوشحالی ملتی ہے اور خوشحالی کے بعد تنگی آتی ہے"

☆☆☆☆☆

Marfat.com

"لَا" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ

لائے نفی جنس کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	لَا شَاهِدَ زُوْرٍ مَحْبُوْبٌ جھوٹ کو پسند کرنیوالا محبوب نہیں ہے	۱	لَا رَاكِبًا فَرَسًا فِي الطَّرِيْقِ نہیں ہے کوئی گھڑ سوار راستے میں
۱	لَا شَجَرَةَ رُمَّانٍ فِي الْبُسْتَانِ باغ میں کوئی انار کا درخت نہیں ہے	۲	لَا مُقَصِّرًا فِي وَاجِبِهٖ مَمْدُوْحٌ اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کرنے والا ممدوح نہیں ہے
۱	لَا رَاعِيَ غَنَمٍ فِي الْحَقْلِ بکریوں کا کوئی چرواہ کھیت میں نہیں ہے	۲	لَا مُجِدًّا فِي عَمَلِهٖ مَذْمُوْمٌ نہیں ہے کوئی کوشش کرنے والا اپنے کام میں مذموم
۳	لَا سُرُوْرَ دَائِمٌ (کوئی لطف ہمیشہ رہنے والا نہیں ہے) لَا ضِدَّيْنِ مُجْتَمِعَانِ (دو متضاد چیزیں اکٹھی نہیں ہو سکتیں) لَا مُجِدِّيْنَ مَحْرُوْمُوْنَ (نہیں ہیں کوشش کرنے والے محروم) لَا جَاهِلَاتٍ مُحْتَرَمَاتٌ (جاہل عورتیں قابل احترام نہیں ہیں)		

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَنْتَ تَعْرِفُ اَنَّ "إِنَّ" وَاَخَوَاتِهَا تَدْخُلُ عَلَى الْمُبْتَدَاءِ وَالْخَبَرِ، فَتَنْصِبُ الْاَوَّلَ وَيُسَمّٰى اِسْمَهَا، وَتَرْفَعُ الثَّانِيَ وَيُسَمّٰى خَبَرَهَا، وَمِنْ اَخَوَاتِ إِنَّ "لَا" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ وَهِيَ الَّتِيْ يُقْصَدُ بِهَا النَّصُّ عَلٰى اَنَّ الْخَبَرَ مَنْفِيٌّ عَنْ جَمِيْعِ اَفْرَادِ الْجِنْسِ (۱)، وَاِنَّمَا اَفْرَدْنَا الْكَلَامَ عَلَيْهَا هُنَا لِاَنَّ لَهَا اَحْكَامًا وَشُرُوْطًا خَاصَّةً

Marfat.com

بِهَا تَعْرِفُهَا مِمَّا يَأْتِیْ:

آپ یہ بات جانتے ہیں کہ اِنَّ اور اس کے اخوات مبتداء اور خبر پر داخل ہوتے ہیں، پس وہ اول کو نصب دیتے ہیں اور اس کا نام اِنَّ کا اسم رکھا جاتا ہے اور دوسرے کو وہ رفع دیتے ہیں اس کا نام اِنَّ کی خبر رکھا جاتا ہے، اور اِنَّ کے اخوات میں سے لا نافیہ للجنس ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اس سے جنس کا ارادہ کیا جاتا ہے کہ خبر کی جنس کے تمام افراد سے نفی کی گئی ہے، ہم یہاں پر اس الگ سے کلام کر رہے ہیں اس لئے کہ اس کے کئی احکام اور اس کی کئی شرائط ایسی ہیں جو اس کے ساتھ خاص ہیں جو کہ آپ آئندہ پہچان لیں گے۔

(۱) فاذا قلت لا بستان مثمر فقد نفيت الأثمار عن جميع افراد البستان وعلى هذا لا يصح ان تقول لا بستان مثمر بل بستانان لان هذا يكون تناقضا بخلاف "لا" العاملة عمل ليس فانها ليست نصا فى نفى الجنس بل تحتمل نفى الواحد ونفى الجنس فاذا قدّرتها نافية للواحد جاز ان تقول لا بستانٌ مثمرًا بل بستانان، وان قدرتها نافية للجنس لم يجز ذلك.

تَأَمَّلْ اِسْمَ "لاَ" فِی الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ تَجِدْهُ يَقَعُ عَلٰى اَحْوَالِ الثَّلَاثِ، فَهُوَ فِی الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى مُضَافٌ وَفِی الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ شَبِيْهٌ بِالْمُضَافِ وَفِی الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ مُفْرَدٌ، اَیْ غَيْرُ مُضَافٍ وَلَا شَبِيْهٌ بِالْمُضَافِ عَلٰى مِثَالِ مَا عَرَفْتَ فِی بَابِ النِّدَآءِ وَتَأَمَّلْتَ آخِرَ هٰذَا الْاِسْمِ فِی اَحْوَالِهِ الثَّلَاثِ وَجَدْتَهٗ فِی الْحَالَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مَنْصُوْبًا دَائِمًا، وَوَجَدْتَهٗ فِی الْحَالِ الثَّالِثَةِ مَبْنِيًّا عَلٰى مَا يُنْصَبُ بِهٖ، فَاِنْ كَانَ قَبْلَ دُخُوْلِ "لاَ" عَلَيْهِ يُنْصَبُ بِالْفَتْحَةِ بُنِیَ عَلَى الْفَتْحِ، وَاِنْ كَانَ يُنْصَبُ بِالْيَاءِ لِاَنَّهٗ مُثَنّٰى اَوْ جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ بُنِیَ عَلَى الْيَاءِ، وَاِنْ كَانَ يُنْصَبُ بِالْكَسْرَةِ لِاَنَّهٗ جَمْعُ مُؤَنَّثٍ سَالِمٌ بُنِیَ عَلَى الْكَسْرَةِ، كَمَا هُوَ وَاضِحٌ فِی الْاَمْثِلَةِ.

آپ دی گئی مثالوں میں لا کے اسم میں غور کریں تو آپ اس کو تین حالتوں پائیں گے، کہ وہ پہلے گروپ میں مضاف ہے اور دوسرے گروپ میں مشابہ

Marfat.com

مضاف ہے اور جبکہ تیسرے گروپ میں مفرد یعنی نہ مضاف ہے اور نہ ہی مشابہ مضاف ہے، نداء کے باب میں موجود مثال کے طریقے پر جو کہ آپ پہچان چکے ہیں، اور جب آپ اسم کے آخر میں تین احوال میں غور کریں تو آپ پہلی دو حالتوں میں اس کو ہمیشہ منصوب پائیں گے۔ اور تیسرے حال میں آپ اس کو مبنی پائیں گے بایں طور کہ اس کو نصب دیا گیا ہوگا۔ پس اگر اس پر لا کے داخل ہونے سے پہلے اس کو فتحہ کے ساتھ نصب دیا جائے تو وہ مبنی بر فتحہ ہوگا اور اگر اس کو یاء کے ساتھ نصب دیا گیا اس لئے کہ وہ مثنی ہے یا جمع مذکر سالم ہے تو مبنی بر یاء ہوگا، اگر اس کو نصب دیا جائے کسرہ کے ساتھ اس لئے کہ وہ جمع مؤنث سالم ہے تو وہ مبنی پر کسرہ ہوگا جیسا کہ مثالوں میں واضح ہے۔

اِرْجِعْ إِلَى الْاَمْثِلَةِ مَرَّةً اُخْرٰى تَجِدُ اَنْ "لاَ" لَمْ تَقْتَرِنْ بِحَرْفِ جَرٍّ فِي اَيِ مِثَالٍ، وَتَجِدُ اَنَّ اِسْمَهَا وَخَبَرَهَا نَكِرَتَانِ، وَاَنَّ اِسْمَهَا لَمْ يُفْصَلْ عَنْهَا بِفَاصِلٍ، فَهٰذِهِ شُرُوْطٌ ثَلَاثَةٌ لَابُدَّ مِنْهَا حَتّٰى تَعْمَلُ "لاَ" عَمَلَ اَنْ، فَاِنْ فُقِدَ الشَّرْطُ الْاَوَّلُ بَطَلَ عَمَلُهَا فَتَقُوْلُ: "وُضِعَ الْاَثَاثُ فِي الْحُجْرَةِ بِلَا تَرْتِيْبٍ".

آپ ایک مرتبہ دوبارہ ان مثالوں کی طرف غور کریں تو آپ لا کو کسی مثال میں حرف جر کے ساتھ ملا ہوا نہیں پائیں گے، آپ اس کے اسم کو اور اس کی خبر دونوں نکرہ پائیں گے، اور اس کا اس سے ذرا بھی الگ نہیں کیا گیا ہے، پس یہ تین شرطیں ہیں جن کا ہونا ضروری ہے کہ لا اِنَّ کی طرح عمل کرتا ہے، پس اگر ان میں سے پہلی شرط نہ پائی جائے تو اس کا عمل باطل ہو جائے گا، پس آپ کہیں گے "وُضِعَ الْاَثَاثُ فِي الْحُجْرَةِ بِلَا تَرْتِيْبٍ"۔

وَاِنْ فُقِدَ الشَّرْطُ مِنَ الشَّرْطَيْنِ الْاَخِيْرَيْنِ بَطَلَ عَمَلُهَا وَلَزِمَ تَكْرَارُهَا، فَتَقُوْلُ: "لَا اَبَوْكَ حَاضِرٌ وَلَا اَخُوْكَ"، وَ"لَا فِي الثَّوْبِ طُوْلٌ وَلَا قِصَرٌ".

اور اگر آخری دو شرطیں نہ پائی جائیں تو اس کا عمل باطل ہو جائے گا اور ضروری ہوگا اس کا تکرار تو پس آپ کہیں گے "لَا اَبَوْكَ حَاضِرٌ وَلَا اَخُوْكَ، وَ"لَا فِي الثَّوْبِ طُوْلٌ وَلَا قِصَرٌ"۔

Marfat.com

اَلْقَوَاعِدُ:

(٦٨) تَعْمَلُ "لاَ" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ عَمَلَ إِنَّ فَتَنْصِبُ الْمُبْتَدَاءَ وَيُسَمّٰى اِسْمَهَا، وَتَرْفَعُ الْخَبَرَ وَيُسَمّٰى خَبَرَهَا.

لائے نفی جنس ان یا عمل کرتا ہے، پس وہ مبتداء کو نصب دیتا ہے جس کا نام اس کا اسم رکھا جاتا ہے اور خبر کو رفع دیتا ہے اس کا نام اس کی خبر رکھا جاتا ہے۔

(٦٩) يُنْصَبُ اِسْمُهَا إِذَا كَانَ مُضَافاً اَوْ شَبِيْهاً بِالْمُضَافِ، وَيُبْنٰى عَلٰى مَا يُنْصَبُ بِهٖ اِذَا كَانَ مُفْرَداً.

اس کے اسم کو اس وقت نصب دیا جاتا ہے جب وہ مضاف ہو یا مشابہ مجاف ہو اور جب وہ مفرد ہو تو نصب دیا جاتا ہے یعنی برفتحہ کی۔

(٧٠) يُشْتَرَطُ فِي عَمَلِهَا إِلَّا يَدْخُلُ عَلَيْهَا جَارٌّ وَاَنْ يَكُوْنَ اِسْمُهَا وَخَبَرُهَا نَكِرَتَيْنِ، وَاَلَّا يُفْصَلُ الْاِسْمُ عَنْهَا بِفَاصِلٍ، فَإِنْ فُقِدَ الشَّرْطُ الْاَوَّلُ بَطَلَ عَمَلُهَا، وَاِنْ فُقِدَ شَرْطٌ مِنَ الشَّرْطَيْنِ الْآخَرَيْنِ بَطَلَ عَمَلُهَا وَلَزِمَ تَكْرَارُهَا.

اس کے عمل میں یہ شرط ٹھہرایا گیا ہے کہ اس پر حرف جار داخل نہ ہو اور دوسری بات کہ اس کا اسم اور خبر دونوں نکرہ ہوں اور اس کا اسم اس سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ پس اگر پہلی شرط نہ پائی گئی تو اس کا عمل باطل ہو جائے گا اور اگر دوسری دو شرطوں میں سے ایک شرط پائی گئی تو اس کا عمل بالکل باطل ہوگا اور لا کا تکرار ضروری ہوگا۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ١ (مشق نمبر ١)

مَيِّزِ "لاَ" الْعَامِلَةُ مِنَ الْمُلْغَاةِ فِيْمَا يَأْتِيْ، وَبَيِّنْ سَبَبَ الْاِلْغَاءِ.

آنے والی عبارات میں سے لا عاملة کو لا ملغه سے جدا کریں اور اس کے ملغہ ہونے کا سبب بیان کریں۔

Marfat.com

(۱) اِشْتَرَيْتُ الْحِصَانَ بِلاَ سَرْجٍ (۶) لاَ دُكَّانَ فَاكِهَانِيٍّ قَرِيْبٌ
(۲) لاَ مُكْثِرَ مُزَاحٍ مَهِيْبٌ (۷) لاَ فِى الْقَصِيْدَةِ هِجَاءٌ وَلاَ مَدِيْحٌ
(۳) لاَ الرَّجُلُ كَرِيْمٌ وَلَا اِبْنُهُ (۸) لاَ مُؤْمِنِيْنَ قَانِطُوْنَ
(۴) لاَ ظُلْمَ الْيَوْمُ (۹) لاَ هُوَ حَيٌّ فَيُرْجَى وَلاَ هُوَ مَيِّتٌ فَيُنْعَى
(۵) لاَ فِى الْحَدِيْقَةِ صِبْيَانٌ وَلاَ بَنَاتٌ (۱۰) لاَ دَفْتَرِىْ مَعِى وَلاَ قَلَمِىْ

حل:

دیئے گئے جملوں میں لا کے عامل اور غیر عامل ہونے کے لحاظ سے پہچان۔

(۱) پہلے جملے میں لا غیر عامل ہے کیونکہ لا پر حرف جر داخل ہے۔

(۲) دوسرے میں لا عامل ہے۔

(۳) تیسرے میں لا کا تکرار ہے جس کی وجہ سے غیر عامل ہے۔

(۴) چوتھے میں عامل ہے۔

(۵) پانچویں میں لا کا تکرار ہے اس لئے غیر عامل ہے۔

(۶) چھٹے میں بھی لا کا تکرار ہے اس لئے غیر عامل ہے۔

(۷) ساتویں میں عامل ہے۔

(۸) آٹھویں میں عامل ہے۔

(۹) نویں میں غیر عامل ہے لا کے تکرار کی وجہ سے۔

(۱۰) دسویں میں لا کے تکرار کی وجہ سے غیر عامل ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر ۲)

عَيِّنْ فِى الْجُمَلِ الْآتِيَةِ نَوْعَ اِسْمِ "لاَ" الـنَّافِيَةُ لِـلْجِنْسِ وَبَيِّنِ الْمُعْرَبَ مِنْهُ وَالْمَبْنِىَ وَنَوْعَ الْاِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ.

آنے والے جملوں میں لائے نفی جنس کے اسم کی نوع کو بیان کریں۔ اور معرب اور مبنی کو بیان کریں اور اعراب اور بناء کی نوع کو بھی بیان کریں۔

Marfat.com

(۱) لَا خَيْرَ فِي وُدِّ امْرِئٍ مُتَقَلِّبٍ
(۲) لَا فَوَّارَاتٍ فِي الْبُسْتَانِ
(۳) لَا عَاقِلَيْنِ مُتَشَاتِمَانِ
(۴) لَا حَسُوْدَ مُسْتَرِيْحٌ
(۵) لَا صَاحِبَ جُوْدٍ مَذْمُوْمٌ
(۶) لَا سَبِيْلَ إِلَى السَّلَامَةِ مِنْ اَلْسِنَةِ الْعَامَةِ
(۷) لَا عَاصِياً اَبَاهُ مُوَفَّقٌ
(۸) لَا صَحْرَاوَاتٍ فِي اَوْرُبَّا
(۹) لَا مُتَنَافِسِيْنَ فِي الْخَيْرِ نَادِمُوْنَ
(۱۰) لَا كَوَاكِبَ طَالِعَاتٌ
(۱۱) لَا بَائِعَ فِي السُّوْقِ
(۱۲) لَا دَارَ كُتُبٍ فِي الْمَدِيْنَةِ

حل:

دیئے گئے جملوں میں لائے نفی جنس کے اسم کی نوع کا بیان۔

(۱) پہلے جملے میں خَيْرَ لائے نفی جنس کا اسم ہے اور نکرہ مفردہ ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتحہ ہے۔
(۲) دوسرے جملے میں فَوَّارَاتِ لائے جنس کا اسم ہے نکرہ ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتحہ ہے۔
(۳) تیسرے جملے میں عَاقِلَيْنَ نکرہ مفرد ہے۔
(۴) چوتھے جملے میں حَسُوْدَ نکرہ مفردہ ہے۔
(۵) پانچویں جملے میں صَاحِبَ جُوْدٍ لا کا اسم ہے جو کہ مضاف ہے۔
(۶) چھٹے جملے میں سَبِيْلَ نکرہ مفردہ ہے۔
(۷) ساتویں جملے میں عَاصِيًا مشابہ مضاف ہے۔
(۸) آٹھویں جملے میں صَحْرَاوَاتِ نکرہ مفردہ ہے۔
(۹) نویں جملے میں مُتَنَافِسِيْنَ نکرہ مفردہ ہے۔
(۱۰) نویں جملے میں كَوَاكِبَ نکرہ مفردہ ہے۔
(۱۱) گیارہویں جملے میں بَائِعَ عِنَبٍ مضاف ہے۔
(۱۲) بارہویں جملے میں دَارَ كُتُبٍ مضاف ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِمَّا يَأْتِي اِسْمًا "لِلَا" النَّافِيَةِ لِلْجِنْسِ، وَاَلْحِقْ بِهِ خَبَرًا مُنَاسِبًا.

Marfat.com

آنے والے ہر اسم کو لائے نفی کا اسم بنائیں اور اس کے ساتھ مناسب خبر کو لاحق کریں۔

(۱) مُتْقِنٌ عَمَلَهُ (۴) مُجِدُّوْنَ فِی اَعْمَالِهِمْ (۷) مِصْبَاحٌ

(۲) اَبُوْ اُسْرَةٍ (۵) صَانِع مَعْرُوْف (۸) بَارٌّ بِوَالِدَيْهِ

(۳) رَايَاتٌ (۶) صَدِيْقَانِ (۹) ذُوْ فَضْلٍ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق لائے نفی جنس کے اسم اور خبر کی تعیین۔

(۱) لاَ مُتْقِنًا فِی عَمَلِهٖ مَذْمُوْمٌ.

(۲) لاَ اَبَا اُسْرَةٍ فِی الْبَيْتِ.

(۳) لاَ رَايَاتٍ فِی الْحِصْنِ.

(۴) لاَ مُجِدِّيْنَ فِی اَعْمَالِهِمْ مَذْمُوْمُوْنَ.

(۵) لاَ صَانِعٌ مَعْرُوْفٌ مَغْمُوْمٌ.

(۶) لاَ صَدِيْقَيْنِ مُجْتَمِعَانِ.

(۷) لاَ مِصْبَاحَ فِی الْغُرْفَةِ مُتَّقَدٌ.

(۸) لاَ بَارًّا بِوَالِدَيْهِ مَحْرُوْمٌ.

(۹) لاَ ذَا فَضْلٍ فِی الْمَدْرَسَةِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر ۴)

ضَعْ اِسْماً "لِلاَ" النَّافِيَةِ لِلْجِنْسِ فِی الْاَمَاكِنِ الْخَالِيَةِ، وَبَيِّنْ نَوْعَ اِعْرَابِهٖ اَوْ بِنَائِهٖ مَعَ اِسْتِيْفَاءِ اَنْوَاعِ الْاِسْمِ.

خالی جگہوں میں لائے نفی جنس کے اسم کو رکھیں اور اسم کی تمام انواع کو ذکر کرتے ہوئے اس کے معرب اور مبنی ہونے کو بیان کریں۔

(۱) لا ..... أفضل الكتاب (۵) لا ..... فقيرة

(۲) لا ..... فی النهر (۶) لا ..... شجاع

Marfat.com

(۳) لا ..... محبوبان (۷) لا ..... يلتقيان

(۴) لا .....خائبون (۸) لا .....مُحترَمات

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق لائے نفی جنس کا اسم۔

(۱) لاَ دَرْسَ اَفْضَلُ مِنَ الْكِتَابِ (۲) لاَ سَابِحَ فِى النَّهْرِ

(۳) لاَ صَدِيْقَيْنِ مَحْبُوْبَانِ (۴) لاَ تَاجِرِيْنَ خَائِبُوْنَ

(۵) لاَ اِمْرَأَةَ فَقِيْرَةٌ (۶) لاَ كَافِرًا فِى الْحِصْنِ شُجَاعٌ

(۷) لاَ سَاحِرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ (۸) لاَ فَاحِشَاتٍ مُحْتَرَمَاتٌ

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

(ا) هَاتِ اَرْبَعَ جُمَلٍ يَكُوْنُ اِسْمُ "لاَ" النَّافِيَةِ لِلْجِنْسِ فِى الْاُوْلٰى مِنْهَا مَنْصُوْبًا بِالْفَتْحَةِ، وَفِى الثَّانِيَةِ مَنْصُوْباً بِالْيَاءِ ، وَفِى الثَّالِثَةِ مَنْصُوْباً بِالْاَلِفِ ، وَفِى الْاَخِيْرَةِ مَنْصُوْباً بِالْكَسْرَةِ.

چار جملے ایسے بنائیے کہ ان میں لائے نفی جنس کا اسم پہلے میں منصوب ہو فتحہ کے ساتھ اور دوسرے میں منصوب ہو یاء کے ساتھ اور تیسرے میں منصوب ہو الف کے ساتھ اور آخری میں منصوب ہو کسرہ کے ساتھ۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) لاَ رَاكِبًا دَرَّاجَةً عَلَى الشَّارِعِ (۲) لاَ رَجُلَيْنِ كَرِيْمَانِ

(۳) لاَ اَبَا طِفْلٍ فِى الْبَيْتِ (۴) لاَ مُحْتَجَبَاتٍ مَذْمُوْمَاتٌ

(ب) هَاتِ ثَلاَثَ جُمَلٍ يَكُوْنُ اِسْمُ "لاَ" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ فِى الْاُوْلٰى مِنْهَا مَبْنِيًّا عَلَى الْفَتْحِ ، وَفِى الثَّانِيَةِ مَبْنِيًّا عَلَى الْيَاءِ وَفِى الْاَخِيْرَةِ مَبْنِيًّا عَلَى الْكَسْرِ.

Marfat.com

تین جملے ایسے بنائیے کہ ان میں لائے نفی جنس کا اسم پہلے میں مبنی برفتحہ ہو اور دوسرے میں مبنی بر یاء ہو اور آخری میں مبنی علی الکسر ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) لاَ حُزْنَ دَائِمٌ (۲) لاَ مُخَالِفَيْنِ مُجْتَمِعَانِ (۳) لاَ زَانِيَاتِ مُحْتَرَمَاتٌ

اَلتَّمْرِيْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

هَاتِ ثَلاَثَ اَمْثِلَةَ "لِلاَ" النَّافِيَةِ لِلْجِنْسِ الْمُلْغَاةُ، بِحَيْثُ يَكُوْنَ سَبَبُ الْإِلْغَاءِ فِي الْاَوَّلِ دَخُوْلُ حَرْفِ الْجَرِّ عَلَيْهَا، وَفِي الثَّانِي عَدَمُ تَنْكِيْرِ مَعْمُوْلَيْهَا، وَفِي الثَّالِثِ فَصْلُهَا عَنْ اِسْمِهَا بِفَاصِلٍ.

لائے نفی جنس ملغہ عن العمل کی تین مثالیں ایسی لائیں کہ ان میں سے پہلے الغاء کا سبب حرف جر کے داخل ہونے کی وجہ سے ہو، اور دوسرے میں دونوں معمولوں کا نکرہ نہ ہونا ہو، اور تیسرے میں اس کا اسم اپنی خبر سے جدا ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) اِشْتَرَيْتُ الْفَرَسَ بِلاَجُلٍ.

(۲) لاَ كِتَابِيْ عِنْدِيْ.

(۳) لاَ فِي الْبُسْتَانِ طِفْلاَنِ وَلاَ بَنَاتٌ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

مَيِّزِ الْجُمَلَ الْآتِيَةِ "لاَ" النَّافِيَةُ لِلْجِنْسِ مِنْ "لا" النَّافِيَةِ لِلْوَاحِدِ، وَبَيِّنْ عَمَلَ كُلٍّ مِنْهُمَا.

آنے والے جملوں میں سے لائے نفی جنس کو لائے نفی واحد سے الگ کریں اور ان میں

Marfat.com

سے ہرایک کے عمل کو بیان کریں۔

(۱) لاَ تِلْمِيْذٌ غَالِباً بَلْ تِلْمِيْذَانِ
(۲) لاَ حَيَّ خَالِدٌ
(۳) لاَ مُتَنَزَّهَ فِي الْمَدِيْنَةِ بَلْ مُتَنَزَّهَاتٌ
(۴) لاَ عَمَلَ خَيْرٍ ضَائِعٌ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں کی پہچان۔
پہلا اور تیسرا جملہ لائے نفی للواحد کے قبیل سے تعلق رکھتے ہیں۔ جبکہ دوسرا اور چوتھا لائے نفی جنس کے قبیل سے تعلق رکھتے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

اُذْكُرِ الْمَعَانِي الَّتِيْ تَأْتِي لَهَا "لاَ" ثُمَّ بَيِّنِ الْعَامِلَةَ مِنْهَا وَغَيْرَ الْعَامِلَةِ، وَوَضِّحْ نَوْعَ الْعَمَلِ مَعَ التَّمْثِيْلِ.

لا کے معانی کے متعلق اور اس کے عاملہ اور غیر عاملہ ہونے کے متعلق وضاحت عمل کی انواع مثال کے ساتھ ذکر کریں۔

حل:

لَا کے معانی اور عاملہ اور غیر عاملہ ہونے کی انواع کے متعلق مکمل بحث سابقہ سات تمرینات اور سبق کے جملوں میں گزر چکی ہیں۔

تَمْرِيْنٌ فِي الْاَعْرَاب ۹ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ

لاَ حَارِسَيْنِ فِي الْبُسْتَانِ.

لَا ..... نَافِيَةٌ لِلْجِنْسِ حَرْفٌ مَبْنِيٌ عَلَى السُّكُوْنِ.
حَارِسَيْنَ ..... اِسْمُ لَا مَبْنِيٌّ عَلَى الْيَاءِ لِاَنَّهُ مُثَنّٰى.
فِي الْبُسْتَانِ ..... جَارٌّ وَمَجْرُوْرٌ خَبَرُ لَا.

Marfat.com

(ب) اَعْرِبِ الْمِثَالَيْنِ الْآتِيَةَ.

آنے والی مثال کی ترکیب کریں۔

(۱) لاَ مُتَرَيِّثِيْنَ مَذْمُوْمُوْنَ

(۲) لاَ مَعَ الْمُسَافِرِ مَاءٌ وَلاَ زَادٌ

(۳) لاَ زَمَانَ رَبِيْعٍ مَمْلُوْلٌ

(۴) لاَ مُسْتَشِيْرًا فِي اُمُوْرِهٖ نَادِمٌ

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب۔

(۱) لاَ مُتَرَيِّثِيْنَ مَذْمُوْمُوْنَ.

لاَ لائے نفی جنس مُتَرَيِّثِيْنَ لائے نفی جنس کا اسم مبنی بر یاء، مَذْمُوْمُوْنَ لائے نفی جنس کی خبر، الخ.

(۲) لاَ مَعَ الْمُسَافِرِ مَاءٌ وَلاَ زَادٌ.

لاَ ملغہ عن العمل بوجہ تکرار لا، مَعَ الْمُسَافِرِ مضاف، مضاف الیہ ملکر ظرف خبر مقدم، مَاءٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، لاَ زائدہ، زَادٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتداء مؤخر۔

(۳) لاَ زَمَانَ رَبِيْعٍ مَمْلُوْلٌ.

لاَ لائے نفی جنس، زَمَانَ رَبِيْعٍ مضاف منصوب زَبِيْعٍ مضاف الیہ، دونوں ملکر لا کا اسم ہوئے، مَمْلُوْلٌ خبر ہوئی لائے نفی جنس کی۔

(۴) لاَ مُسْتَشِيْرًا فِي اُمُوْرِهٖ نَادِمٌ.

لاَ لائے نفی جنس، مُسْتَشِيْرًا نکرہ مفردہ لا کا اسم فِي اُمُوْرِهٖ جار مجرور ملکر متعلق مقدم ہوا، نَادِمٌ خبر ہوئی لائے نفی جنس کی، الخ.

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۰ (مشق نمبر۱۰)

اِشْرَحْ اَحَدَ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ وَاَعْرِبْهُ.

آنے والے دوشعروں کی وضاحت کریں اوراعراب ظاہر کریں۔

وَلاَ خَيْرَ فِي حُسْنِ الْجُسُوْمِ وَنَبْلِهَا إِذَا لَمْ تَزِنْ حُسْنَ الْجُسُوْمِ عُقُوْلُ

''اورنہیں ہے کوئی خیر جسموں کے حسن اور جسموں کے کمال میں جب تک کہ عقلیں جسموں کے حسن کو جانچ نہ لیں یعنی ان کا وزن نہ کرلیں''

وَلاَ خَيْرَ فِي حِلْمٍ إِذَا لَمْ تَكُنْ لَهُ بَوَادِرُ تَحْمِي صَفْوَهُ اَنْ يُكَدَّرَا (۱)

''اورنہیں ہے کوئی بھلائی اور خیر ایسی بردباری میں کہ جب تک اس بردباری کے لئے ایسے سبقت کرنے والے نہ ہوں کہ اپنے دوست کو بچالیں اس بات سے کہ وہ گدلا (رسوا) ہوجائے''

(۱) البادرة الحدة وما يسبق من قول او فعل فى وقت الغضب.

☆☆☆☆☆

Marfat.com

لَا سِيَّمَا

تخصیص کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	أُحِبُّ رِجَالَ الْاَدَبِ وَلَاسِيَّمَا الشُّعَرَآءُ أَوِ الشُّعَرَاءِ میں ادیب لوگوں کو پسند کرتا ہوں بالخصوص شاعروں کو
۲	أَعْجَبْتُ بِالْجَيْشِ وَلَاسِيَّمَا قَائِدُهُ أَوْ قَائِدِهِ میں لشکر سے متعجب ہوا بالخصوص اس کے سپہ سالار سے
۳	سَاعِدِ النَّاسَ وَلَاسِيَّمَا الْفُقَرَاءُ أَوِ الْفُقَرَاءِ تو لوگوں کی مدد کر بالخصوص فقراء کی
۴	يُكَافَأُ الْمُجِدُّوْنَ وَلَاسِيَّمَا مُجِدٌّ خُلُقُهُ كَرِيْمٌ أَوْ مُجِدٍّ أَوْ مُجِدًّا محنتی لوگ بدلہ دیئے جائیں گے بالخصوص وہ محنتی جن کے اخلاق مہربانہ ہوں گے
۵	أُحِبُّ سُكْنَى الْقُرَى وَلَاسِيَّمَا قَرْيَةٌ عَلَى النِّيْلِ أَوْ قَرْيَةٍ أَوْ قَرْيَةً میں بستی میں زندگی گزارنے کو پسند کرتا ہوں بالخصوص وہ بستی جو نیل کے کنارے پر ہو
۶	أَجَادَ الْخُطَبَاءُ وَلَاسِيَّمَا خَطِيْبُ حَدِيْثُ السِّنِّ أَوْ خَطِيْبٍ أَوْ خَطِيْباً خطباء بہت عمدہ ہیں بالخصوص نوجوان اور فاضل خطیب

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اِذَا قَالَ قَائِلٌ "أُحِبُّ رِجَالَ الْاَدَبِ" فَهِمْنَا اَنَّهُ يَمِيْلُ إِلَى الْاُدَبَاءِ ، وَلٰكِنَّهُ إِذَا اَضَافَ إِلٰى ذٰلِكَ "وَلَاسِيَّمَا الشُّعَرَآءُ" فَهِمْنَا شَيْئًا جَدِيْداً، وَهُوَ اَنَّ نَصِيْبَ الشُّعَرَآءِ مِنْ مَحَبَّتِهِ يَفُوْقُ نَصِيْبَ غَيْرِهِمْ، وَذٰلِكَ لِاَنَّ كَلِمَةَ "سِيَّ" بِمَعْنٰى مِثْلَ : فَكَاَنَّهُ قَالَ وَلٰكِنَّ الشُّعَرَآءَ لَا يُمَاثِلُهُم اَحَدٌ مِنْ رِجَالِ الْاَدَبِ فِى

Marfat.com

وَلَوْعِیَ بِهِمْ وَمَحَبَّتِیْ إِیَّاهُمْ، فَتَرْكِیْبُ "لاَسَیِّمَا". إِذًا تُفِیْدُ تَفْضِیْلَ مَا بَعْدَهَا عَلٰی مَا قَبْلَهَا فِی الْحُكْمِ.

جب کوئی کہنے والا ہے " اُحِبُّ رِجَالَ الْاَدَبِ" تو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ادیبوں کی طرف مائل ہے اور لیکن جب وہ اس کے ساتھ کچھ اضافہ کرے " وَلَا سِیَّمَا الشُّعَرَآءُ " کا تو ہم ایک نئی چیز سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ شعراء کی جماعت اس کی محبوب جماعت ہے۔ جو کہ ان کے علاوہ دوسروں پر فائق ہے، اور یہ صورت حال اس وجہ سے ہے کہ سِیَّ کا کلمہ مثل کے معنی میں ہے، گویا کہ اس نے کہا اور لیکن وہ شعراء کے ان کے ساتھ مماثلت رکھنے والا ادب کے لوگوں میں سے کوئی نہیں کہ جن کے ساتھ میری محبت ہے اور بالخصوص میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ تو لَا سِیَّمَا کا کلمہ اس وقت فضیلت کا فائدہ دیتا ہے اس کے بعد والی چیز کو تو اس سے پہلے وقع ہے حکم میں ہے۔

تَامَّلْ هٰذَا التَّرْكِیْبَ مِنْ حَیْثُ اللَّفْظِ تَجِدْهُ مَبْدُوءًا بِلَا النَّافِیَةِ لِلْجِنْسِ، فَمَا اِسْمُهَا اِذًا ؟ وَمَا خَبَرُهَا؟ اِسْمُهَا كَلِمَةُ "سِیَّ" وَخَبَرُهَا مَحْذُوْفٌ دَائِمًا، تَقْدِیْرُهُ "مَوْجُوْدٌ" اَوْ "حَاصِلٌ" اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ، اَمَّا كَلِمَةُ "مَا" اَلْمُتَّصِلَةُ بِسِیَّ فَهِیَ إِمَّا زَائِدَةٌ وَإِمَّا اِسْمٌ مَوْصُوْلٌ، وَإِمَّا نَكِرَةٌ مَوْصُوْفَةٌ بِمَعْنَی ای شَیْءٍ وَهِیَ فِی الْحَالَتَیْنِ الْاَخِیْرَتَیْنِ مُضَافٌ إِلَیْهِ.

آپ اس ترکیب میں لفظ کی حیثیت سے غور کریں تو آپ اس کو لائے نفی جنس سے شروع ہوتا ہوا پائیں گے تو اس وقت اس کا اسم کیا ہوگا اور اس کی خبر کیا ہوگی اسی طرح کا اسم کلمہ " سِیَّ " ہے اور اس کی خبر ہمیشہ محذوف ہوتی ہے، جس کی تقدیری عبارت موجود یا حاصل ہوتی ہے، یا اسی طرح کوئی کلمہ جو اس جیسا ہو، جبکہ کلمہ " مَا " جو کہ سی کے ساتھ متصل ہے، یا تو وہ زائدہ سے ہے اور یا اسم موصول ہے یا وہ نکرہ موصوفہ ہے اَیُّ شَیْءٍ کے معنی میں اور آخری دو حالتوں میں مضاف الیہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

تَدَبَّرَ الْإِسْمَ الْوَاقِعَ بَعْدَ "لَاسِيَّمَا" فِي كُلٍّ مِنَ الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ، تَجِدُ اَنَّهُ تَارَةً يَجِيْءُ مَعْرِفَةً كَمَا فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى، وَتَارَةً يَجِيْءُ نَكِرَةً كَمَا فِي الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاَخِيْرَةِ، فَإِنْ جَاءَ مَعْرِفَةً كَانَ مَرْفُوْعاً اَوْ مَجْرُوْراً لَيْسَ غَيْرَ، اَمَّا الرَّفْعُ فَعَلٰى اَنَّهُ خَبَرٌ لِمُبْتَدَاءٍ مَحْذُوْفٍ تَقْدِيْرُهُ هِنَا "هُمُ الشُّعَرَآءُ" وَتَكُوْنُ هٰذِهِ الْجُمْلَةُ صِلَةً لِمَا عَلٰى اَنَّهَا اِسْمٌ مَوْصُوْلٌ اَوْ صِفَةٌ لَهَا عَلٰى اَنَّهَا نَكِرَةٌ مَوْصُوْفَةٌ، وَاَمَّا الْجَرُّ فَعَلٰى تَقْدِيْرِ إِضَافَةِ سِيَّ إِلَيْهِ وَزِيَادَةِ مَا، فَإِذَا كَانَ الْإِسْمُ نَكِرَةً جَازَ رَفْعُهُ وَجَرُّهُ وَنَصْبُهُ، اَمَّا رَفْعُهُ وَجَرُّهُ فَعَلٰى نَحْوِ مَا تَقَدَّمَ وَاَمَّا نَصْبُهُ فَعَلٰى اَنَّه تَمْيِيْزٌ لِمَا، وَجَازَ ذٰلِكَ لِاَنَّهُ نَكِرَةٌ.

لَا سِيَّمَا کے بعد واقع اسم میں آپ غور کریں جو کہ دی گئی مثالوں میں ہر ایک مثال میں موجود ہے۔ کبھی تو آپ اس کو پائیں گے کہ وہ معرفہ آتا ہے جیسا کہ پہلی تین مثالوں میں ہے، اور کبھی وہ نکرہ آتا ہے جیسا کہ آخری تین مثالوں میں ظاہر ہے، پس اگر وہ معرفہ آئے تو وہ یا تو مرفوع ہوگا یا مجرور ہوگا، نہ کہ کچھ اور، بہر حال اس پر رفع اس وجہ سے کہ وہ خبر ہے مبتداء محذوف کی جس کی تقدیر یہاں "هُمُ الشُّعَرَآءُ" ہے اور یہ جملہ صلہ ہوگا مَا کے لئے اس شرط پر کہ وہ اسم موصول ہے یا صفت ہوگا اس شرط پر کہ وہ نکرہ موصوفہ ہے اور جبکہ جر وہ شی کی تقدیراً اس کی طرف اضافت کی وجہ سے مَا کے زائدہ ہونے کی وجہ سے۔ پس جب وہ اسم نکرہ ہو تو اس کو رفع دیتا ہے جر دینا اور نصب دینا جائز ہے، بہر حال اس پر رفع اور جر اس طریقے پر ہی ہے جو کہ پہلے گزر چکا ہے اور جبکہ اس کا نصب اس بنا پر کہ وہ فاء کی تمیز ہے اور وہ جائز اس لئے ہے کہ وہ نکرہ ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(٧١) يُؤْتَى بِتَرْكِيْبِ "لَاسِيَّمَا" لِتَفْضِيْلِ مَا بَعْدَهَا عَلٰى مَا قَبْلَهَا فِي الْحُكْمِ.

Marfat.com

لَا سِيَّمَا کا کلمہ مرکب کلمہ اس کے مابعد کی ماقبل پر فضیلت کو ظاہر کرنے کے حکم میں لایا جاتا ہے۔

(۷۲) اَلْاِسْمُ الْوَاقِعُ بَعْدَ لَا سِيَّمَا اِنْ كَانَ مَعْرِفَةً جَازَ فِيْهِ الرَّفْعُ وَالْجَرُّ لَيْسَ غَيْرُ، وَاِنْ كَانَ نَكِرَةً جَازَ فِيْهِ اَوْجُهُ الْاِعْرَابِ الثَّلَاثَةِ.

وہ اسم جو کہ لَا سِيَّمَا کے بعد واقع ہو اگر وہ معرفہ ہو تو اس میں صرف رفع اور جر ہی جائز ہے نہ کہ اس کے علاوہ کچھ اور، اور اگر وہ نکرہ ہو تو اس میں تینوں اعراب طریقے جائز ہیں۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

اِقْرَاِ الْاَمْثِلَةَ الْآتِيَةَ، وَبَيِّنْ فِي الْاِسْمِ الَّذِيْ بَعْدَ "لَاسِيَّمَا" مَا يَجُوْزُ مِنْ اَوْجُهِ الْاِعْرَابِ، مَعَ تَعْلِيْلِ كُلِّ وَجْهٍ.

آنے والی مثالوں کو پڑھیں اور لَا سِيَّمَا کے بعد والے اسم کے بارے میں بیان کریں کہ اعراب کی کتنی وجوہ جائز ہیں نیز ہر وجہ کی علت کو بیان کریں۔

(۱) اُحِبُّ تَسَلُّقَ الْجِبَالِ وَلَاسِيَّمَا الشَّاهِقَةَ.

(۲) سَيُعَاقَبُ الْمُذْنِبُوْنَ وَلَا سِيَّمَا مُذْنِبٌ لَهُ سَابِقَةٌ.

(۳) يُنْفِقُ الْعَاقِلُ مَالَهُ فِيْ وُجُوْهِ الْخَيْرِ وَلَاسِيَّمَا مَسَاعِدَةُ الْفُقَرَآءِ.

(۴) اَعْجَبَنِي الْقَوْمُ وَلَاسِيَّمَا اَمِيْرَ بَيْنَهُمْ.

(۵) اَحْسِنْ إِلَى الْفُقَرَآءِ وَلَاسِيَّمَا فَقِيْرٌ عَاجِزٌ.

(۶) يُعْجِبُنِي الْعُمَّالُ الْمُجِدُّوْنَ وَلَا سِيَّمَا عَامِلٌ مُبَكِّرٌ.

(۷) رَبِحَ تِجَارُ الْمَدِيْنَةِ وَلَاسِيَّمَا تُجَّارُ الْقُطْنِ.

(۸) يَضُرُّ السَّهْرُ كُلَّ طِفْلٍ وَلَاسِيَّمَا طِفْلٌ جِسْمُهُ ضَعِيْفٌ.

Marfat.com

حل:

دی گئی مثالوں میں لا سیما کے بعد والے کلمہ کے اعراب کی تعیین۔

(۱) اُحِبُّ تَسَلُّقَ الْجِبَالِ وَلاَسِيَّمَا الشَّاهِقَةَ اَوْ الشَاهِقَةِ.

(۲) سَيُعَاقَبُ الْمُذْنِبُوْنَ وَلاَ سِيَّمَا مُذْنِبٌ لَهُ سَابِقَةٌ "مُذْنِبٍ" "مُذْنِبًا".

(۳) يُنْفِقُ الْعَاقِلُ مَالَهُ فِي وُجُوْهِ الْخَيْرِ وَلاَسِيَّمَا مَسَاعِدَةِ الْفُقَرَآءِ مُسَاعِدَةِ الْفُقَرَآءِ.

(۴) اَعْجَبَنِي الْقَوْمُ وَلاَسِيَّمَا اَمِيْرَ بَيْنَهُمْ ، اَمِيْرٍ ، اَمِيْرًا.

(۵) اَحْسِنْ إِلَى الْفُقَرَآءِ وَلاَسِيَّمَا فَقِيْرٌ عَاجِزٌ، فَقِيْرٍ عَاجِزٍ ، فَقِيْرًا عَاجِزًا.

(۶) يُعْجِبُنِي الْعُمَّالُ الْمُجِدُّوْنَ وَلاَ سِيَّمَا عَامِلٍ مُبَكِّرٍ ، عَامِلٌ مُبَكِّرٌ، عَامِلاً مُبَكِّرًا.

(۷) رَبِحَ تِجَارُ الْمَدِيْنَةِ وَلاَسِيَّمَا تُجَّارُ الْقُطْنِ ، تُجَّارَ الْقُطْنِ.

(۸) يَضُرُّ السَّهْرُ كُلَّ طِفْلٍ وَلاَسِيَّمَا طِفْلٌ جِسْمُهُ ضَعِيْفٌ طِفْلٍ ، طِفْلاً.

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر ۲)

ضَعْ فِي الْاَمَاكِنِ الْخَالِيَةِ جُمَلاً مُنَاسِبَةً، وَبَيِّنْ اَوْجُهَ الْاِعْرَابِ الْجَائِزَةَ فِي كُلِّ اِسْمٍ يَأْتِي بَعْدَ "لاَسِيَّمَا".

خالی جگہوں میں کوئی مناسب جملہ رکھیں اور لَا سِيَّمَا کے بعد والے ہر اسم میں جتنے وجوہ سے اعراب جائز ہے اس کو بیان کریں۔

(۱) .....وَلاَسِيَّمَا شرفاته (۲) .....وَلاَسيما شجر الكافور

(۳) .....وَلاَسيما مُزَاح يؤدي إلى الخصام (۴) .....وَلاَسيما صديق وفيّ

(۵) .....وَلاَسيما أخوك (۶) .....وَلاَسيما العلماء

(۷) .....وَلاَسيما غَنِيّ يواسي بماله الفقراء (۸) .....وَلاَسيما كتب الأدب

Marfat.com

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق خالی جگہوں میں مناسب کلمات۔

(۱) لَقِيْتُ نِسَآءَ الْبَيْتِ وَلاَ سِيَّمَا شُرَفَاتُهُ.

(۲) اَسْقَيْتُ الْاَشْجَارَ وَلاَ سِيَّمَا شَجَرَ الْكَافُوْرِ.

(۳) لاَ اُحِبُّ الْاَشْرَارَ وَلاَ سِيَّمَا مُرَاحٌ يُوَدِّى اِلٰى خِصَامٍ.

(۴) اَوُدُّ الْاَصْدِقَاءِ وَلاَ سِيَّمَا صَدِيْقٌ وَفِىٌّ.

(۵) اَدْعُو الطَّلَبَةَ وَلاَ سِيَّمَا اَخُوْكَ.

(٦) اَسْمَعُ كَلاَمَ النَّاسِ وَلاَ سِيَّمَا الْعُلَمَاءُ.

(۷) اَمْدَحُ النَّاسَ وَلاَ سِيَّمَا غَنِىٌّ يُوَاسِى بِمَالِهَ الْفُقَرَآءِ.

(۸) اُطَالِعُ الْكُتُبَ وَلاَ سِيَّمَا كُتُبُ الْاَدَبِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

ضَعْ اِسْماً مُنَاسِباً بَعْدَ "لاَسِيَّمَا" فِى كُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنِ الْوُجُوْهُ الْمُمْكِنَةُ فِى ضَبْطِ آخِرِهٖ.

آنے والے جملوں میں سے ہر ایک جملے میں لَا سِيَّمَا کے بعد مناسب اسم رکھیں اور اس کے آخر کو ضبط کرنے کے متعلق ممکنہ وجوہ کو بیان کریں۔

(۱) أثاث المنزل ثمين ولاسيما .....

(۲) مناظر الريف جميلة ولاسيما .....

(۳) يحب العقلاء الهدوء ولاسيما .....

(۴) التمرينات البدنية مفيدة ولاسيما .....

(۵) الفراغ يُفسد العقول ولاسيما .....

(٦) كثرة الأكل تضر الأجسام ولاسيما .....

(۷) يحب المعلم تلاميذ ولاسيما .....

(۸) أجاد التلميذ الإنشاء ولاسيما .....

Marfat.com

حل:

دیئے گئے جملوں میں خالی جگہوں میں مناسب کلمات۔

(۱) اَثَاثُ الْمَنْزِلِ ثَمِيْنٌ وَلاَ سِيَّمَا مَفْرُوشَاتُهُ.

(۲) اَلتَّمْرِيْنَاتُ الْبَدَنِيَةُ مُفِيْدَةٌ وَلاَ سِيَّمَا سَيْرُ الصَّبَاحِ.

(۳) يُحِبُّ الْعُقَلاَءُ الْهُدُوْءَ وَلاَ سِيَّمَا التَّكَلُّمُ بِالْاَدَبِ.

(۴) اَلْفَرَاغُ يُفْسِدُ الْعُقُوْلَ وَلاَ سِيَّمَا الذِّهْنُ.

(۵) مَنَاظِرُ الرِّيْفِ جَمِيْلَةٌ وَلاَ سِيَّمَا النَّدٰى.

(۶) كَثْرَةُ الْاَكْلِ نَضُرُّ الْاَجْسَامُ وَلاَ سِيَّمَا الْمِعْدَةُ.

(۷) يُحِبُّ الْمُعَلِّمُ تَلَامِيْذَهُ وَلاَ سِيَّمَا الْمُطِيْعُ.

(۸) اَجَادَ التَّلَامِيْذُ الْاِنْشَادَ وَلاَ سِيَّمَا اَخُوْكَ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر ۴)

(۱) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ يَكُوْنَ الْاِسْمُ بَعْدَ "لَاسِيَّمَا" فِي كُلٍّ مِنْهَا مَعْرِفَةً وَبَيِّنِ الْاَوْجُهَ الْمُمْكِنَةَ فِي اِعْرَابِهِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ جن میں لَا سِيَّمَا کے بعد والا اسم ہر ایک میں معرفہ ہو اور اس ممکنہ اعراب کی صورتوں کو بیان کریں۔

حل:

مندرجہ بالا تمرین میں مطلوبہ جملے تمرین نمبر ۲ میں آ چکے ہیں۔

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ يَكُوْنُ الْاِسْمُ بَعْدَ "لَاسِيَّمَا" فِي كُلٍّ مِنْهَا نَكِرَةً، وَبَيِّنْ مَا يَجُوْزُ فِي اِعْرَابِهِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک میں لَا سِيَّمَا کے بعد والا اسم نکرہ ہو اور اس میں جو اعراب کی صورت جائز ہیں وہ تحریر کریں۔

Marfat.com

حل:

مندرجہ بالاتمرین میں مطلوبہ جملوں کے مطابق جملے تمرین نمبرا کے حل میں گزر چکے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

كَوِّنْ تِسْعَ جُمَلٍ يَكُوْنُ الْاِسْمُ الْوَاقِعُ بَعْدَ "لاَسِيَّمَا" فِي الثَّلاَثِ الْاُوْلٰى مِنْهَا مُثَنّٰى، وَفِي الثَّلاَثِ الثَّانِيَةِ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِماً، وَفِي الثَّلاَثِ الْاَخِيْرَةِ اِسْمُ إِشَارَةٍ.

ایسے نو جملے بنائیں کہ جن میں لَا سِیَّمَا کے بعد پہلے تین جملوں میں تثنیہ کا کلمہ ہواور دوسرے تین میں جمع مذکر سالم ہواور آخری تین میں اسم اشارہ ہو۔

حل:

دی گئی شرائط کے مطابق جملے۔

(۱) خَاطَبْتُ الطُّلَّابَ وَلاَ سِيَّمَا طَالِبَانِ.

(۲) عَرَّفْتُ النَّاسَ وَلاَ سِيَّمَا رَجُلاَنِ.

(۳) ذَهَبْتُ بِالْاَطْفَالِ وَلاَ سِيَّمَا طِفْلاَنِ.

(۱) أُحِبُّ مُسْلِمُوا الْهِنْدِ وَلاَ سِيَّمَا مُصَلُّوْنَ.

(۲) اَتَعَرَّفُ الْمُسْلِمُوْنَ وَلاَ سِيَّمَا صَائِمُوْنَ.

(۳) جَاءَ مُهْتَدُوْنَ وَلاَ سِيَّمَا فَلَّاحُوْنَ.

(۱) اِشْتَرَيْتُ الشِّيَاةَ وَلاَ سِيَّمَا هٰذِهِ.

(۲) ذَبَحْتُ الْاَغْنَامَ وَلاَ سِيَّمَا هٰذَا.

(۳) مَدَحْتُ النِّسَآءَ وَلاَ سِيَّمَا هٰؤُلآءِ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

عَبِّرْ عَنِ الْمَعَانِي فِي التَّرَاكِيْبِ الْآتِيَةِ بِجُمَلٍ تَشْتَمِلُ عَلٰى "لاَسِيَّمَا".

Marfat.com

آنے والے مرکبات کوایسے معانی سے تعبیر کریں کہ جو لَا سِیَّمَا کے جملوں پر مشتمل ہوں۔

(۱) اَلْفَاکِهَةُ غِذَاءٌ مُفِيْدٌ، وَأَفْضَلُ أَنْوَاعِهَا الْبُرْتَقَالُ.

(۲) زُرْتُ حَدِيْقَةً فَرَاعَنِیْ كُلُّ شَیْءٍ فِيْهَا، وَإِنْ أَنْسَ لَا أَنْسَ حُسْنَ الْوُرُوْدِ الْمُخْتَلِفَةِ الْاَلْوَانِ.

(۳) لِیْ شَغَفٌ عَظِيْمٌ بِالْفُنُوْنِ الْجَمِيْلَةِ وَبِخَاصَّةٍ التَّصْوِيْرِ.

(۴) أُحْسِنُ إِلَى النَّاسِ وَ أَبْدَأُ بِأَهْلِیْ وَجِيْرَانِیْ.

حل:

دیئے گئے جملوں میں لَا سِیَّمَا کا استعمال۔

(۱) اَلْفَاکِهَةُ غِذَاءٌ مُفِيْدٌ لَا سِيَّمَا الْبُرْتَقَالُ.

(۲) زُرْتُ حَدِيْقَةً فَرَاعَنِی كُلَّ شَیْءٍ فِيْهَا وَاِنْ اَنْسَ لَا اَنْسَ لَا سِيَّمَا حُسْنَ الْوُرُوْدِ الْمُخْتَلِفَةِ الْاَلْوَانِ.

(۳) لِیْ شَغَفٌ عَظِيْمٌ بِالْفُنُوْنِ الْجَمِيْلَةِ وَلَا سِيَّمَا التَّصْوِيْرُ.

(۴) اُحْسِنُ اِلَى النَّاسِ وَلَا سِيَّمَا اَهْلِیْ وَجِيْرَانِی.

تَمْرِيْنٌ فِی الْاَعْرَاب ۷ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ

اَلْعُلَمَاءُ مُحْتَرَمُوْنَ وَلَاسِيَّمَا الْعَامِلُوْنَ.

اَلْعُلَمَاءُ ..... مُبْتَدَأٌ مَرْفُوْعٌ.

مُحْتَرَمُوْنَ ..... خَبَرُ الْمُبْتَدَاِ مَرْفُوْعٌ بِالْوَاوِ.

وَلَاسِيَّمَا ..... اَلْوَاوُ اِعْتِرَاضِيَّةٌ، وَلَا نَافِيَةٌ لِلْجِنْسِ، وَ سِیَّ اِسْمُهَا مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ الظَّاهِرَةِ، وَهُوَ مُضَافٌ، وَمَا زَائِدَةٌ.

اَلْعَامِلُوْنَ ..... مُضَافٌ اِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ بِالْيَاءِ لِاَنَّهٗ جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ.

Marfat.com

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ.

آنے والے جملوں کی تراکیب کریں۔

(۱) اِسْتَبْشِرِ الْاَصْدِقَاءَ وَلاَسِيَّمَا صَدِيْقاً عَاقِلاً.

(۲) سَاَزُوْرُ آثَارَ الْقَاهِرَةِ وَلاَسِيَّمَا جَامِعُ عَمْرٍو.

(۳) حَفِظَ التَّلاَمِيْذُ دُرُوْسَهُمْ وَلاَسِيَّمَا اَخِيْكَ.

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب۔

(۱) اِسْتَبْشِرِ الْاَصْدِقَاءَ وَلاَسِيَّمَا صَدِيْقاً عَاقِلاً.

اِسْتَبْشِرْ فعل امر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع مستتر محلاً فاعل، اَلْاَصْدِقَاءَ مفعول بہ وَلَا سِيَّمَا واؤ اعتراضیہ لَا لائے نفی وَسِيَّ اسم منصوب فتحہ لفظی کے ساتھ مَا زائدہ صَدِيْقًا عَاقِلاً موصوف صفت الخ.

(۲) سَاَزُوْرُ آثَارَ الْقَاهِرَةِ وَلاَسِيَّمَا جَامِعُ عَمْرٍو.

سَاَزُوْرُ فعل اس میں اَنَا ضمیر مرفوع محلاً مستتر فاعل، آثَارَ الْقَاهِرَةِ منصوب مضاف اَلْقَاهِرَةِ مضاف الیہ، مفعول بہ وَلَا سِيَّمَا واؤ اعتراضیہ لائے نفی جنس سِيَّ اسم مَا زائدہ جَامِعُ عَمْرٍو منصوب مضاف عَمْرٍو مضاف الیہ، الخ.

(۳) حَفِظَ التَّلاَمِيْذُ دُرُوْسَهُمْ وَلاَسِيَّمَا اَخِيْكَ.

حَفِظَ فعل اَلتَّلاَمِيْذُ فاعل دُرُوْسَهُمْ مضاف مضاف الیہ ملکر منصوب لفظا مفعول بہ، وَلَا سِيَّمَا اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔ اَخِيْكَ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور۔ الخ.

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَا يَنُوْبُ عَنِ الْمَصْدَرِ فِی بَابِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ

مفعول مطلق کے باب میں مصدر کے قائم مقام (نائب) کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	أَقْرَرْتُ بِذَنْبِی اِعْتِرَافاً میں نے اپنے گناہ کا اقراری اعتراف کیا	۶	جَدَّ الطَّالِبُ کُلَّ الْجَدِّ طالب علم نے بھرپور محنت کی
۲	سَارَ الْقِطَارُ سَرِیْعاً ریل بہت تیز چلی	۷	أَحْسَنَ الْعَامِلُ بَعْضَ الْإِحْسَانِ مزدور نے قدرے اچھا کام کیا
۳	رَجَعَ الْجَیْشُ الْقَهْقَرَی لشکر غالب ہو کر لوٹا	۸	أَکْرَمْتَ الضَّیْفَ ذٰلِکَ الْإِکْرَامَ میں نے مہمان کا خوب اکرام کیا
۴	حَلَفَ الرَّجُلُ ثَلَاثًا آدمی نے تین مرتبہ حلف اٹھایا	۹	جَامَلْتُکَ مُجَامَلَةً لَا أُجَامِلُهَا أَحَدًا میں نے جو سلوک آپ سے کیا ایسا سلوک کسی سے نہیں کیا
۵	ضَرَبَ الْحُوْذِی الْحِصَانَ سَوْطًا (گھڑ سوار نے گھوڑے کو کوڑا مارا)		

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَلْفَاظُ: اِعْتِرَافًا وَسَرِیْعًا وَالْقَهْقَرِی وَثَلٰثًا وَسَوْطًا وَکُلَّ وَبَعْضَ وَذٰلِکَ وَهَا مِنْ "أُجَامِلُهَا" فِی الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ، یَدُلُّ کُلٌّ مِنْهَا عَلٰی مَعْنٰی مَصْدَرِ الْفِعْلِ الْمَذْکُوْرِ قَبْلَهُ، وَیَحِلُّ مَحَلَّ ذٰلِکَ الْمَصْدَرِ، فَکَاَنَّکَ قُلْتَ فِی الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ عَلَی التَّرْتِیْبِ: اَقْرَرْتُ بِذَنْبِیْ اِقْرَارًا، وَسَارَ الْقِطَارُ سَیْرًا سَرِیْعًا، وَرَجَعَ الْجَیْشُ رُجُوْعَ الْقَهْقَرٰی، وَهَلُمَّ جَرًّا.

دی گئی مثالوں میں اِعْتِرَافًا، سَرِیْعًا، اَلْقَهْقَرِی، ثَلَاثًا، سَوْطًا، کُلَّ،

Marfat.com

بَعْضٌ ، ذٰلِکَ اور اُجَامِلُهَا میں سے ہر ایک اپنے ماقبل فعل مذکور کے مصدر کے معنیٰ پر دلالت کرتا ہے، اور وہ اس مصدر کے قائم مقام ہے، پس گویا کہ آپ نے دی گئی مثالوں میں علی الترتیب کہا۔ اَقْرَرْتُ بِذَنْبِیْ اِقْرَارًا، سَارَ الْقِطَارُ سَیْرًا سَرِیْعًا، رَجَعَ الْجَیْشُ رُجُوْعَ الْقَهْقَرِی، اور اسی طرح آخر تک۔

وَلَمَّا کَانَتِ الْمَصَادِرُ فِی مِثْلِ هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ تُنْصَبُ عَلَی الْمَفْعُوْلِیَةِ الْمُطْلَقَةِ، کَانَ مِنَ الْوَاضِحِ اَنْ تُنْصَبَ الْاَلْفَاظُ الدَّالَّةُ عَلٰی مَعَانِیْهَا وَالْحَالَةِ فِی اَمَاکِنِهَا، عَلٰی اَنَّهَا نَائِبَةٌ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

ان مثالوں میں جب مصادر کو مفعول مطلق کی بنا پر نصب دیا گیا تو یہ بات واضح اور صاف ہے کہ ان الفاظ کو بھی نصب ہی دیا جائے گا کہ جو ان کے معانی پر دلالت کریں گے اور ان کی جگہ پر اسی حالت میں ہوں گے اس اعتبار سے کہ وہ مفعول مطلق کے نائب ہیں۔

تَدَبَّرْ هٰذِهِ الْاَلْفَاظَ النَّائِبَةَ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ مَرَّةً ثَانِیَةً، وَابْحَثْ فِی الْمُنَاسَبَةِ بَیْنَ کُلٍّ مِنْهَا وَالْمَصْدَرِ الْاَصْلِی لِلْفِعْلِ تَجِدْ صِلَةً وَثِیْقَةً بَیْنَهُمَا، فَاللَّفْظُ الْاَوَّلُ مُرَادِفٌ لِلْمَصْدَرِ وَالثَّانِی صِفَتُهُ وَالثَّالِثُ نَوْعُهُ وَالرَّابِعُ عَدَدُهُ إِلٰی آخِرِ مَا تَرَاهُ فِی الْقَاعِدَةِ الْآتِیَةِ عَلَی التَّرْتِیْبِ.

آپ دوبارہ ان الفاظ میں غور و فکر کریں کہ جو مفعول مطلق کے نائب ہیں اور آپ ان الفاظ میں سے ہر ایک لفظ کو اور مصدر اصلی جو کہ فعل کا تحقیق کریں تو آپ ان دونوں کے درمیان ایک قابل اعتماد تعلق پائیں گے پس پہلا لفظ مصدر کے مرادف ہے دوسرا اس کی صفت ہے اور تیسرا اس کی نوع ہے اور چوتھا اس کا عدد ہے اسی طرح ہر ایک ترتیب ہے جو کہ آپ آنے والے قاعدہ میں دیکھ لیں گے۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۷۳) یَنُوْبُ عَنِ الْمَصْدَرِ مُرَادِفُهُ وَصِفَتُهُ وَمَا یَدُلُّ عَلٰی نَوْعِهِ اَوْ عَدَدِهِ اَوْ

Marfat.com

آلَتِهِ وَكُلٌّ وَبَعْضُ مُضَافَتَيْنِ إِلَيْهِ. وَالْإِشَارَةُ إِلَيْهِ وَضَمِيْرُهُ فَيُنْصَبُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا عَلٰى اَنَّهُ نَائِبٌ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

مصدر کے قائم مقام اس کے مرادف کو اس کی صفت کو اور یا جو اس نوع یا عدد پر دلالت کرے یا اس کے آلہ پر دلالت کرے اور کل بعض دونوں اس مصدر کی طرف مضاف ہوتے ہیں اور اس کی طرف اشارہ کرنا اور اس کی ضمیر کو قائم مقام بنایا جاتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کو مفعول مطلق کا نائب ہونے کی بناء پر نصب دیا جاتا ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

عَيِّنْ كُلَّ نَائِبٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ فِي الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ وَبَيِّنْ سَبَبَ نِيَابَتِهِ.

آنے والی عبارت میں مفعول مطلق کے ہر نائب کو متعین کریں اور اس کے نائب ہونے کا سبب بھی بیان کریں۔

اَلتَّمْرِيْنَاتُ الْبَدَنِيَّةُ تَزِيْدُ الْعُضَلَاتِ صَلَابَةً وَالْقَلْبَ قُوَّةً وَتُسَاعِدُ الْاَمْعَاءَ وَالْكُلَى اَتَمَّ مَسَاعِدَةٍ، فَعَلَى الْاِنْسَانِ اَنْ يُعْنٰى بِهَا كُلَّ الْعِنَايَةِ، وَاَنْ يَجْعَلَ لِنَفْسِهِ حَظًّا مِنْهَا كُلَّ يَوْمٍ، وَاَفْضَلُ اَنْوَاعِ التَمْرِيْنِ الْبَدَنِيِّ مَا كَانَ فِي الْهَوَاءِ الطَّلْقِ، فَيُحْسِنُ بِالْاِنْسَانِ اَنْ يَمْشِيَ فِي الْحُقُوْلِ كَثِيْرًا، وَاَنْ يَسْبَحَ عَوْمًا، وَاَنْ يَمْتَطِيَ صَهْوَاتِ الْخَيْلِ رُكُوْبًا، وَاَنْ يَشْتَغِلَ فِي حَدِيْقَةِ مَنْزِلِهِ دَفْعَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا كُلَّ اُسْبُوْعٍ، وَعَلَى الْاِنْسَانِ اِلَّا يُجْهِدُ نَفْسَهُ فِي هٰذَا التَّمْرِيْنِ ذٰلِكَ الْاِجْهَادِ الَّذِيْ يَاْتِيْهَا الْمُتَنَافِسُوْنَ فِي مَيَادِيْنِ السِّبَاقِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ قَدْ يَضُرُّ الْجِسْمَ اَكْثَرَ مِمَّا يُفِيْدُهُ.

حل:

دی گئی عبارت سے مفعول مطلق کے نائب کی تعیین۔

صَلَابَةً، قُوَّةً، مَسَاعِدَةٍ، كُلَّ الْعِنَايَةِ، كَثِيْرًا.

Marfat.com

عَوْمًا ، رَكُوْبًا، دَفْعَتَيْنِ اور ثَلاَثًا.
نائب ہونے کے اسباب کا ذکر۔
صَلَابَةً اور قُوَّةً یہ صفت ہیں مصدر کے لئے۔
كُلَّ الْعَنَايَةِ: یہ كُلّ کی وجہ سے كُلِّيَةً کے معنی پر دال ہے۔
خَطًا: یہ بَعْضِيَتْ کے معنی پر دال ہے۔
كَثِيْرًا: یہ صفت کے معنی پر دال ہے۔
عَوْمًا: یہ نوع کے معنی پر دال ہے۔
دَفْعَتَيْنِ اَوْ ثَلاَثًا: یہ عدد کے معنی پر دال ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر ۲)

عَيِّنْ نَائِبَ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ فِى الْجُمَلِ الْآتِيَةِ.
آنے والے جملوں میں مفعول مطلق کے نائب کی تعیین کریں۔

(۱) تَلاَ الْقَارِئُ الْقُرْآنَ اَحْسَنَ تِلاوَةٍ.
(۲) رَمَى الصَّيَادُ الطَّيْرَ سَهْماً.
(۳) سَجَدَ الْمُصَلِّى اَرْبَعاً.
(۴) مَا نَامَ الْمَرِيْضُ بَعْضَ النَّوْمِ حَتّٰى هَبَّ مُنْزَعِجاً.
(۵) يُحِبُّ الْعَاقِلُ وَطَنَهُ كُلَّ الْحُبِّ.
(۶) هَجَمَ الْجُنْدِيُّ الدَّغْرَى. (۱)

(۱) الدغرمی الافتجام من غیر تثبت

(۷) اَلرَّجُلُ الْمُهَذَّبُ لاَ يُعَامِلُ النَّاسَ هٰذِهِ الْمُعَامَلَةَ.
(۸) صَفَحْتُ عَنْهُ صَفْحاً لاَ اَصْفَحُهُ عَنْ اَحَدٍ.
(۹) إِذَا نَجَحْتُ دَعَوْتُ الْجَفَلَى. (۲)
(۱۰) اَوَلَمْ صَدِيْقِىْ وَدَعَا النَّقَرَى. (۳)

(۲) الجفلی الدعوة العامة (۳) النقری الدعوة الخاصة.

Marfat.com

حل:

دیئے گئے جملوں سے مفعول مطلق کے نائب کی تعیین۔

اَحْسَنَ تِلاوَةً، سَهْدًا، اَرْبَعًا، بَعْضَ النَّوْمِ، مُنْزَعِجًا.

كُلَّ الْحُبِّ، اَلدَّغْرَى، هٰذِهِ الْمُعَامَلَةَ، صَفْحًا، اَلْجَفْلٰى، اَلنَّقْرَى.

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

ضَعْ نَائِباً عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ فِى كُلِّ مَكَانٍ خَالٍ، بِحَيْثُ يَكُوْنُ مِنَ النَّوْعِ الْمَوْضُوْعَيْنِ بَيْنَ الْقَوْسَيْنِ.

ہر خالی جگہ میں مفعول مطلق کے نائب کو رکھیں اور موضوع کی نوع قوسین میں دیئے گئے اشارات کے مطابق ہو۔

(۱) اَقْبَلَ النَّاس ..... (مرادف)

(۲) اُبْغِضُ الْجُبَّان ..... (مرادف)

(۳) نَاْكُلُ فِى الْيَوْمِ ..... (عـــدد)

(۴) بَعْدَ اَنْ غَضِبَ..... رَجَعَ إِلَيْهِ حِلْمُهُ (اسم إشارة)

(۵) اُحِبُّ الْهَوَاء الطَّلْقَ ..... (كـل)

(۶) اِحْتَرَمْتُهُ اِحْتِرَاماً ..... (ضـمير)

(۷) اَتْعَبَ الْعَامِلُ نَفْسَهُ ..... (بعض)

(۸) ضَرَبَ اللَّاعِبُ الْكُرَةَ ..... (آلـــة)

(۹) اَكْرَمْنَا الضُّيُوْفَ ..... (صـفة)

(۱۰) نَظَرْتُ إِلَى الْمُقَصِّرِ ..... (نـوع)

حل:

دیئے گئے نامکمل جملوں کی مخصوص کلمات سے تکمیل۔

Marfat.com

(۱) اَقْبَلَ النَّاسَ تَوَجُّهًا كَامِلاً.
(۲) اُبْغِضُ الْجُبَّانُ اِسْتِكْرَاهًا شَدِيْدًا.
(۳) نَاكُلُ فِى الْيَوْمِ ثَلاثًا.
(۴) بَعْدَ اَنْ غَضِبَ ذٰلِكَ الْغَضَبِ رَجَعَ اِلَيْهِ حِلْمُهٗ.
(۵) اُحِبُّ الْهَوَآءَ الطَّلَقَ كُلَّ الْحُبِّ.
(۶) اِحْتَرَمْتُهٗ اِحْتِرَامًا لاَ اِحْتَرِمُهٗا اَحَدًا.
(۷) اَتْعَبَ الْعَامِلُ نَفْسَهٗ بَعْضَ التَّعَبِ.
(۸) ضَرَبَ اللَّاعِبُ الْكُرَةَ رِجْلاً.
(۹) اَكْرَمْنَا الضُّيُوْفَ حَسَنًا.
(۱۰) نَظَرْتُ اِلَى الْمُقَصِرِ نَظَرَ الْحَاذِقِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر ۴)

اِجْعَلْ كُلَّ لَفْظٍ مِنَ الْاَلْفَاظِ الْآتِيَةِ نَائِباً عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ فِى جُمْلَةٍ تَامَةٍ.
آنے والے الفاظ میں سے ہر لفظ کو مکمل جملوں میں مفعول مطلق کا نائب بنا کر استعمال کریں۔

كُلَّ الْاِتْقَانِ	بَعْضَ الْاِهْمَالِ	تِلْكَ الْمُسَاعِدَةِ	اَتَمَّ حِفْظٍ
ذَالِكَ السُّلُوْكِ	عِشْرِيْنَ	عَصَا	تَوْكِيْلاً
	سُرُوْرًا	يَسِيْرًا	

حل:
دیئے گئے کلمات کا مفعول مطلق کے نائب کی حیثیت سے جملوں میں استعمال۔
(۱) اَتْقِنِ الْعَمَلَ كُلَّ الْاِتْقَانِ.
(۲) لاَ تَتْرُكِ الْعَمَلَ بَعْضَ الْاِهْمَالِ.
(۳) سَاعَدْتُهٗ تِلْكَ الْمُسَاعِدَةِ.

Marfat.com

(۴) حَفِظْتُ الْقُرْآنَ اَتَمَّ حِفْظٍ.

(۵) اَسْلَكْتُهُ ذٰلِكَ سُلُوْكًا.

(۶) صَامَ الرَّجُلَ عِشْرِيْنَ.

۰) ضَرَبَ الرَّاعِي الْغَنَمَ عَصًا.

اَعْطَيْتُهُ تَوْكِيْلاً.

رَحْتُ بِلِقَائِكَ سُرُوْرًا.

(سَهَّلْتُ لَهُ فِي الْعَمَلِ يَسِيْرًا.

رِيْنُ ۵ (مشق نمبر ۵)

) كَوِّنْ جُمْلَةَ الْفَاعِلُ فِيْهَا مُثَنّٰى مُذَكَّرٌ، مَعَ اِشْتِمَالِهَا عَلٰى اِسْمِ عَدَدٍ نَائِبٍ نِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

ایک جملہ ایسا بنائیں کہ اس میں فاعل تثنیہ مذکر ہو اور اس میں مفعول مطلق کا نائب اسم عدد ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملہ۔

يَاْكُلُ الْعَامِلاَنِ فِي الْيَوْمِ ثَلاَثًا.

(۲) كَوِّنْ جُمْلَةَ نَائِبُ الْفَاعِلِ فِيْهَا جَمْعُ مُؤَنَّثٍ سَالِمٌ مَعَ اِشْتِمَالِهَا عَلٰى صِفَةٍ نَائِبَةٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

ایک جملہ ایسا بنائیں کہ جس میں نائب فاعل جمع مونث سالم ہو اور مفعول مطلق نائب صفت پر مشتمل ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملہ۔

تُعَلَّمُ الْبَنَاتُ اَحْسَنَ تَعْلِيْمٍ.

Marfat.com

(۳) كَوِّنْ جُمْلَةً الْمُبْتَدَاءُ فِيْهَا جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ وَالْخَبَرُ جُمْلَةٌ فِعْلِيَّةٌ مُشْتَمِلَةٌ عَلٰى ضَمِيْرٍ نَائِبَةٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

ایک جملہ ایسا بنائیں کہ اس میں مبتداء جمع مذکر سالم ہو اور خبر ایسا جملہ فعلیہ ہو کہ جو ایسی ضمیر پر مشتمل ہو کہ جو مفعول مطلق کا نائب بن رہی ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملہ۔

اَلصَّائِمُوْنَ لاَ يَصُوْمُهَا اَحَدٌ.

(۴) كَوِّنْ جُمْلَتَيْنِ اِسْتِفْهَامِيَتَيْنِ، تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِّنْهُمَا عَلٰى مَصْدَرٍ نَائِبٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

دو ایسے استفہامیہ جملے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک ایسے مصدر پر مشتمل ہو کہ جو مفعول مطلق کا نائب ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) هَلْ جَلَسَ زَيْدٌ تَحْتَ الشَّجَرَةِ قُعُوْدًا.

(۲) اَمَنَعْتَهُ مُحَابَسَةً.

(۵) كَوِّنْ جُمْلَةً شَرْطِيَّةً يَكُوْنُ كُلٌّ مِنْ فِعْلِ الشَّرْطِ وَالْجَوَابُ فِيْهَا مَتْلُوًّا بِنَائِبٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ.

ایک جملہ شرطیہ ایسا بنائیں کہ اس میں سے ہر ایک شرط کے فعل سے ہو اور جواب اس میں مفعول مطلق کے نائب سے پڑھا جائے۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملہ۔

اِذَا فُزْتُ دَعَوْتُ الْجَفَلَى.

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

كَوِّنْ تِسْعَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا عَلٰى نَائِبٍ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ، وَاسْتَوْفِ جَمِيْعَ الْاَنْوَاعِ الَّتِىْ تَعْرِفُهَا.

ایسے نو جملے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک مفعول مطلق کے نائب کی ہر قسم پر مشتمل ہو اور اس کی تمام انواع کا ذکر کریں۔

حل:

مندرجہ بالا تمرین میں مطلوبہ جملے تمرین نمبر ۳ میں بالترتیب تمام انواع کے ساتھ گزر چکے ہیں۔

تَمْرِيْنٌ فِي الْاَعْرَاب ٧ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج - نمونہ

زَارَ الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ.

زَارَ ..... فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِىٌّ عَلَى الْفَتْحِ.

اَلطَّبِيْبُ ..... فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ بِالضَّمَّةِ.

اَلْمَرِيْضَ ..... مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ.

أَرْبَعَ ..... نَائِبٌ عَنِ الْمَفْعُوْلِ الْمُطْلَقِ مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ.

مَرَّاتٍ ..... مُضَافٌ إِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ.

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ.

آنے والے جملوں کی تراکیب کریں۔

(۱) وَثِقْتُ بِكَ كُلَّ الثِّقَةِ

(۲) عَطَفْنَا عَلَيْهِ مِثْلَ عَطْفِكُمْ

(۳) سَعَيْتُ ذٰلِكَ السَّعْىَ

(۴) جَلَسَ الرَّجُلُ الْقُرْفُصَاءَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب۔

(۱) وَثِقْتُ بِکَ کُلَّ الثِّقَةِ.

وَثِقْتُ فعل ماضی اس میں ضمیر متکلم اس کا فاعل بِکَ ب حرف جار ک مخاطب مجرور کُلَّ الثِّقَةِ کُلَّ مضاف منصوب مفعول مطلق کا نائب الثِّقَةِ مضاف الیہ، الخ۔

(۲) عَطَفْنَا عَلَيْهِ مِثْلَ عَطْفِكُمْ.

عَطَفْنَا فعل ماضی اس میں جمع ضمیر جمع متکلم فاعل عَلَيْهِ عَلٰی حرف جارہ ضمیر مجرور مِثْلَ مضاف منصوب مفعول مطلق کا نائب عَطْفِكُمْ عَطْفِ مضاف مجرور کُمْ ضمیر جمع مخاطب مضاف الیہ۔

(۳) سَعَيْتُ ذٰلِكَ السَّعْيَ.

سَعَيْتُ فعل ماضی تُ ضمیر متکلم فاعل ذٰلِکَ اسم اشارہ محلاً منصوب مفعول مطلق کا نائب السَّعْيَ اس کا مشارالیہ۔

(۴) جَلَسَ الرَّجُلُ الْقُرْفُصَاءَ.

جَلَسَ فعل ماضی الرَّجُلُ فاعل مرفوع لفظاً، الْقُرْفُصَاءَ منصوب مفعول مطلق کا نائب۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اَلْاِضَافَةُ

اضافت کا بیان

(۱) اَلْاِضَافَةُ الْمَعْنَوِيَّةُ وَاللَّفْظِيَّةُ

(اضافت معنوی اور لفظی کا بیان)

اَلْاَمْثِلَةُ:

	نُوْرُ الشَّمْسِ قَوِيٌّ		صَانِعُ الْمَعْرُوْفِ مَشْكُوْرٌ
	سورج کی روشنی طاقتور ہے		بھلائی کرنے والا مشکور رہتا ہے
۱	عُنُقُ الْجَمَلِ طَوِيْلٌ	۳	مَحْمُوْدُ الْخِصَالِ مَمْدُوْحٌ
	اونٹ کی گردن لمبی ہے		اچھی عادتوں والا تعریف کیا جاتا ہے
	رِيْشُ الطَّاوُوس جَمِيْلٌ		سَرِيْعُ الْغَضَبِ مَذْمُوْمٌ
	مور کے پر خوبصورت ہیں		غصہ کا جلدی آنا مذموم ہے
	أَسْمَعُ بُكَاءَ طِفْلٍ		اَلْحَافِظَا دُرُوْسِهِمَا مَكَافَآنِ
	میں بچے کے رونے کی آواز		اپنے اسباق کو یاد کرنے والوں کے دونوں سبق
	سن رہا ہوں		پورے ہوگئے
۲	أَرَى آثَارَ أَقْدَامٍ	۴	اَلْمُتْقِنُوْا أَعْمَالِهِمْ رَابِحُوْنَ
	میں قدموں کے نشانات دیکھ رہا ہوں		اپنے کاموں میں ثابت قدم رہنے والے نفع اٹھاتے ہیں
	أَشُمُّ رَائِحَةَ وَرْدٍ		اَلْمُنْصِفُ مِنَ مَحْبُوْبٌ
	میں گلاب کے پھول کی خوشبو		لوگوں میں انصاف کرنے والا پسند کیا جاتا ہے
	سونگھ رہا ہوں		اَلْمُحِبُّ فِعْلَ الْخَيْرِ سَعِيْدٌ
			محبت کرنیوالا بھلائی کا کام کرنیوالا خوش نصیب ہے

Marfat.com

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

دَرَسْتَ فِی الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِیَّةِ تَعْرِیْفُ الْمُضَافِ إِلَیْهِ، وَعَرَفْتَ هُنَاکَ اَنَّ الْمُضَافَ إِلَیْهِ مَجْرُوْرًا دَائِماً، وَاَنَّ الْمُضَافَ یُحْذَفُ تَنْوِیْنُهُ عِنْدَ الْاِضَافَةِ إِذَا کَانَ مُنَوَّناً قَبْلَهَا، وَتُحْذَفُ نُوْنُهُ إِذَا کَانَ مُثَنّٰی اَوْ جَمْعَ مُذَکَّرٍ سَالِماً، وَنُرِیْدُ هُنَا اَنْ نَزِیْدَکَ شَیْئاً جَدِیْداً فِی هٰذَا الْبَابِ.

آپ مدارس ابتدائیہ کے حصے میں مضاف اور مضاف الیہ کو پڑھ چکے ہیں، اور وہاں آپ یہ بھی جان چکے ہیں کہ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے اور یہ بات یقینی ہے کہ اضافت کے وقت مضاف کی تنوین حذف کردی جاتی ہے جبکہ وہ اضافت کرنے سے پہلے اس پر تنوین ہو۔ اور جب وہ تثنیہ یا جمع مذکر سالم ہو تو اس کی نون کو حذف کردیا جاتا ہے۔

اُنْظُرْ اِلَی الْمُضَافِ فِی کُلِّ مِثَالٍ مِنْ اَمْثِلَةِ الطَّائِفَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ، تَجِدُ اَصْلَهُ مُنَکَّرًا وَلٰکِنَّهُ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰی قَدْ اِکْتَسَبَ التَّعْرِیْفَ بِسَبَبِ إِضَافَتِهِ إِلَی الْاِسْمِ الْمُعَرَّفِ بَعْدَهُ، فَإِنَّ لَفْظَ "نُوْر" مَثَلاً إِذَا اُخِذَ وَحْدَهُ دَلَّ عَلٰی نُوْرٍ غَیْرِ مُعَیَّنٍ، فَهُوَ لِذٰلِکَ نَکِرَةٌ، وَلٰکِنَّکَ إِذَا قُلْتَ "نُوْرُ الشَّمْسِ" بِالْإِضَافَةِ فَقَدْ عَیَّنْتَهُ وَعَرَّفْتَهُ، وَفِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّانِیَةِ تَرَی الْمُضَافَ قَدِ اکْتُسِبَ التَّخْصِیْصُ بِسَبَبِ إِضَافَتِهِ إِلٰی نَکِرَةٍ، فَإِنَّکَ إِذَا قُلْتَ : اَسْمَعُ "بُکَاءَ" مِنْ غَیْرِ إِضَافَةٍ، کَانَ لَفْظُ الْبُکَاءِ عَامًا یَشْتَمِلُ بُکَاءَ الطِّفْلِ، وَبُکَاءَ الْمَرْاَةِ وَبُکَاءَ الرَّجُلِ وَلٰکِنَّکَ إِذَا اَضَفْتَهُ إِلٰی نَکِرَةٍ وَقُلْتَ: "اَسْمَعُ بُکَاءَ طِفْلٍ" تَکُوْنُ قَدْ خَصَّصْتَهُ وَضَیَّقْتَ عُمُوْمَهُ، وَتُسَمَّی الْاِضَافَةُ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَتَیْنِ وَاَشْبَاهِهَا "اِضَافَةً مَعْنَوِیَّةً" لِاَنَّهَا اَفَادَتِ الْمُضَافَ اَمْرًا مَعْنَوِیاً وَهُوَ التَّعْرِیْفُ اَوِ التَّخْصِیْصُ.

ہم یہاں اس باب میں کچھ نئی چیزوں کا اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ پہلے دو گروپوں میں موجود مثالوں میں سے ہر مثال میں مضاف کی طرف نظر

Marfat.com


اور گزشتہ جملوں میں بعض اسماء مثلاً انت، خالد، هذه، ما، المریض، باب، اور یا رجل ایسے اور جب آپ دی گئی مثالوں میں موجود معارف میں غور کریں تو آپ ان کو مختلف انواع پائیں گے پس ان میں کانت کی ضمیر ہے اور خالد کا علم ہے اور ان میں سے هذه اسم اشارہ ہے اور اسم موصول ہے جیسے ما اور

Marfat.com

ان میں سے اسم معرف باللام ہے جیسے المریض اور معرفہ کی طرف اضافہ کی وجہ سے معرفہ ہے جیسے باب الدار اور معرفہ باندا ہے جیسے یا رجل اور ان کی تعداد کل سات ہے جیسے کہ آپ دیکھ چکے ہیں اور یقیناً آپ اس کا اکثر حصہ کتاب المدارس الابتدائیہ کے حصے میں پڑھ چکے ہیں اور اس متفرق ابواب میں اس کے احکام کے متعلق آپ بہت کچھ پہچان چکے ہیں۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۷۰) اَلنَّكِرَةُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلٰى شَيْءٍ غَيْرَ مُعَيَّنٍ .

نکرہ وہ اسم ہے کہ جو کسی غیر معین چیز پر دلالت کرے۔

(۱۷۱) اَلْمَعْرِفَةُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلٰى شَيْءٍ بِعَيْنِهٖ .

معرفہ وہ اسم ہے کہ جو کسی خاص معین چیز پر دلالت کرے۔

(۱۷۲) اَلْمَعَارِفُ سَبْعٌ وَهِيَ: اَلضَّمِيْرُ، وَالْعَلَمُ، وَاِسْمُ الْاِشَارَةِ، وَالْاِسْمُ الْمَوْصُوْلِ، وَالْمُحَلَّى بِأَلْ، وَالْمُضَافُ اِلٰى مَعْرِفَةٍ، وَالْمُعَرَّفُ بِالنِّدَاءِ .

معارف سات ہیں اور وہ ضمیر، علم، اسم اشارہ، اسم موصول، معرب باللام، معرفہ کی طرف مضاف ہونا اور معرفہ باندا۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنِ الْمَعَارِفَ وَالنَّكِرَاتِ ، وَمَيِّزْ اَنْوَاعَ الْمَعَارِفِ فِيْمَا يَأْتِي :

آنے والی عبارت سے معرفہ اور نکرہ کو بیان کریں اور معرفہ کی اقسام کو الگ الگ کریں۔

جَاءَ فِي كِتَابِ كَلِيلَةَ وَدِمْنَةَ: اَلرِّجَالُ ثَلَاثَةٌ: حَازِمٌ وَاَحْزَمُ مِنْهُ ،وَعَاجِزٌ فَاَحَدُ الْحَازِمَيْنِ مَنْ اِذَا نَزَلَ بِهِ الْاَمْرُ لَمْ يَدْهِشْ لَهُ،وَلَمْ يَذْهَبْ قَلْبُهُ (۱) شَعَاعاً وَلَمْ

Marfat.com

تَعْنِی بِهٖ حِیْلَتَهُ الَّتِی یَرْجُوْبِهَا الْمَخْرَجَ مِنْهُ، وَاَحْزَمُ مِنْ هٰذَا الْمُتَقَدِّمِ ذُوالْعُدَّةِ الَّذِیْ یَعْرِفُ الْاِبْتِلَاءَ قَبْلَ وَقُوْعِهٖ،فَیُعْظِمُهٗ اِعْظَامًا،وَیَحْتَالُ لَهٗ حَتّٰی کَاَنَّهٗ قَدْ لَزِمَهٗ فَیَحْسِمُ الدَّاءُ قَبْلَ اَنْ یُبْتَلٰی بِهٖ وَیَدْفَعُ الْاَمْرَ قَبْلَ وَقُوْعِهٖ،وَاَمَّا الْعَاجِزُ فَهُوَ فِی تَرَدُّدٍ وَتَمَنٍّ وَتَوَانٍ حَتّٰی یَهْلِکَ .

(۱) یقال طارت نفس المرء إذا تبددت من الخوف ونحوه فلم یدر وجه الصواب .

حل:

دی گئی عبارت سے نکرہ اور معرفہ کے اسماء کا انتخاب۔

اسمائے نکرہ:

حازم	عاجز	شعاعا	اعظاما	تردد	تمن	توان

اسمائے معرفہ:

کتاب کلیله اضافت	الرجال معرف باللام	الحازمین معرف باللام
الامر معرف باللام	قلبه اضافت	حیلته اضافت
التی اسم موصول	المخرج معرف باللام	هذا اسم اشار
ذو العده اضافت	الذی اسم موصول	الابتلاء معرف باللام
قبل وقوعه اضافت	الداء معرف باللام	العاجز معرف باللام
هو ضمیر		

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

اِجْعَلِ الْمَعْرِفَةَ نَکِرَةً وَالنَّکِرَةَ مَعْرِفَةً فِیْمَا یَلِی :

آنے والی عبارت میں موجود معرفہ کو نکرہ اور نکرہ کو معرفہ سے بدلیں۔

Marfat.com

۱	غَرَّد عُصْفُورٌ فَوْقَ الشَّجَرَةِ	۵	عَادَ الطَّبِيْبُ مَرِيْضَيْنِ
۲	تَفَتَّحَتْ وَرْدَةٌ فِی الْبُسْتَانِ	۶	حَصُفَ عَقْلُ التِّلْمِيْذِ
۳	سَرَقَ اللُّصُوْصُ اَثَاثَ بَيْتٍ	۷	ذَهَبَتِ الْمَاشِيَةُ إِلَى الْمَرْعٰى
۴	ذَبَحَ الْقَصَّابُ شَاةً	۸	سَقْفُ الْحُجْرَةِ

حل:

دیئے گئے جملوں میں ھدایات کے مطابق تبدیلی۔

۱	غَرَّدَ الْعُصْفُورُ فَوْقَ شَجَرَةٍ	۵	عَادَ طَبِيْبٌ الْمَرِيْضَيْنِ
۲	تَفَتَّحَتِ الْوَرْدَةُ فِی بُسْتَانٍ	۶	حَصُفَ الْعَقْلُ لِتِلْمِيْذٍ
۳	سَرَقَ لَصُوْصٌ الْاَثَاثَ مِنَ الْبَيْتِ	۷	ذَهَبَتْ مَاشِيَةٌ إِلٰى مَرْعًى
۴	ذَبَحَ قَصَّابٌ الشَّاةَ	۸	اَلسَّقْفُ لِحُجْرَةٍ

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

صِفْ حَالَ النَّاسِ فِی بَلَدِکَ لَيْلَةَ عِيْدَ الْفِطْرِ، وَضَمِّنْ وَصْفَکَ جَمِيْعَ اَنْوَاعِ الْمَعَارِفِ، وَطَائِفَةً مِنَ النَّكِرَاتِ .

اپنے ملک میں عید الفطر کی رات لوگوں کی حالت وکیفیت کو بیان کریں اور تمام اوصاف کو معارفہ کی تمام انواع اور نکرہ کے ساتھ بیان کریں۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق معرفہ اور نکرہ کے ساتھ عید الفطر کی رات لوگوں کے اوصاف کا بیان۔

جَاءَ نِی زَيْدٌ هَارِبًا مَسْرُوْرًا وَهُوَ كَانَ فِی السُّرْعَةِ لِإِبْلَاغِ خَبَرِ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ الَّذِی قَدْ كَانَ ظَهَرَ فِی هٰذَا اللَّيْلِ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ. فَدَعَانِی يَا اَحْمَدُ مُبَارَكٌ لَکَ، مُبَارَكٌ لَکَ قَدْ طَلَعَ هِلَالُ عِيْدِ الْفِطْرِ فَاسْتَقْبَلْتُهُ وَقُلْتُ لَهُ اَهْلاً وَسَهْلاً وَ مَرْحَبًا.....

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ،وَبَيِّنْ مَا فِيْهِمَا مِنْ اَنْوَاعِ الْمَعَارِفِ :

آنے والے دونوں شعروں کی وضاحت کریں اوراس میں موجود معرفہ کی انواع کو بیان کریں۔

وَمَا الْخَيْلُ إِلَّا كَالصَّدِيْقِ قَلِيْلَةٌ وَإِنْ كَثُرَتْ فِى عَيْنِ مَنْ لَا يُجَرِّبُ

إِذَا لَمْ تُشَاهِدْ غَيْرَ حُسْنِ شِيَاتِهَا وَاَعْضَائِهَا فَالْحُسْنُ عَنْكَ مُغَيَّبُ(۱)

(۱) الشيات الألوان .

حل:

دیئے گئے اشعار کی ہدایات کے مطابق وضاحت اورانواع معارفہ کا انتخاب۔

(۱) اورنہیں ہے گھوڑا مگر مثل صدیق (تیز رفتار سچے جذبے والے کی طرح کم ہیں، اگرچہ زیادہ ہوجائیں اس شخص کی آنکھ میں جس نے تجربہ نہ کیا ہو۔

(۲) جب تونے اس کے رنگوں اوراس کے اعضاء کے حسن کا مشاہدہ نہیں کیا تو پس گویا کہ حسن تجھ سے غائب کردیا گیا ہے۔

اسم معرفہ کی انواع کا بیان:

الخيل (معرف باللام) من (اسم موصول) غير حسن (اضافت)

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۱) طَائِفَةٌ مِنْ اَحْكَامِ الضَّمِيْرِ

ضمیر کے احکام کے متعلق بحث

(ل) اَلضَّمِيْرُ الْمُسْتَتِرُ

ضمیر مستتر کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	اَلطَّائِرُ يُغَرِّدُ پرندہ چہچہاتا ہے	۲	اَلْفَتَاةُ تَشْرُفُ بِاَخْلَاقِهَا لڑکی اپنے اخلاق سے شریف ہوتی ہے
۳	اَلزَّهْرَةُ تَفَتَّحَتْ پھول کھلتا ہے	۴	اِذَا ذَهَبَ الشَّبَابُ فَهَيْهَاتَ جب جوانی چلی جاتی تو پھر افسوس ہوتا ہے
۵	اَلنِّيْلُ فَائِضٌ دریائے نیل بہتا ہے	۶	اَلصَّبْرُ مَحْمُوْدٌ صبر اچھا ہے
۷	اَلْقَصْرُ فَخْمٌ (محل بہت بڑا ہے)		

۱	قُلِ الْحَقَّ حق کہہ	۲	اَعْرِفُ الْوَاجِبَ میں فرائض کو پہچانتا ہوں
۳	هَلْ تُحْسِنُ السِّبَاحَةَ کیا تم تیراکی کو اچھا سمجھتے ہو	۴	نُحِبُّ الْوَطَنَ ہم وطن سے محبت کرتے ہیں
۵	وَىْ كَأَنَّ الْمُهْمِلَ لَا يُدْرِكُ الْعَاقِبَةَ گویا کہ عذر کرنے والا انجام سے واقف نہیں	۶	صَنَاعِ الْجَمِيْلَ خوبصورت چیز بناؤ
۷	سَعْيًا فِى الْخَيْرِ (خیر کے کام میں کوشش کر)		

Marfat.com

(۱) اَلْمُشَاهَدَةُ اَصْدَقُ دَلِيْلٍ.

مشاہدہ دلیل سے زیادہ سچا ہوتا ہے۔

(۲) اَثْمَرَتِ الْاَشْجَارُ مَا عَدَا النَّخْلَ.

کھجور کے سوا تمام درختوں نے پھل دیئے۔

(۳) مَا اَجْمَلَ الرَّبِيْعَ.

بہار کا موسم کتنا اچھا ہے۔

(۴) نِعْمَ لِلْعَامِلِيْنَ جَزَاءً.

مزدوروں کو بدلہ دینا بہت اچھا ہے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

سَبَقَ لَکَ اَنَّ اَلْمَمْتَ فِی الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِيَّةِ بِمَعْنَى الضَّمِيْرِ،وَاَنَّهُ مَا وُضِعَ لِمُتَكَلِّمٍ،اَوْ مُخَاطَبٍ،اَوْغَائِبٍ،وَعَرَفْتَ هُنَاکَ اَلْفَاظَهُ وَاَقْسَامَهُ،وَنُرِيْدُ هُنَا اَنْ نَتَحَدَّثَ اِلَيْکَ بِبَعْضِ مَا لَمْ تَدْرُسْهُ مِنْ اَحْكَامِهِ فَنَقُوْلُ :

حصہ مدارس ابتدائیہ کے اسباق میں آپ کے سامنے ضمیر کے معنی کے متعلق بات گزر چکی ہے کہ وہ ضمیر وہ اسم ہے کہ جو متکلم، مخاطب یا غائب کے وضع کی کی گئی ہو اور وہیں پر آپ اس کے الفاظ اور اقسام کو بھی پہچان چکے ہیں اب یہاں پر ہم ان چیزوں کو آپ کے سامنے بیان کرنا چاہتے ہیں کہ جو کہ آپ نے نہیں پڑھیں اور وہ ان کے احکام سے ہیں۔پس ہم کہتے ہیں:

تَاَمَّلْ اَمْثِلَةَ الْقِسْمِ الْاَوَّلِ تَجِدْ اَنَّهَا تَشْتَمِلُ عَلٰى فِعْلٍ اَوْ اِسْمِ فِعْلِ مَاضٍ اَوْ وَصْفٍ مُشْتَقٍّ هُوَ اِسْمُ الْفَاعِلِ وَاِسْمُ الْمَفْعُوْلِ وَالصِّفَةُ الْمُشَبَّهَةُ،وَتَجِدُ اَنَّ بِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهِ ضَمِيْرًا مُسْتَتِرًا يَعُوْدُ عَلٰى مَا قَبْلَهُ تَقْدِيْرُهُ هُوَ،اَوْهِيَ،وَلَوْ اَنَّکَ وَضَعْتَ اِسْمًا ظَاهِرًا مَكَانَ هٰذَا الضَّمِيْرِ فِی اَمْثِلَةِ غَيْرِ هٰذِهِ لَوَجَدْتَ ذٰلِکَ سَائِغًا كَاَنْ تَقُوْلَ: يُغَرِّدُ الطَّائِرُ،وَتَشْرُفُ الْفَتَاةُ،اِلٰى نَحْوِ ذٰلِکَ، هٰذَا

Marfat.com

الضَّمِيْرُ الَّذِیْ يَصِحُّ اَنْ يَحُلَّ مَحَلَّهُ اِسْمٌ ظَاهِرٌ يَكُوْنُ اِسْتِتَارُهُ جَائِزاً .

کہ آپ پہلی قسم کی مثالوں میں غور کریں تو یقیناً آپ ان کو کسی فعل یا اسم فعل ماضی یا کسی وصف مشتق جو کہ اسم فاعل ،اسم مفعول ،صفت مشبہ ہے اور آپ یہ بات بھی پائیں گے کہ ہر ایک کے ساتھ ضمیر مستتر ہے جو کہ اپنے ماقبل کی طرف لوٹتی ہے اور تقدیر هُوَ یاهِیَ ضمیر ہے، اور اگر آپ اسم ظاہر کو اس ضمیر کی جگہ پر ان مثالوں میں رکھیں ان کے علاوہ مثالوں میں تو البتہ بہت ترکیب وعبارت میں پائیں گے جیسا کہ آپ کہیں گے "یغرد الطائر و تشرف الفتاة" اسی طرح باقی مثالوں میں ، اور یہ وہ ضمیر ہے کہ درست ہے اس کی جگہ پر کسی اسم ظاہر کو رکھنا اور ضمیر کو مستتر رکھنا جائز ہے۔

وَإِذَا تَأَمَّلْتَ اَمْثِلَةَ الْقِسْمِ الثَّانِی،رَأَيْتَهَا تَشْتَمِلُ عَلٰی اَفْعَالٍ.وَاَسْمَاءِ اَفْعَالٍ لِلْمُضَارِعِ وَالْاَمْرِ ،وَمَصْدَر نَائِبٍ عَنْ فِعْلِهِ،وَرَأَيْتَ بِهَا ضَمَائِرَ مُسْتَتِرَةً تَقْدِيْرُهَا اَنْتَ،اَوْاَنَا،اَوْنَحْنُ،وَهٰذِهِ الضَّمَائِرُ لاَ يَصْلُحُ اَنْ يَحُلَّ مَحَلَّهَا اِسْمٌ ظَاهِرٌ ،لِذٰلِکَ كَانَتْ مُسْتَتِرَةً وَجُوْباً .

اور جب دوسری قسم کی مثالوں میں غور کریں تو آپ ان کو افعال اور اسمائے افعال برائے مضارع وامر اور ایسا مصدر جو اپنے فعل کا نائب ہو اور آپ ان کے ساتھ مستتر ضمیروں کو دیکھیں کہ جن کی تقدیر اَنْتَ یااَنَا یانَحْنُ ہے، اور یہ ضمیریں اس بات کی صلاحیت نہیں رکھتیں کہ ان کی جگہ پر کوئی اسم ظاہر رکھا جائے ،اسی وجہ سے ان کا مستتر رکھنا واجب ہے۔

وَاَمْثِلَةُ الْقِسْمِ الثَّالِثِ تَشْتَمِلُ عَلٰی اَفْعَلِ التَّفْضِيْلِ وَضَمِيْرُهُ الْمُسْتَتِرُ فِی هٰذَا الْمِثَالِ وَنَحْوَهُ لاَ يَحُلُّ مَحَلَّهُ الْاِسْمُ الظَّاهِرَ،ثُمَّ عَلٰی فِعْلِ الْاِسْتِثْنَاءِ وَهُوَ"مَا عَدَا" وَعَلٰی فِعْلِ التَّعَجبِ، وَعَلٰی "نِعْمَ" وَ مِثْلُهَا"بِئْسَ" وَهٰذِهِ لَمْ يُسَوِّغِ الْعَرَبُ اَنْ يَحُلَّ الْاِسْمُ الظَّاهِرُ مَحَلَّ ضَمَائِرِهَا لِذٰلِکَ كَانَ الْاِسْتِتَارُ فِيْهَا وَاجِباً .

Marfat.com

اور تیسری قسم میں موجود مثالیں افعل التفعیل پر مشتمل ہیں اور اس مثال میں اس کی ضمیر مستتر ہے، اور اسی طرح اسم ظاہر کو نہیں رکھا جا سکتا اس کی جگہ پر پھر فعل کے استثناء پر اور وہ ماعدا ہے افعل تعجب پر اور نعم اور بئس پر اور یہ وہ چیزیں کہ اہل عرب نے نہیں گوش گذار کیا کہ اسم ظاہر کو اس کی ضمیروں کی جگہ پر رکھا جائے تو اسی وجہ سے ان میں استتار واجب ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۷۳) اَلضَّمِیْرُ الْمُسْتَتِرُ جَوَازاً هُوَ الَّذِیْ یَصِحُّ اَنْ یَحُلَّ مَحَلَّهُ الْاِسْمُ الظَّاهِرُ، وَیُلْحَظُ فِی فِعْلِ الْغَائِبِ وَالْغَائِبَةِ، وَاِسْمُ الْفِعْلِ الْمَاضِی، وَاِسْمِ الْفَاعِلِ، وَاِسْمُ الْمَفْعُوْلِ، وَالصِّفَةِ الْمُشَبَّهَةِ.

ضمیر مستتر جوازی وہ ہے کہ اس کی جگہ پر اسم ظاہر کو رکھنا درست ہو اور فعل غائب مذکر اور فعل غائب مؤنث، اسم فعل ماضی، اسم فاعل، اسم مفعول اور صفت مشبہ میں اس کا لحاظ کیا جائے۔

(۱۷۴) اَلضَّمِیْرُ الْمُسْتَتِرُ وُجُوْباً هُوَ الَّذِی لَا یَصِحُّ اَنْ یَحُلَّ الْاِسْمُ الظَّاهِرُ مَحَلَّهُ، وَیُلْحَظُ فِی اَمْرِ الْوَاحِدِ، وَالْمُضَارِعِ الْمَبْدُوْءِ بِتَاءِ خِطَابِ الْوَاحِدِ، اَوِ الْهَمْزَةِ، اَوِ النُّوْنِ، وَفِی اِسْمِ فِعْلِ الْمُضَارِعِ وَالْاَمْرِ، وَاَفْعَلِ التَّفْضِیْلِ، وَاَفْعَالِ الْاِسْتِثْنَاءِ، وَاَفْعَلَ التَّعَجُّبِ.

ضمیر مستتر وجوباً وہ ہے کہ اس کی جگہ پر اسم ظاہر کو رکھنا درست نہ ہو اور امر واحد میں لحاظ کیا جائے اور وہ مضارع کہ جو واحد مخاطب کی تاء سے شروع ہو رہا ہو یا ہمزہ یا نون کے ساتھ شروع اور اسم فعل مضارع اور امر اور افعل التفعیل اور استثناء کے افعال اور افعل التعجب میں اس کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔

Marfat.com

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

ضَعْ إِذَا سَاغَ لَکَ ذٰلِکَ اِسْماً ظَاهِراً مَکَانَ الضَّمِيْرِ الْمُسْتَتِرِ فِی الْجُمَلِ الْآتِيَةِ وَبَيِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ کُلِّ ضَمِيْرٍ.

آنے والے جملوں میں کسی اسم ظاہر کو ضمیر مستتر کی جگہ پر رکھیں جہاں اس اسم کا رکھنا درست ہو اور ضمیر کے استتار کی نوع کو بیان کریں۔

(۱) اَنْعِمُ النَّظَرَ فِيْمَا تَرَی مِنْ مُشَاهِدِ الْکَوْنِ

(۲) اَلْمَرْأَةُ الْقَرَوِيَةُ تُشَارِکُ الرَّجُلَ فِی اَعْمَالِهٖ

(۳) لِمِصْرَ تَارِيْخٌ مَأْثُوْرٌ وَلَهَا مَجْدٌ قَدِيْمٌ

(۴) حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

(۵) تَفْکِيْراً فِی الْعَوَاقِبِ

(۶) اُحِبُّ الْفَتَی مُهَذَّباً مُطِيْعاً

(۷) لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَکَ بِهٖ عِلْمٌ

(۸) تُعَظَّمَ مَنْ يُعَظِّمُ نَفْسَهٗ

(۹) اَلْبَرْدُ يَشْتَدُّ لَيْلاً

(۱۰) بِئْسَ لِلْغَادِرِ عَاقِبَةٌ

حل:

دی گئی عبارت میں موجود وہ جملے کہ جن میں ضمیر کی جگہ اسم ظاہر کو رکھنا درست ہے۔

(۱) تُشَارِکُ الْمَرْءَةُ الْقَرَوِيَةُ فِی اَعْمَالِ الرَّجُلِ.

(۲) لِمِصْرَ مَجْدٌ عَظِيْمٌ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

حَوِّلِ الْجُمَلَ الْفِعْلِيَّةَ الْآتِيَةَ إِلٰی جُمَلٍ اِسْمِيَّةٍ، ثُمَّ بَيِّنْ اِسْتِتَارَ کُلِّ ضَمِيْرٍ بِهَا :

فعلیہ جملوں کو اسمیہ جملوں کی طرف تبدیل کریں اور پھر ان میں سے ہر ضمیر کے استتار کو بھی بیان کریں۔

Marfat.com

(۱) يُكْثِرُ الذُّبَابُ فِى الْمَوَاطِنِ الْقَذِرَةِ .
(۲) تُغْرِقُ الْمَرْأَةُ الْجَاهِلَةُ فِى الزِّيْنَةِ .
(۳) يَصُوْنُ الْكَرِيْمُ شَرَفَهُ وَيَصُوْنَ الْبَخِيْلُ مَالَهُ .
(۴) تُعْرَفُ مَوَاهِبُ الرَّجُلِ بِحُسْنِ اِخْتِيَارِهٖ .

حل:

دیئے گئے جملوں کی ہدایات کے مطابق اسمیہ جملوں کی طرف تبدیلی۔

(۱) اَلذُّبَابُ مُقَذِّرَةٌ فِى الْمَوَاطِنِ / مُكْثِرَةُ الْقَذِرَةِ فِى الْمَوَاطِنِ .
(۲) اَلْمَرْأَةُ الْجَاهِلَةُ مُغْرِقَةٌ فِى الزِّيْنَةِ .
(۳) اَلْكَرِيْمُ الَّذِى يَصُوْنُ شَرَفَهُ وَالْبَخِيْلُ الَّذِى يَصُوْنُ مَالَهُ .
(۴) مَوَاهِبُ الرَّجُلِ تُعْرَفُ بِحُسْنِ اخْتِيَارِهٖ .

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

حَوِّلِ النُّعُوْتَ السَّبَبِيَةَ فِى الْجُمَلِ الْآتِيَةِ إِلٰى جُمَلٍ وَصْفِيَةٍ ثُمَّ بَيِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ الضَّمِيْرِ وَمَوْقِعَهُ مِنَ الْاِعْرَابِ .

آنے والے جملوں میں موجود نعوت سببیہ کو وصفیہ جملوں کی طرف بدلیں اور ضمیر کے استتار کی نوع اور اس کے اعراب کے موقع کو بیان کریں۔

(۱) رَكِبْتُ بَحْرًا مُتَلاَطِمَةً اَمْوَاجُهُ
(۲) لاَ تَعْمَلْ عَمَلاً مَخُوْفَةً عَاقِبَتُهُ
(۳) رَأَيْتُ حَيَوَانًا ضَخْمًا جِسْمُهُ
(۴) عَثَرْتُ عَلٰى كِتَابٍ مَقْطُوْعٍ نَظِيْرُهُ

حل:

دیئے گئے جملوں کی ہدایات کے مطابق تبدیلی۔

(۱) هٰذَا بَحْرٌ مُتَلاَطِمٌ اَمْوَاجُهُ
(۲) هٰذَا عَمَلٌ يُخَافُ بِعَاقِبَتِهِ
(۳) هٰذَا حَيَوَانٌ جِسْمُهُ ضَخِيْمٌ
(۴) هٰذَا كِتَابٌ نَظِيْرُهُ مَقْطُوْعٌ

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

حَوِّلِ الْاَفْعَالَ الَّتِیْ فِی الْجُمَلِ الْآتِیَةِ إِلٰی اَفْعَالٍ مَبْنِیَةٍ لِلْمَجْهُوْلِ،ثُمَّ بَیِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ كُلِّ ضَمِیْرٍ فِیْهَا :

آنے والے جملوں میں موجود افعال کو افعال مبنیہ للمجہول کی طرف تبدیل کریں اور پھر ان میں ہر ضمیر کے استتار کی نوع کو بیان کریں۔

(۱) یَعْظِمُکَ اَصْدِقَائُکَ (۳) یَقْصِدُنِی الصَّدِیْقُ عِنْدَ الْحَاجَةِ

(۲) اَلتَّاجِرُ الْکَذُوْبُ یَجْتَنِبُهُ النَّاسُ (۴) اَلْفَتَاةُ الْمُهَذَّبَةُ یَرْفَعُهَا اَدَبُهَا

حل:

دیئے گئے جملوں کی افعال مبنی للمجہول کی طرف تبدیلی۔

(۱) تُعْظَمُ بِاَصْدِقَائِکَ (۳) اُقْصَدُ مِنَ الصَّدِیْقِ عِنْدَ الْحَاجَةِ

(۲) اَلتَّاجِرُ الْکَذُوْبُ یُجْتَنَبُ مِنَ النَّاسِ (۴) اَلْفَتَاةُ الْمُهَذَّبَةُ تُرْفَعُ بِاَدَبِهَا

اَلتَّمْرِيْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

بَیِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ الضَّمَائِرِ الَّتِیْ فِی اَفْعَالِ الْعِبَارَةِ الْآتِیَةِ،ثُمَّ حَوِّلْ اِسْنَادَ الْاَفْعَالِ فِیْهَا إِلٰی ضَمِیْرِ الْمُفْرَدِ الْغَائِبِ،ثُمَّ الْغَائِبَةِ،ثُمَّ جَمَاعَةِ الْمُتَكَلِّمِیْنَ، مَعَ بَیَانِ نَوْعِ اسْتِتَارِ الضَّمِیْرِ فِی كُلِّ حَالٍ :

آنے والی عبارت میں موجود افعال کی ضمائر مستتر کی نوع کو بیان کریں پھر افعال کے اسناد کی تحویل ضمیر مفرد غائب، پھر غائبہ پھر جمع متکلم کی طرف کریں ہر حال میں ضمیر مستتر کی نوع کو ضرور بیان کریں۔

اَتَكَلَّمُ قَلِیْلاً وَاَعْمَلُ كَثِیْراً، وَاَتَقَدَّمُ مَا وَجَدْتُ التَّقَدُّمَ عَزْماً، وَاَتَقَهْقَرُ مَا رَأَیْتُ التَّقَهْقُرَ حَزْماً.

Marfat.com

حل:

دی گئی عبارت کی تمام ضمیریں واجب الاستتار ہیں۔

يَتَكَلَّمُ قَلِيْلاً وَيَعْمَلُ كَثِيْرًا،وَيَتَقَدَّمُ مَا وَجَدَ التَقَدُّمَ عَزْمًا وَيَتَقَهْقَرُ مَارَأَى التَقَهْقَرَ حَزْمًا.

تَتَكَلَّمُ قَلِيْلاً وَتَعْمَلُ كَثِيْرًا وَتَتَقَدَّمُ مَا وَجَدَتِ التَقَدُّمَ عَزْمًاوَتَتَقَهْقَرُ مَارَأَتِ الْتَقَهْقَرَ حَزْمًا.

نَتَكَلَّمُ قَلِيْلاً وَ نَعْمَلُ كَثِيْرًا وَنَتَقَدَّمُ مَاوَجَدْنَا التَقَدُّمَ عَزْمًاوَنَتَقَهقَرُ مَا رَأَيْنَا الْتَقَهْقَرَ حَزْمًا.

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

تَعَجَّبْ مِمَّا يَاتِى عَلٰى صُوْرَةِ "مَا اَفْعَلَ" ثُمَّ بَيِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ الضَّمِيْرِ فِى فِعْلِ التَّعَجُّبِ :

آنے والے مرکبات کو فعل تعجب کی صورت پر ڈھالیں پھر فعل تعجب استتار ضمیر کی نوع کو بھی بیان کریں۔

۱	سُرْعَةُ الطَّيَارَةِ	۳	نَفْعُ النِّيْلِ
۲	سَوَادُ اللَّيْلِ	۴	اِخْتِلَافُ الاَخْلَاقِ

حل:

دیئے گئے مرکبات کی فعل تعجب میں تبدیلی۔

۱	مَااَسْرَعَ الطَّيَارَةَ	۳	مَا اَنْقَعَ النِّيْلَ
۲	مَا اَسْوَدَ اللَّيْلَ	۴	مَا اخْتَلَفَ الْاَخْلَاقَ

اَلتَّمْرِيْنُ ٧ (مشق نمبر ٧)

كَوِّنْ اَرْبَعَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا عَلٰى فِعْلٍ مِنْ اَفْعَالِ الْاِسْتِثْنَاءِ

Marfat.com

الْآتِيَةِ وَهِيَ :مَا خَلاَ مَا عَدَاحَاشَا لاَ يَكُوْنُ،ثُمَّ بَيِّنْ نَوْعَ اِسْتِتَارِ الضَّمِيْرِ فِي كُلِّ فِعْلٍ .

چار جملے ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل پر مشتمل ہو جو کہ آنے والے افعال استثناء سے ہوں اور وہ ماخلا، ما عدا، حاشا لا یکون سے پھر ہر فعل میں استتار ضمیر کی نوع کو بھی بیان کریں۔

حل:

دیئے گئے افعال الاستثناء کا جملوں میں استعمال درج ذیل ہے۔

(۱) جَاءَ نِي الْقَوْمُ مَا خَلاَ زَيْدًا.

(۲) فَرَّتِ الطَّلَبَةُ مَا عَدَا زَيْدًا.

(۳) جَاءَ نِيْ حِزْبٌ حَاشَا خَالِدٍ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

(۱) كَوِّنْ ثَلاَثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى فِعْلٍ ضَمِيْرُهُ مُسْتَتِرٌ جَوَازاً .

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل پر مشتمل ہو کہ اس کی ضمیر کا استتار جائز ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) زَيْدٌ جَاءَ نِي قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ.

(۲) هِنْدٌ ضَرَبَتْ اِبْنَهَا.

(۳) هٰؤُلاَءِ بَنَاتٌ اِغْتَسَلْنَ الْاَثْيَابَ.

(۲) كَوِّنْ ثَلاَثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى مُشْتَقٍ ضَمِيْرُهُ مُسْتَتِرٌ وُجُوْباً .

تین جملے ایسے بنایئے کہ ان میں سے ایسے اسم مشتق پر مشتمل ہو کہ اس کی ضمیر کا استتار واجب ہو۔

Marfat.com

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) ضَرَبْتُ زَيْدًا بِالْخَشَبَةِ (۲) نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ

(۳) اِنِّی لَاَقْتُلَنَّهُ بِالسَّيْفِ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى اِسْمِ فِعْلٍ ضَمِيْرٌ مُسْتَتِرٌ وُجُوْباً.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل پر مشتمل ہو کہ جس میں ضمیر کا استتار واجب ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) بَلْهَ عَمْرًا (۲) رُوَيْدَ زَيْدًا (۳) تَرَاكِ جَمَلَهُ

تَمْرِيْنٌ فِي الْاَعْرَاب ۹ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ:

اُبْغِضُ مَنْ يَتَكَبَّرُ

اُبْغِضُ ..... فعل مضارع مرفوع، والفاعل ضمير مستتر وجوباً تقديره أنا .

مَنْ ..... اسم موصول مفعول به مبنى على السكون فى محل نصب.

يتكبر ..... فعل مضارع مرفوع، والفاعل ضمير مستتر جوازاً تقديره هو والجملة صلة الموصول.

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ.

آنے والے جملوں کی ترکیب کریں۔

(۱) حَذَارِ الْاِهْمَالِ (۳) قِيْمَةُ كُلِّ امْرِئٍ مَا يُحْسِنُهُ

(۲) اِتَّقِ غَضَبَ الْحَلِيْمِ (۴) لَا تَاْسَفْ عَلٰى مَا فَاتَ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب۔

(۱) حَذَارِ الْإِهْمَالَ.

حَذارِ..... بمعنی اَحْذِرُ فعل اس میں انت ضمیر اس کا فاعل اَلْإِهْمَالَ مفعول بہ۔

(۲) اِتَّقِ غَضَبَ الْحَلِيْمِ.

اِتَّقِ..... فعل امر اس میں اَنْتَ ضمیر فاعل

غَضَبَ..... منصوب مضاف الحلیم مجرور مضاف الیہ دونوں ملکر مفعول بہ۔

(۳) قِيْمَةُ كُلِّ امْرِئٍ مَا يُحْسِنُهُ.

قِيْمَةُ..... مضاف کل مضاف الیہ مضاف امری مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا قیمة مضاف کا، پس مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مبتداء۔

مَا..... موصولہ، یحسنہ فعل اس میں ھو ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ ہوکر صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ ملکر خبر۔

(۴) لَا تَاْسَفْ عَلٰى مَا فَاتَ.

لا تاسف..... فعل نھی اس میں انت ضمیر اس کا فاعل علی حرف جار ما موصولہ فات فعل اس میں ھو ضمیر اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ ہوکر صلہ ہوا موصول کا، موصول صلہ ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ ہوا۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۱۰ (مشق نمبر ۱۰)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ ، وَاَعْرِبِ الْاَوَّلَ مِنْهُمَا :

آنے والے دونوں شعروں کی وضاحت کریں اور دونوں میں سے پہلے کا اعراب واضح کریں۔

تُكَلِّفُنِيْ إِذْلَالَ نَفْسِي لِعِزِّهَا وَهَانَ عَلَيْهَا اَنْ اُهَانَ لِتُكْرَمَا

تَقُوْلُ سَلِ الْمَعْرُوْفَ يَحْيَى بْنَ اَكْثَمٍ فَقُلْتُ سَلِيْهِ رَبَّ يَحْيَى بْنِ اَكْثَمَا

Marfat.com

حل:

دیئے گئے شعروں کی وضاحت:

''تکلیف میں ڈالا اس نے مجھے میرے نفس کو ذلیل کرنے کی خاطر اپنی عزت کے لئے اور آسان ہے اس پر یہ بات کہ میری توہین کی جائے تا کہ اس کو عزت حاصل ہو''

''تو کہتی ہے کہ یحیٰ بن اکثم سے بھلائی کا سوال کر پس میں کہتا ہوں کہ تو یحیٰ بن اکثم کے رب سے سوال کر''

پہلے شعر کی ترکیب:

تکلفنی فعل اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اذلال مصدر مضاف نفسی مضاف الیہ ملکر اذلال کا مضاف الیہ دونوں ملکر مفعول بہ لعزھا ، لام جارہ عز مجرور مضاف ھا مضاف الیہ دونوں ملکر مجرور ہوئے جار کے، جار مجرور ملکر متعلق فعل کے، واؤ عاطفہ ھان فعل علیھا علی جار ھا ضمیر مجرور دونوں ملکر متعلق ہوئے فعل کے، ان اھان فعل انا ضمیر مستتر فاعل جملہ ہو کر بتاویل مصدر فاعل ہوا ھان کا، لتکرما، فعل اس میں ھی ضمیر مستتر اس کا فاعل، فعل فاعل ملکر جملہ انشائیہ ہو۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(ب) نُوْنُ الْوِقَايَةِ قَبْلَ الضَّمِيْرِ

ضمیر سے پہلے نون وقایہ کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	اُكْرِمُ مَنْ يُكْرِمُنِى اَطَعْتُ مَنْ نَصَحَنِى اِذَا حَزَبَكَ اَمْرٌ فَاقْصِدْنِى	جو میری عزت کرے گا میں اس کی عزت کروں گا میں نے اس کی اطاعت کی جس نے مجھے نصیحت کی جب تجھے کوئی سخت معاملہ پیش آئے تو میری طرف توجہ کر.
۲	لَا تَنْقُلْ هٰذَا الْخَبَرَ عَنِّى لَا يَنَالُ الْيَأْسُ مِنِّى	میری طرف سے یہ خبر نقل مت کر مجھ سے مایوسی/نا امیدی نہیں ملتی
۳	لَيْتَنِى أَنَالُ رِضَا النَّاسِ لَكَ مِنْ لَّدُنِّى صَادِقُ الْوُدِّ اِنَّنِىْ عَظِيْمُ الْاَمَلِ	کاش کہ میں لوگوں کی رضامندی حاصل کرلیتا تیرے لئے میری طرف سے (میرے دل میں) سچی محبت ہے . بے شک بڑی امید رکھنے والا ہوں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

عَرَفْتَ اَنَّ مِنَ الضَّمَائِرَ الْمُشْتَرَكَةِ بَيْنَ النَّصْبِ وَالْجَرِّ يَاءُ الْمُتَكَلِّمِ، وَنُرِيْدُ هُنَا اَنْ نَتَكَلَّمَ عَنْهَا بِبَعْضِ مَا لَمْ تَعْرِفْهُ مِنْ قَبْلُ. اُنْظُرْ إِلَى الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى تَجِدُ اَفْعَالاً مُتَّصِلَةً بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ، وَتَجِدُ قَبْلَ الْيَاءِ نُوْنًا زَائِدَةً وَزِيَادَةُ هٰذِهِ النُّوْنِ وَاجِبَةٌ فِى الْاَفْعَالِ عِنْدَ اتِّصَالِهَا بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ (۱) وَإِنَّمَا اُتِىَ بِهَا لِتَقِى الْفِعْلَ الصَّحِيْحَ الْآخِرَ الْكَسْرَ عِنْدَ اتِّصَالِهِ بِالْيَاءِ، لِهٰذَا "سُمِّيَتْ نُوْنَ الْوِقَايَةِ".

(۱) ومثل الافعال فی ذلك اسماء الافعال .

Marfat.com

آپ یہ بات پہچان چکے ہیں کہ مشترکہ ضمیروں میں نصب اور جر کے درمیان یائے متکلم ہے۔ اور ہم ارادہ رکھتے ہیں یہاں پر کہ جو بعض ان چیزوں کے متعلق کلام کریں کہ جو آپ پہلے نہیں جانتے۔ آپ پہلے گروپ کی طرف توجہ کریں تو آپ یائے متکلم کو افعال کے ساتھ متصل پائیں گے اور آپ یاء سے پہلے نون زائدہ کو پائیں گے، اور اس نون کو زیادہ کرنا افعال کے اندر یائے متکلم کے ساتھ اتصال کے وقت واجب ہے۔ بس اسی لئے اس کو لایا گیا ہے تاکہ فعل صحیح کے آخر میں کسرہ آنے سے بچائے یاء کے ساتھ اتصال کے وقت، اسی وجہ سے نون وقایہ نام رکھا جاتا ہے۔

وَالطَّائِفَةُ الثَّانِيَةُ تَشْتَمِلُ عَلَى الْحَرْفَيْنِ: عَنْ وَمِنْ مُتَّصِلَيْنِ بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ، وَيُشَاهَدُ تَوَسُّطُ النُّوْنِ بَيْنَهُمَا وَبَيْنَ الْيَاءِ، وَهٰذِهِ النُّوْنُ وَاجِبَةٌ فِي هَاتَيْنِ الْحَالَيْنِ اَيْضاً۔

اور دوسرا گروپ دو حرفوں پر مشتمل ہے یعنی عن اور من جو یائے متکلم کے ساتھ متصل ہیں اور نون کے درمیان میں آنے کا مشاہدہ ان دونوں کے درمیان اور یاء کے درمیان کیا جاسکتا ہے اور یہ نون ان دو حالتوں میں بھی واجب ہے۔

وَفِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ يُرَى اَنَّ نُوْنَ الْوِقَايَةِ جَاءَتْ بَعْدَ اِنَّ، وَلَيْتَ، وَلَدُنْ، سَابِقَةً يَاءُ الْمُتَكَلِّمِ، وَمِثْلُ اِنَّ وَلَيْتَ فِي ذٰلِكَ بَاقِي اَخَوَاتِهَا، وَتَوَسُّطُ النُّوْنِ فِي جَمِيْعِ ذٰلِكَ جَائِزٌ وَهُوَ كَثِيْرٌ فِي لَيْتَ۔

اور تیسرے گروپ کی مثالوں میں دیکھا جاسکتا ہے کہ نون وقایہ اِنَّ، لَیْتَ اور لَدُنْ کے بعد اور یائے متکلم سے پہلے ہے اور اس کی مثالیں اِنَّ لَیْتَ اور ان کے باقی اخوات میں ہیں اور نون کا ان تمام کے درمیان میں ہونا جائز اور وہ نون لیت میں بہت آتا ہے۔

Marfat.com

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۷۵) إِذَا اتَّصَلَ فِعْلٌ بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ وَجَبَ اَنْ يَتَوَسَّطَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْيَاءِ نُوْنٌ تُسَمَّى " نُوْنَ الْوِقَايَةِ".

جب کوئی فعل یائے متکلم کے ساتھ متصل ہوجائے تو واجب ہے کہ اس کے اور یاء کے درمیان اس نون کو لایا جائے جس کا نام نون وقایہ رکھا جاتا ہے۔

(۱۷۶) إِذَا اتَّصَلَ الْحَرْفَانِ: مِنْ وَعَنْ بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ وَجَبَ تَوَسُّطُ نُوْنِ الْوِقَايَةِ.

جب دو حرف متصل ہوجائیں یعنی من اور عن یائے متکلم کے ساتھ تو درمیان میں نون وقایہ کا لانا واجب ہے۔

(۱۷۷) إِذَا اتَّصَلَتْ لَدُنْ اَوْ إِنَّ اَوْ اِحْدٰى اَخَوَاتِهَا بِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ، جَازَ تَوَسُّطُ نُوْنِ الْوِقَايَةِ وَهُوَ كَثِيْرٌ فِي لَيْتَ.

جب لَدُن یا اِنَّ یا اِنَّ کے اخوات میں سے کوئی ایک یائے متکلم کے ساتھ متصل ہوجائے تو نون وقایہ کا درمیان میں لانا جائز ہے اور ایسا لیت میں بہت ہوتا ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

"اَنَا وَاثِقٌ بِكَ" اَدْخِلْ إِنَّ وَاَخَوَاتِهَا عَلَى الْجُمْلَةِ السَّابِقَةِ عَلَى التَّعَاقُبِ، وَبَيِّنْ مَا يَجُوْزُ فِيْهِ تَوَسُّطُ نُوْنِ الْوِقَايَةِ وَمَا يَكْثُرُ.

انا واثق بک اس جملے پر ان اور اس کے اخوات کو داخل کریں اور جس کے درمیان نون وقایہ لانا جائز یا جس میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے اس کو بیان کریں۔

اَلْحَلُ:

دیئے گئے جملوں کے متعلق ہدایات کے مطابق ان اور اس کے اخوات کا دخول۔

Marfat.com

اِنَّنِیْ وَاثِقٌ بِکَ	اَنَّنِی وَاثِقٌ بِکَ	کَاَنَّنِیْ وَاثِقٌ بِکَ
لٰکِنَّنِیْ وَاثِقٌ بِکَ	لَعَلَّنِیْ وَاثِقٌ بِکَ	لَیْتَنِیْ وَاثِقٌ بِکَ

ان اور لیت کے ساتھ نون وقایہ کثرت سے استعمال ہوتا ہے جبکہ باقی اخوات کے ساتھ بہت کم استعمال ہوتا ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

صِلْ کُلَّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِیَةِ بِیَاءِ الْمُتَکَلِّمِ فِی جُمْلَةٍ تَامَّةٍ :

آنے والے افعال میں سے ہر فعل کو یائے متکلم کے ساتھ جملہ تامہ میں استعمال کریں۔

اَطِعْ	مَنَحَ	یُعَظِّمَانِ	نَادَی	یحزن	تشکُرِین	عَابَ	یُهَذِّبُوْنَ

حل:

دیئے گئے افعال میں یائے متکلم کا استعمال اور جملے۔

اَطِعْنِی یَا حَامِدٌ فِیْهِ خَیْرٌ لَکَ	مَتَحَنِی اُسْتَادِی کِتَابًا	هُمَا یُعَظِّمَانِنِی فِی هٰذَا الْاَمْرِ
نَادَنِی اَبِی مِنَ الْبَیْتِ	یَحْزُنُنِی مَوْتُ صَدِیْقِیْ	لِمَ تَشْکُرِیْنَنِیْ فِی هٰذَا الْعَمَلِ الْقَلِیْلِ
مَنْ عَابَنِیْ فِی هٰذَا الْاَمْرِ	هُمْ یُهَذِّبُوْنَنِیْ	

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

صِلْ بِالْحُرُوْفِ الْآتِیَةِ یَاءَ الْمُتَکَلِّمِ فِی جُمَلٍ مُفِیْدَةٍ :

آنے والے حروف کے ساتھ یائے متکلم کو ملا کر جملہ مفیدہ میں رکھیں۔

اِلٰی مِنْ عَلٰی عَنْ

Marfat.com

حل:

ہدایات کے مطابق حروف کا استعمال:

مَنْ كَتَبَ اِلَيَّ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ	مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ
مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا	بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ بِكُلِّ مِنْهَا مُضَارِعٌ اتَّصَلَتْ بِهٖ يَاءُ الْمُتَكَلِّمِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک میں مضارع کے ساتھ یائے متکلم متصل ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) مَنْ يَهْدِنِيْ اِلٰى بَيْتِيْ

(۲) مَنْ يُعِيْنُنِيْ فِيْ هٰذِهِ الْمُصِيْبَةِ

(۳) مَنْ يُخْرِجُنِيْ عَنْ هٰذَا الْاِزْدِحَامِ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ بِكُلِّ مِنْهَا اَمْرٌ اِتَّصَلَتْ بِهٖ يَاءُ الْمُتَكَلِّمِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک میں امر کے ساتھ یاء متکلم متصل ہو۔

(۱) اَطْلِعْنِيْ عَنْ حَالِكَ

(۲) اَخْبِرْنِيْ عَنْكَ مَرْضِكَ

(۳) اُنْصُرْنِيْ الْيَوْمَ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ بِكُلِّ مِنْهَا مَاضٍ اتَّصَلَتْ بِهٖ يَاءُ الْمُتَكَلِّمِ.

تین جملے ایسے بنائیں کہ جن میں ماضی کے ساتھ یائے متکلم متصل ہو۔

حل:

ہدایات کے مطابق ماضی میں یائے متکلم کا استعمال

(۱) ضَرَبَنِيْ زَيْدٌ

(۲) اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ

(۳) وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ

Marfat.com

تَمْرِیْنٌ فِی الْاَعْرَاب ۸ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ:

آلَمَنِیُ فِرَاقُکَ .

آلمنی ..... فعل ماض ، والنون للوقایة ، والیاء مفعول به .
فراقک.....فراق فاعل،والکاف مضاف إلیه مبنی علی الفتح فی محل جر.

(ب) اَعْرِب الْجُمَلَ الْآتِیَةَ .

آنے والے جملوں کی ترکیب کریں۔

(۱) لَیْتَنِی اَزُوْرُ الْهِنْدَ
(۲) هَذَّبَنِیْ اَبِیْ وَعَلَّمَنِیْ
(۳) ذَهَبَ عَنِّی الْحُزْنُ
(۴) یَعُوْدُنِی الطَّبِیْبُ

حل:

دیئے گئے جملوں کی تراکیب درج ذیل ہیں۔

(۱) لَیْتَنِیْ ..... لَیْتَ حرف ازحروف مشبہ بالفعل نون وقایہ یاء ضمیر متکلم اس کا اسم۔
اَزُوْرُ..... فعل اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل الهند مفعول فیہ۔
(۲) هَذَّبَنِیْ..... فعل نون وقایہ یاء ضمیر متکلم مفعول بہ،ابی مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل واؤ عاطفہ، علمنی فعل هو ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر متکلم مفعول بہ۔
(۳) ذَهَبَ ..... فعل،عنی عن جار نون وقایہ یاء ضمیر مجرور الحزن فاعل
(۴) یعُوْدنی ..... فعل نون وقایہ یاء ضمیر متکلم مفعول بہ الطبیب فاعل۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

اِشْرَحِ الْبَیْتَیْنِ الْآتِیَیْنِ ، وَاَعْرِبْ اَوَّلَهُمَا :

آنے والے دو شعروں کی وضاحت اور ایک کی پہلے کی ترکیب کریں۔

Marfat.com

حَذْفُ الشَّرْطِ أَوِ الْجَوَابِ

شرط یا جواب کا حذف کرنا

اَلْاَمْثِلَةُ:

(۱) تَجَنَّبِ الْمَزَاحَ وَإِلَّا تَسْقُطْ هَيْبَتُکَ .
مذاق سے پرہیز کرو ورنہ آپ کی ہیبت گر جائے گی۔

(۲) دَعِ الْخِصَامَ وَإِلَّا يَنَلْکَ شَرُّهُ .
لڑائی چھوڑ دو ورنہ آپ کو اس کا شر پالے گا۔

(۳) زُرْنِیْ وَإِلَّا أَعْتُبْ عَلَيْکَ .
مجھ سے ملو ورنہ میں آپ پر عتاب کروں گا۔

(۴) سَتَنْدَمُ إِنْ ظَلَمْتَ .
یقیناً آپ شرمندہ ہوں گے اگر آپ نے ظلم کیا۔

(۵) أَنْتَ جَبَانٌ إِنْ كَذَبْتَ .
آپ بزدل ہو اگر آپ نے جھوٹ بولا۔

(۶) أَنْتَ إِنْ قُلْتَ الْحَقَّ شُجَاعٌ .
تو بہادر ہے اگر تو نے سچ کہا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

عِنْدَ تَأَمُّلِ الْاَمْثِلَةِ الْأُوْلٰى تَرَى أَنَّ كُلًّا مِنْهَا يَشْتَمِلُ عَلٰى كَلِمَةِ "إِلَّا" ، وَلَيْسَتْ هٰذِهِ الْكَلِمَةُ أَدَاةَ الْاِسْتِثْنَاءِ الَّتِیْ عَرَفْتَهَا ، وَلٰكِنَّهَا فِی الْحَقِيْقَةِ تَتَأَلَّفُ مِنْ كَلِمَتَيْنِ هُمَا "إِنِ الشَّرْطِيَّةُ وَلَا النَّافِيَةُ" وَقَدْ أُدْغِمَتِ الْأُوْلٰى فِی الثَّانِيَةِ .إِذاً فَكُلُّ مِثَالٍ يَشْتَمِلُ عَلٰى جُمْلَةٍ شَرْطِيَّةٍ ، فَأَيْنَ فِعْلُ الشَّرْطِ وَأَيْنَ

Marfat.com

اَلْـجَوَابُ ؟ تَأَمَّلِ الْمِثَالِ الْاَوَّلَ وَهُوَ "تَجَنَّبِ الْمَزَاحَ وَإِلَّا تَسْقُطْ هَيْبَتُكَ" تَـجِـدُ اَنَّ الْـمَـعْـنٰـى وَإِلَّا تَتَـجَـنَّـبُ الْمَزَاحَ تَسْقُطْ هَيْبَتُكَ ، فَيُحْذَفُ فِعْلُ الشَّـرْطِ وَهُـوَ تَتَـجَـنَّـبُ ، وَبَـقِـىَ الْـجَوَابُ ، وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُقَالُ فِى الْمِثَالَيْنِ الْآخَرَيْن ، وَهٰذَا الْحَذْفُ شَائِعٌ حِيْنَمَا تَكُوْنُ أَدَاةُ الشَّرْطِ إِنْ الْمُدْغِمَةُ فِى لَا النَّافِيَةِ .

پہلی تین مثالوں میں غور کرتے وقت آپ دیکھتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک اِلَّا کے کلمہ پر مشتمل ہے، یہ کلمہ الا وہ حرف استثناء نہیں ہے کہ جو آپ پہچانتے ہیں۔ لیکن یہ کلمہ حقیقت میں دو کلموں سے مرکب ہے، اور وہ دونوں کلمات ان شرطیہ اور لا نافیہ ہیں، اور یقیناً پہلے کو دوسرے میں مدغم کیا گیا ہے، تو اس وقت ہر ایک مثال ایک ایسے جملے پر مشتمل ہے کہ جو شرطیہ ہے، تو پس اس میں شرط کا فعل کہاں ہے؟ اور جواب کہاں ہے؟ پس پہلی مثال وہ ہے "تجنب المزاح والا تسقط هيبتك" آپ اس کا معنیٰ "اور اگر تو مذاق سے پرہیز نہیں کرے گا تو تیری ہیبت گر جائے گی" پائیں گے۔ تو پھر فعل شرط کو حذف کر دیا گیا اور وہ فعل تتجنب ہے اور جواب باقی رہ گیا اور بالکل ایسے ہی دوسری مثالوں میں کہا جائے گا۔ اور یہ حذف کرنا شائع ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے کہ جب حرف شرط ان کو لائے نافیہ میں مدغم کر دیا جائے۔

اُنْظُرْ إِلَى الْجُمَلِ الشَّرْطِيَةِ فِى الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاَخِيْرَةِ ، تَجِدْ جَوَابَ شَرْطِهَا مَحْذُوْفاً ، وَإِذَا تَدَبَّرْتَ كُلَّ جُمْلَةٍ مِنْهَا وَجَدْتَ أَمْرَيْنِ ، أَوَّلُهُمَا أَنَّهُ قَدْ تَقَدَّمَ الْـجَوَابَ أَوِ اكْتَنَفَهُ مَا يَدُلُّ عَلَيْهِ ، الثَّانِى أَنَّ فِعْلَ الشَّرْطِ مَاضٍ ، وَهٰكَذَا يُـحْـذَفُ الْـجَوَابُ فِـى جَمِيْعِ الْجُمَلِ الشَّرْطِيَةِ مَتٰى تَوَافَرَ فِيْهَا الشَّرْطَانِ الْمَذْكُوْرَانِ .

آپ آخری تین مثالوں میں جملہ شرطیہ کی طرف ذرا غور کریں تو آپ ان کے

Marfat.com

جواب شرط کو محذوف پائیں گے، اور جب آپ ان میں سے ہر ایک جملے میں غور کریں تو آپ دو چیزیں پائیں گے ان میں سے پہلی یہ ہے کہ ان کا جواب مقدم ہوگا۔ اور دوسری یہ کہ فعل شرط ماضی ہے، اور اسی طرح ہی تمام شرطیں جملوں میں جواب کو حذف کیا جاتا ہے جب ان میں مذکورہ دو شرطوں کا توافر واقع ہو جائے یعنی زیادہ ہو جائیں۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۹۴) يَجُوْزُ أَنْ يُحْذَفَ فِعْلُ الشَّرْطِ بَعْدَ إِنِ الْمُدْغَمَّهِ فِي لاَ النَّافِيَةِ .

فعل شرط کو حذف کرنا جائز ہے، ان حرف شرط کو لائے نافیہ میں مدغم کر دینے کے بعد۔

(۹۵) يَجِبُ أَنْ يُحْذَفَ الْجَوَابُ إِذَا سَبَقَهُ أَوْ اكْتَنَفَهُ مَا يَدُلُّ عَلَيْهِ وَكَانَ الْفِعْلُ الشَّرْطِ مَاضِياً .

جواب کو حذف کرنا واجب ہے جبکہ اس سے پہلے ہو یا گھیر لے اس کو جو کہ اس پر دلالت کرے اور فعل شرط ماضی ہو۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنِ الْمَحْذُوْفَ فِي كُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُمَلِ الشَّرْطِيَةِ الآتِيَةِ :

آنے والے شرطیہ جملوں میں سے محذوف جملے کو بیان کریں۔

(۱) عَامِلِ النَّاسِ بِالْحُسْنٰى وَإِلاَّ فَإِنَّهُمْ يَكْرَهُوْنَكَ .

(۲) إِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَنَاجِحُوْنَ .

(۳) إِنْ كَانَ لَكَ عُذْرٌ عَفَوْنَا عَنْكَ وَإِلاَّ فَالْعِقَابُ جَزَاؤُكَ .

(۴) اَلْمَرْءُ مَحْبُوْبٌ إِنْ أَحْسَنَ إِلَى النَّاسِ .

(۵) لاَ بُدَّ لِلْفَرَسِ مِنْ سَوْطٍ ، وَإِنْ كَانَ بَعِيْدُ الشَّوْطِ .

(۶) أَحْسِنْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ يُحْسَنَ إِلَيْكَ .

Marfat.com

(۷) صُنْ لِسَانَکَ وَإِلَّا یَقْطَعْکَ بِحَدِّہٖ .

(۸) لَا تُفْسِدْ بَیْنَ اِثْنَیْنِ وَإِلَّا کَانَ عَلٰی یَدَیْهِمَا هَلَاکُکَ .

حل:

دیئے گئے جملوں میں محذوف کلام کا ذکر درج ذیل ہے۔

(۱) عَامِلِ النَّاسِ بِالْحُسْنٰی وَإِلَّا تُعَامِلْ النَّاسَ بِالْحُسْنٰی فَإِنَّهُمْ یَکْرَهُوْنَکَ .

(۲) إِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ نَحْنُ لَنَاجِحُوْنَ .

(۳) إِنْ کَانَ لَکَ عُذْرٌ عَفَوْنَا عَنْکَ وَإِلَّا تَعْتَذِرْ فَالْعِقَابُ جَزَاؤُکَ .

(۴) اِنْ اَحْسَنَ الْمَرْءُ اِلَی النَّاسِ فَهُوَ مُحَبَّبٌ عِنْدَهُمْ .

(۵) اِنْ کَانَ الشَّوْطُ بَعِیْدًا فَلَا بُدَّ لِلْفَرَسِ مِنْ سَوْطٍ .

(۶) اِذَا اَرَدْتَ اَنْ یُحْسَنَ اِلَیْکَ فَأَحْسَنَ اِلَی النَّاسِ.

(۷) صُنْ لِسَانَکَ وَإِلَّا تَصُنْ لِسَانَکَ یَقْطَعْکَ بِحَدِّہٖ .

(۸) لَا تُفْسِدْ بَیْنَ اِثْنَیْنِ وَ اِنْ تُفْسِدْ بَیْنَ اثْنَیْنِ کَانَ عَلٰی یَدَیْهِمَا هَلَاکُکَ .

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

(۱) کَوِّنْ أَرْبَعَ جُمَلٍ شَرْطِیَةٍ ، فِعْلُ الشَّرْطِ فِی کُلٍّ مِنْهَا مَحْذُوْفٌ ، وَالْجَوَابُ جُمْلَةٌ اِسْمِیَةٌ .

چار شرطیہ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں فعل شرط محذوف ہو اور جواب جملہ اسمیہ ہو۔

حل:

دیئے گئے سوال کے مطابق مطلوبہ جملے درج ذیل ہیں۔

Marfat.com

(۱) اَنْتَ مُجَاهِدٌ اِنْ حَارَبْتَ (۳) اَنْتَ جَرِیٌٔ اِنْ قُلْتَ الْحَقَّ

(۲) اَنْتَ غَنِیٌّ اِنْ اَعْطَیْتَ (۴) اَنْتَ فَائِزٌ اِنْ تَجْتَهِدْ

(۲) کَوِّنْ أَرْبَعَ جُمَلٍ شَرْطِیَةٍ ، فِعْلُ الشَّرْطِ فِی کُلٍّ مِنْهَا مَحْذُوْفٌ، وَالْجَوَابُ مُضَارِعٌ مُسْنَدٌ فِی الْجُمْلَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ ، إِلٰی وَاوِ الْجَمَاعَةِ ، وَفِی الْجُمْلَتَیْنِ الْاُخْرَیَیْنِ إِلَی النِّسْوَةِ .

چار جملے شرطیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں فعل شرط محذوف ہو اور جواب فعل مضارع ہو جس کا اسناد پہلے دو جملوں میں واؤ جمع کی طرف ہو اور آخری دو جملوں میں مؤنث کی طرف ہو۔

حل:

مذکورہ عبارت میں مطلوبہ جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) اَکْرِمْ اِخْوَانَکَ وَاِلَّا یَهْجُرُوْکَ .

(۲) اَخْدِمْ اَبَوَیْکَ وَاِلَّا یَعْرِضُوْا عَنْکَ .

(۳) هَذِّبِ الْبَنَاتَ وَاِلَّا یَحْرُمْنَ عَنِ التَّرْبِیَةِ .

(۴) عَلِّمُوْا النِّسَاءَ وَاِلَّا یَجْهَلْنَ عَنِ التَّعْلِیْمِ .

(۳) کَوِّنْ أَرْبَعَ جُمَلٍ شَرْطِیَّةٍ جَوَابُ الشَّرْطِ فِی کُلٍّ مِنْهَا مَحْذُوْفٌ ، وَفِعْلُ الشَّرْطِ مُسْنَدٌ فِی الْجُمْلَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ إِلٰی أَلِفِ الْاِثْنَیْنِ ، وَفِی الْجُمْلَتَیْنِ الْاُخْرَیَیْنِ إِلٰی اِسْمٍ ظَاهِرٍ .

چار شرطیہ جملے ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں جواب شرط محذوف ہو اور فعل شرط پہلے دو جملوں میں الف تثنیہ کی طرف مسند ہو اور دوسرے دو جملوں میں اسم ظاہر کی طرف مسند ہو۔

حل:

دی گئی عبارت کے مطابق مطلوبہ جملے درج ذیل ہیں۔

Marfat.com

نوٹ:

اس سوال کے جواب کے مطابق جملے تمرین نمبر ا میں آ چکے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر ۳)

اِسْتَعْمَلْ "إِلَّا" فِی جُمْلَتَیْنِ بِحَیْثُ یَکُوْنُ مَعْنَاهَا مُخْتَلِفاً فِیْهِمَا .

اِلَّا کو دو جملوں میں استعمال کریں اس حیثیت سے کہ اس کا معنی دونوں میں مختلف ہو۔

حل:

دی گئی عبارت کے مطابق دو جملوں میں اِلَّا کا استعمال۔

(۱) لَا تَمْنَعْنَا وَاِلَّا تُمْنَعْ مِنْهُ (۲) اِفْعَلِ الْخَیْرَ وَاِلَّا سَتَنْدَمُ

تَمْرِیْنٌ فِی الْاَعْرَاب ۴ (اعراب سے متعلق مشق)

(ا) نموذج ۔ نمونہ

اِعْمَلْ وَاِلَّا تُحْرَمْ .

اِعْمَلْ ..... فعل أمر مبنی علی السکون ، والفاعل ضمیر مستتر وجوباً تقدیره أنت.

وَاِلَّا ..... الواو عاطفة ، وإن حرف شرط جازم ، ولا نافیة ، فعل الشرط محذوف تقدیره تعمل.

تَحْرَمْ ..... فعل مضارع مبنی للمجهول مجزوم فی جواب الشرط ، ونائب الفاعل مستتر وجوباً تقدیره أنت.

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِیَةَ .

آنے والے جملوں کی ترکیب کریں۔

(۱) جَامِلْ إِخْوَانَکَ وَاِلَّا یَهْجُرُوْکَ (۳) قُلْ خَیْراً وَاِلَّا فَاصْمُتْ

Marfat.com

(۲) أَوْفِ بِعَهْدِکَ إِذَا عَاهَدْتَ (۴) اُرْوِ الزَّرْعَ وَإِلَّا يَذْبُلْ

حل:

(۱) جَامِلْ إِخْوَانَکَ وَإِلَّا يَهْجُرُوْکَ.

جَامِلْ ..... فعل امر اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا فاعل

اِخْوَانَکَ ..... اخوان مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ

وَإِلَّا ..... واؤ عاطفہ ان حرف شرط، لا نافیہ

یھجروک ..... فعل مضارع مجزوم بوجہ ان حرف شرط واؤ ضمیر جمع فاعل ک ضمیر مفعول بہ۔

(۲) أَوْفِ بِعَهْدِکَ إِذَا عَاهَدْتَ.

اُوْفِ ..... فعل امر اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل

بعھدک .....ب حرف جار عھد مضاف ک ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا ب جار کا۔

اذا ..... حرف شرط، عاھدت فعل اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل۔

(۳) قُلْ خَيْراً وَإِلَّا فَاصْمُتْ

قُلْ ..... فعل امر اس میں انت ضمیر اس کا فاعل خیرا مفعول بہ۔

وَإِلَّا ..... واؤ عاطفہ ان حرف شرط لا نافیہ فاصمت فعل امر انت ضمیر مستتر اس کا فاعل۔

(۴) اُرْوِ الزَّرْعَ وَإِلَّا يَذْبُلْ.

اُرْوِ ..... فعل امر اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل الزرع مفعول بہ۔

وَإِلَّا ..... واؤ عاطفہ ان حرف شرط لا نافیہ یذبل فعل مضارع مجزوم بوجہ ان حرف شرط اس میں ھو ضمیر مستتر اس کا فاعل۔

Marfat.com

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

(۱) اِشْرَحِ الْبَیْتَ الآتِی وَأَعْرِبِ الشَّطْرَ الْاَوَّلَ مِنْهُ :

آنے والے شعر کی وضاحت کریں اور پہلے حصے کی ترکیب کریں۔

یَعِزُّ غَنِیُّ النَّفْسِ إِنْ قَلَّ مَالُهٗ وَیَغْنِیْ غَنِیُّ الْمَالِ وَهُوَ ذَلِیْلُ

حل:

دیئے گئے شعر کی وضاحت:

''نفس کا غنی آدمی معزز اور عزت کرنے والا ہوتا ہے اور جبکہ مال کا غنی بے پرواہ ہوتا ہے اور بے توجہی اختیار کرتا ہے اور ذلیل ہوتا ہے''

ترکیب:

یَعِزُّ ..... فعل، غَنِیُّ ..... مرفوع مضاف، النَّفس ..... مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل ہوا۔

اِنْ ..... حرف شرط، قَلَّ ..... فعل ماضی، مَالَهٗ ..... مَالُ مرفوع مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل۔

(۲) اِشْرَحِ الْبَیْتَ الآتِی وَأَعْرِبِ الشَّطْرَ الْاَخِیْرَ مِنْهُ :

آنے والے شعر کی وضاحت کریں اور دوسرے حصے کی ترکیب کریں۔

فَإِنْ تُوْلِنِی مِنْکَ الْجَمِیْلَ فَأَهْلُهٗ وَإِلَّا فَإِنِّی عَاذِرٌ وَشَکُوْرٌ

حل:

دیئے گئے شعر کی وضاحت:

''پس اگر تو مجھے اپنی طرف خوبصورتی کے لحاظ سے حسن و جمال والا بنائے تو تو اس پر قادر ہے اور اگر تو ایسا نہ کرے تو پھر میں عذر کرنے والا ہوں اور شکریہ ادا

Marfat.com

کرنے والا ہوں"

شعر کے دوسرے حصے کی ترکیب:

وَاِلَّا ..... واؤ عاطفہ ان حرف شرط، لا نافیہ شرط محذوف ہے،
فَاِنِّی ..... ف جوابیہ ان حرف مشبہ بالفعل، ی ضمیر متکلم اس کا اسم،
عَاذِرٌ ..... معطوف علیہ واؤ عاطفہ، شکور، معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر ہوا ان کی، ان اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ ہوکر جواب ہوا شرط کا جو کہ محذوف ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

جَزْمُ الْمُضَارِعِ فِی جَوَابِ الطَّلَبِ

طلب کے جواب میں فعل مضارع کا مجزوم ہونے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

(۱) لَا تُكْثِرِ الْعِتَابَ يَكْثُرْ أَصْدِقَاؤُكَ أَوْ يَكْثُرْ .

سرزنش مت کر تیرے دوست زیادہ ہوں۔

(۲) لَا تَعْجَلْ فِی أُمُوْرِكَ تَسْلَمْ أَوْ تَسْلَمُ .

تو اپنے کاموں میں جلد بازی مت کر سلامت رہے گا۔

(۳) لَا تُفْرِطْ فِی الْأَكْلِ تَصْلُحْ مَعِدَتُكَ أَوْ تَصْلُحُ.

تو کھانے میں افراط سے کام مت لے تیرا معدہ درست رہے گا۔

(۴) اِحْتَرِمِ النَّاسَ يَحْتَرِمُوْكَ أَوْ يَحْتَرِمُوْنَكَ.

تو لوگوں کا احترام کر وہ تیرا احترام کریں گے۔

(۵) وَاسِ الْفُقَرَآءَ يُحِبُّوْكَ أَوْ يُحِبُّوْنَكَ.

غریبوں سے ہمدردی کر وہ تجھ سے محبت کریں گے۔

(۶) أَيْنَ الْحَدِيْقَةُ نَذْهَبْ إِلَيْهَا أَوْ نَذْهَبُ إِلَيْهَا .

باغیچہ کہاں ہم وہاں جاتے ہیں۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ إِلَى الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ : يَكْثُرْ ، وَتَسْلَمْ ، وَتَصْلُحْ ، فِی الْاَمْثِلَةِ الثَّلَاثَةِ الْاُوْلٰى ، وَكَذٰلِكَ الْاَفْعَالُ الْمُضَارِعَةُ : يحترم ، ويحب ، وتذهب ، فِی الْاَمْثِلَةِ الثَّانِيَةِ ، تَجِدُهَا جَمِيْعاً مَسْبُوْقَةً بِطَلَبٍ وَمُتَرَتَّبَةً عَلَيْهِ ، إِذَا تَأَمَّلْتَ كُلَّ فِعْلٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ وَجَدْتَهُ قَدْ مَجْزُوْماً وَمَرْفُوْعاً ، أَمَّا الْجَزْمُ فَيُخَرَّجُ عَلٰى أَنَّ

Marfat.com

هُنَاکَ شَرْطاً مَحْذُوْفاً وَتَقْدِيْرُهُ فِی الْمِثَالِ الْاَوَّلِ "إِلَّا تَكْثُرِ الْعِتَابَ يَكْثُرْ أَصْدِقَاؤُکَ"، وَتَقْدِيْرُهُ فِی الْمِثَالِ الثَانِی "إِلَّا تَعْجَلْ فِی أُمُوْرِکَ تَسْلَمْ "وَهَلُمَّ جَرًّا ، وَأَمَّا الرَّفْعُ فَوَجْهُهُ ظَاهِرٌ، لِاَنَّ الْفِعْلَ لَمْ يَتَقَدَّمْهُ نَاصِبٌ وَلاَ جَازِمٌ .

آپ پہلی تین مثالوں میں یکثر ، تسلم اور تصلح کے افعال مضارعہ کی طرف غور کریں اور اسی طرح آپ دوسری مثالوں میں موجود یحترم ، یحب اور نذھب کے افعال مضارعہ میں غور کریں تو آپ ان تمام کو طلب کے بعد اس پر مترتب ہوتے ہوئے پائیں گے اور جب آپ ان افعال میں سے ہر فعل میں غور وفکر کریں تو آپ اس کو مجزوم اور مرفوع پائیں گے ، فعل مضارع میں جن تو اس وجہ سے ہے کہ وہاں پہلی مثال میں شرط محذوف کو خارج کر دیا گیا ہے اور اس کی تقدیری عبارت یہ ہے " الا تعجل فی امورک " اور اسی طرح باقی مثالوں میں ہے۔اور جبکہ اس پر رفع کا ہونا وہ ظاہر ہے اس لئے کہ اس سے پہلے کوئی حرف ناصب اور جازم نہیں ہے۔

وَإِذَا تَدَبَّرْتَ الْاَمْثِلَةِ الثَّلاَثَةَ الْاُوْلٰی حَيْثُ أَدَاةُ الطَّلَبِ فِی كُلٍّ مِنْهَا "لاَ النَّاهِيَةُ "وَجَدْتَ أَنَّهُ يَصِحُّ لَکَ أَنْ تَضَعَ "إِنْ "قَبْلَ "لا"فِی كُلِّ مِثَالٍ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُفْسِدَ الْمَعْنٰی ، فَإِنَّهُ يَسْتَقِيْمُ أَنْ نَقُوْلُ فِی الْمِثَالِ الْاَوَّلِ مَثَلاً :" إِلَّا تُكْثِرُ الْعِتَابَ يَكْثُر أَصْدِقَاؤُکَ"، وَهٰذَا شَرْطٌ لاَ بُدَّ مِنْهُ لِجَوَازِ الْجَزْمِ بَعْدَ النَّهْيِ ، وَعَلٰی هٰذَا لاَ يَجُوْزُ الْجَزْمُ إِذَا قُلْتَ " لاَ تَصْنَعُ الْمَعْرُوْفَ فِی غَيْرِ أَهْلِهِ تَنْدَمْ".

اور جب آپ پہلی تین مثالوں میں غور کریں جہاں ہر ایک میں حرف طلب لائے نہی ہے، آپ وہاں یہ بات پائیں گے درست آپ کے لئے یہ ہے کہ آپ لائے نہی سے پہلے اِنْ کو ہر مثال میں بغیر اس بات کے رکھیں کہ معنی کا فساد لازم نہ آئے ، پس وہ پختہ ہوگا پر ہم پہلی مثال میں کہیں گے ، مثال کے طور پر

Marfat.com

"الا تكثر العتاب يكثر اصدقائك" اور یہ ایک ایسی شرط ہے کہ جس کا نہی کے بعد جزم کے جائز ہونے کے لئے ضروری ہے، اور اس طرح سے جزم جائز نہیں ہے جب آپ کہیں " لا تصنع المعروف فی غیر اهله تندم اس لئے وہ معنی میں پختہ نہیں ہے یہ کہ کہا جائے " الا تصنع المعروف فی غیر اهله تندم "

وَإِذَا تَأَمَّلْتَ الْاَمْثِلَةَ الثَّلاَثَةَ الْاَخِيْرَةَ حَيْثُ الطَّلَبِ فِى كُلٍّ مِنْهَا مَدْلُوْلٌ عَلَيْهِ بِغَيْرِ النَّهْى(۱) وَجَدْتَ أَنَّهُ يَصِحُّ لَكَ أَنْ تَضَعَ "إِنْ" وَفِعْلاً مَفْهُوْماً مِنَ السِّيَاقِ مَوْضِعَ مَا يُفِيْدُ الطَّلَبَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُفْسِدَ الْمَعْنٰى، فَإِنَّهُ يَسْتَقِيْمُ أَنْ تَقُوْلَ فِى الْمِثَالِ الرَّابِعِ مَثَلاً :"إِنْ تَحْتَرِمِ النَّاسَ يَحْتَرِمُوكَ"، وَهٰذَا شَرْطٌ لاَ بُدَّ مِنْهُ لِجَوَازِ الْجَزْمِ بَعْدَ غَيْرِ النَّهْيِ مِنْ أَنْوَاعِ الطَّلَبِ ، وَعَلٰى هٰذَا لاَ يَجُوْزُ الْجَزْمُ إِذَا قُلْتَ: "سَاعِدْ أَخَاكَ لاَ يُسَاعِدْكَ". لِاَنَّهُ لاَ يَسْتَقِيْمُ اَنْ تَقُوْلَ " اِنْ تَسَاعِدْ اَخَاكَ لاَ يُسَاعِدْكَ " .

(۱) الطلب المدلول عليه بغير النهى يشمل الأمر ، والاستفهام ، والعرض ، والتحضيض ، والتمنى والرجاء .

اور جب آپ آخری تین مثالوں میں بوقت طلب غور وفکر کریں تو ان میں سے ہر ایک مدلول علیہ بغیر نہی کے ہے تو اس وقت آپ اپنے لئے اس بات کو درست پائیں گے کہ ان پر فعل کو رکھیں جو کہ سیاق مقام سے سمجھا جارہا ہو اور وہ بغیر فساد معنی کے فائدہ دے۔ پس وہ بالکل پختہ (درست) ہے، یہ کہ تو چوتھی مثال کہے گا" ان تحترم الناس يحترموك" اور یہ شرط اس سے جزم کے جواز کے لئے ضروری ہے، غیر نہی کے بعد طلب کی انواع میں سے، اور اسی طرح سے جزم جائز نہیں ہے اس وقت کہ جب آپ کہیں " ساعد اخاك لا يساعدك " اس لئے کہ وہ پختہ (درست) نہیں ہے، یہ تو کہے" ان تساعد اخاك لا يساعدك ".

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ:

(۹۶) قَدْ يُجْزَمُ الْمُضَارِعُ إِذَا وَقَعَ جَوَاباً لِلطَّلَبِ، وَجَزْمُهُ حِيْنَئِذٍ بِشَرْطٍ مَحْذُوْفٍ وَشَرْطُ الْجَزْمِ بَعْدَ النَّهْيِ صِحَّةَ الْمَعْنٰى بِتَقْدِيْرِ دُخُوْلِ إِنْ قَبْلَ لاَ ، وَشَرْطُهُ بَعْدَ غَيْرِ النَّهْيِ مِنْ أَنْوَاعِ الطَّلَبِ صِحَّةُ الْمَعْنٰى بِوَضْعِ إِنْ وَفِعْلٍ مَفْهُوْمٍ مِنَ السِّيَاقِ مَوْضِعَ مَا يُفِيْدُ الطَّلَبَ .

کبھی فعل مضارع کو اس وقت جزم دیا جاتا ہے کہ جب وہ طلب کا جواب واقع ہو اور اس کا جزم اس وقت شرط محذوف کی وجہ سے ہوگا اور نہی کے بعد شرط کا جزم والا ہونا معنی کے درست ہونے کے لئے ہے اِنْ حرف شرط کے لا سے پہلے مقدر ہونے کی وجہ سے، اور اس کی شرط غیر نہی کے بعد واقع ہو طلب کی انواع میں سے اور معنی کے صحیح ہونا حرف اِنْ اور سیاق کلام سے مفہوم ہونے والے فعل کے رکھنے کی وجہ سے ہے اس جگہ پر جہاں وہ طلب کا فائدہ دے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمَجْزُوْمَةَ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ ، وَبَيِّنْ سَبَبَ الْجَزْمِ فِي كُلِّ فِعْلٍ مِنْهَا :

آنے والی عبارت میں فعل مضارع مجزوم کے افعال کو بیان کریں اور ان میں سے ہر ایک میں جزم کا سبب بیان کریں۔

قَالَ ذُوْ الْإِصْبَعِ الْعَدْوَانِي: أَلِنْ جَانِبَكَ لِقَوْمِكَ يُحِبُّوْكَ، وَتَوَاضَعْ لَهُمْ يَرْفَعُوْكَ، وَابْسُطْ لَهُمْ وَجْهَكَ يُطِيْعُوْكَ ، وَلاَ تَسْتَأْثِرْ عَلَيْهِمْ بِشَيْءٍ يُسَوِّدُوْكَ ، وَأَكْرِمْ صِغَارَهُمْ كَمَا تُكْرِمُ كِبَارَهُمْ يُكْرِمُكَ كِبَارُهُمْ وَيَكْبَرْ عَلٰى مَوَدَّتِكَ صِغَارُهُمْ ..

Marfat.com

حل:

دی ہوئی عبارت میں اَفعال مضارع مجزومہ کی تعیین اوران کا سبب درج ذیل ہے۔

(۱) أَلِنْ جَانِبَکَ لِقَوْمِکَ یُحِبُّوْکَ اس جملے میں یُحِبُّوْکَ فعل مضارع مجزوم ہے اس وجہ سے کہ یہ فعل طلب کا جواب واقع ہورہا ہے۔

(۲) تَوَاضَعْ لَهُمْ یَرْفَعُوْکَ اس جملے میں یَرْفَعُوْکَ فعل مضارع مجزوم ہے اس وجہ سے کہ یہ فعل طلب کا جواب واقع ہورہا ہے۔

(۳) وَابْسُطْ لَهُمْ وَجْهَکَ یُطِیْعُوْکَ اس جملے میں یُطِیْعُوْکَ فعل مضارع مجزوم ہے کیونکہ فعل طلب کے بعد واقع ہورہا ہے۔

(۴) وَلاَ تَسْتَأْثِرْ عَلَیْهِمْ بِشَیْءٍ یُسَوِّدُوْکَ اس جملے میں یُسَوِّدُوْکَ فعل مضارع مجزوم ہے، فعل نہی کے بعد آنے کی وجہ سے اِنْ حرف شرط کے مقدر ہونے کی وجہ سے۔

(۵) أَکْرِمْ صِغَارَهُمْ کَمَا تُکْرِمُ کِبَارَهُمْ یُکْرِمْکَ کِبَارُهُمْ وَیَکْبَرْ عَلٰی مَوَدَّتِکَ صِغَارُهُمْ اس کلام میں یُکْرِمْکَ کِبَارُهُمْ وَیَکْبَرْ عَلٰی مَوَدَّتِکَ صِغَارُهُمْ فعل مضارع سیاق کلام سے فعل طلب کے مفہوم ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

اِضْبِطْ أَوَاخِرَ الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ الَّتِی أُجِیْبَ بِهَا الطَّلَبُ فِی الْجُمَلِ الْآتِیَةِ، وَبَیِّنْ سَبَبَ الضَّبْطِ فِی کُلٍّ مِنْهَا:

آنے والے جملوں میں موجود فعل مضارع کے آخر کو ضبط کریں کہ جس کے ذریعے جواب دیا گیا ہے اوران میں سے ہر ایک کے ضبط کا سبب بیان کریں۔

(۱) أَحْسِنْ إِلَی النَّاسِ تَسْتَعْبِدْ قُلُوْبَهُمْ.

(۲) اِرْکَبِ الْخَیْلَ یَکْثُرْ نَشَاطُکَ.

(۳) لاَ تُفْشِ سِرَّ الصَّدِیْقِ یَأْتَمِنْکَ.

Marfat.com

(۴) لاَ تُهْمِلُوْا تَقْلِيْمَ أَظْفَارِكُمْ تَتَّسِخْ.
(۵) سَامِحْ أَخَاكَ تَدُمْ لَكَ مَوَدَّتُهُ.
(۶) أَوْقِدِ الْمِصْبَاحَ تُبْصِرْمَا فِي الْحُجْرَةِ.
(۷) اِقْرَعِ الْبَابَ يَسْمَعْكَ مَنْ فِي الدَّارِ.
(۸) لَا تَلْعَبْ بِالنَّارِ تَحْتَرِقْ.
(۹) أَسْرِعْ فِي مَشْيِكَ تَدْرُكَ أَصْحَابُكَ.
(۱۰) لاَ تَنْزِلُ الْبَحْرَ تَأْمَنْ الْغَرَقَ.

حل:

دیئے گئے جملوں میں موجود جواب واقع ہونے فعل مضارع کے آخر کی حالت کی وجہ۔

تَسْتَعْبُدُ ، يَكْثُرْ ، تَدُمْ ، تُبْصِرْ ، يَسْمَعْكَ ، تَدْرُكْ ، ان تمام افعال مضارع کا آخری مجزوم ہے ان سے قبل فعل طلب کے پائے جانے کی وجہ سے۔

يَأْتَمِنْكَ ، تَتَّسِخْ ، تَحْتَرِقْ ، تَأْمَنْ ، ان تمام افعال مضارعہ کا آخر مجزوم ہے ان سے قبل اِنْ حرف شرط کے مقدر ہونے کی وجہ سے کیونکہ ان تمام کے شروع میں فعل نہی موجود ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

أَجِبْ أَنْوَاعَ الطَّلَبِ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ بِأَفْعَالِ مُضَارِعَةٍ يَجُوْزُ جَزْمُهَا :

آنے والے جملوں میں طلب کی انواع کا فعل مضارع کے ساتھ جواب دیں جس میں اس کا جزم جائز ہو۔

(۱) تعلم السباحة .....
(۲) أين المذنب .....
(۳) تشبه بالكرام .....
(۴) لا تكثر الجدل .....
(۶) تجنب الإسراف .....
(۷) ليت لي مالاً .....
(۸) أتقن عملك .....
(۹) لا تقل في الناس مالا تعلم .....

Marfat.com

(۵) عامل الناس بالحسنی ..... (۱۰) لا تظلم الناس .....

حل :

دیئے گئے جملوں میں خالی جگہوں پر مناسب مضارع مجزوم کا استعمال۔

(۱) تَعَلَّمَ السِّبَاحَةَ وَلَمْ تَغْرِقْ.

(۲) اَيْنَ الْمُذْنِبُ اَحْبِسُوْهُ وَلاَ تَتْرُكُوْهُ .

(۳) تَشَبَّهْ بِالْكِرَامِ فَتَرْتَفِعُ اِلَى الْعُلٰى.

(۴) لاَ تُكْثِرِ الْجَدَلَ وَلاَ تَغْضِبْ.

(۵) عَامِلِ النَّاسَ بِالْحُسْنٰى وَلاَ تَبْعُدْ عَنْهُمْ.

(۶) تَجَنَّبِ الْاِسْرَافَ وَلاَ تَحَبَّبِ الْاَشْرَارَ.

(۷) لَيْتَ لِى مَالاً فَاُنْفِقُ مِنْهُ.

(۸) اَتْقِنْ عَمَلَكَ فَيَجْزِ صَاحِبُكَ.

(۹) لاَ تَقُلْ فِى النَّاسِ مَا لَمْ تَعْلَمْ فَتَنْدَمْ.

(۱۰) لاَ تَظْلِمِ النَّاسَ فَتُعَاقَبْ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

ضَعْ فِى كُلِّ مَكَانٍ خَالٍ فِى الْجُمَلِ الْآتِيَةِ فِعْلاً مُضَارِعاً لاَ يَجُوْزُ جَزْمُهُ :

آنے والے جملوں میں موجود خالی جگہوں میں مناسب فعل مضارع رکھیں کہ جس میں جزم جائز نہ ہو۔

(۱) لاَ تُحْسِنْ إِلٰى لئيم .....

(۲) لا تخالط السفهاء .....

(۳) اِقْتَنِ الْكُتُبَ النَافِعَةَ .....

(۴) لاَ تَضْرِبِ الْحصان .....

(۵) لاَ تسیء إلى الناس .....

(۶) لا تسخر من الأعمى والأصم

(۷) لاَ تُضَيِّعْ وَقْتَكَ فِي اللَّهو.....

(۸) لاَ تَعْصِ والديک .....

Marfat.com

اور گروپ (ب) میں تحقیق کرتے وقت آپ دیکھیں گے بیشک مختلف انواع پر ہے ایک مرتبہ وہ جملہ فعلیہ ہے اور ایک مرتبہ جملہ اسمیہ ہے اور ایک مرتبہ وہ ظرف ہے اور چوتھی میں وہ جار مجرور ہے اور آخری دو حالتوں میں ظرف اور جار مجرور کا متعلق فعل ہے اس کی تقدیر عبارت یہ ہے " قطفت بعض الازهار التی وجدت اور استقرت فی الحدیقة".

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلٰى اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ (ب) رَأَيْتَ اَنَّهَا تَشْتَمِلُ عَلٰى اَسْمَاءٍ مَوْصُوْلَةٍ، وَإِذَا تَأَمَّلْتَ صِلَةَ الْمَوْصُوْلِ لَمْ تجِدْ"الْعَائِدَ"وَهُوَ الضَمِيْرُ الَّذِىْ يَعُوْدُ عَلَى الْمَوْصُوْلِ،وَلٰكِنَّكَ إِذَا اَنْعَمْتَ فِى النَّظْرِ اَدْرَكْتَ اَنَّهُ مَحْذُوْفٌ تَقْدِيْرُهُ فِى الْمِثَالِ الْاَوَّلِ لاَ تَقُلْ مَا لاَ تَعْلَمُهُ وَإِنْ قُلَّ مَا تَعْلَمُهُ،وَفِى الْمِثَالِ الثَّانِى اِقْتَرِبْ مِمَّا يَقْتَرِبُ الْعُقَلاَءُ مِنْهُ وَابْتَعِدْ عَمَّا يَبْتَعِدُوْنَ عَنْهُ،وَفِى الْمِثَالِ الثَّالِثِ اُبْذُلْ مَا اَنْتَ بَاذِلُهُ،وَفِى الرَّابِعِ اِقْرَاءُ اَيًّا هُوَ نَافِعٌ،وَإِذَا بَحَثْتَ فِى الْعَائِدِ الْمَحْذُوْفِ رَأَيْتَ اَنَّهُ فِى الْمِثَالِ الْاَوَّلِ وَنَحْوُهُ فِى مَحَلِّ نَصَبٍ،وَاَنَّ الْعَامِلَ فِيْهِ فِعْلٌ،وَرَأَيْتَهُ فِى الْمِثَالِ الثَّانِى مَجْرُوْراً بِحَرْفِ جَرٍّ دَخَلَ عَلَى الْمَوْصُوْلِ وَفِى الثَّالِثِ مُضَافاً إِلَيْهِ،وَالْمُضَافُ اِسْمُ فَاعِلٍ مُتَعَدٍّ لِلْحَالِ اَوِ الْاِسْتِقْبَالِ، وَفِى الرَّابِعِ صَدْرُ صِلَةٍ اَى،فِى هٰذِهِ الْاَحْوَالِ وَمِثْلِهَا يَجُوْزُ عَائِدُ الْاِسْمِ الْمَوْصُوْلِ.

اور جب آپ گروپ (ج) کی مثالوں کی طرف غور کریں تو آپ دیکھیں گے کہ وہ اسمائے موصولہ پر مشتمل ہیں اور جب آپ موصول کے صلہ میں غور کریں تو آپ عائد کو نہیں پائیں گے اور عائد وہ ضمیر ہے کہ جو موصول پر لوٹتی ہے اور لیکن جب آپ نے غور وفکر میں مزید اضافہ کیا تو آپ نے پالیا کہ وہ ضمیر محذوف ہے اس کی تقدیر پہلی مثال میں ہے۔" لا تقل ما لا تعلمه وان قل ما تعلمه " اور دوسری مثال میں" اقترب مما يقترب العقلاء منه وابتعد عما

Marfat.com

یبتعدون عنه" اورتیسری مثال میں " ابـذل ما انت باذله" اور چوتھی مثال میں " اقـرا ایـا هـو نافع " ہے۔اور جب محذوف عائد کے متعلق تحقیق کریں گے تو آپ دیکھیں گے کہ وہ پہلی مثال میں اور اس کی مثل میں محل نصب میں ہے اور اس میں عامل فعل ہے اور آپ اس کو دوسری مثال میں اس حرف جر کی وجہ سے مجرور دیکھتے ہیں کہ موصول پر داخل ہوا ہے اور تیسری مثال میں مضاف الیہ ہے اور مضاف اسم فاعل متعدی ہے حال اور استقبال کے لئے اور چوتھی مثال میں صدر صلہ " ای " ہے تو پس ان احوال میں اور ان کی مثل کے حالات میں اسم موصول کے عائد کو حذف کرنا جائز ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۸۱) مِنَ الْاَسْمَاءِ الْمَوْصُوْلَةِ اَیٌّ،وَتَكُوْنُ مُضَافَةً إِلٰى مَعْرِفَةٍ اَوْغَيْرِ مُضَافَةٍ،وَهِیَ مُعْرَبَةٌ إِلَّا إِذَا اُضِيْفَتْ وَحُذِفَ صَدْرُ صِلَتِهَا .

اسمائے موصول میں سے اَیٌّ ہے اور وہ معرفہ کی طرف مضاف ہوتا ہے یا نہیں ہوتا اور وہ معرب ہوتا ہے اس وقت جبکہ اس کو مضاف کیا گیا ہو اور اس کا صدر صلہ حذف کردیا گیا ہو۔

(۱۸۲) تَكُوْنُ صِلَةُ الْمَوْصُوْلِ جُمْلَةً فِعْلِيَّةً،اَوْاِسْمِيَّةً،اَوْظَرْفاً،اَوْجَارًّا وَمَجْرُوْراً .

موصول کا صلہ جملہ فعلیہ یا جملہ اسمیہ یا ظرف یا جار مجرور ہوتا ہے۔

(۱۸۳) يَجُوْزُ حَذْفُ الْعَائِدِ إِذَا كَانَ عَامِلُهُ فِعْلاً وَهُوَ فِی مَحَلِّ نَصْبٍ اَوْ كَانَ مَجْرُوْراً بِحَرْفٍ جُرَّ بِهِ الْمَوْصُوْلُ، اَوْكَانَ مُضَافاً إِلَيْهِ وَالْمُضَافُ اِسْمٌ فَاعِلٍ مُتَعِدٍّ لِلْحَالِ اَوِ الْاِسْتِقْبَالِ، اَوْكَانَ صَدْراً لِصِلَةِ اَیٍّ .

جب اس کا عامل فعل ہو تو اس کے عائد کو حذف کرنا جائز ہے اور محل نصب میں یا اس حرف کی وجہ سے مجرور ہو جس کی وجہ سے اسم موصول کو جر دیا گیا ہے (یعنی اس

Marfat.com

موصول پر حرف جر داخل ہے) اور مضاف اسم فاعل متعدی ہے جو کہ حال اور استقبال کے لئے ہوتا ہے یا اَیٌّ کا صدر صلہ ہوتا ہے۔

تَمْرِیْنَاتٌ (مشقیں)

لتَّمْرِیْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

نِ الْمُعْرَبَ وَالْمَبْنِی مِنْ "اَی" الْمَوْصُوْلَةِ فِی الْجُمَلِ الْآتِیَةِ، وَاذْکُرْ مَوَاقِعَهَا نَ الْإِعْرَابِ :

نے والے جملوں میں اَیٌّ اسم موصول کے معرب اور مبنی ہونے کو بیان کریں اور اس کے عراب کے مواقع بھی بیان کریں۔

۱) إِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَقْتَنِی کُتُباً فَاخْتِرْ اَیُّهَا یَعْلُوْ اُسْلُوْبَهٗ .

۲) اِصْطَفَیْتَ مِنَ النَّاسِ اَیُّهُمْ اَخْلَصُ .

۳) یُعْجِبُنِی اَیُّ یُؤْثِرُ نَفْعُ وَطَنِهٖ عَلٰی مَنْفَعَةِ نَفْسِهٖ .

۴) تَخْتَارُ السَّیِّدَةُ مِنَ الْخَادِمَاتِ أَیُّهُنَّ هِیَ اَعَفُّ وَانْشَطُ .

۵) زِنِ الْحَقَائِقَ وَلَا یَخْدعْکَ أَیُّهَا أَکْثَرُ بَرِیْقاً وَتَزْوِیْقاً .

۶) مِنَ النَّاسِ مَنْ یَقْنَعُ بِالْقَلِیْلِ فَأَیُّ کَافِیْهِ .

۷) وَمِنْهُمْ مَنْ لَا یَمْلَأُ عَیْنَیْهِ شَیْءٌ فَاَیَّ هُوَ قَلِیْلٌ .

حل:

ی گئی ہدایات کے مطابق معرب مبنی کی تحقیق کا بیان:

پہلے دونوں جملے مبنی ہیں کیونکہ صلہ محذوف ہے اور ای مضاف ہے۔

یسرے جملے میں نہ اضافت ہو رہی ہے اور نہ صدر صلہ مذکور ہے لہٰذا معرب ہے۔

وتھے میں اضافت اور صدر صلہ مذکور ہے لہٰذا معرب ہے۔

انچویں جملے میں حرف اضافت ہے صدر صلہ مذکر نہیں تو مبنی ہے۔

Marfat.com

چھٹے میں اضافت بھی نہیں ہورہی ہے اور صدر صلہ بھی مذکور نہیں تو معرب ہے۔
ساتویں میں اضافت نہیں ہورہی جبکہ صدر صلہ موجود ہے لہٰذا معرب ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

اِجْعَلْ کُلَّ تَرْکِیْبٍ مِنَ التَّرَاکِیْبِ الْآتِیَةِ صِلَةً لِمَوْصُوْلٍ یُنَاسِبُهٗ فِی جُمَلٍ تَامَةٍ وَبَیِّنِ الْعَائِدَ وَنَوْعَ الصِّلَةِ :

آنے والی تراکیب میں سے ہر ترکیب کو موصول کا صلہ جملوں کے مناسب بنائیں اور اس کا عائد اور صلہ کی نوع کو بھی بیان کریں۔

(۱) هُوَ مُثَابِرٌ
(۲) فِی الْمِیْدَانِ
(۳) یَجْمَعْنَ الْمَالَ لِلْفُقَرَآءِ
(۴) تَأَخَّرَ فِی الصَّبَاحِ
(۵) هُمْ مُسْرِفُوْنَ
(۶) تُعْنَی بِشئُوْنِ بَیْتِهَا
(۷) فَوْقَ السَّحَابِ
(۸) تَحْتَ الْمَاءِ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملوں میں تبدیلی۔

(۱) فَازَ مِنَ النَّاسِ اَیُّهُمْ هُوَ مُثَابِرٌ.
(۲) ضَرَبَنِی الَّذِی کَانَ یَوْمَ الْاَمْسِ فِی الْمِیْزَانِ.
(۳) اَکْرَمْتُ الْبَنَاتَ اللَّاتِی یَجْمَعْنَ الْمَالَ لِلْفُقَرَآءِ.
(۴) جَاءَنِی مَنْ تَاَخَّرَ فِی الصَّبَاحِ.
(۵) اُکْرِهُ الَّذِیْنَ هُمْ مُسْرِفُوْنَ.
(۶) ذَهَبَتِ الْمَرْاَةُ الَّتِی تُعْنَی بِشَؤُنِ بَیْتِهَا.
(۷) صِدْتُ الطَّائِرَ مَنْ کَانَ فَوْقَ السَّحَابِ.
(۸) اَخَذْتُ السَّمَکَ الَّتِی کَانَتْ تَحْتَ الْمَاءِ.

Marfat.com

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

هَاتِ لِكُلِّ اِسْمٍ مَوْصُوْلٍ مِمَّا يَاْتِی صِلَةً تُنَاسِبُهٗ مَعَ اسْتِيْفَاءِ اَنْوَاعِ الصِّلَةِ :
ہر اسم موصول کے لئے ان چیزوں میں سے صلہ لائیں جو اس کے مناسب ہوں صلہ کی تمام انواع کو پورا کرتے ہوئے۔

(۱) ان الذی .....یجنی الثمر
(۲) لاَ تَغْتَرَّ بِالَّذِين .....
(۳) اِنَّ الصُّوْرَتَيْنِ اللَّتَيْنِ .....
(۴) اِحْتَرِمْ مَنْ .....
(۵) لاَ تَعْبَأْ بِمَا .....
(٦) قرأت مقالتک الّتی .....
(۷) يفخر الوطن بالألی .....
(۸) ضبطت الساعة التی .....
(۹) سُرِرْتُ مِنَ الْجَوَادين اللذين...
(۱۰) لا تجادل أی الناس .....

حل:
خالی جگہوں میں مناسب جملے۔

(۱) اِنَّ الَّذِی يَجْتَهِدُ فِی اَمْرِهٖ يَجْنِی الثَّمَرَ.
(۲) لاَ تَغْتَرَّ بِالَّذِيْنَ اِسْتَامَتُوْا مِنْکَ.
(۳) اِنَّ الصُّوْرَتَيْنِ اللَّتَيْن اِشْتَرَيْتُهُمَا ضَاعَتَا.
(۴) اِحْتَرِمْ مَنْ احْتَرَمَکَ.
(۵) لاَ تَعْبَأْ بِمَا اَنْتَ صَاحِبُهٗ.
(٦) قَرَأْتُ مَقَالَتَکَ الَّتِیْ اَرْسَلْتَ اِلَیَّ قَبْلَ يَوْمَيْنِ.
(۷) يَفْخَرُ الْوَطَن بِالْآلَیَ يَخْدِمُوْنَ فِی اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ.
(۸) ضُبِطَتِ السَّاعَةُ الَّتِیْ اشْتَرَيْتَ مِنَ السُّوْقِ.
(۹) سُرِرْتُ مِنَ الْجَوَادِيْنِ اللَّذِيْنَ نَصَرُوْا الْغُرَبَاءَ.
(۱۰) لاَ تُجَادِلْ اَیَّ النَّاسِ مَنْ سَلَّمَ عَلَيْکَ.

Marfat.com

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

ضَعْ اِسْماً مَوْصُوْلاً مُنَاسِباً فِی کُلِّ مَکَانٍ خَالٍ مِنَ الْاَبْیَاتِ الْآتِیَةِ :

آنے والے اشعار میں ہر خالی جگہ میں مناسب اسم موصول کو رکھیں۔

وَمَا سَاءَنِی إِلَّا.....عَرَفْتُهُمْ ..... جَزَی اللّٰهُ خَیْراً کُلَّ ..... لَسْتُ اَعْرِفُ

هُمَا.....یَشِیبُ الدَّهْرُ حَوْلَهَا ..... وَلاَ یَمَسُّهُمَا شَیْبٌ وَلاَ هَرَمُ

اَفْدِی بِجَارِ حَتِی .....أَصَابَتَا ..... نَهجَ الْهُدَی بِفَضِیْلَةٍ وَعَفَافِ

لاَ تبکِیْنَ عَلَی ..... تَرَحَّلُوْا ..... وَاحْزَنْ عَلَی الْمَیِّتِ .....لاَ یَرْجِعُ

قِفَا نَسْأَلِ الدَّارَ .....خَفَّ اَهْلَهَا ..... مَتٰی عَهْدُهَا بِالصَّوْمِ وَالصَّلَوَاتِ

حل:

دیئے گئے خالی مقامات میں مناسب اسمائے موصولہ۔

وَمَا سَاءَنِی إِلَّاالَّذِیْنَ عَرَفْتُهُمْ	جَزَی اللّٰهُ خَیْراً کُلَّ مَنْ لَسْتُ اَعْرِفُ
هُمَااللَّذَانَ یَشِیْبُ الدَّهْرُ حَوْلَهُمَا	وَلاَ یَمَسُّهُمَا شَیْبٌ وَلاَ هَرَمُ
اَفْدِیْ بِجَارِ حَتَّی اللَّتَیْنَ أَصَابَتَا	نَهجَ الْهُدَی بِفَضِیْلَةٍ وَعَفَافِ
لاَ تَبْکِیَنَّ عَلَی الَّذِیْنَ تَرَحَّلُوْا	وَاحْزَنْ عَلَی الْمَیِّتِ الَّذِی لاَ یَرْجِعُ
قِفَا نَسْأَلِ الدَّارَ مَنْخَفَّ اَهْلَهَا	مَتٰی عَهْدُهَا بِالصَّوْمِ وَالصَّلَوَاتِ

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

بَیِّنِ الْعَائِدَ فِی کُلِّ صِلَةٍ مِمَّا یَأتِی،وَإِذَا کَانَ مَحْذُوْفاً فَاذْکُرْ سَبَبَ حَذْفِهٖ :

آنے والی عبارت میں ہر صلے میں موجود عائد کو بیان کریں اگر کسی جگہ محذوف ہے تو حذف کا سبب ذکر کریں۔

اِقْتَدِ بِمَنْ تَقْتَدِی بَعْدَ التَّجْرِبَةِ،وَعَوِّلْ مَنْ یُعَوِّلُ الْعُقَلاءَ،وَاخْتَرِ الَّذِیْنَ تَصْطَفِی مِنْ اَهْلِ الْمَرُوْءَةِ وَالشَّمَمِ،وَجَانِبِ الْغِلْظَةَ الَّتِی تُقْصَی النَّاسَ

Marfat.com

عَنْکَ،وَانْظُرْ صِفَاتِکَ جَلِیَةً فِی مِرَآةِ الْحَقِّ ، فَاَیُّهَا اَبْعَدُ مِنَ الرَّجُوْلَةِ فَاجْتَنِبْهُ ، وَلاَ تَعْمَلْ مَا اَنْتَ عَامِلٌ إِلاَّ لِغَرْضٍ یَشْرُفُ الَّذِیْ یَعْمَلُهُ ، وَیَفْخَرُ مَنْ یُنْسَبُ إِلَیْهِ .

حل:

دی گئی عبارت سے اسم موصول کے عائد کا بیان۔

اقتد بمن تقتدی بعد التجربة میں عائد محذوف ہے اسم موصول پر حرف جر داخل ہونے کی وجہ سے۔

و عول من یعول العلقلاء میں یعقول میں ھو ضمیر عائد ہے من کی طرف۔

واختر الذین نصطفی من اھل المرؤة والشمم میں بھی عائد محذوف ہے اسم موصول محل نصب میں ہونے کی وجہ سے۔

وجانب الغلطة التی تقصی الناس عنک میں ھی ضمیر عائد ہے جو کہ تقصی میں مستتر ہے۔

وانظر صفاتک جلیة فی مراة الحق اس میں اسم موصول نہیں ہے۔

فایھا ابعد من الرجولة فاجتنبه اسم تفضیل ابعد میں عائد ھو ضمیر ہے۔

ولا تعمل ما انت عامل الا لغرض میں اسم موصول ما محل نسب میں ہونے کی وجہ سے عائد محذوف ہے۔

یشرف الذی یعمله میں یعمله میں ھو ضمیر مستتر عائد ہے۔

و یفخر من ینسب الیه میں ینسب میں ھو ضمیر مستتر عائد ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

(ا) کَوِّنْ عِبَارَةً تَشْتَمِلُ عَلٰی "اَی" اَلْمَوْصُوْلَةُ وِصِلَتُهَا جُمْلَةٌ فِعْلِیَّةٌ .

ایسی عبارت بنائیں کہ جو "ای" اسم موصول پر مشتمل ہو اور اس کا صلہ جملہ فعلیہ ہو۔

Marfat.com

حل:

یَا حَامِدُ ، اَیُّ طَرِیقٍ یَهْدِنِی اِلٰی مَنْزِلِی مِنْ هٰذَا الْمَقَامِ.

(۲) کَوِّنْ عِبَارَةً تَشْتَمِلُ عَلٰی "اَی" اَلْمَوْصُوْلَةُ مُعْرَبَةً وَصِلَتُهَا جُمْلَةٌ اِسْمِیَّةٌ.

ایسی عبارت بنائیں کہ "ای "اسم موصول معرب ہواور اس کا صلہ جملہ اسمیہ ہو۔

حل:

وَمِنْهُمْ مَنْ یَمْلَأُ قَلْبَهُ شَیٌ فَاَیُّ هُوَ شُکْرٌ.

(۳) کَوِّنْ عِبَارَةً تَشْتَمِلُ عَلٰی " اَیٌّ " اَلْمَوْصُوْلَةُ مَبْنِیَةٌ .

ایسی عبارت بنائیں کہ جو اسم موصول "ای " پر مشتمل ہومبنی ہو۔

حل:

عَامِلْ مِنَ النَّاسِ اَیُّهُم اَشْرَفُ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۷ (مشق نمبر ۷)

کَوِّنْ ثَمَانِی جُمَلٍ تَشْتَمِلُ کُلُّ وَاحِدَةٍ عَلٰی اِسْمٍ مَوْصُوْلٍ مَعَ اسْتِیْفَاءِ الْاَسْمَآءِ الْمَوْصُوْلَةِ :

آٹھ جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک جملہ الگ الگ اسم موصول پر مشتمل ہو۔ اس طرح تمام اسمائے موصولہ کو ذکر کریں۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) جَاءَ نِی الَّذِیْ ضَرَبَکَ.

(۲) ذَهَبَ اللَّذَانِ عَنْکَ.

(۳) مَاتَ الَّذِیْنَ غَرَقُوْا فِی الْبَحْرِ قَبْلَ یَوْمَیْنِ.

(۴) صَادَ الَّالِی ذَهَبُوْا فِی الْغَابَةِ لَیْلاً.

Marfat.com

(۵) ضَحِكَتِ الْمَرْأَةُ الَّتِی بَكَتْ قَبْلَ وَقْتٍ قَلِيْلٍ.

(۶) ذَهَبَتِ الْبِنْتَانِ اللَّتَانِ نَامَتَا فِی بَيْتِنَا.

(۷) اَرْسِلُوْا الْبَنَاتِ اللَّاتِی نَجَحْنَ فِی الْاِخْتِبَارِ.

(۸) اُدْعُ الطَّالِبَاتِ اللَّاتِی جِئْنَ بِالتَّاخِيْرِ.

اَلتَّمْرِيْنُ ۸ (مشق نمبر ۸)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ وَاَعْرِبِ الثَّانِی مِنْهُمَا :

آنے والے دونوں شعروں کی وضاحت کریں اور دوسرے کی ترکیب کریں۔

اِنَّمَا يُدَخَّرُ الْمَالُ لِحَاجَاتِ الرِّجَالِ وَالْفَتٰی مَنْ جَعَلَ الْاَمْوَالَ اَثْمَانَ الْمَعَالِی

حل:

پہلے شعر کی وضاحت:

''سوائے اس کے کہ نہیں مال جمع کیا جاتا ہے مگر مردوں کی ضرورتوں کے لئے''

دوسرے شعر کی وضاحت:

''اور نوجوان وہ ہے کہ جس نے اموال کو بہت زیادہ قیمتی بنالیا''

ترکیب:

الفتی مبتداء من موصول جعل فعل ھو ضمیر فاعل الاموال مفعول بہ اثمان مضاف المعالی مضاف، مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول ثانی ہوا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۵) اَلْمُعَرَّفُ بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ

الف لام کے ساتھ معرفہ کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

ا	حَضَرَ الْمُسَافِرُ مسافر حاضر ہوا مَالَتِ الشَّجَرَةُ درخت جھک گیا اِنْكَسَرَ الْقَلَمُ قلم ٹوٹ گیا	ب	فَازَ الَّذِيْنَ جَدُّوْا کامیاب ہوگئے جنہوں نے محنت کی اَحْسَنَتِ اللَّاتِی تُكَلَّمْنَ جن عورتوں نے بات کی اچھی تھیں اِشْتَهَرَ السَّمَوْءَلُ بِوَفَائِهٖ سموئیل اپنی وفا کی وجہ سے مشہور ہوا
ج	كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ شُجَاعاً حضرت حسین ابن علی بہادر تھے كَانَ الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ كَرِيْماً حسن بن سہل سخی تھا وَكَانَ اَخُوْهُ الْفَضْلُ مِثْلَهٗ اس کا بھائی فضل اسی کی مثل تھا		

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَقَدَّمَتْ لَكَ فِی الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِيَةِ دِرَاسَةٌ وَافِيَةٌ لِلْمُعَرَّفِ بِاَل ، وَنُرِيْدُ هُنَا اَنْ نَذْكُرَ شَيْئاً جَدِيْداً عَنْ هٰذِهِ الْاَدَاةِ فَنَقُوْلُ :

کتاب مدارس الابتدائیہ میں آپ کے اسباق میں معرف باالف واللام کی بحث کافی گزر چکی ہے اب ہم یہاں پر ان حروف سے متعلق ایک نئی چیز کو بیان کرنا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں۔

إِذَا تَاَمَّلْتَ الْاَسْمَاءَ الْمُحَلَّاةَ بِاَلْ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰی،وَجَدْتَ اَنَّ كُلًّا مِنْهَا كَانَ نَكِرَةً فِی الْاَصْلِ،وَلَمَّا دَخَلَتْ اَل صَارَ مَعْرِفَةً،لِذٰلِكَ كَانَتْ" اَل"

Marfat.com

فِی کُلٍّ مِنهَا "مُفِیدَةٌ لِلتَّعرِیفِ".

جب آپ پہلے گروپ میں موجود ان اسماء میں غور کریں جو الف لام کے ساتھ مزین ہیں تو آپ ان میں سے ہر ایک کو اصل میں نکرہ پائیں گے اور جب اس پر الف لام داخل ہوا تو وہ معرفہ ہوگیا اسی وجہ سے الف لام ان میں سے ہر ایک میں معرفہ کے لئے مفید ہوگا۔

وَإِذَا تَأَمَّلْتَ الْاَسْمَاءَ الْمَحلاَّةَ بِأل فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَتَیْنِ ب ،ج وَجَدْتَ اَنَّهَا کَانَتْ مَعَارِفَ قَبْلَ دُخُوْلِ الْاَلِفِ وَاللاَّمِ عَلَیْهَا،لِاَنَّهَا إِمَّا اَسْمَاءٌ مَوْصُوْلَةٌ، وَإِمَّا اَعْلاَمٌ،وَعَلٰی هٰذَا تَکُوْنُ" أل"فِی کُلٍّ مِنْهَا"زَائِدَةً "اَیْ غَیْرَ مُفِیْدَةٍ لِلتَّعْرِیْفِ.

اور جب آپ گروپ ب اور ج میں الف اور لام سے مزین اسماء میں غور کریں تو آپ یہ بات پائیں گے وہ الف لام کے داخل ہونے سے پہلے ہی معرفہ تھے، اس لئے کہ وہ یا تو اسماء موصولہ ہیں یا اعلام ہیں تو اس صورت میں الف لام ان میں ہر ایک میں زائدہ ہے یعنی معرفہ بنانے کا فائدہ نہیں دیتا۔

وَهٰذِهِ الزِّیَادَةُ لاَزِمَةٌ فِی اَسْمَاءِ الطَّائِفَةِ "ب" وَمَا اَشْبَهُهَا ، مِنْ کُلِّ اِسْمٍ مَوْصُوْلٍ اَوْ عَلَمٍ وُضِعَ فِی اَوَّلِ الْاَمْرِ مُقْتَرِناً بِالْاَلِفِ وَاللاَّمِ.

گروپ ب میں موجود اسماء اور ان کے مشابہ اسماء میں یہ زیادتی ہر اس اسم موصول اور علم کی وجہ سے ہے کہ جو ابتداء سے الف لام کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

اَمَّا فِی اَسْمَاءِ الطَّائِفَةِ "ج" فَزِیَادَةُ أل غَیْرُ لاَزِمَةٍ، وَهِیَ مَسْمُوْعَةٌ فِی الْاَعْلاَمِ الْمَنْقُوْلَةِ لِلدَّلاَلَةِ عَلٰی اَنَّ الْمَعْنَی الْاَصْلِیَّ لِلْعَلَمِ مَلْحُوْظٌ لِلْمُتَکَلِّمِ عِنْدَ النُّطْقِ.

جبکہ گروپ ج کے اسماء میں الف لام کی زیادہ غیر ضروری ہے اور وہ اعلام منقولہ میں مسموع (سماعی) ہے اس بات پر دلالت کرنے کے لئے کہ علم کا اصلی معنی متکلم کے لئے بوقت کلام ملحوظ ہوتا ہے۔

Marfat.com

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۸۴) اَلْمُعَرَّفُ بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ اِسْمٌ دَخَلَتْ عَلَيْهِ "اَل" فَاَفَادَتْهُ التَّعْرِيْفَ.(۱)

الف لام کے ساتھ معرفہ وہ اسم ہے کہ جس پر الف لام داخل ہوتو وہ اس کو تعریف (معرفہ بنانے) کا فائدہ دے۔

(۱) اذا اريد تعريف العدد بأل عرف صدره ان كان مركباً ، وعجزه ان كان مضافاً وجزاه معاً ان كان معطوفاً ومعطوفاً عليه ، وسيأتى ذلك فى باب العدد .

(۱۸۵) قَدْ تُزَادُ اَل فِى بَعْضِ الْاَسْمَاءِ فَلَا تُفِيْدُ تَعْرِيْفاً،وَزِيَادَتُهَا إِمَّا لَازِمَةٌ، كَالدَّاخِلَةِ عَلَى الْاَسْمَاءِ الْمَوْصُوْلَةِ وَالْاَعْلَامِ الْمَوْضُوْعَةِ مِنْ اَوَّلِ اَمْرِهَا مُقْتَرِنَةً بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ،وَإِمَّا غَيْرُ لَازِمَةٍ كَالدَّاخِلَةِ عَلَى الْاَعْلَامِ الْمَنْقُوْلَةِ. لِلدَّلَالَةِ عَلَى اَنَّ الْمَعْنَى الْاَصْلِيَّ مَلْحُوْظٌ لِلْمُتَكَلِّمِ.

کبھی بعض اسماء میں الف لام کو زیادہ کیا جاتا ہے مگر وہ معرفہ ہونے کا فائدہ نہیں دیتا اور اس کا زیادہ ہونا یا تو لازمہ ہوتا ہے جیسے کہ وہ الف لام جو کہ داخل ہوا اسمائے موصولہ پر اور اعلام پر جو کہ ابتداءً ہی وضع کیے گئے ہوتے ہیں۔ اور الف لام کے ساتھ ملے ہوتے ہیں اور یا غیر لازمہ جیسے کہ وہ الف لام جو کہ اعلام منقولہ پر داخل ہوتا ہے اس بات پر دلالت کرنے کے لئے کہ معنی اصلی متکلم کے نزدیک بوقت نطق ملحوظ ہے۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

مَيِّزْ اَنْوَاعَ "اَل" فِى الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ وَبَيِّنِ السَّبَبَ :

آنے والی عبارات میں "اَل" کی انواع کو بیان کریں اور سبب بتائیں۔

Marfat.com

(۱) لَمَّا حَانَتْ وَفَاةُ الرَّشِيْدِ اَوْصى لِلْاَمِيْنِ بِوِلَايَةِ الْعَهْدِ ، وَلِلْمَامُوْنِ مِنْ بَعْدِهٖ وَكَتَبَ بِذٰلِكَ الْكُتُبِ وَاَرْسَلَ نُسَخَهَا إِلَى الْاَمْصَارِ وَعَلَّقَ نُسْخَةً مِنْهَا عَلَى الْكَعْبَةِ .

(۲) اَلْكِتَابُ هُوَ الْجَلِيْسُ الَّذِى لَا يُنَافِقُ وَلَا يُمِلُّ ، وَهُوَ الصَّدِيْقُ الَّذِىْ لَا يُعَاتِبُ وَلَا يَشْكُوْ .

(۳) اَلْقَاهِرَةُ وَالْاِسْكَنْدَرِيَةُ مَدِيْنَتَانِ مِصْرِيَتَانِ، وَمَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ اَشْهَرُ مَدِيْنَتَيْنِ فِى بِلَادِ الْعَرَبِ،وَالشَّامُ وَالْيَمَنُ وَالْعِرَاقُ اَقْطَارٌ شَرْقِيَّةٌ،وَلِكُلٍّ مَزَايَاهُ الَّتِى تُحَبِّبُهُ إِلٰى اَهْلِهٖ وَسُكَانِهٖ .

حل:

دی گئی عبارات میں ''اَل'' کی انواع کا بیان۔

(۱)الرشید ، الامین ، الکعبة ، المامون وغیرہ پر الف لام لازمہ ہے، اور تعریف کا فائدہ دے رہا ہے جبکہ العهد ، الکتب ، الامصار وغیرہ پر الف لام غیر لازمہ ہے تعریف کا فائدہ نہیں دے رہا۔

(۲)الکتاب ، الجلیس ، الصدیق میں الف لام غیر لازمہ ہے جبکہ الذی پر الف لام لازمہ ہے کیونکہ تعریف کا فائدہ دیتا ہے۔

(۳)القاهره ، الاسکندریه ، المدینه ، الشام ، الیمن ، العراق ، التی میں الف لام لازمہ ہے جبکہ العرب میں الف لام غیر لازمہ ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

هَاتِ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِى كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مُحَلًّى بِاَل، بِحَيْثُ تَكُوْنَ "اَل" فِى الْجُمْلَةِ الْاُوْلٰى مُفِيْدَةً لِلتَّعْرِيْفِ، وَفِى الثَّانِيَةِ زَائِدَةً لَازِمَةً،وَفِى الثَّالِثَةِ زَائِدَةً غَيْرَ لَازِمَةٍ .

تین جملے ایسے بنائیں کہ ان میں سے ہر ایک "ال" کے ساتھ مزین ہو اس طرح سے کہ

Marfat.com

پہلے جملے میں تعریف کا فائدہ دے، دوسرے میں زائدہ لازمہ ہو اور تیسرے میں زائدہ غیر لازمہ ہو۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے درج ذیل ہیں۔

(۱) جَاءَ نِی الرَّجُلُ الَّذِی نَصَرَکَ فِی یَوْمِ الْمُصِیْبَةِ.

(۲) سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ بِالسَّیارَةِ.

(۳) مَرَرْتُ بِالْاَحْمَدِ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

اِشْرَحْ مَزَایَا الشِّتَاءِ فِی مِصْرَ، وَضَمِّنْ شَرْحَکَ اَسْمَاءً تَشْتَمِلُ عَلٰی "أل" بِاَنْوَاعِهَا الثَّلاَثَةِ.

مصر میں سردیوں کے متعلق خوشحال تروتازگی کی وضاحت کریں اور اپنی وضاحت میں ایسے اسماء شامل کریں جو کہ تین انواع کے "أل" پر مشتمل ہوں۔

حل:

اس جواب سے متعلق کتاب المدارس للثانویہ کے تینوں حصوں میں رجوع فرمائیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

اِشْرَحِ الْبَیْتَیْنِ الْآتِیَیْنِ وَاَعْرِبْ اَوَّلَهُمَا :

آنے والے دونوں شعروں کی وضاحت کریں اور ان میں سے پہلے کی ترکیب کریں۔

ذَرِیْنِیْ اَنَلْ مَا لاَ یُنَالُ مِنَ الْعُلاَ فَصَعْبُ الْعُلاَ فِی الصَّعْبِ وَالسَّهْلُ فِی السَّهْلِ

تُرِیْدِیْنَ إِدْرَاکَ الْمَعَالِی رَخِیْصَةً وَلاَ بُدَّ دُوْنَ الشَّهْدِ مِنْ اِبَرِ النَّحْلِ

Marfat.com

حل:

دیئے گئے اشعار کی وضاحت:

پہلے شعر کا ترجمہ:

''تو چھوڑ دے مجھ کو تا کہ میں پالوں ان بلندیوں کو کہ جن بلندیوں سے نہیں پایا جاسکتا پس بلندیوں کی مشقت میں مشقت ہے اور ان کی آسانی میں آسانی ہے''

دوسرے شعر کا ترجمہ:

''ارادہ کرتی ہے تو ست اعتبار سے (بلند مقام) معال کے پانے کا اور بغیر شہد کی مکھی کے ڈنگ کھائے چارہ کار نہیں شہد حاصل کرنے کے لئے یعنی شہد کے حاصل کرنے کے ڈنگ ضرور کھانا پڑے گا''

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۶ - ۷) اَلْمُعَرَّفُ بِالْإِضَافَةِ وَالْمُعَرَّفُ بِالنِّدَاءِ

معرفہ باضافت اور معرفہ بالندا کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

۱	سَيَّارَتِی سَرِيْعَةٌ	میری گاڑی تیز ہے
	سِيْرَةُ مُعَاوِيَةَ حَمِيْدَةٌ	حضرت معاویہ کی سیرت قابل تعریف ہے
	تَغْرِيْدُ هٰذَا الطَّائِرِ جَمِيْلٌ	اس پرندے کی چہچہاہٹ خوبصورت ہے
	كَلَامُ مَنْ يَّدَّعِی الْمَعْرِفَةَ مَمْلُوْلٌ	اس شخص کی کلام جو کہ معرفت کا دعوی کرتا ہے ملال والی ہے
	عَاقِبَةُ الصَّبْرِ مَحْمُوْدَةٌ	صبر کا انجام اچھا ہے
	كِتَابُ اَخِيْكَ مُفِيْدٌ	تیرے بھائی کی کتاب مفید ہے
۲	يَا مُسْرِعُ اُتَّئِدْ	اے جلد باز آہستگی اختیار کر
	يَا مُسْرِعَانِ اُتَّئِدَا	اے دو جلد باز دو آہستگی اختیار کرو
	يَا مُسْرِعُوْنَ اُتَّئِدُوْا	اے جلد باز لوگو تم آہستگی اختیار کرو

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

مِنَ الْجَلِيِّ اَنَّكَ إِذَا جَرَّدْتَ كُلَّ مُضَافٍ فِی اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰی عَنِ الْإِضَافَةِ كَانَ نَكِرَةً لِاَنَّهٗ حِيْنَئِذٍ يَدُلُّ عَلٰی شَیْءٍ غَيْرِ مُعَيَّنٍ وَلٰكِنَّهٗ بِالْإِضَافَةِ إِلٰی وَاحِدٍ مِنَ الْمَعَارِفِ، كَالضَّمِيْرِ، اَوِ الْعَلَمِ، اَوْ اِسْمِ الْإِشَارَةِ، اَوِ الْاِسْمِ الْمَوْصُوْلِ، اَوِ الْمُعَرَّفِ بِالْاَلِفِ وَاللَّامِ، يَسْتَفِيْدُ التَّعْرِيْفَ، لِاَنَّهٗ بِذٰلِكَ يَصِيْرُ دَالًّا عَلٰی مُعَيَّنٍ، وَمِنْ ذٰلِكَ يَصِحُّ اَنْ نَقُوْلَ إِنَّ النَّكِرَةَ تَسْتَفِيْدُ التَّعْرِيْفَ بِاِضَافَتِهَا إِلٰی مَعْرِفَةٍ .(۱)

(۱) هذا اذا كانت الاضافة معنوية، اما اذا كانت لفظية فلا كما تقدم ذلك فی باب الاضافة.

Marfat.com

یہ بات مکمل طور پر واضح ہے کہ جب آپ پہلے گروپ کی مثالوں میں موجود ہر مضاف کو اضافت سے خالی کر دیں تو وہ نکرہ ہو جائے گا لیکن وہ اس کو غیر معین شی پر دلالت کرے گا لیکن وہ اضافت کے ساتھ معرفہ کی اقسام میں سے کسی ایک پر ضرور دلالت کرے گا جیسے ضمیر، علم، اسم اشارہ، اسم موصول، اور معرف باللام اسم تعریف کا فائدہ حاصل کرتا ہے اس لئے کہ وہ اس کی وجہ سے کسی معین چیز پر دلالت کرتا ہے اور اسی وجہ سے درست ہے کہ ہم کہیں گے بے شک نکرہ تعریف کا فائدہ پاتا ہے معرفہ کی طرف اضافت کرنے سے۔

اُنْظُرْ إِلَى الْاَسْمَاءِ الظَّاهِرَةِ فِي اَمْثِلَةِ الطَّائِفَةِ الثَّانِيَةِ،تَجِدُهَا نَكِرَاتٍ مَقْصُوْدَةً نُوْدِيَتْ،وَلِذٰلِكَ بُنِيَ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى مَا يُرْفَعُ بِهٖ،وَقَدْ كَانَتْ هٰذِهِ الْاَسْمَاءُ قَبْلَ النِّدَاءِ دَالَّةً عَلٰى غَيْرِ مُعَيَّنٍ،وَلٰكِنَّكَ بِنِدَاءٍ مَدْلُوْلَاتِهَا وَقَصْدِكَ إِيَّاهَا دُوْنَ غَيْرِهَا قَدْ اَكْسَبْتَهَا التَّعْرِيْفَ فَاَصْبَحَتْ مَعْرِفَةً .

آپ دوسرے گروپ کی مثالوں میں اسمائے ظاہرہ کی طرف توجہ کریں تو آپ ان کو ایسا نکرہ مقصودہ پائیں گے جو آواز دیا گیا اور اسی وجہ سے ان میں ہر ایک کو ان میں اسی طرح پر جس طرح اس کے ذریعے رفع دیا جائے اور یہ اسماء ندا سے پہلے غیر معین چیز پر دلالت کرنے والے ہوتے ہیں اور لیکن آپ ندا کے ساتھ ان کے مدلولات اور آپ کے ارادے خاص وہی چیزیں مراد ہوتی ہیں نہ کہ ان کے علاوہ پس یقیناً آپ کو اس کا معرفہ ہونا حاصل ہو گیا اور وہ معرفہ ہو گیا۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۸۶) اَلْمُعَرَّفُ بِالْإِضَافَةِ اِسْمٌ اُضِيْفَ إِلٰى وَاحِدٍ مِنَ الْمَعَارِفِ .(۱)

معرب باضافت وہ اسم ہے کہ جس کو معرفہ کی اقسام میں سے کسی ایک کی طرف مضاف کیا جائے۔

(۱) هناك اسماء متوغلة فى التنكير لا تتعرف ولو اضيفت الى معرفة، ومنها مثل، وشبه

Marfat.com

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

بَیِّنْ فِی الْجُمَلِ الْآتِیَةِ مَا اکْتَسَبَهٗ کُلُّ مُضَافٍ مِنْ إِضَافَتِهٖ إِلٰی مَا بَعْدَهٗ :
آنے والے جملوں میں اس چیز کو بیان کریں جو ہر مضاف کو اپنے مابعد کی طرف اضافت کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے۔

۱	فِی الْبُسْتَانِ شَجَرَتَا تُفَاحٍ	۴	حَدِیْقَةُ الْحَیَوَانِ وَاسِعَةٌ
۲	اَلْجَمَلُ طَوِیْلُ الْعُنُقِ	۵	وَجَدْتُ کِتَابَ تِلْمِیْذٍ
۳	اَطِعْ نُصْحَ مَنْ نَصَحَکَ	۶	عَیْنَایَ قَوِیَتَا الْاِبْصَارِ

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق مضاف کا حکم۔

(۱) شجرتا نکرہ ہے تفاح کے نکرہ ہونے کی وجہ سے۔
(۲) طویل معرفہ ہے العنق کے معرفہ ہونے کی وجہ سے۔
(۳) نصح معرفہ ہے من اسم موصول معرفہ ہونے کی وجہ سے۔
(۴) حدیقة معرفہ ہے الحیوان کے معرفہ ہونے کی وجہ سے۔
(۵) کتاب نکرہ ہے تلمیذ کے نکرہ ہونے کی وجہ سے۔
(۶) عینا معرفہ ہے ی ضمیر متکلم کے معرفہ ہونے کی وجہ سے اور قویتا معرفہ ہے الابصار کے معرفہ ہونے کی وجہ سے۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۵ (مشق نمبر۵)

نَادِ کُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِیَةِ مَرَّتَیْنِ، بِحَیْثُ یَکُوْنُ مَرَّةً مَبْنِیاً وَمَرَّةً مُعْرَباً، وَبَیِّنْ فِی اَیِّ الْحَالَیْنِ یَکُوْنُ نَکِرَةً ، وَفِی اَیِّهِمَا یَکُوْنُ مَعْرِفَةً :
آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو دو مرتبہ منادی بنائیں اس طرح کہ ایک مرتبہ مبنی اور دوسری مرتبہ معرب ہو اور یہ بھی بتائیں کہ کس حال میں وہ نکرہ ہے اور کس حال میں معرفہ ہے۔

Marfat.com

غُلام	مسافر	حاضرون	مجتهدات	شاهدان

حل:

دیئے گئے کلمات کا ہدایات کے مطابق استعمال اور حال کا بیان۔

یَا غُلَامُ ، یَا مُسَافِرُ ، یَا حَاضِرُوْنَ، یَا مُجْتَهِدَاتُ ، یَا شَاهِدَانِ،

مندرجہ بالا صورتیں منادی مبنی کی ہیں۔

یَا غُلَامِی، یَا مُسَافِرَ الدَّهْرِ، یَا حَاضِرِی الْمَجْلِسِ ، یَا مُجْتَهِدَاتِ الْعَالَمِ، یَا شَاهِدَی طَيَّارَةٍ.

ان مثالوں میں سوائے آخری مثال کے باقی سب معرب ہیں اور معرفہ ہیں لیکن آخری مثال معرب ہے اور نکرہ ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ ٦ (مشق نمبر ٦)

كَوِّنْ جُمْلَةً تَشْتَمِلُ عَلٰى مُضَافٍ اِسْتَفَادَ التَّعْرِيْفَ مِنَ الْاِضَافَةِ،وَاُخْرٰى عَلٰى مُضَافٍ اسْتَفَادَ التَّخْصِيْصَ،وَثَالِثَةً عَلٰى مُضَافٍ لَمْ يَسْتَفِدْ تَعْرِيْفاً وَلاَ تَخْصِيْصاً .

حل:

ہدایات کے مطابق جملے۔

(۱) تَغْرِيْدُ هٰذَا الْعُصْفُوْرِ جَمِيْلٌ (۲) نَصَائِحُ الْاَكَابِرِ مُفِيْدَةٌ

(۳) عَمَلُ شَخْصٍ لَيْسَ بِصَحِيْحٍ

اَلتَّمْرِيْنُ ٧ (مشق نمبر ٧)

اِشْرَحِ الْبَيْتَيْنِ الْآتِيَيْنِ، وَبَيِّنْ فِيْهِمَا مَا اسْتَفَادَهُ كُلُّ مُضَافٍ مِنَ الْاِضَافَةِ :

يَهُوْنُ عَلَى مِثْلِى إِذَا رَامَ حَاجَةً وُقُوْعُ الْعَوَالِى دُوْنَهَا وَالْقَوَاضِبِ

كَثِيْرُ حَيَاةِ الْمَرْءِ مِثْلُ قَلِيْلِهَا يَزُوْلُ وَبَاقِى عَيْشِهِ مِثْلُ ذَاهِبِ

Marfat.com

(ج)

قَدِمْتُ إِلَيْکَ بِبُشْرَی	میں تیرے پاس خوشخبری لایا
دَخَلْتُ رَوْضَةً فَيْحَاءَ	میں خوبصورت باغ میں داخل ہوا
تَحْتَاجُ مِصْرُ إِلٰی مَصَانِعَ	مصر فیکٹریوں کی ضرورت محسوس کرتا ہے
يَبْتَدِئُ التَّارِيْخُ بِاَقَاصِيْصَ	تاریخ واقعات سے شروع ہوتی ہے

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَسْمَاءُ الْمُعْرَبَةُ كَثِيْرٌ مِنْهَا مَا هُوَ مُنَوَّنٌ،اَیْ اَنَّ آخِرَهَا نُوْنٌ سَاكِنَةٌ يُنْطَقُ بِهَا وَلَا تُكْتَبُ،وَذٰلِکَ كَمُحَمَّدٍ وَشَجَرَةٍ وَعَلِيٍّ،وَهٰذِهِ الْاَسْمَاءُ الْمُنَوَّنَةُ تُرْفَعُ بِالضَّمَّةِ وَتُنْصَبُ بِالْفَتْحَةِ وَتُجَرُّ بِالْكَسْرَةِ .

اسمائے معربہ بہت سارے ہیں ان میں سے بعض ایسے کہ جو منون ہیں یعنی ان کے آخر میں نون ساکنہ ہوتی ہے اس کا ان کے ساتھ نطق ہوتا ہے اور لکھی نہیں جاتی اور وہ جیسے محمد اور شجر اور علی ہیں اور یہ منون اسماء رفع دیئے جاتے ہیں ضمہ کے ساتھ اور نصب دیئے جاتے ہیں فتحہ کے ساتھ اور جر دیئے جاتے ہیں کسرہ کے ساتھ۔

وَهُنَاکَ اَسْمَاءٌ مُعْرَبَةٌ لَمْ تُنَوِّنْهَا الْعَرَبُ،وَقَدْ عَرَفْتَ فِی الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِيَّةِ الْاَسْبَابَ وَالْعِلَلَ الَّتِی يُمْنَعُ مِنْ اَجْلِهَا الْاِسْمُ مِنَ التَّنْوِيْنِ،وَعَلِمْتَ هُنَاکَ اَيْضاً اَنَّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ تُجَرُّ "بِالْفَتْحَةِ" نِيَابَةً عَنِ الْكَسْرَةِ اِلَّا اِذَا اُضِيْفَتْ اَوْ دَخَلَتْ عَلَيْهَا اَل .

اور ان کے علاوہ کچھ اسماء معربہ ایسے ہیں کہ ان کو اہل عرب تنوین نہیں دیتے، آپ کتاب مدارس ابتدائیہ کے اسباق میں وہ اسباب اور علل پڑھ چکے ہیں کہ جن کی وجہ سے اسم کو تنوین سے روک دیا جاتا ہے اور آپ یہ بات بھی جانتے ہیں کہ یہ اسماء جر فتحہ کے ساتھ دیئے جاتے ہیں کسرہ کے قائم مقام سمجھ کے مگر جب ان کی اضافت ہو جائے یا ان پر الف لام داخل ہو جائے۔

Marfat.com

هٰذَا وَإِنَّنَا نَرَى اَنْ نُذَكِّرَكَ هُنَا بِاَسْبَابِ مَنْعِ الْاَسْمَاءِ مِنَ التَّنْوِيْنِ،وَاَنْ نُضِيْفَ بَعْضَ زِيَادَاتٍ إِلٰى مَا عَلِمْتَهٗ فِى الْمَدَارِسِ الْاِبْتِدَائِيَةِ .

اس کے ساتھ ہی ہم یہ بات بھی دیکھتے ہیں ہم آپ کو یہاں پر اسماء پر تنوین منع ہونے کے اسباب کو یاد کرادیں۔اور یہ کہ ہم بعض ان چیزوں میں اضافہ کریں گے جن کو آپ مدارس ابتدائیہ میں پڑھ چکے ہیں۔

فَلَوْ اَنَّكَ تَأَمَّلْتَ الْاَمْثِلَةَ فِى الطَّوَائِفِ (ا، ب ، ج) لَعَادَ إِلٰى ذَاكِرَتِكَ مَا قَدْ تَكُوْنُ لَهٗ نَاسِياً. فَفِى (ا) تَرَى اَنَّ الْعِلْمَ يُمْنَعُ مِنَ التَّنْوِيْنِ إِذَا دَلَّ عَلٰى مُؤَنَّثٍ مَخْتُوْمٍ بِالتَّاءِ كَعَائِشَةَ ، اَوْ غَيْرِ مَخْتُوْمٍ بِهَا كَزَيْنَبَ وَسُعَادَ ، اَوْ كَانَ مُؤَنَّثًا لَفْظِيًّا كَمُعَاوِيَةَ وَعُرْوَةَ ، وَنَزِيْدُكَ هُنَا اَنَّ الْمُؤَنَّثَ إِذَا كَانَ ثُلَاثِيًّا سَاكِنَ الْوَسْطِ كَهِنْدٍ ، يَجُوْزُ صَرْفُهٗ وَمَنْعُهٗ مِنَ الصَّرْفِ .

پس اگر آپ (ا،ب اور ج) کے گروپوں میں غور کریں تو آپ کی یادداشت کی وہ باتیں لوٹ آئیں گی کہ جو آپ کو بھول چکی تھی پس آپ (ا) گروپ میں دیکھیں گے علم سے تنوین کو روک دیا جاتا ہے کہ جب وہ مؤنث پر دلالت کرے کہ جو تاء کے ساتھ ختم ہو جیسے عائشہ یا تاء کے ساتھ ختم نہ ہو جیسے زینب اور سعاد یا وہ مؤنث لفظی ہو جیسے معاویہ اور عروۃ اور ہم یہاں پر اس سے بڑھ کر یہ بتاتے ہیں کہ جب مؤنث ثلاثی اور ساکن الوسط ہو جیسے اس کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

وَيُمْنَعُ الْعَلَمُ مِنَ الصَّرْفِ إِذَا خُتِمَ بِاَلِفٍ وَنُوْنٍ زَائِدَتَيْنِ،فَإِنْ كَانَتِ النُّوْنُ اَصْلِيَةً كَمَا فِى بُنَّانٍ وَمَنَّانٍ إِذَا سَمَّيْتَ بِهِمَا وَجَبَ الصَّرْفُ .

اور علم جب الف نون زائدتان کے ساتھ ختم ہو رہا ہو تو وہ منصرف پڑھنے سے روک دیا جاتا ہے پس اگر وہ نون اصلی ہو جیسے حنان اور منان میں ہے جبکہ وہ ان دونوں کے ساتھ نام رکھ دیا گیا ہو تو پھر ان کو منصرف پڑھنا واجب ہے۔

Marfat.com

سے یہ ہے کہ وہ تانیث کی علامت الف مقصورہ یا ممدودہ کے ساتھ ختم ہو یا یہ کہ وہ منتہی الجموع کا صیغہ ہو۔

وَإِنَّا مُجْمِلُوْنَ مَا فَصَّلْنَاهُ لَکَ فِی الْقَوَاعِدِ الْآتِيَةِ :

اور ہم عنقریب آنے والے قواعد میں اس کے اجمالی کو بیان کرتے ہیں کہ جس کو ہم نے پہلے تفصیل سے بیان کیا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۸۸) اَلتَّنْوِيْنُ: نُوْنٌ سَاكِنَةٌ تُلْحَقُ آخِرَ الْاِسْمِ،تُحْذَفُ خَطًّا،وَتَثْبُتُ لَفْظًا فِی غَيْرِ الْوَقْفِ،وَمَا يَلْحَقُهُ التَّنْوِيْنُ مِنَ الْاَسْمَاءِ يُسَمَّى "مُنَوَّنًا" وَمَا لَا يَلْحَقُهُ يُسَمَّى "غَيْرَ مُنَوَّنٍ".

تنوین وہ نون ساکن ہے کہ جو اسم کے آخر میں لاحق کی جاتی ہے اور خطاً وہ حذف کردی جاتی ہے اور حالت غیر وقف میں وہ ثابت رہتی ہے جس اسماء کے آخر میں تنوین لاحق ہوتی ہے ان کو منون اور جن کے آخر میں لاحق نہیں ہوتی ان کو غیر منون کہتے ہیں۔

(۱۸۹) يُمْنَعُ الْعَلَمُ مِنَ التَّنْوِيْنِ اَوِالصَّرْفِ :

علم پر تنوین اور اس کو منصرف پڑھنا ممنوع قرار دیا گیا ہے کہ:

(ا) إِذَا دَلَّ عَلٰى مُؤَنَّثٍ اَوْخُتِمَ بِالتَّاءِ،وَيَجُوْزُ صَرْفُهُ إِذَا كَانَ ثُلَاثِيًا سَاكِنَ الْوَسْطِ .

جب وہ کسی مؤنث پر دلالت کرے یا تاء کے ساتھ ختم ہو اور اس کو منصرف پڑھنا جائز ہے جب وہ ثلاثی ہونے کے ساتھ ساتھ متحرک الاوسط بھی ہو۔

(ب) إِذَا خُتِمَ بِاَلِفٍ وَنُوْنٍ زَائِدَتَيْنِ .

جب وہ الف نون زائدتان کے ساتھ ختم ہو۔

(ج) إِذَا جَاءَ عَلٰى وَزْنِ الْفِعْلِ .

جب وہ فعل کے وزن پر آئے۔

Marfat.com

(ہ) إِذَا كَانَ مُرَكَّباً مَزْجِيًّا غَيْرَ مَخْتُوْمٍ بِكَلِمَةِ " وَيْهِ " .
جب وہ مرکب مزجی ہواور " ویه " کے کلمہ پر ختم نہ ہورہا ہو۔

(و) إِذَا كَانَ اَعْجَمِيًّا غَيْرَ ثُلاثِيِّ سَاكِنِ الْوَسَطِ .
جب وہ عجمہ غیر ثلاثی ساکن الاوسط ہو۔

(ز) إِذَا كَانَ عَلٰى وَزْنِ "فُعَلَ " مَعْدُوْلاً بِهٖ عَنْ وَزْنِ " فَاعِلٍ " .
جب وہ فعل کے وزن پر ہواور فاعل کے وزن سے معدول بہ ہو۔

(۱۹۰) تُمْنَعُ الصِّفَةُ مِنَ التَّنْوِيْنِ :
صفت کوتنوین دینے سے روک دیا جاتا ہے:

(ا) إِذَا كَانَتْ عِلٰى وَزْنِ "فَعْلاَنَ " اَلَّذِى لاَ تَلْحَقُ التَّاءُ مُؤَنَّثَهٗ .
جب وہ فعلان کے وزن پر ہووہ جوکہ اس کی مؤنث کے ساتھ تاء لاحق نہ ہو۔

(ب) إِذَا كَانَتْ عَلٰى وَزْنِ "اَفْعَلَ " اَلَّذِىْ لاَ تَلْحَقُ التَّاءَ مُؤَنَّثَهٗ .
جب وہ افعل کے وزن پر ہو کہ اس کے مؤنث کوتاء لاحق نہ ہو۔

(ج) إِذَا صِيْغَتْ مِنَ الْوَاحِدِ إِلَى الْعَشْرَةِ عَلٰى وَزْنِ "فُعَالَ وَمَفْعَلَ" اَوْ كَانَتْ كَلِمَةُ " أُخَرُ " .(۱)
جب ایک سے دس تک فُعَال اور مَفْعَل کے وزن صیغے نکالے جائیں یا أُخَرُ کا کلمہ ہو۔

(۱) المراد باخر هنا جمع اخرىٰ مؤنث آخر بفتح الحاء كما جاء مفصلا فى البحث .

(۱۹۱) يُمْنَعُ الْاِسْمُ مِنَ التَّنْوِيْنِ :
اسم کوتنوین دینے سے روک دیا جاتا ہے۔

(ا) إِذَا خُتِمَ بِاَلِفِ التَّانِيْثِ الْمَقْصُوْرَةِ اَوِ الْمَمْدُوْدَةِ .
جب وہ تانیث کی علامت الف مقصورہ اور ممدودہ کے ساتھ ختم ہو۔

(ب) إِذَا كَانَ عَلٰى صِيْغَةِ مُنْتَهَى الْجُمُوْعِ .
جب وہ منتہی الجموع کے صیغے پر ہو۔

Marfat.com

خماس ، مثلث (عدل، وصف) بختنصر (علم، عجمہ)
زفر (علم، عجمہ) هند، دعد (منصرف وغیر منصرف دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں)
تماثیل (جمع منتہی الجموع) نبلاء (جمع منتہی الجموع)
اسماعیل (علم، عجمہ) تغلب (وزن فعل، وصف) لیلیٰ (علم، تانیث)

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

بَیِّنِ الْمَمْنُوْعِ مِنَ التَّنْوِیْنِ وَغَیْرِ الْمَمْنُوْعِ مِمَّا یَاْتِی مَعَ ذِکْرِ الْاَسْبَابِ :

شعبان	عُریان	شکوٰی	اَفْصح	عظماء	قُزَح	رُباع
یَزِید	صُور	مَسْبع	حیران	فام	جبان	قنادیل
مَلْهًی	اسحٰق	غُرَف	إِنْشَاء	بُورِتْشَمُوْث	حمامة	بستان
أعداء	جاک	حسَّان	خالویة			

حل:
طلباء اسباب منع صرف کو سامنے رکھ کر خود ان کلمات پر غور کریں۔

اَلتَّمْرِیْنُ ۴ (مشق نمبر۴)

ضَعِ الْاَسْمَاءَ الْآتِیَةَ فِی جُمَلٍ بِحَیْثُ تَکُوْنُ مَرَّةً مَجْرُوْرَةً بِالْفَتْحَةِ ، وَمَرَّةً مَجْرُوْرَةً بِالْکَسْرَةِ :

اجمل	محاسن	خضراء	منابر	غضبان

حل:
دی گئی ہدایات کے مطابق جملے:

مَا رَاَیْتُ اَحَدًا اَجْمَلَ مِنْ زَیْدٍ	قَرَاْتُ مَحَاسِنَ زَیْدٍ فِی الرِّسَالَةِ
مَا رَاَیْتُ شَیْئًا خَضْرَآءَ	بَنَی النَّجَّارُ مَنَابِرَ کَثِیْرَةً

Marfat.com

ایتُ اَحَدًا غَضبانَ مِثلَکَ	اَیُّ رَجُلٍ اَحسَنُ مِنَ الاَجمَلِ
تُ مِنْ مَحَاسِنِهٖ شَیْئًا	نَظَرْتُ اِلَی الرَوْضَةِ الْخَضْرَاءِ
ی الْخُطَبَاءُ عَنْ مَنَابِرِهٖ	اَسْتَأْمِنُ بِغَضْبَانِکَ

سرینُ ۵ (مشق نمبر ۵)

نَ خَمْسَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ کُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا عَلٰی اِسْمٍ مَمْنُوْعٍ مِنَ التَّنْوِیْنِ ،
تَوْفِ الْاَنْوَاعِ الَّتِی عَرَفْتَهَا :

ل:

ین ھذا میں مطلوبہ جملوں کی جگہ پر تمرین نمبر ۴ کے جملوں کو دیکھ لیا جائے۔

مُرِیْنُ ۶ (مشق نمبر ۶)

رَحِ الْبَیْتَیْنِ الْآتِیَیْنَ وَاَعْرِبِ الثَّانِیَ مِنْهُمَا :

نْ کُنْتُ مُحْتَاجاً اِلَی الْحِلْمِ اِنَّنِیْ اِلَی الْجَهْلِ فِی بَعْضِ الْاَحَایِیْنِ اَحْوَجُ
لٰی اَنَّهَا الْاَیَّامُ قَدْ صِرْنَ کُلُّهَا عَجَائِبَ حَتّٰی لَیْسَ فِیْهَا عَجَائِبُ

ل:

یے گئے اشعار کی وضاحت:

"البتہ میں محتاج تھا بردباری کی طرف لیکن یہ یقینی بات ہے کہ بعض اوقات میں جہل کی طرف زیادہ محتاج ہوتا تھا"

"اس شرط پر کہ بے شک وہ دن یقیناً تمام کے تمام عجائبات بن گئے یہاں تک کہ ان کے اندر کوئی عجیب بات نہ رہی"

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اَلْعَدَدُ

عدد کی بحث

(۱) تَذْكِيْرُهٗ وَتَانِيْثُهٗ

عدد کے مذکر اور مؤنث کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

	قَرَأْتُ ثَلَاثَةَ كُتُبٍ	میں نے تین کتابیں پڑھیں
۱	اَقَمْتُ بِالْاِسْكَنْدَرِيَّةِ ثَلَاثَ لَيَالٍ	میں اسکندریہ میں تین رات ٹھہرا
	كَتَبْتُ عَشَرَةَ اَسْطُرٍ	میں نے دس سطریں لکھیں
	بِالْمَدْرَسَةِ عَشْرُ حُجُرَاتٍ	مدرسے میں دس کمرے ہیں
	نَجَحَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ طَالِباً	تیرہ طالب علم کامیاب ہوئے
	اِشْتَرَيْتُ ثَلَاثَ عَشَرَةَ بُرْتَقَالَةً	میں نے تیرہ مالٹے خریدے
۲	بِالْحُجْرَةِ تِسْعَةَ عَشَرَ كُرْسِيًّا	کمرے میں انیس کرسیاں ہیں
	عِنْدِيْ تِسْعَ عَشَرَةَ صُوْرَةً	میرے پاس دس تصویریں ہیں
	فِي الْحَظِيْرَةِ تِسْعَ وَعِشْرُوْنَ بَقَرَةً	باڑے میں انتیس گائیں ہیں
	بِالْقَرْيَةِ مَسْجِدٌ وَاحِدٌ	گاؤں میں ایک مسجد ہے
	بَرَيْتُ قَلَمَيْنِ اِثْنَيْنِ	میں نے قلمیں تراشیں
۳	رَأَى يُوْسُفُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً	یوسف نے گیارہ ستارے دیکھے
	كَتَبْتُ اِثْنَتَيْ عَشَرَ رِسَالَةً	میں نے بارہ خط لکھے
	حَضَرَ وَاحِدٌ وَثَلَاثُوْنَ تِلْمِيْذاً	اکتیس شاگرد حاضر ہوئے

Marfat.com

	شَاهَدْتُ نَحْوَ مِائَةِ جُنْدِیٍّ	میں نے ایک سو فوجیوں کے راستہ کا مشاہدہ کیا
	قَلَّ مَنْ یَعِیْشُ مِائَةَ سَنَةٍ	بہت کم ہیں وہ لوگ جو سو سال زندہ رہیں
۴	قَدِمَ اَلْفُ سَائِحٍ وَاَلْفُ سَائِحَةٍ	ایک ہزار سیاح مرد اور ایک ہزار سیاح عورتیں آئیں
	غَابَ الْمُسَافِرُ عِشْرِیْنَ یَوْماً	مسافر بیس دن غائب ہوگیا
	اِشْتَرَیْتُ عِشْرِیْنَ دَجَاجَةً	میں بیس مرغیاں خریدیں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَشْتَمِلُ اَمْثِلَةُ الطَّائِفَةُ الْاُوْلٰی عَلٰی عَدَدَیْنِ مُفْرَدَیْنِ هُمَا: ثَلاَثَةٌ وَعَشَرَةٌ،وَإِذَا ضَاهَیْنَا فِی هٰذِهِ الْاَمْثِلَةِ بَیْنَ الْعَدَدِ وَالْمَعْدُوْدِ،رَأَیْنَا اَنَّ الْعَدَدَ یُؤَنَّثُ حِیْنَمَا یَکُوْنُ الْمَعْدُوْدُ مُذَکَّراً،وَیُذَکَّرُ حِیْنَمَا یَکُوْنُ الْمَعْدُوْدُ مُؤَنَّثاً،وَمِثْلُ ثَلاَثَةٍ وَعَشَرَةٍ فِی ذٰلِکَ مَا بَیْنَهُمَا مِنَ الْاَعْدَادِ الْمُفْرَدَةِ ، وَهِیَ اَرْبَعَةٌ ، وَخَمْسَةٌ ، وَسِتَّةٌ،وَسَبْعَةٌ، وَثَمَانِیَةٌ،وَتِسْعَةٌ،فَهٰذِهِ جَمِیْعُهَا تَکُوْنُ عَلٰی عَکْسِ الْمَعْدُوْدِ .

پہلے گروپ کی مثالیں دو مفرد عددوں پر مشتمل ہیں اور وہ دونوں ثلاثہ اور عشرہ ہیں اور جب ان مثالوں کے اندر ہم مشتبہ ہوگئے عدد اور معدود کے درمیان تو ہم نے دیکھا کہ اس وقت مؤنث ہوتا جب معدود مذکر ہو اور عدد اس وقت مذکر ہوتا ہے کہ جب معدود مؤنث ہو اس کی مثال ثلاثہ اور عشر ہیں اور اسی میں ہی ہیں جو ان دونوں کے درمیان ہے مفرد اعداد میں سے اور یہ خمسة، ستة، سبعة، ثمانیة اور تسعة ہیں پس یہ تمام کے تمام معدود کے عکس پر ہوتے ہیں۔

وَتَشْتَمِلُ اَمْثِلَةُ الطَّائِفَةِ الثَّانِیَةِ عَلٰی عَدَدَیْنِ مُرَکَّبَیْنِ هُمَا: ثَلاَثَةَ عَشَرَ وَتِسْعَةَ عَشَرَ فَکِلاَهُمَا مُرَکَّبٌ مِنْ کَلِمَتَیْنِ کَمَا تَرٰی،وَعَلٰی عَدَدٍ مَعْطُوْفٍ وَمَعْطُوْفٍ عَلَیْهِ وَهُوَ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ،وَإِذَا وَازَنْتَ بَیْنَ الْعَدَدِ وَالْمَعْدُوْدِ فِی الْاَمْثِلَةِ،رَأَیْتَ اَنَّ اَوَّلَ الْاَعْدَادَ یَکُوْنُ عَلٰی عَکْسِ الْمَعْدُوْدِ کَمَا هُوَ الْحَالُ

Marfat.com

فِی الْعَدَدِ الْمُفْرَدِ، وَاَنَّ ثَانِیَ الْعَدَدَیْنِ الْمُرَکَّبَیْنِ یُطَابِقُ الْمَعْدُوْدُ فِی التَّذْکِیْرِ وَالتَّانِیْثِ ، وَمِثْلُ هٰذَیْنِ الْعَدَدَیْنِ فِی هٰذَا الْحُکْمِ مَا بَیْنَهُمَا مِنَ الْاَعْدَادِ الْمُرَکَّبَةِ،وَمِنْ ذٰلِکَ تَسْتَطِیْعُ اَنْ تَسْتَنْبِطَ اَنَّ الْعَدَدَ "عَشَرة" یُخَالِفُ الْمَعْدُوْدَ إِذَا کَانَ مُفْرَداً وَیُطَابِقُهُ إِذَا کَانَ مُرَکَّبًا مَعَ غَیْرِهٖ .

اور دوسرے گروپ کی مثالیں دو مرکب عددوں پر مشتمل ہیں وہ دو ثلاثہ عشر اور تسعة عشر ہیں، پس وہ دونوں ہی دو کلموں سے مرکب ہیں جیسے کہ آپ عدد معطوف اور معطوف علیہ پر دیکھتے ہیں وہ تسع و عشرون ہے اور جب آپ مثالوں میں عدد اور معدود کے درمیان وزن کریں تو آپ دیکھیں گے کہ اعداد میں سے پہلا عدد معدود کے عکس پر ہے جیسا کہ مفرد کے عدد میں اور معدود میں صورت حال تھی ، اور جبکہ دونوں عددوں میں سے دوسرا اس حکم میں کہ جو ان دو کے درمیان ہے مرکب اعداد سے اور اسی وجہ سے آپ اس بات کے استنباط کی استطاعت رکھتے ہیں کہ بے شک عشرہ کا عدد معدود کے خلاف ہوگا جبکہ مفرد ہو اور اس وقت مطابق ہوگا جب اپنے غیر کے ساتھ مرکب ہو۔

وَفِی الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ تَرَی کِلاَ الْعَدَدَیْنِ وَاحِداً وَاِثْنَیْنِ مَرَّةً مُفْرَداً کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ الْاَوَّلَیْنِ،وَمَرَّةً مُرَکَّباً کَمَا فِی الْمِثَالَیْنِ التَّالِیَیْنِ لَهُمَا،وَمَرَّةً مَعْطُوْفاً عَلَیْهِ کَمَا فِی الْمِثَالِ الْاَخِیْرِ،وَعِنْدَ الْمُوَازَنَةِ بَیْنَ هٰذَیْنِ الْعَدَدَیْنِ وَمَعْدُوْدِهِمَا فِی الْاَحْوَالِ الثَّلاَثِ السَّابِقَةِ، تَجِدُ اَنَّهُمَا یُطَابِقَانِ الْمَعْدُوْدَ دَائِماً .

اور آپ تیسرے گروپ کی مثالوں میں واحد اور اثنین کے دونوں عددوں کو ایک مرتبہ مفرد دیکھتے ہیں جیسے کہ پہلی دو مثالوں میں ہے اور ایک مرتبہ مرکب جیسے کہ بعد میں آنے والی دو مثالوں میں ہے، ایک مرتبہ وہ معطوف علیہ ہیں جیسا کہ آخری مثال میں ہے ان دو عددوں اور معدودوں کے درمیان موازنہ کرتے وقت سابقہ تین احوال میں آپ دونوں کو ہمیشہ معدود کے مطابق ہی پائیں گے۔

Marfat.com

وَإِذَا تَامَّلْتَ الطَّائِفَةَ الرَّابِعَةَ رَاَيْتَ الْاَعْدَادَ: مِائَةً وَاَلْف، وَعِشْرِيْنَ، وَإِذَا ضَاهَيْتَ فِي الْاَمْثِلَةِ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَعْدَادِ وَمَعْدُوْدَاتِهَا،رَاَيْتَ اَنَّهَا تُلَازِمُ صُوْرَةً وَاحِدَةً مَعَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ،وَمِثْلُ عِشْرِيْنَ ثَلَاثُوْنَ إِلٰى تِسْعِيْنَ،وَتُسَمَّى هٰذِهِ " اَلْفَاظَ الْعُقُوْدَ" .

اور جب آپ چوتھے گروپ میں غور وفکر کریں تو آپ اعداد کو دیکھیں گے سو، ہزار اور بیس اور جب آپ کو مثالوں میں موجود ان اعداد اور ان کے معدودات کے درمیان تشابہ ہوجائے تو آپ دیکھیں گے کہ وہ مذکر اور مؤنث ہونے کے ساتھ ایک ہی صورۃ کو لازم پکڑے ہوئے ہیں اور اس کی مثال عشرین ثلاثون سے تسعین تک ہے اور ان الفاظ کا نام عقود رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ:

(۱۹۳) اَلْاَعْدَادُ مِنْ ثَلَاثَةَ إِلٰى تِسْعَةَ تَكُوْنُ عَلٰى عَكْسِ الْمَعْدُوْدِ مُفْرَدَةً، اَوْ مُرَكَّبَةً، اَوْ مَعْطُوْفاً عَلَيْهَا .

تین سے لیکر نو تک کے اعداد اپنے معدود کے برعکس ہوتے ہیں مفرد یا مرکب یا معطوف علیہا ہونے کے اعتبار سے۔

(۱۹۴) اَلْعَدَدُ عَشَرَةٌ يَكُوْنُ عَلٰى عَكْسِ الْمَعْدُوْدِ إِنْ كَانَ مُفْرَداً ، وَعَلٰى وِفْقِهِ إِنْ كَانَ مُرَكَّباً .

عشرۃ کا عدد معدود کے برعکس ہوتا ہے اگر مفرد ہو اور اس کے موافق ہوگا اگر مرکب ہو۔

(۱۹۵) اَلْعَدَدَانِ وَاحِدٌ وَاثْنَانِ يُوَافِقَانِ الْمَعْدُوْدَ مُفْرَدَيْنِ،اَوْ مُرَكَّبَيْنِ،اَوْ مَعْطُوْفاً عَلَيْهِمَا .

واحد اور اثنان یہ دو عدد معدود کے مطابق ہوتے ہیں مفردین، مرکبین، معطوف علیہ ہونے میں۔

Marfat.com

(۱۹۶) مِائَةٌ وَاَلْفٌ وَاَلْفَاظُ الْعُقُوْدِ تَلْزَمُ صُوْرَةً وَاحِدَةً،سَوَاءٌ كَانَ الْمَعْدُوْدُ مُذَكَّراً اَمْ مُؤَنَّثاً .

مائة اور الف عقود کے الفاظ ہیں ان ایک میں صورت لازم ہوتی ہے برابر ہے کہ معدود مذکر ہو یا مونث ہو۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر۱)

اُكْتُبِ الْاَرْقَامَ الَّتِی فِی الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ بِكَلِمَاتٍ عَرَبِيَّةٍ، ثُمَّ بَيِّنْ حُكْمَ الْاَعْدَادِ مِنْ حَيْثُ التَّذْكِيْرِ اَوِ التَّانِيْثِ اَوِ الْبَقَاءِ عَلٰى صُوْرَةٍ وَاحِدَةٍ . (۱)

آنے والی عبارت میں موجود رقوم کو عربی کلمات میں تحریر کریں پھر اعداد کا حکم بیان کریں مذکر یا مؤنث ہونے کی صورت میں یا ایک ہی حال پر باقی رہنے کی صورت میں۔

(۱) قراءة الأعداد من اليمين إلى اليسار أفصح ، فيقرأ العدد ۲۸۹۳ سنة هكذا: ثلاث وتسعون وثمانمائة وألفا سنة .

اِشْتَدَّ الْبَرْدُ بِاَوْرُبَّا سَنَةَ ۱۹۲۹ ،فَقَدْ وَرَدَتْ الْاَنْبَاءُ فِی ۱۳ من فَبَرَايِرَ بِاَنَّهُ قَدْ مَاتَ مِنَ الْبَرْدِ فِی الْبَلْقَانِ ۵۰ رَجُلاً، وَفِی الْمَانِيَا ۳۷ شَخْصاً،وَاَنَّ الثَّلْجَ بَلَغَ سَمْكُهُ فِی الرِّيفييرا ۷ بوصات ، واستغاثت ۱۰۰ سفينة حَبَسَها الجليدُ فی بحر البَلْطِيق ، وَاَنَّ بِبَعْضِ الْجِهَاتِ نحو ۲۰۰۰۰ فقير مُتَعَطِّلٌ يذوقون اَلْوَاناً من عذاب البرد القارس ، وأن العواصف الشديدة عرقلت حركات القطر،وسقط ۳ جبال من الثلج على خط حديدیّ فغطته على ارتفاع مقداره ۲۱ قدمًا،وهبطت الحرارَة فِی باريسَ إلى ۱۵ درجة تحت الصفر، وفی استراسبورغ إلى ۳۱ درجة .

Marfat.com

حل:

ی گئی عبارت میں مطلوبہ مقامات میں ہندسوں کی عربی عبارت میں تبدیلی۔

شْتَدَّ الْبَرْدُ بِاَوْرُبَّا تسع و عشرون و تسعة عشرة سنة ،فَقَدْ وَرَدَتْ فی لْاَنْبَاءُ ثلاثة عشر من فَبَرَاير بِاَنَّهُ قَدْ مَاتَ مِنَ الْبَرْدِ فِی الْبَلْقَانِ خمسون جُلاً، وَفِی الْمَانِیَا سبع و ثلاثون شَخْصاً،وَاَنَّ الثَّلْجَ بَلَغَ سَمکُهُ فِی الرِّیفییرا سبع بوصات ، واستغاثت مائة سفينة حبسها الجليد فی بحر البلطيق ، وَاَنَّ بَعْضِ الْجِهَاتِ نحو عشرين مائة الآف فقير مُتَعَطِّلٌ يذوقون اَلْوَاناً من عذاب البرد القارس ، وأن العواصف الشديدة عرقلت حركات القطر،وسقط ثلاثةجبال من الثلج على خط حديدیّ فغطته على ارتفاعِ مقداره احد و عشرونقدمًا،وهبطت الحرارَة فِی باريسَ إلى خمسة عشرة درجة تحت الصفر، وفی استراسبورغ إلى احدى و ثلاثين درجة .

لتَّمْرِيْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعْ عَدَداً فِی کُلِّ مَکَانٍ خَالٍ مِنَ الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ :

۱	بقی من الزمن ..... دقائق	۵	جاءَ الخادم بعد ساعتين .....
۲	بالمستشفى ..... سريراً	۶	اشتريت..... قناطير فحما
۳	قبض الشرط على.....لصا	۷	سار إلى الميدان..... جندی
۴	أقمت بالأقصريوما.....	۸	على فضل العلم.....برهان وبرهان

حل:

خالی جگہوں میں آنے والے اعداد بالترتیب درج ذیل ہیں۔

(۱) ثَلاثَ (۲) اَحَدَ عَشَرَ سريرًا (۳) اَرْبَعَة عشر لصًا (۴) يومان (۵) اثنتين (۶) اربع (۷) مِائة (۸) عشرة

Marfat.com

اَلتَّمْرِيْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

(ا) اُكْتُبِ الْاَرْقَامَ الْآتِيَةِ بِكَلِمَاتٍ عَرَبِيَّةٍ مُمَيَّزَةٍ، ثُمَّ ضَعْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ

٤ كرسى	٦ تفاحة	١٢ كتاب
١١برتقالة	٢٢زهرة	٣٢ رجُل
٥١٣ مدرسة	٦٠٠٠ سيارة	٤٨٤٣ نَسَمَة

حل:

اربعة كرسيًا	سِتّ تفاحة	اِثْنَا عشر كتابا
اَحَدَ عشرة برتقالة	اثنتا و عشرون زهرة	اثنان و ثلاثون رَجُلاً
ثَلاثَ عشرة و خمس مائة مدرسة	سِتُّ الآف	ثلاث واربعون ثمانية مآتٍ و اربع الآف

(ب) اِقْرَاءِ الْاَعْدَادَ الْآتِيَةَ مُمَيَّزَةً بِمُذَكَّرٍ مَرَّةً وَبِمُؤَنَّثٍ اُخْرىٰ:

- ٥	١٤	٢٠	١٠٧	٤٥١	٧٣١٢

حل:

طلباء خود حل کریں کیونکہ ان کو صرف عربی الفاظ میں پڑھنا ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۲) تَعْرِيْفُهٗ

اس کے معرفہ ہونے کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ:

(۱)

جَاءَ سَبْعَةُ الطَّلَبَةِ .
سات طالب علم آئے۔
اِشْتَرَيْتُ ثَلٰثَمِائَةِ الْبُرْتَقَالَةِ .
میں نے تین سو مالٹے خریدے۔
اَنْفَقْنَا فِی بِنَاءِ الْمَنْزِلِ سِتَّةَ آلَافِ الْجُنَيْهِ .
ہم نے مکان کی تعمیر میں چھ ہزار اشرفیاں خرچ کیں۔

(۲)

قَضَيْنَا السِّتَّةَ عَشَرَ يَوْمًا بِأُسْوَانَ .
ہم نے سولہ دن اسوان میں گزارے۔
عَلَّقْنَا الثَّلَاثَ عَشَرَةَ صُوْرَةً .
میں نے تیرہ تصویریں لٹکائیں۔

(۳)

اَوْقَدْتُ الْخَمْسَةَ وَالثَّلَاثِيْنَ مِصْبَاحاً .
میں نے پینتیس چراغ جلائے۔
اَطْعَمْتُ الْاَرْبَعَ وَالْعِشْرِيْنَ دَجَاجَةً .
میں نے چوبیس مرغیاں کھلائیں۔

Marfat.com

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

إِذَا تَأَمَّلْتَ اَمْثِلَةَ الطَّائِفَةِ الْاُوْلٰى وَجَدْتَ بِكُلٍّ مِنْهَا عَدَداً مُضَافاً دَالًّا عَلٰى مُعَيَّنٍ. وَلَوْ اَنْعَمْتَ فِى النَّظْرِ لَوَجَدْتَ اَنَّ هٰذَا التَّعْيِيْنِ مَا جَاءَ إِلَّا مِنْ إِدْخَالِ الْ عَلَى الْمُضَافِ إِلَيْهِ: بِدَلِيْلِ اَنَّكَ لَوْ جَرَّدْتَهُ مِنْهَا لَصَارَ الْعَدَدُ دَالًّا عَلٰى غَيْرِ مُعَيَّنٍ، وَبِذٰلِكَ تَعْلَمُ اَنَّ تَعْرِيْفَ الْعَدَدِ الْمُضَافِ اِنَّمَا يَكُوْنُ بِإِدْخَالِ اَلْ عَلَى الْمُضَافِ إِلَيْهِ.

جب آپ پہلے گروپ کی مثالوں میں غور کریں تو آپ ان میں سے ہر عدد کو معین چیز پر دلالت کرتے ہوئے پائیں گے اور اگر آپ اپنے غور وفکر کی گہرائی کے ساتھ دیکھیں تو آپ یقیناً یہ بات پائیں گے کہ یہ تعیین نہیں آتی مگر مضاف الیہ پر الف لام کے داخل کرنے سے اس دلیل کے ساتھ کہ اگر آپ اس کو الف لام سے خالی کردیں تو وہ عدد کسی غیر معین چیز پر دلالت کرنے والا ہوجائے گا، اور اسی سے آپ یہ بات جان لیں کہ عدد مضاف کا معرفہ ہونا مضاف الیہ پر الف لام داخل کرنے سے ہی ہوتا ہے۔

وَالطَّائِفَةُ الثَّانِيَةُ بِهَا عَدَدَانِ مُرَكَّبَانِ يَدُلَّانِ عَلٰى مُعَيَّنٍ، وَقَدْ جَاءَ ذٰلِكَ مِنْ إِدْخَالِ اَلْ عَلٰى صَدْرِ كُلِّ عَدَدٍ، وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُعْمَلُ بِكُلِّ عَدَدٍ مُرَكَّبٍ يُرَادُ تَعْرِيْفُهُ.

اور دوسرے گروپ میں اس کے ساتھ دو ایسے مرکب عدد ہیں کہ جو کسی معین چیز پر دلالت کرتے ہیں اور یہ بات ہر عدد کے صدر پر الف لام کو داخل کرنے سے آتی ہے اور اس کی مثل ہی ہر مرکب عدد کے ساتھ عمل کیا جائے گا جس کے معرفہ بنانے کا ارادہ ہو۔

وَفِى الطَّائِفَةِ الثَّالِثَةِ عَدَدَانِ بَيْنَ جُزْأَىْ كُلٍّ مِنْهُمَا حَرْفُ عَطْفٍ، وَهُمَا يَدُلَّانِ

Marfat.com

عَلٰی مُعَیَّنٍ، وَقَدْ جَاءَ التَّعْیِیْنُ مِنْ تَعْرِیْفِ جُزْأَیْهِمَا، وَمِثْلُهُمَا فِی هٰذَا الْحُکْمِ کُلُّ عَدَدٍ مِنْ نوعِهَا .

اور تیسرے گروپ میں دو عدد ہیں کہ ان دونوں سے ہر دو چیزوں کے درمیان حرف عطف ہے اور وہ دونوں معین چیز پر دلالت کرتے ہیں اور یقیناً ان دونوں جزوں کے معرفہ بنانے سے تعیین حاصل ہوتی ہے ان دونوں کی مثل اس حکم میں ہر عدد اس کی نوع سے ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱۹۷) إِذَا أُرِیْدَ التَّعْرِیْفُ عَدَدٍ بِأَلْ فَإِنْ کَانَ مُضَافاً أُدْخِلَتْ " أَلْ "عَلَی الْمُضَافِ إِلَیْهِ،وَإِنْ کَانَ مُرَکَّباً أُدْخِلَتْ عَلٰی صَدْرِهٖ،وَإِنْ کَانَ مَعْطُوْفاً عَلَیْهِ أُدْخِلَتْ عَلَی الْجُزْأَیْنِ .

جب کسی عدد کو الف لام کے ساتھ معرفہ بنانے کا ارادہ کیا جائے پس اگر وہ مضاف ہو تو مضاف الیہ پر الف لام کو داخل کریں گے اور اگر مرکب ہو تو اس کے صدر پر داخل کریں گے اور اگر معطوف اور معطوف علیہ ہو تو دونوں جزوں پر داخل کریں گے۔

تَمْرِیْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِیْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

ضَعِ الْاَعْدَادِ الْآتِیَةِ مُعَرَّفَةً فِی جُمَلٍ تَامَةٍ :

لکھنے والے اعداد کو معرف بنا کر جملوں میں استعمال کریں۔

۲۵ یومًا	۵۰۳ جندی	۱۹ بیتاً	۶۸ جنیهًا	۱۰۰۰ قنطار

اَلْحَلُّ:

دی گئی ہدایات کے مطابق حل۔

مَضَیْتُ فِی الْمَدِیْنَةِ الْخَمْسَةَ وَالْعِشْرِیْنَ یَوْمًا.

Marfat.com

(٢) رَأَيْتُ فِى الْكُرَّةِ ثَلَاثٌ وَ خَمْسُ مِائَةٍ جُنْدِيًّا.
(٣) اَعْطَيْتُهُ الثَّمَانِيَةَ وَالسِّتِّيْنَ جَنَيْهًا.
(٤) اَخَذْتُ مِنْهُ اَلْفَ قِنْطَارًا.

اَلتَّمْرِيْنُ ٢ (مشق نمبر٢)

كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنْهَا عَلٰى عَدَدٍ مُعَرَّفٍ، مَعَ اِسْتِيْفَاءِ اَنْوَاعِ الْاَعْدَادِ الثَّلَاثَةِ.

تین جملے عدد معرف پر مشتمل ایسے بنائیں کہ تینوں اعداد کو استعمال میں لائیں۔

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق جملے۔

(١) اِشْتَرَيْنَا الْخَمْسَ وَ الثَّلَاثِيْنَ مَوْزًا.
(٢) صَوَّرْنَا الْاَرْبَعَ عَشَرَةَ صُوَرَةً.
(٣) كَسَرْتُ الْاَرْبَعَةَ وَالْعِشْرِيْنَ مِصْبَاحًا.

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۳) حُكْمُ مَا يُصَاغُ مِنَ الْعَدَدِ عَلٰى وَزْنِ فَاعِلٍ

عدد کے اس صیغے کا حکم کہ جو فاعل کے وزن پر بنایا جائے

لَامُثِلَةُ:

۱	سَأَزُوْرُكَ فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ	میں عنقریب دوسرے گھنٹے میں آپ سے ملوں گا
۲	رَكِبْتُ سَيَّارَةً ثَانِيَةً	میں دوسری گاڑی میں سوار ہوا
۳	قَرَأْتُ الْبَابَ الْحَادِيَ عَشَرَ (۱)	میں گیارہواں باب پڑھا
۴	حُلَّتِ الْمَسْأَلَةُ الْحَادِيَةَ عَشَرَةَ	گیارہواں مسئلہ حل ہوگیا

۵) سَأُسَافِرُ فِي الْيَوْمِ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ.

ں عنقریب ستائیسویں دن میں سفر کروں گا۔

۱) يبنى العدد هنا على فتح الجزأين كالعدد المركب الأصلي.

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

ي كُلِّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ اِسْمٌ مَصُوْغٌ مِنَ الْعَدَدِ عَلٰى وَزْنِ "فَاعِل" صِفُ مَا قَبْلَهُ وَيَدُلُّ عَلٰى تَرْتِيْبِهِ،وَإِذَا تَأَمَّلْتَهُ فِي الْاَمْثِلَةِ مِنْ حَيْثُ التَّذْكِيْرِ لتَّانِيْثُ وَالتَّعْرِيْفُ وَالتَّنْكِيْرُ،وَجَدْتَهُ مُطَابِقاً لِمَوْصُوْفِهِ.

سابقہ مثالوں میں سے ہر مثال میں ایک ایسا اسم ہے کہ جو عدد سے ہے اور اس کو فاعل کے وزن پر بنایا گیا جو اپنے ماقبل کی وصف بیان کرتا ہے اور اس کی ترتیب پر دلالت کرتا ہے جب آپ مثالوں میں تذکیر و تانیث اور تعریف و تنکیر کی حیثیت سے غور کریں تو آپ اس کو اپنے موصوف کے مطابق پائیں گے۔

صَاغُ هٰذَا الْاِسْمُ مِنَ الْاَعْدَادِ الْمُفْرَدَةِ مِنْ اِثْنَيْنِ إِلٰى عَشَرَةَ،فَيُقَالُ: ثَانٍ الِثٌ،وَرَابِعٌ ، إِلٰى عَاشِرٍ،فَإِنْ كَانَ الْعَدَدُ مُرَكَّباً،اَوْ مَعْطُوْفاً وَمَعْطُوْفاً عَلَيْهِ ،

Marfat.com

صِيْغَ مِنْ صَدْرِهٖ مِنْ وَاحِدٍ إِلٰى عَشَرَةَ فَيُقَالُ: اَلْبَابُ الْخَامِسُ عَشَرَ، وَالْبَابُ السَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ.

اور اسم اعدادِ مفردہ میں سے دو سے دس تک چلا جاتا ہے، پس کہا جائے گا، دوسرا، تیسرا، چوتھا اور دسواں، پس اگر عدد مرکب ہو یا معطوف اور معطوف علیہ ہو تو اس کے صدر سے ہی ایک سے دس تک چلایا جائے گا۔ پس کہا جائے گا پندرھواں سبق اور تیئیسواں سبق۔

اَلْقَاعِدَةُ:

(۱۹۸) يُصَاغُ اِسْمٌ عَلٰى وَزْنِ "فَاعِلٍ" مِنَ الْاَعْدَادِ الْمُفْرَدَةِ، مِنْ اِثْنَيْنِ إِلٰى عَشَرَةَ، لِيَصِفَ مَا قَبْلَهٗ وَيَدُلَّ عَلٰى تَرْتِيْبِهٖ، وَيُصَاغُ مِثْلُ ذٰلِكَ مِنْ صُدُوْرِ الْاَعْدَادِ الْمُرَكَّبَةِ، وَمِنَ الْاَعْدَادِ الْمَعْطُوْفِ عَلَيْهَا، مِنْ وَاحِدٍ إِلٰى تِسْعَةٍ.

کسی اسم کو فاعل کے وزن پر اعداد مفردہ میں سے اثنین سے عشرۃ تک اس لئے چلایا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے ماقبل کی وصف کو بیان کرے اور اس کی ترتیب پر دلالت کرے اور اسی طرح اسم کو اعداد مرکبہ سے اعداد معطوف علیہا سے چلایا جائے ایک سو نو تک۔

تَمْرِيْنَاتٌ (مشقیں)

اَلتَّمْرِيْنُ ۱ (مشق نمبر ۱)

ضَعْ نَعُوْتاً عَلٰى وَزْنِ فَاعِلٍ مَكَانَ الْاَرْقَامِ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ:

آنے والے جملوں میں موجود ہندسوں کی جگہ پر فاعل کے وزن پر نعوت کو رکھیں۔

۱	زرتک فی اللیلة ۱۵ من الشهر	۴	لُوِيسُ ۱۴ من أشهر ملوک فرنسا
۲	قرأت الجزء ۳ من الكتاب	۵	ابی في العقد ٤ من العمر
۳	احتفل أخي بالسنة ۲۲ من عمره	۶	وصلت فی القصة إلى الفصل ۳۱

Marfat.com

حل:

دی گئی ہدایات کے مطابق ہندسوں کی تبدیلی۔

(۱) زُرْتُکَ فِی اللَّیْلَةِ الْخَامِسَةِ عَشَرَةَ مِنَ الشَّهْرِ.

(۲) قَرَأْتُ الْجُزْءَ الثَّالِثَ مِنَ الْکِتَابِ.

(۳) اِحْتَفَلَ اَخِی بِالسَّنَةِ الثَّانِیَةِ والْعِشْرِیْنَ مِنْ عُمْرِهٖ.

(۴) لُوِیْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ مِن اَشْهَرِ مُلُوْکِ فَرَنْسَا.

(۵) اَبِی فِی الْعَقْدِ الرَّابِعِ مِنَ الْعُمَرِ.

(۶) وَصَلْتُ فِی الْقِصَّةِ إِلَی الْفَصْلِ الْحَادِی وَالثَّلَاثِیْنَ.

اَلتَّمْرِیْنُ ۲ (مشق نمبر۲)

صُغْ مِنَ الْاَعْدَادِ الْآتِیَةِ نَعُوْتاً عَلٰی وَزْنِ فَاعِلٍ فِی جُمَلٍ مُفِیْدَةٍ :

آنے والے اعداد سے نعوت کے صیغے فاعل کے وزن پر بنا کر جملوں میں استعمال کرو۔

۵ (دجاجة)	۱۰ (کوب)	۱۲ (شهر)	۱۸ ٥ (سطر)

حل:

دیئے گئے اعداد کا جملوں میں استعمال۔

(۱) اِشْتَرَیْتُ دَجَاجَةً خَامِسَةً (۲) کَسَرَ زَیْدٌ کُوْبًا عَاشِرًا

(۳) رَاَیْتُ شَهْرًا الثانی عشر (۴) کَتَبْتُ السَّطْرَ الثامِن عشر و خَمْس مِائَة

اَلتَّمْرِیْنُ ۳ (مشق نمبر۳)

(ا) اِقْرِا الْعِبَارَاتِ الْآتِیَةَ قِرَاْةً صَحِیْحَةً :

سافرت فی ٦ ینایر سنة ۱۹۲۹.

وُلِدتُ فی ۲ من فبرایر سنة ۱۸۹۰.

نَجَحْتُ فِی ۲۱ من یولیو سنة ۱۹۱۹.

Marfat.com

وُلِدَ اَخِی فی ۳۰ من مایو سنة ۱۹۰۰.

حل:

اس کا حل نکالنے کی طلباء خود کوشش کریں کیونکہ ان کا صرف تکلم عربی الفاظ میں کرنا ہے۔

(ب) اِقْرَاءِ التَوَارِیْخَ الْهِجْرِیَةَ الْآتِیَةَ قِرَاءَةً صَحِیْحَةً (۱)

۲۵ من شعبان سنة ۱۳٤۷	۲۹ من شوال سنة ۱۲۲۱
۱صفر سنة ۱۳۲۸	۳۰ من شهر من ربیع الأول سنة ۱۲۵۰
۱۵من جمادی الأولی سنة ۱۲۰۸	۷ من شهر ربیع الآخر سنة ۱۲۱٤

حل:

مندرجہ بالا تواریخ کو لکھنے سے قبل طلباء نیچے دیئے گئے حاشیہ کا مطالعہ کر کے پھر اپنی کوشش سے خود تواریخ نکالیں۔

(۱) یورخ العرب باللیالی، ففی الیوم الاول من الشهر یقولون: للیلة خلت وهکذا الیوم الرابع عشر، وفی الیوم الخامس عشر یقولون: للنصف من شهر کذا، و یقولون فی الیوم السادس عشر، لاربع عشرة لیلة بقین من شهر کذا، وفی التاسع والعشرین لآخر لیلة بقیت، وفی الیوم الثلاثین لآخر یوم من شهر کذا.

☆☆☆☆☆

Marfat.com

(۴) كِنَايَاتُهُ (كَمْ وَكَأَيِّنْ وَكَذَا)

عدد کے کنایات (کَم، کَاَین، کَذَا) کا بیان

لَامُثِلَةُ:

۱	كَمْ مَدِيْنَةً شَاهَدْتَ ؟	کتنے شہر تو نے دیکھے؟
۲	كَمْ مَصْنَعاً بِمِصْرَ ؟	مصر میں کتنی فیکٹریاں ہیں؟
۳	كَمْ تِلْمِيْذاً اِجْتَهَدَ؟	کتنے شاگردوں نے محنت کی؟
۴	كَمْ دَقِيْقَةً اِنْتَظَرْتَنِيْ ؟	تو نے میرا کتنے منٹ انتظار کیا؟
۵	كَمْ جَوْلَةً جُلْتَ لِلْحَقِّ ؟	تو نے حق کے لئے کتنے چکر لگائے؟
۶	بِكَمْ جُنَيْهٍ اِشْتَرَيْتَ هٰذَا الثَّوْبَ ؟	تو نے یہ کپڑا کتنی اشرفیوں میں خریدا؟

☆☆☆☆☆

۱	كَمْ عُلُوْمٍ دَرَسْتَ ؟	کتنے علوم تو نے پڑھے
۲	كَمْ كِتَابٍ عِنْدَكَ ؟	کتنی کتابیں تیرے پاس ہیں
۳	كَمْ بَائِسٍ مَاتَ جُوْعاً ؟	کتنے برے لوگ بھوکے مر گئے
